تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین

حضرت سخی سلطان باھُو رحمۃ اللہ علیہ

# امیر الکونین

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

حضرت سخی سلطان العاشقین

سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

احسن علی سروری قادری

Marfat.com

Marfat.com

تصنیفِ لطیف

سلطان العارفین

حضرت سخی سلطان باھُوؒ

# امیر الکونین

(اُردو ترجمہ مع فارسی متن)

فیضانِ نظر

سلطان العاشقین

حضرت سخی

## سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

مترجم

## احسن علی

سروری قادری

Marfat.com

© All Copy Rights reserved with
SULTAN-UL-FAQR PUBLICATIONS (Regd.)
Lahore-Pakistan

نام کتاب امیرالکونین (اردو ترجمہ مع فارسی متن)

تصنیفِ لطیف سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

297.62 لقوق
م 1 22 لبا
141554

مترجم احسن علی سروری قادری

ناشر سُلطانُ الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

بارِ اوّل ستمبر 2017ء

تعداد 500

ISBN: 978-969-9795-64-0

سُلطانُ الفقر پبلیکیشنز (رجسٹرڈ) لاہور

سُلطانُ الفقر ہاؤس

4-5/A۔ایکسٹینشن ایجوکیشن ٹاؤن وحدت روڈ ڈاکخانہ منصورہ لاہور۔پوسٹل کوڈ 54790

Ph: 042-35436600, 0322-4722766
www.sultan-bahoo.com
www.sultan-ul-arifeen.com
www.sultan-ul-faqr-publications.com
E-mail: sultanulfaqr@tehreekdawatefaqr.com

Marfat.com

# انتساب

مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ

سلطان العاشقین

حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن

مدظلہ الاقدس

کے نام

جن کی شان اور مرتبہ

امیر الکونین

ہے۔

Marfat.com

# فہرس


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 01 | پیش لفظ | 06 |
| 02 | سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُوؒ | 08 |
| 03 | امیر الکونین اردو ترجمہ | 18 |
| 04 | شرح دعوت | 21 |
| 05 | شرح فقر | 21 |
| 06 | شرح اشتغالِ اللہ | 50 |
| 07 | شرح غرق | 55 |
| 08 | شرح فقیر اہلِ ہوا و اہلِ خدا | 71 |
| 09 | شرح معرفت | 83 |
| 10 | شرح علم | 107 |
| 11 | شرح ذکر | 121 |
| 12 | شرح دعوت اہلِ قبور | 130 |
| 13 | شرح دیدار و لقا | 134 |
| 14 | نیز شرح کل و جز | 144 |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 146 | تصور کے برزخ سے مشاہدات اور بے مثل و بے مثال، لازوال اور روحانی احوال کی شرح | 15 |
| 151 | شرح عالم فقیر | 16 |
| 156 | شرح فقر و شرح مرتبۂ فقیر | 17 |
| 163 | شرح مراقبہ | 18 |
| 205 | شرح حاجی الحرمین شریفین | 19 |
| 213 | شرح فقیر | 20 |
| 216 | شرح اولیا اللہ | 21 |
| 260 | نیز شرح دعوت | 22 |
| 267 | شرح دعوتِ عظیم | 23 |
| 271 | وجود کے ہفت اندام کے نور ہونے کی شرح | 24 |
| 288 | امیرالکونین (فارسی متن) | 25 |


Marfat.com

# پیش لفظ

امیر الکونین (یعنی دو جہانوں کا بادشاہ) سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی بے مثال تصنیفِ مبارکہ ہے۔ اس کتاب میں سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اللہ کی معرفت، قرب، حضوری، دیدار اور وصال کے مراتب کو کھول کر بیان فرمایا ہے اس کے ساتھ ساتھ مرشد کامل اکمل کی کونین پر امیری، تصرف اور شان کو نہایت خوبصورت انداز میں واضح فرمایا ہے۔ محکم الفقرا کے ترجمہ کے بعد میرے مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس نے امیر الکونین کے ترجمہ کا حکم فرمایا اور اس کے لیے مندرجہ ذیل قلمی نسخہ جات عطا فرمائے:

۱) قلمی نسخہ از حضرت جی ولد فقیر محمد دین قادری، سالِ کتابت 1332 ہجری

۲) قلمی نسخہ از ولی محمد ولد غوث محمد۔ سال کتابت 1348 ہجری

۳) قلمی نسخہ از غلام مصطفیٰ لاٹی سکنہ شاہ پور صدر ضلع سرگودھا۔ سال کتابت 1976 عیسوی

مندرجہ بالا قلمی نسخہ جات کے علاوہ جن دو مطبوعہ تراجم مع فارسی متن سے استفادہ کیا گیا ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱) امیر الکونین اردو ترجمہ مع فارسی متن از ڈاکٹر کے بی نسیم۔ بارِ اوّل مطبوعہ 2004ء

۲) امیر الکونین اردو ترجمہ مع فارسی متن از سید امیر خان نیازی۔
بارِ اوّل مطبوعہ اگست 2010ء

یوں تو سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تمام کتب منفرد اور اسرار کا مخزن ہیں۔ لیکن امیر الکونین کا طرزِ تحریر نہایت جداگانہ ہے۔ فارسی متن پڑھنے سے ہی طالب کے اندر سرور کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ امیر الکونین میں الفاظ کا استعمال کم سے کم کیا گیا ہے لیکن ایک ایک

Marfat.com

لفظ اپنے اندر اسرارِ الٰہی کے خزانے سموئے ہوئے ہے۔ سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف خاص کر امیر الکونین کو سمجھنا کارِ محال ہے لیکن اگر مرشد کامل اکمل کی صحبت اور ساتھ نصیب ہو تو ان اسرار سے پردہ اٹھانا ناممکن نہیں۔ حضور مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی رہنمائی کے بغیر اس کتاب کا ترجمہ کرنا ممکن نہ تھا۔ آپ مدظلہ الاقدس گاہے بگاہے سلطان باھُوؒ کے طرزِ تحریر اور انداز کے متعلق سمجھاتے رہے۔ مبہم الفاظ کو سمجھنے اور ان کے معانی کو تحریری صورت میں لانے کے اس مشکل کام کو حضور مرشد کریم کی باطنی مدد نے ہی آسان بنایا۔ اللہ کا صد ہا شکر ہے کہ کتاب امیر الکونین کا ترجمہ پایہ تکمیل کو پہنچا۔ کتاب کے آخر میں فارسی متن کو شائع کیا گیا ہے تاکہ کتاب کی سند برقرار رہے اس کے لیے میں محترمہ فاطمہ عرفان صاحبہ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کے متن کو تیار کرنے میں مدد کی اور محترمہ عنبرین مغیث سروری قادری صاحبہ' جنہوں نے اس کتاب کا انگلش میں ترجمہ کیا ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ ترجمہ کے دوران بہت سے نکات اور الفاظ کو سمجھنے میں ان کی مدد شامل رہی۔ امید کرتا ہوں کہ یہ ترجمہ اب تک کے دیگر تراجم سے زیادہ آسان فہم اور جامع ہے۔ قارئین جس قدر گہرائی اور صدق کے ساتھ اس کتاب کا مطالعہ کریں گے اتنے زیادہ ہی اس کتاب میں پوشیدہ اسرارِ الٰہی ان پر منکشف ہوں گے۔ دعا ہے کہ اللہ اس کتاب کو طالبانِ مولیٰ کی روحانی ترقی کا وسیلہ بنائے۔ آمین

عاجز

احسن علی سروری قادری

لاہور

ستمبر 2017ء

Marfat.com

# سوانح حیات

## سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ

سلطان العارفین حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ برصغیر پاک و ہند کے مشہور صوفی بزرگ ہیں جو یکم جمادی الثانی 1039ھ بروز جمعرات شورکوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے۔آپؒ کے والد محترم بازید محمدؒ شاہجہان کے لشکر میں ایک ممتاز عہدے پر فائز تھے۔آپؒ کی والدہ محترمہ راستی بی بیؒ ولیہ کاملہ تھیں۔سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ ازل سے منتخب اور مادرزاد ولی تھے۔چونکہ والدہ محترمہ اس نورانی بچے کے بلند روحانی مرتبہ سے قبل از پیدائش ہی آگاہ ہو چکی تھیں اور قربِ حضورِ حق سے بچے کا نام ''باھُو'' بھی تجویز ہو چکا تھا لہٰذا آپ رحمتہ اللہ علیہ کی پیدائش پر آپؒ کا نام باھُوؒ رکھا گیا۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ قبیلہ اعوان سے تعلق رکھتے ہیں۔اعوان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہیں۔خونِ حیدری کی تاثیر اور اسمِ ھُو کی تنویر آپ رحمتہ اللہ علیہ کے چہرہ مبارک سے بچپن میں ہی اس قدر عیاں تھی کہ جو دیکھتا فوراً سبحان اللہ کہتا اور غیر مسلم دیکھتے تو ان کی زبانوں سے بھی بے اختیار کلمہ طیبہ ادا ہو جاتا۔

سلطان باھُوؒ نے اپنی ابتدائی تربیت اپنی والدہ محترمہ بی بی راستیؒ سے ہی حاصل کی جو خود بھی عارفہ کاملہ تھیں اور فنا فی ھُو کے مرتبہ پر فائز تھیں۔آپؒ نے ظاہری تعلیم حاصل نہیں کی بلکہ آپ رحمتہ اللہ علیہ اُمی ہیں اور اپنی تصانیف میں اس بات کا جا بجا تذکرہ بھی فرماتے ہیں۔اپنی تصنیف مبارکہ ''عین الفقر'' میں آپؒ کا ارشاد ہے:

☆ ''مجھے اور محمد عربی کو ظاہری علم حاصل نہیں تھا لیکن وارداتِ غیبی کے سبب علمِ باطن کی

Marfat.com

فتوحات اس قدر تھیں کہ انہیں تحریر کرنے کے لیے دفتر درکار ہیں“۔

گرچہ نیست مارا علمِ ظاہر
ز علمِ باطنی جاں گشتہ طاہر

ترجمہ: اگرچہ میں نے علمِ ظاہر حاصل نہیں کیا لیکن علمِ باطن حاصل کر کے میں پاک و طاہر ہو گیا ہوں۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی والدہ محترمہ کی روحانی تربیت کے باعث بہت ہی شفاف بچپن گزارا اور کبھی کسی برائی کی طرف مائل نہ ہوئے بلکہ ہمیشہ قربِ حق کی جستجو میں ہی رہے۔ اس مقصد کی تکمیل کی خاطر مرشد کامل اکمل کی تلاش ہی آپؒ کا مشن تھا۔ اس سلسلے میں گردونواح اور دور دراز کے علاقوں بے شمار بزرگانِ دین اور اولیا کرام سے ملاقات بھی کی لیکن آپؒ کی لگن تو معرفت ووصالِ حق تعالیٰ تھی جو کہ حاصل نہ ہو رہی تھی۔ اسی غرض سے ایک دن شورکوٹ کے نواح میں گھوم رہے تھے کہ ایک گھڑ سوار نمودار ہوئے۔ استفسار پر معلوم ہوا کہ حضرت علی ابنِ ابی طالبؓ ہیں اور اگلے ہی لمحے سلطان باھُوؒ نے خود کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہمراہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ کی حضوری میں پایا جہاں تمام خلفائے راشدین کے علاوہ دیگر صحابہ کرام اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین موجود تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمان غنیؓ سے باری باری ملاقات کے بعد آپؒ یہی سوچ رہے تھے کہ شاید آپ کی بیعت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد کی جائے گی لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے دستِ مبارک آگے بڑھائے اور آپ رحمتہ اللہ علیہ کو دستِ بیعت فرمایا اور اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیتے ہوئے خلقِ خدا کو تلقین کا حکم دیا۔ اپنی اس بیعت کے بارے میں رسالہ روحی شریف میں یوں فرماتے ہیں:

دست بیعت کرد مارا مصطفیٰؐ خواندہ است فرزند مارا مجتبیٰ
شد اجازت باھُوؒ را از مصطفیٰؐ خلق را تلقین بکن بہرِ خدا

ترجمہ: مجھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر اپنا نوری حضوری فرزند قرار دیا ہے۔

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اجازت دی ہے کہ میں خلقِ خدا کو راہِ حق تعالیٰ کی تلقین کروں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دستِ بیعت فرما کر سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کو سیّدنا غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ کے سپرد فرمایا جنہوں نے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی باطنی تربیت مکمل کی اور مرشد کامل اکمل سے ظاہری بیعت کا حکم فرمایا۔ آپؒ نے دہلی میں سلسلہ قادریہ کے بزرگ سیّد عبدالرحمٰن جیلانی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کے دستِ اقدس پر بیعت کی سعادت حاصل کی اور اسمِ اَللّٰہُ ذات اور امانتِ فقر حاصل کی جو ازل سے آپؒ کا مقدر تھی۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کا سلسلہ فقر پچیس (25) واسطوں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جاملتا ہے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ اہلِ سنت والجماعت سے تعلق رکھتے ہیں اور فقہ میں امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہٗ کے پیروکار ہیں۔

حضرت سخی سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ سلطان الفقر کے بلند مرتبہ پر فائز ہیں۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نے پہلی مرتبہ اپنی تصنیفِ مبارکہ ''رسالہ روحی شریف'' میں سلطان الفقر ارواح کے مقام و مرتبہ سے پردہ اُٹھایا۔ آپؒ فرماتے ہیں:

❁ جب نورِ احدی نے وحدت کے گوشۂ تنہائی سے نکل کر کائنات (کثرت) میں ظہور کا ارادہ فرمایا تو اپنے حسن کی تجلی کی گرم بازاری سے (تمام عالموں کو) رونق بخشی' اس کے حسنِ بے مثال اور شمعِ جمال پر دونوں جہان پروانہ وار جل اُٹھے اور میم احمدی کا گھونگھٹ اوڑھ کر صورتِ احمدی اختیار کی۔ پھر جذبات وارادات کی کثرت سے سات بار جنبش فرمائی جس سے سات ارواحِ فقراء باصفا فنا فی اللہ بقاباللہ تصورِ ذات میں محو' تمام مغز بے پوست حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے ستر ہزار سال پہلے' اللہ تعالیٰ کے جمال کے سمندر میں غرق آئینہ یقین کے شجر پر نمودار ہوئیں۔ انہوں نے ازل سے ابد تک ذاتِ حق کے سوا کسی چیز کی طرف نہ دیکھا اور نہ غیر حق کو سنا۔ وہ حریم کبریا میں ہمیشہ وصال کا ایسا سمندر بن کر رہیں جسے کبھی زوال نہیں۔ کبھی نوری جسم کے ساتھ تقدیس وتنزیہہ میں کوشاں رہیں اور کبھی قطرہ سمندر میں اور کبھی سمندر قطرہ میں' اور اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ

Marfat.com

فَهُوَ اللّٰہ کے فیض کی چادر ان پر ہے۔ پس انہیں ابدی زندگی حاصل ہے اور وہ اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلٰی رَبِّہٖ وَلَا اِلٰی غَیْرِہٖ کی جاودانی عزت کے تاج سے معزز و مکرم ہیں۔ انہیں حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش اور قیامِ قیامت کی کچھ خبر نہیں۔ ان کا قدم تمام اولیا اللہ اور غوث و قطب کے سر پر ہے۔ اگر انہیں خدا کہا جائے تو بجا ہے اور اگر بندۂ خدا کہا جائے تو روا ہے۔ اس راز کو جس نے جانا اس نے پہچانا۔ ان کا مقام حریمِ ذاتِ کبریا ہے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے سوائے اللہ تعالیٰ کے کچھ نہ مانگا، حقیر دنیا اور آخرت کی نعمتوں، حور و قصور اور بہشت کی طرف آنکھ اُٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور جس ایک تجلّی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام سراسیمہ ہو گئے اور کوہِ طور پھٹ گیا تھا ہر لمحہ، ہر پل جذباتِ انوارِ ذات کی ویسی تجلیات ستر ہزار باران پر وارد ہوتی ہیں لیکن وہ نہ دم مارتے ہیں اور نہ آہیں بھرتے ہیں بلکہ مزید تجلیات کا تقاضا کرتے ہیں۔ وہ سلطان الفقر اور سیّد الکونین ہیں۔

(رسالہ روحی شریف)

اسمِ اَللّٰہُ ذات کے فیض کو عام کرنے کے لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ نے برصغیر کے بے شمار علاقوں میں سفر کیا کیونکہ آپؒ اس بات کے قائل ہیں کہ فقیر چل پھر کر لوگوں میں فیض بانٹتا ہے۔ آپؒ نے اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا اور انہیں راہِ حق کا سالک بنا دیا۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ نے سلسلہ قادریہ کو ازسرِنو ترتیب دیتے ہوئے سلسلہ سروری قادری کے نام سے منظّم کیا اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے فیوض و برکات کو اپنی تعلیمات کے ذریعے عوام الناس کے لیے عام کیا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کا وہ فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا اسے سب کے لیے عام کر دیا۔ سلسلہ سروری قادری کے آپؒ متعلق فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ ہر طرح کے جبّہ و دستار اور ورد و وظائف اور تسبیحات سے پاک ہے بلکہ آپؒ فرماتے ہیں کہ میرا سلسلہ محبوبیت کا سلسلہ ہے کہ اس میں رنج ریاضت نہیں بلکہ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری اور دیدارِ حق تعالیٰ عطا ہوتا ہے۔ اپنے سلسلہ سروری قادری کے متعلق آپ رحمتہ اللہ علیہ ''محک الفقر کلاں'' میں فرماتے ہیں:

Marfat.com

✿ یاد رہے کہ قادری طریقہ بھی دو قسم کا ہے' ایک زاہدی قادری طریقہ ہے جس میں طالب عوام کی نگاہ میں صاحبِ مجاہدہ و صاحبِ ریاضت ہوتا ہے جو ذکرِ جہر سے دل پر ضربیں لگاتا ہے' غور و فکر سے نفس کا محاسبہ کرتا ہے' ورد و وظائف میں مشغول رہتا ہے' راتیں قیام میں گزارتا ہے اور دن میں روزہ رکھتا ہے لیکن باطن کے مشاہدہ سے بے خبر قال (گفتگو) کی وجہ سے صاحبِ حال بنا رہتا ہے۔ دوسرا سلسلہ سروری قادری ہے جس میں طالب قرب و وِصال اور مشاہدۂ دیدار سے مشرف ہو کر شوریدہ حال رہتا ہے اور مرشد ایک ہی نظر سے طالبِ اللہ کو معیتِ حق تعالیٰ میں پہنچا دیتا ہے اور وصالِ پروردگار سے مشرف کر کے حق الیقین کے مراتب تک پہنچا دیتا ہے۔ ایسا ہی سروری قادری فقیر قابلِ اعتبار ہے کہ وہ قاتلِ نفس ہوتا ہے اور کارزارِ حق میں پیش قدمی کرنے والا سالار ہوتا ہے۔ (محک الفقر کلاں)

مزید فرماتے ہیں:

✿ سروری قادری اسے کہتے ہیں جو نر شیر پر سواری کرتا ہے اور غوث و قطب اس کے زیر بار رہتے ہیں۔ سروری قادری طالبوں اور مریدوں کو اللہ تعالیٰ کے کرم سے پہلے ہی روز یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے کہ ماہ سے ماہی تک ہر چیز ان کی نگاہ میں آ جاتی ہے۔ سروری قادری کی اصل حقیقت یہ ہے کہ سروری قادری فقیر ہر طریقے کے طالب کو عامل کامل مرتبے پر پہنچا سکتا ہے کیونکہ دیگر ہر طریقے کے عامل کامل درویش' سروری قادری فقیر کے نزدیک ناقص و ناتمام ہوتے ہیں کہ دوسرے ہر طریقے کی انتہا سروری قادری کی ابتدا کو بھی نہیں پہنچ سکتی خواہ کوئی عمر بھر محنت و ریاضت کے پتھر سے سر پھوڑتا رہے۔ (محک الفقر کلاں)

سلسلہ سروری قادری کی ترویج اور طالبانِ مولیٰ کی رہنمائی کے لیے سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ نے اس وقت کی مروجہ زبان فارسی میں کم و بیش 140 کتب تصنیف فرمائیں جن میں سے صرف بتیس (32) کے قریب دستیاب ہیں۔ آپؒ کی جو کتب تراجم کی صورت میں عوام الناس کے لیے دستیاب ہیں' وہ مندرجہ ذیل ہیں:

Marfat.com

(۱)۔ابیاتِ باھُوؒ (پنجابی) (۲)۔ دیوانِ باھُوؒ (فارسی) (۳)۔عین الفقر (۴)۔نور الھدیٰ (کلاں) (۵)۔نور الھدیٰ (خورد) (۶)۔کلید التوحید (کلاں) (۷)۔کلید التوحید (خورد) (۸)۔ محک الفقر (کلاں) (۹)۔محک الفقر (خورد) (۱۰)۔امیر الکونین (۱۱)۔محکم الفقرا (۱۲)۔کشف الاسرار (۱۳)۔گنج الاسرار (۱۴)۔رسالہ روحی شریف (۱۵)۔مجالسۃ النبیؐ (۱۶)۔شمس العارفین (۱۷)۔جامع الاسرار (۱۸)۔اسرارِ قادری (۱۹)۔اورنگ شاہی (۲۰)۔مفتاح العارفین (۲۱)۔عین العارفین (۲۲)۔کلیدِ جنت (۲۳)۔قربِ دیدار (۲۴)۔تیغ برہنہ (۲۵)۔عقلِ بیدار (۲۶)۔فضل اللقا (کلاں) (۲۷)۔فضل اللقا (خورد) (۲۸)۔توفیقِ ہدایت (۲۹)۔سلطان الوھم (۳۰)۔ دیدار بخش (۳۱)۔محبت الاسرار (۳۲)۔طرفتہ العین یا حجت الاسرار (یہ کتاب دونوں ناموں سے مشہور ہے)۔

مناقبِ سلطانی اور شمس العارفین سے آپ رحمتہ اللہ علیہ کی چند ایسی تصانیف کے نام بھی ملتے ہیں جواب تک ناپید ہیں اوران کے نام یہ ہیں: (۱)۔مجموعۃ الفضل (۲)۔عین نما (۳)۔تلمیذ الرحمٰن (۴)۔قطب الاقطاب (۵)۔شمس العاشقین (۶)۔ دیوانِ باھُوؒ کبیر وصغیر۔ایک ہی دیوانِ باھُوؒ (فارسی) دستیاب ہے جو یا تو کبیر ہے یا صغیر۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی کتب کا اندازِ تحریر نہایت خوبصورت اور منفرد ہے۔فارسی زبان میں ہی مطالعہ کرنے پر اس قدر سرور اور لذت حاصل ہوتی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ان کتب کا اعجاز یہ ہے کہ نہ صرف صدقِ دل اور خلوصِ نیت سے پڑھنے والے کے قلب وروح کو معطر کرتی ہیں بلکہ راہِ حق اور مرشد کامل اکمل کے متلاشی طالبانِ مولیٰ کے لیے مکمل رہنما ثابت ہوتے ہوئے انہیں مرشد کامل اکمل تک بھی پہنچاتی ہیں۔آپؒ کی کتب نہ صرف قرآن وسنت کے عین مطابق بلکہ قرآن و حدیث کی بہترین تفسیر ہیں۔ان کتب میں طالبانِ مولیٰ کے لیے معرفتِ حق تعالیٰ اور دیدارِ حق تعالیٰ کا پیغام ہے۔تمام تر کتب اسمِ اَللّٰہُ ذات اور مرشد کامل اکمل وفقیر کامل کے فضائل پر مشتمل ہیں۔اپنی تصانیفِ مبارکہ کے متعلق سلطان باھُوؒ کا ارشاد ہے:

Marfat.com

ہیچ تالیفے نہ در تصنیفِ ما ۔۔۔ ہر سخن تصنیفِ ما را از خدا
علم از قرآن گرفتم و ز حدیث ۔۔۔ ہر کہ منکر میشود اہل از خبیث

ترجمہ: میری تصانیف میں کوئی تالیف نہیں ہے اور میری تصنیف کا ہر حرف اللہ کی جانب سے ہے۔ ان میں بیان کردہ ہر علم قرآن و حدیث کی حد میں ہے اور جو کوئی ان تصانیف کا منکر ہو وہ قرآن و حدیث کا منکر ہوتا ہے اس لیے وہ پکا خبیث ہے۔

آپؒ کی تصانیف ہر مقام و مرتبہ کے حامل طالبانِ مولیٰ خواہ وہ ابتدائی مقام پر ہوں یا متوسط یا انتہائی مقام پر' سب کی رہنمائی کرتی ہے۔ اگر کوئی راہِ سلوک میں رجعت کھا کر اپنے روحانی مقام و مرتبہ سے گر گیا ہو اس کے لیے آپؒ کی کتب بہترین رہنما ثابت ہوتی ہیں۔ رسالہ روحی شریف میں آپؒ کا فرمان ہے:

❁ اگر کوئی ولی' واصل عالمِ روحانی یا عالمِ قدس شہود میں رجعت کھا کر اپنے مرتبہ سے گر گیا ہو تو وہ اس رسالہ کو وسیلہ بنائے تو یہ رسالہ اس کے لیے مرشد کامل ثابت ہوگا۔ اگر وہ اسے وسیلہ نہ بنائے تو اسے قسم ہے اور اگر ہم اسے اس کے مرتبہ پر بحال نہ کریں تو ہمیں قسم ہے۔ (رسالہ روحی شریف)

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ امانتِ فقر کے حصول کے بعد خالص و صادق طالبِ مولیٰ کی تلاش میں رہے جسے خزانہ فقر امانتِ فقر منتقل کی جاسکے لیکن اپنی حیات میں اس مرتبہ کا صادق طالبِ مولیٰ نہ پاسکے۔ فرماتے ہیں:

دل دا محرم کوئی نہ ملیا' جو ملیا سو غرضی ھُو

آپؒ اپنی تصنیف امیر الکونین میں مختلف مقامات پر فرماتے ہیں:

باھُوؒ کس نیامد طالبے لائق طلب
حاضر کنم با مصطفیؐ توحید ربّ

ترجمہ: اے باھُوؒ! میرے پاس کوئی بھی اللہ کی طلب لے کر نہیں آیا جسے میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری عطا کر کے وحدتِ حق تک لے جاؤں۔

Marfat.com

کس نیابم طالبے تشنہ طلب

معرفت دیدار چشم راز ربّ

ترجمہ: میں نے ایسا کوئی طالب نہیں پایا جو معرفت اور دیدار کے لیے تشنہ ہو اور جس کی آنکھ اللہ کے اسرار کا مشاہدہ چاہتی ہو۔

کس نیابم طالبے حق حق طلب

میرسانم باحضوری راز ربّ

ترجمہ: میں کوئی بھی طالبِ حق نہیں پا سکا جو (مجھ سے) حق طلب کرے اور میں اسے رازِ ربّ عطا کرتے ہوئے حضورِ حق میں پہنچا دوں۔

آپ رحمتہ اللہ علیہ ظاہری طور پر امانت منتقل کیے بغیر ہی وصال فرما گئے۔ آپؒ کے وصال کے 139 سال بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کو امانتِ الٰہیہ کے لیے منتخب فرما کر مدینہ سے جھنگ کی طرف جانے کا حکم دیا۔ سلطان باھوؒ سے امانتِ فقر حاصل کرنے کے بعد سلطان التارکین حضرت سخی سلطان سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانیؒ سلطان باھوؒ کے حکم پر احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور تشریف لے گئے اور اپنے وصال تک وہاں قیام فرمایا۔ سیّد محمد عبد اللہ شاہ مدنی جیلانیؒ کا دربار پاک فتانی چوک احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں واقع ہے۔

سلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ نے یکم جمادی الثانی 1102ھ بروز جمعرات بوقتِ عصر وصال فرمایا۔ آپؒ کا مزار مبارک گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ کے نزدیک مرجع خلائق ہے۔ ہر سال جمادی الثانی کی پہلی جمعرات کو آپؒ کا عرس منایا جاتا ہے۔

محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں سلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ شہدائے کربلا اور اہلِ بیتؓ کی یاد میں محافل منعقد کرایا کرتے تھے اسی روایت کے پیشِ نظر محرم الحرام کے ابتدائی دس دنوں میں لاکھوں کی تعداد میں زائرین دربار پاک پر حاضر ہو کر فیض یاب ہوتے ہیں۔

Marfat.com

سلطان باھُوؒ کا یہ ارشاد سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا آیا ہے:

''جب گمراہی عام ہو جائے گی' باطل حق کو ڈھانپ لے گا' فرقوں اور گروہوں کی بھرمار ہوگی۔ ہر فرقہ خود کو حق پر اور دوسروں کو گمراہ سمجھے گا اور گمراہ فرقوں اور لوگوں کے خلاف بات کرتے ہوئے لوگ گھبرائیں گے اور علمِ باطن کا دعویٰ کرنے والے اپنے چہروں پر ولایت کا نقاب چڑھا کر درباروں اور گدیوں پر بیٹھ کر لوگوں کو لوٹ کر اپنے خزانے اور جیبیں بھر رہے ہوں گے تو اس وقت میرے مزار سے نور کے فوارے پھوٹ پڑیں گے''۔

اس قول سے مراد یہی ہے کہ گمراہی کے دور میں آپؒ کا کوئی غلام آپؒ کی روحانی رہنمائی میں آپؒ کی تعلیماتِ حق کو لے کر کھڑا ہوگا اور گمراہی کو ختم کر کے حق کا بول بالا کرے گا۔ سلطان باھُوؒ کا یہ فرمان سچ ثابت ہو چکا ہے۔ میرے مرشد کریم اور سلسلہ سروری قادری کے موجودہ شیخِ کامل سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس آپؒ کی تعلیماتِ فقر کو عام کرنے میں ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس نے بطور مجدد سلسلہ سروری قادری میں رواج پا جانے والی بدعات کو ختم کیا اور اپنی تصنیفات کے ذریعے عوام الناس کو اصل فقیرِ کامل و مرشد کامل اکمل جامع نور الہدیٰ کی پہچان کرائی۔ آپ مدظلہ الاقدس نے اب تک اپنی نگاہِ کامل سے لاکھوں لوگوں کو فیض یاب فرمایا ہے اور مسلسل فیض یاب فرما رہے ہیں۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے ذکر و تصور اور ذکرِ یاھُو کا فیض جو پہلے صرف خواص تک محدود تھا' آپ مدظلہ الاقدس نے اُسے عام کر دیا ہے۔ آپ مدظلہ الاقدس اس پُرفتن اور گمراہی کے دور میں زنگ آلود قلوب سے نفسانی خواہشات کی میل اور زنگ کو دور کر کے طالبانِ دنیا کو طالبانِ مولیٰ بنا رہے ہیں۔ آپ مدظلہ الاقدس نے تعلیماتِ فقر کی ترویج کے لیے کتب کی اشاعت اور ویب سائٹس کے ذریعے اسمِ اَللّٰہُ ذات کا پیغام دنیا بھر میں پہنچا دیا ہے اور ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ سلسلہ سروری قادری میں جس قدر جدوجہد آپ مدظلہ الاقدس نے کی اور مسلسل کر رہے ہیں آج تک کوئی نہ کر سکا۔

دعوتِ حق کے متعلق سلطان باھُوؒ کا اعلانِ عام ہے:

Marfat.com

ہر کہ طالبِ حق بود من حاضرم ز ابتدا تا انتہا یک دم برم

طالب بیا! طالب بیا! طالب بیا! تا رسانم روزِ اوّل باخدا

ترجمہ: اگر کوئی حق کا طالب ہے تو میں اس کے لیے حاضر ہوں کہ اسے ابتدا سے انتہا تک ایک لمحہ میں پہنچا دوں۔ اے طالب آ، اے طالب آ، اے طالب آ۔ تا کہ میں پہلی ہی نگاہ میں حق تک پہنچا دوں۔

طالبانِ حق کے لیے دروازہ کھلا ہے' ورنہ حق بے نیاز ہے۔

سلطان باھُو رحمتہ اللہ علیہ کی سوانح حیات کے تفصیلی مطالعہ کے لیے حضور مرشد کریم سلطان العاشقین حضرت سخی سلطان محمد نجیب الرحمٰن مدظلہ الاقدس کی تصانیف مبارکہ ''شمس الفقرا''، ''مجتبیٰ آخر زمانی'' اور ''سلطان باھُوؒ'' کا مطالعہ فرمائیں۔

Marfat.com

# امیر الکونین

اُردو ترجمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالۡعَاقِبَۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی حَبِیۡبِہٖ سَیِّدُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ ○

ترجمہ: اللہ ہی کے لیے سب تعریفیں ہیں جو تمام جہانوں کا ربّ ہے اور عاقبت متقین کے لیے ہے۔ درود و سلام ہو اللہ کے حبیب سیّد المرسلین پر، اُن کی آلؓ پر اور سب اصحابؓ پر۔

اس تصنیف کا مصنف غالب الاولیا' عارفِ خدا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دائمی حضوری میں رہنے والا ہے جنہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دستِ بیعت فرمایا اور تعلیم و تلقین کی۔ اور وہ حضرت شاہ محی الدین ولی اللہ قدس سرّہٗ العزیز سے دست وابستہ مرید، غلامِ قادری اور سرورِ کائنات کی خاکِ پا ہے۔ وہ سروری قادری طبیب قلوب کا علاج کر کے شفا بخشتا ہے اور چہرۂ وجود کو مطلوب تک پہنچاتا ہے۔ بندہ باھُوؒ فنافی ھُو ولد بازیدؒ عرف اعوان اورنگ زیب بادشاہ جو عبید اللہ' محی الدین' غلامِ مصطفیٰؐ صاحبِ اخلاص و یقین اور جس کی حق پر نگاہ ہے' کے زمانے میں قلعہ شور (شورکوٹ) کا رہنے والا ہے۔ اس کتاب کا مصنف چند کلمات بیان فرماتا ہے جو مہمات کو فتح کرنے والے اور قفل سے مقید ہر مشکل کو حل کرنے والے ہیں۔ اس کتاب کو امیر الکونین کا نام دیا گیا ہے اور اس کے پڑھنے والے کو حاکم، اولی الامر اور فنافی اللہ کا خطاب دیا گیا ہے جو اللہ کو اپنی آنکھوں سے عین' بے حجاب دیکھتا ہے۔ یہ کتابِ تصوف قرآن کی باتاثیر تفسیر ہے جس کے مطالعہ سے صاحبِ مطالعہ روشن ضمیر ہو جاتا ہے اور اسے ظاہری طور پر تمام دنیاوی خزانوں کا تصرف

Marfat.com

عنایت کیا جاتا ہے جبکہ باطنی طور پر معرفتِ الٰہی اور ہدایت کے خزانوں کا تصرف عطا کیا جاتا ہے۔ جو کوئی اس کتاب سے نکتہ حاصل نہیں کرتا اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری سے واصل نہیں ہوتا تو اس کے احوال کی ہلاکت کا وبال اس کی اپنی گردن پر ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (والضحیٰ۔10,11)

ترجمہ: اور سائل کو منع مت کریں اور اپنے ربّ کی نعمتوں کا تذکرہ کریں۔

ابیات:

در یک تصرف ہر تصرف یافت گنج
باعطا مرشد در روز پنج

ترجمہ: مرشد اس کتاب کے فیض کے ذریعے ایک تصرف میں ہی ہر تصرف کا خزانہ صرف پانچ روز میں عطا کر دیتا ہے۔

ہر ورق گنج است اکسیر و کرم
ہر کہ خواند بالیقین آنرا چہ غم

ترجمہ: اس کتاب کا ہر ورق اکسیر و کرم کا خزانہ ہے۔ جو کوئی اسے یقین سے پڑھتا ہے اسے کیا پریشانی۔

از مطالعہ باخدا با مصطفیٰؐ
واقفِ اسرار گردد از اللہ

ترجمہ: اس کتاب کے مطالعہ سے طالبِ مولیٰ خدا اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچ کر حق تعالیٰ کے اسرار سے واقف ہو جاتا ہے۔

ذکر را بگذار مذکورش مکن
غرق فی التوحید شو از رازِ کُن

ترجمہ: ذکر کو بھول بھی جاؤ تو مذکور (اللہ) کو مت بھولنا اور رازِ کن سے غرق فی التوحید ہو جاؤ۔

Marfat.com

ہر کہ یابد کنہ کن عامل بود
درحقیقت معرفت کامل شود

ترجمہ: اگر کوئی کنہ کن کو پا کر اس کا عامل ہو جاتا ہے تو درحقیقت اس کی معرفت کامل ہو جاتی ہے۔

این مراتب کاملان از حق عطا
روزِ اوّل شد سبق علم از خدا

ترجمہ: یہ مراتب کاملین کو حق کی جانب سے عطا ہوتے ہیں۔ اس علم کا سبق انہیں پہلے روز ہی اللہ سے حاصل ہو جاتا ہے۔

یہ حق تعالیٰ (کے دیدار) میں مشغول لایحتاج فقیر کے مراتب ہیں جو دونوں جہانوں پر حکمران ہوتا ہے۔ درویشوں کی صحبت ہی کیمیا گری کا خزانہ ہے جو کوئی درویشوں کی صحبت سے خزائنِ الٰہی نہیں حاصل کرتا وہ خراب حال ہو کر ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔ فقیر اولی الامر ہوتا ہے۔ اگر دنیاوی بادشاہ تمام عمر بھی فقیر اولیا اللہ کے انتظار میں گزار دے تب بھی وہ کچھ حاصل نہیں کر سکتا لیکن اگر فقیر اولیا اللہ دنیاوی بادشاہ سے ملاقات کرنا چاہے تو قربِ الٰہی حاصل ہونے کی بنا پر توجہ کے ذریعے بادشاہ کو اپنی طرف ایسے کھینچتا ہے کہ وہ حلقہ بگوش عاجز غلام کی مثل ننگے پاؤں دوڑ کر حاضر ہو جاتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ دنیاوی بادشاہ فقیر ولی اللہ کے حکم کے ماتحت ہے۔

پس فقیر بننا چاہیے کیونکہ دونوں جہان فقیر کے حکم کے ماتحت اور اس کے قبضہ وتصرف میں آجاتے ہیں۔ فقیر مکمل فیض بخش ہوتا ہے۔ یہ گدا جو نفس سے مغلوب ہیں، فقیر نہیں ہو سکتے۔ فقیر حاکم اور امیر ہوتا ہے کہ اگر چاہے تو گدا کو ربع مسکون[1] اور ہفت اقلیم[2] کا بادشاہ بنا دے اور اگر چاہے تو ہفت اقلیم کے بادشاہ کو معزول کر کے گدا کو اس کا قائم مقام بنا دے۔ یہ تصرفات کونین پر امیر صاحبِ مسمّٰی فقیر کے ہیں۔ حیران مت ہو۔ جس نے بھی عزت وشرف پایا فقیر ہی سے پایا۔ جو کوئی درویشوں کا منکر ہو وہ دنیا وآخرت میں خراب حال ہو کر ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔

---

[1] زمین کا چوتھا آباد حصہ [2] سات حصہ زمین یا براعظم

Marfat.com

## شرح دعوت

فقیر دائمی حضوری میں رہنے والا اور علمِ دعوت کا مکمل و کامل عامل ہوتا ہے۔اولی الامرُ اسے کہتے ہیں جس کا امر واپس نہ پلٹا جائے۔

❁ لِسَانُ الْفُقَرَآءِ سَیْفُ الرَّحْمٰنِ

ترجمہ: فقرا کی زبان رحمٰن کی تلوار ہے۔

فقیر کا لفظ ''کن'' جس کام کی انجام دہی کے لیے ادا کیا جائے وہ اللہ کے حکم سے انجام پاتا ہے خواہ جلد انجام پائے یا دیر سے۔فقیر کا دل (باطن) دائمی حضوری میں ہوتا ہے جو بذریعہ دعوت ہمیشہ الہامی پیغام وصول کرتا ہے۔اولی الامر اسے بھی کہتے ہیں کہ جس کا امر (حکم) ہر شے پر غالب ہو کیونکہ کوئی بھی اس اولی الامر پر غالب نہیں آ سکتا خواہ تنہا ہو یا لشکر کے ساتھ۔پس معلوم ہوا کہ فقیر اللہ کے امر سے ہی فقیر بنتا ہے اور اللہ کا امر سچ اور غالب ہے۔فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ (یوسف-21)

ترجمہ: اور اللہ اپنے ہر امر پر غالب ہے۔

یہ امرِ دعوت غالب ہوتا ہے کیونکہ یہ شیطان کے مخالف اور رحمٰن کے موافق ہے۔دعوت پڑھنے والا فقیر روشن ضمیر ہوتا ہے جس کا مرتبہ عین العیان[1] ہو اسے (زبان سے) بیان کرنے کی کیا حاجت (وہ تو ہر شے کو عیاں دیکھتا ہے)۔ناقص مرشد رنج دینے والا جبکہ کامل مرشد خزانے بخشنے والا ہوتا ہے جو اپنی نگاہ سے دائمی معرفت عطا کرتا ہے۔

## شرح فقر

آخر فقر کی انتہا کیا ہے؟ جس طرح میرا کہنا میرے حال کے عین مطابق ہے وَ کَفٰی عِلْمِہٖ بِحَالِیْ

---

1۔ ذاتِ حق اور ہر شے کو عیاں دیکھنا

Marfat.com

ترجمہ: ''اس (اللہ) کا علم میرے حال کے لیے کافی ہے''۔ پس معلوم ہوا کہ یہ فقر کا دعویٰ کرنے والے جھوٹے ہیں جن میں سے بعض قالِ فقر تک پہنچے ہیں اور بعض حالِ فقر تک، بعض احوالِ فقر تک اور بعض اعمالِ فقر تک، بعض اقوالِ فقر تک اور بعض افعالِ فقر تک پہنچتے ہیں۔ ہزاروں میں سے کوئی ایک ہی ہوتا ہے جو سلطان الفقر کی لازوال معرفت حاصل کرتا ہے اور عین جمالِ حق کے وصال سے فقر کی انتہا تک پہنچ کر فقر کا مشاہدہ کرتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ایسے بہت سے لوگ ہیں جو فقر کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہیں لیکن ہزاروں میں سے کوئی ایک ہی فقر کی تمامیت تک پہنچتا ہے۔ آخر فقر کسے کہتے ہیں اور فقر کیا ہے؟ فقر ایک نور ہے کہ جس کا نام سلطان الفقر ہے اور وہ اللہ کی نگاہ اور اس کی بارگاہ میں ہمیشہ منظور ہوتا ہے۔ ایک ہی لمحہ میں حاضر ہو جانے والا' نہ خدا اور نہ ہی خدا سے جدا۔ ایسا فقیر مکمل طور پر نور (میں ڈھل چکا) ہوتا ہے۔ فقر قربِ حق کی وسیع مملکت ہے جسے جمعیتِ قدیم حاصل ہے۔ اس ملکِ فقر میں نفسِ امارہ، ملعون دنیا اور شیطان مردود ہرگز داخل نہیں ہو سکتے۔ جو اس ملکِ فقر میں داخل ہو جاتا ہے وہ اس آیت کے مصداق امن میں ہوتا ہے:

۞ وَمَنۡ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا (آلِ عمران۔97)

ترجمہ: جو اس میں داخل ہوا وہ امان پا گیا۔

پس معلوم ہوا کہ ملکِ فقر کے چار صوبے ہیں۔ صوبہ ازل، صوبہ ابد، صوبہ دنیا اور صوبہ عقبیٰ۔ جو کوئی ملکِ فقر تک پہنچ جاتا ہے وہ ان چاروں صوبوں پر حاکم ہو جاتا ہے اور تمام جہان اس کے حکم کے ماتحت ایک غلام کی مثل ہوتے ہیں۔ فقیر غنی ہوتا ہے اور اس کی نظر میں اہلِ صوبہ مفلس و گدا ہوتے ہیں۔ اے احمق و بے حیا! یہ فقرا کے مراتب ہیں۔ بیت:

فقر را من دیدہ ام پرسیدہ ام
ہر حقیقت فقر را خوش دیدہ ام

ترجمہ: میں نے فقر (کے احوال و مراتب) کو اچھی طرح دیکھ اور جان لیا ہے اور اس کی ہر حقیقت کا میں نے اچھی طرح مشاہدہ کیا ہے۔

۱۶۱۵۰۴

Marfat.com

جان لے کہ تمام پیغمبروں نے مرتبہ فقر پر پہنچنے کی التجا کی لیکن نہ پا سکے۔ وہ تمام فقر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عطا ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے خود اپنی اُمت کے سپرد فرمایا۔ یہ فقرِ محمدی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فخر ہے۔ فقر فیض ہے جس کے تین مراتب ہیں اور ان میں غیب الغیب کے بے شمار خزانے ہیں۔ ابتدائے فقر میں اوّل قدم طریق (یعنی پیروی) ہے اور دوم قدم توجہ ہے کہ طالب جس مقام ومنزل کے متعلق جانتا ہے جس وقت بھی چاہتا ہے خود کو بذریعہ توجہ اس مقام ومنزل تک لے جاتا ہے۔ یہ توجہ توفیق ہے۔ فقر میں سوم قدم غرق فنا فی اللہ نور ہونا اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری کی تحقیق حاصل کرنا ہے۔ فقر ذکرِ اَللّٰہُ کے ذریعے طالب کا قلب نور اور جسم کو طور کی مثل بنا دیتا ہے جسکے بعد طالب موسیٰ علیہ السلام کی طرح اللہ سے ہم کلام ہو کر جواب باصواب پاتا ہے۔ جو پیر و مرشد یہ مراتب اور قوت نہیں رکھتا اور نہ ہی ان کے متعلق جانتا ہے وہ احمق ہے جو خود کو پیر و مرشد کہلواتا ہے۔ زن مرید پیر کثیر ہیں۔ حجام کی مثل استرے سے بال کاٹنے والے پیر بھی بیشمار ہیں۔ پیر کو ان سب سے بے نیاز ہونا چاہیے۔

علمِ دعوت تیغ برہنہ ہے جو تصور سے (لوحِ محفوظ پر) تحریر قسمت، قرب ومعرفتِ الٰہی اور حضوری کے علم کو پانا ہے۔ علمِ تصرف طالب کو بقا باللہ تک پہنچا کر مکمل نور بنا دیتا ہے جہاں وہ کل مخلوقات کے لیے ہدایت کا ذریعہ بن جاتا ہے کہ غرق لی مع اللہ[1] ہدایت ہے۔ دعوت کا دوسرا طریقہ ہر کوئی حاصل کر سکتا ہے لیکن وہ طریقہ حبِ دنیا کے باعث دل کو سیاہ کر دیتا ہے۔ ایسی دعوت سراسر بدعت ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس کا مشاہدہ کرنے والے کو دو مراتب حاصل ہوتے ہیں ایک قربِ الٰہی اور دوسرا اس قرب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظر کی توفیق۔ اس مرتبہ کو تحقیق کیا جاسکتا ہے۔ (اس مجلسِ محمدی میں) بعض جمالِ الٰہی کا مشاہدہ کرتے ہیں اور بعض جلالِ الٰہی کا۔ جمالِ الٰہی سے طالبِ مولیٰ کو جمعیت اور مراتبِ محمود حاصل ہوتے ہیں اور

---

[1] حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیثِ مبارکہ ہے لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَّا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ
ترجمہ: میرا اللہ کے ساتھ (قرب کا) ایسا وقت بھی ہوتا ہے جس تک کسی مقرب فرشتے اور نبی و رسول کی رسائی نہیں۔

Marfat.com

جلالِ الٰہی سے جذب مجذوب اور مردود کے مراتب حاصل ہوتے ہیں۔ پس مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار ایک کسوٹی کی مثل ہے جو صادق اور کاذب طالب کی تحقیق کرتی ہے۔ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے مشرف ہونے کے مراتب اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طاقت سے حاصل ہوتے ہیں۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

جان لو کہ اگر حج کا تمام ثواب جمع کر لیا جائے تو بھی یہ دعوت قوی و قادر ہو گی۔ ایسی دعوت ہر مشکل کی چابی اور معرفتِ توحید اور حضوری کا مغز ہے۔ اللہ کا قرب حاصل ہونے کی بدولت فقیر اللہ کے خزانوں کا خزانچی بن جاتا ہے۔ فقیر ولی اللہ دنیاوی بادشاہ پر غالب ہوتا ہے۔ فقیر لایحتاج ہوتا ہے جو کسی سے بھی التجا نہیں کرتا۔ طالبِ صادق کو یہ مراتب مرشد کامل سے نصیب ہوتے ہیں۔ مرشد پہلے ہی روز (طالبِ صادق کو) ظاہری طور پر غنایت کا خزانہ جبکہ باطن میں تصرفِ ہدایت کا سبق دیتا ہے۔ طالب اس کتاب کے مطالعہ سے روشن ضمیر ہو جاتا ہے۔ لوحِ محفوظ طالب کے لوحِ ضمیر پر منکشف ہو جاتی ہے اور لوحِ محفوظ کے مطالعہ سے طالب لوگوں کی نیک و بد قسمت سے آگاہ ہو جاتا ہے۔ اس کتاب کا مصنف کہتا ہے کہ یہ مراتب نجومی درویش کے ہیں جو دنیاوی خواہشات کے غلبہ میں ہے نہ کہ صداقت پر۔ جان لو کہ پیر و مرشد وہ ہے جو سب سے پہلے (طالبِ مولیٰ کو) قربِ الٰہی کی راہ پر چلائے، مجاہدہ کرائے بغیر ہی مشاہدہ عطا کرے اور کسی تکلیف سے (گزارے) بغیر قربِ الٰہی کا خزانہ عطا کرے اور بغیر محنت کے محبت و معرفتِ الٰہی عطا کرے، بغیر ریاضت کے اسرارِ الٰہی سے نوازے اور بغیر زہد کے اپنا عشق پیدا کرے۔ یہ سب مرشد کی توفیق سے ممکن ہے کہ وہ طالب کو نورِ حضور کی تحقیق عطا کرتا ہے۔ یہ تمام مراتب قرب و مشاہدۂ حضورِ حق سے حاصل ہوتے ہیں۔ اس کے بعد تمام آیاتِ قرآن، تفسیر اور بیان اور تمام علوم یکبارگی طالب پر عیاں ہو جاتے ہیں جس سے وہ دونوں جہان کا نظارہ پشتِ ناخن پر دیکھتا ہے کیونکہ اس کا مردہ قلب اور وجود قرب و مشاہدۂ حق سے زندہ ہو جاتے ہیں۔ جو مرشد، پیر، فقیر، درویش، اولیا، عارفِ خدا، اہلِ علمِ دعوت، علما باللہ، واصل ولی اللہ حضورِ حق کے متعلق نہیں جانتے

Marfat.com

وہ احمق ہیں کہ وہ اپنے آپ کو صاحبِ باطن پیرومرشد کہلواتے ہیں۔

قرب ومشاہدۂ حق کی چند صورتیں ہیں جن کے کچھ نام اور قاعدے ہیں۔ اصل حضورِ حق حی و قیوم ذات کا قرب و وصال، جمعیت اور وحدت ہے جس سے ہر شے طالب پر واضح ہو جاتی ہے اور جو کچھ لوحِ محفوظ پر تحریر ہے اسے معلوم ہو جاتا ہے۔ حضورِ حق کے پانچ مراتب ہیں۔ اوّل ظاہری وجود سے حضوری، دوم باطنی وجود سے موجود کے سامنے حضوری، سوم مطلوب کے سامنے حضوری' جس سے تمام مطالب حاصل ہوتے ہیں، چہارم اٹھارہ ہزار عالم کی کل مخلوقات کو حاضر کر لینے کا تصرف' جنہیں اللہ نے کن کہہ کر تخلیق کیا، پنجم دنیا، نفس اور شیطان مردود پر تصرف۔ حضوری کے یہ پانچ مراتب دینی و دنیاوی پانچ خزانے ہیں۔ جو مرشد طالبِ مولیٰ کو حضوری کے تمام مراتب عطا نہیں کرتا اور حضوری کی توفیق سے ان مراتب کی تحقیق نہیں کراتا اور زندگی اور موت کے بعد عزت و جاہ کے درجات عطا نہیں کرتا تو معلوم ہوا کہ وہ مرشد ناقص اور نامکمل ہے اور اس مرشد سے تلقین لینا طالب پر حرام ہے کیونکہ طالب کے لیے حضوری اور دیدارِ حق کے بغیر صرف ذکر، فکر، مراقبہ، مکاشفہ اور ورد و وظائف کے ساتھ کسی بھی مرتبہ ومقصود تک پہنچنا ممکن نہیں اگرچہ وہ عمر بھر سالہا سال ریاضت کرتا رہے ان مراتب میں وہ ناقص و خام ہی رہتا ہے۔ پس ان خام مراتب میں شرف کہاں حاصل ہو سکتا ہے۔ طالبی و مریدی اور مرشدی و پیری میں دن شمار نہیں کیے جاتے۔ مرشد کامل ہاتھ پکڑ کر حضوری میں پہنچانے والا ہوتا ہے جو طالبِ مولیٰ کو ایک لمحہ میں تمام حوادث سے گزار کر حضوری میں پہنچا دیتا ہے۔ ناقص مرشد آج کل کے وعدے کرتا ہے جبکہ مرشد کامل ایک بار کی توجہ سے ہی حضوری میں پہنچا دیتا ہے۔ اس کے علاوہ دیگر تمام طریقے سالہا سال کی ریاضت کے متقاضی ہیں اگرچہ ذکرِ روح کیا جائے یا ذکرِ قلب۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی حضوری کی راہ توفیقِ الٰہی کی کلید ہے جو کل و جز کی ہر شے اور مراتب کو کھولتی ہے۔ اس کی تحقیق ایسے مرشد سے حاصل کی جا سکتی ہے جو حق تعالیٰ کا رفیق ہو۔

جان لو کہ تمام بلا و آفات اور حوادثاتِ نفسانی و شیطانی ایک ہی گھر میں جمع کی جائیں تو اس گھر

Marfat.com

کی چابی دنیا ہے۔ پس اسی طرح معرفت، توحید، نور، قرب اور حضوری کے تمام خزانے انسان کے وجود کے اندر موجود ہیں۔ وجود کے تمام خزانوں کی کلید حضورِ حق ہے جو اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتی ہے۔ جو طالب اسمِ اَللّٰہُ ذات کو اس کی کنہ سے پڑھتا ہے اور اس سے حضورِ حق حاصل کرتا ہے وہ دنیا و آخرت میں بے نیاز اور لا یحتاج ہو جاتا ہے۔

اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں۔

بیت:

ہر کہ این راہ نداند لاف زن
ہر کہ داند حاضرات آن جانِ من

ترجمہ: جو حضورِ حق کی یہ راہ نہیں جانتا وہ جھوٹا ہے جبکہ جو جانتا ہے وہ میرا محبوب ہے۔

جب نفس حضورِ حق حاصل کر لیتا ہے تو وہ (مرشد کے) نفس سے ہم کلام ہوتا ہے اور جب قلب حضورِ حق حاصل کر لیتا ہے تو وہ (مرشد کے) قلب سے ہم کلام ہوتا ہے اور جب روح حضورِ حق حاصل کرتی ہے تو وہ (مرشد کی) روح سے ہم کلام ہوتی ہے اور جب طالب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے حضورِ حق حاصل کر لیتا ہے تو وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہم کلام ہوتا ہے اور جب طالب اللہ کے سامنے حضوری حاصل کرتا ہے تو وہ اللہ کے ساتھ بذریعہ الہام ہم کلام ہوتا ہے۔ حضورِ حق فقر کے انتہائی درجات و مقامات تک لے جاتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

حضورِ حق مراتبِ نعم البدل میں سے ہے اور مراتبِ نعم البدل اسمِ قادر کی قوت سے حاصل ہوتے ہیں جو خزائنِ الٰہی کی کیمیا گری ہے' جس سے طالب کا وجود طلسمات میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ صاحبِ طلسمات مرشد ہی طالب کو حضورِ حق عطا کرتا ہے اور عین بعین حق کا مشاہدہ کراتا ہے۔ یہ حضورِ حق اللہ تعالیٰ کا تصور عطا کرتا ہے جس سے طالب شہسوارِ قبور بن جاتا ہے۔

جان لو کہ فقر کے تین مراتب ہیں۔ لاھوت لامکان تک پہنچنا، معرفت اور دیدارِ الٰہی کے

Marfat.com

انوار سے مشرف ہونا اور دونوں جہان میں زندہ رہنے اور کبھی نہ مرنے کی قوت حاصل کرنا۔ جس کے بعد فقیر لب بستہ توحید میں ہمیشہ غرق رہتا ہے اور اسے کسی طالب اور مرید کی ضرورت نہیں رہتی۔ اور اگر کوئی طالب مرید طلبِ مولیٰ رکھتا ہے تو اسے حضورِ حق میں پہنچا دیتا ہے جہاں سے طلبِ مولیٰ کا سوال کرنے والے کو محروم نہیں لوٹایا جاتا۔ جان لو کہ کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے حضورِ حق حاصل کرنے کا سبق پہلے ہی روز حاصل ہو جاتا ہے۔ مراتبِ فنا و بقا سے گزر کر فقیر نفس پر امیر اور روشن ضمیر ہو جاتا ہے۔ مرد وہ ہے جو سب سے پہلے اپنے نفس کی اصلاح کرے۔ معرفت میں حضورِ حق اور دیدارِ الٰہی حاصل ہوتا ہے جس سے (طالب کو) تمام عمر مجاہدہ کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ ط مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ بِالْفَنَآءِ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ بِالْبَقَآءِ

ترجمہ: جس نے اپنے نفس کو پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو پہچانا۔ جس نے اپنے نفس کو فنا سے پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو بقا سے پہچانا۔

نفس کی پہچان تصورِ اسم اَللّٰہُ ذات کے ذریعے فنا الفنا ہونے سے ہوتی ہے۔ اور اللہ کی پہچان روح کے ذریعے ہوتی ہے جس سے بقا کے بعد بقا حاصل ہوتی ہے۔ اے مردہ دل و بے حیا! یہ عارفین کے ابتدائی احوال ہیں۔ فقیر اہلِ روح کی کیا نشانی ہے؟ وہ جان و جسم سے ارواح سے ملاقات کرتا ہے۔ یہی احوال مجھے بھی حاصل ہیں۔ اہلِ نفس جب باطن میں ارواح کا ہم مجلس ہوتا ہے جو ذکرِ الٰہی میں مشغول اور قرآن و حدیث سے گفتگو کر رہے ہوتے ہیں تو وہ اہلِ نفس بھی مکمل شعور کے ساتھ حضورِ حق کا مشاہدہ کرتا ہے۔ یعنی باطن میں وہ توحید کے نور میں غرق ہوتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایک لمحہ کے لیے بھی جدا نہیں ہوتا اور دائمی حضوری میں رہتا ہے لیکن ظاہری طور پر عوام میں لوگوں سے ہم کلام رہتا ہے۔ اے احمق و خام! یہ عارفین کے مراتب ہیں۔ صاحبِ شریعت فقیر شیر کی مثل ہوتا ہے کیونکہ اسے شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شرف سے رحمٰن کا قرب حاصل ہوتا ہے جبکہ اہلِ بدعت فقیر شیطان کا مقرب اور مصاحب

Marfat.com

ہوتا ہے۔ صاحبِ شریعت فقیر حق تعالیٰ کے ساتھ یگانہ ہوتا ہے اور اہلِ بدعت فقیر کتے کی مانند دیوانہ ہوتا ہے۔

اہلِ بدعت اکثر فقر کا دعویٰ تو کرتے ہیں مگر وہ فقیر نہیں ہوتے۔ انہیں بھکاری کہنا چاہیے کیونکہ وہ خواہشاتِ نفس کا شکار اور باطن میں معرفتِ الٰہی سے محروم ہوتے ہیں۔ یہ بے حیا اور داڑھی کٹوانے والے ہر در سے سوال کرتے ہیں۔ یہ بے بصیرت ساری عمر طریقت اور معرفت کی راہ نہیں جان پاتے اور رزق کے پیچھے دوڑتے رہتے ہیں۔ ایسے اہلِ بدعت کے لیے فقر چہرے کی سیاہی ہے۔ یہ لوگ دن رات گناہوں میں مشغول رہتے ہیں اور ارواح کے روحانی احوال سے بے خبر ہوتے ہیں۔ یہ لوگ لقائے وحدانیت کے عرفان سے محروم رہتے ہیں اور باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے غافل ہوتے ہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار سے مشرف ہونے والا اور آپ کی زیارت کرنے والا ایک ہی لمحہ میں ولی اللہ کے مراتب پر پہنچ کر محبوب اور صاحبِ عیاں عارف ہو جاتا ہے یا یکبارگی مراتبِ مجذوب پر پہنچ جاتا ہے یا یکبارگی مراتبِ محبوب پر پہنچ جاتا ہے یا یکبارگی مراتبِ حجاب اور مردود پر پہنچ جاتا ہے۔ اس میں حکمت یہ ہے کہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھنے میں کسی قسم کا کوئی شک نہیں کرنا چاہیے کیونکہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بہشت کی مثل ہے جہاں ذکرِ الٰہی کے ساتھ آیاتِ قرآن اور حدیث کا بیان ہوتا ہے۔ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں طالب کو دو مراتب حاصل ہو سکتے ہیں یا مرتبہ محبوب یا مرتبہ مردود' کیونکہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک کسوٹی ہے جہاں پہنچ کر ناقص طالب کے وجود کے اندر پوشیدہ کذب ظاہر ہو جاتا ہے اور صادق طالب کے وجود کے اندر پوشیدہ صدق مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ طالبِ صادق کا وجود نور ہو جاتا ہے اور اسے مجلسِ محمدی کی لازوال دائمی حضوری نصیب ہو جاتی ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ مجلسِ محمدی بہشت کی مانند ہے اور بہشت میں پاک لوگ ہی رہ سکتے ہیں۔ پلید، نجس، بدبودار مردار دنیا، شیطان اور کافر کو یہ قوت حاصل نہیں کہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، بہشت، کعبہ اور مدینہ منورہ

Marfat.com

میں روضہ مبارک میں داخل ہوسکیں۔ شیطان کو ہرگز یہ قدرت حاصل نہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صورت، قرآن اور اس کے حروف کی صورت، سورج اور چاند کی صورت، کعبہ اور مدینہ کی صورت، بزرگ صحابہؓ کی صورت اور شاہ محی الدین پیر دستگیرؒ کی صورت اختیار کر سکے۔ غرق لی مع اللہ ہونے کے باعث یہ صورتیں ہدایت ہیں لیکن جن لوگوں کے دل حبِ دنیا جو کہ بدعت ہے، کے باعث سیاہ ہیں شیطان ان کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔

جان لو کہ اگر حضرت آدم علیہ السلام سے خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک تمام انبیا، اصفیا، مرسلین اور پیغمبروں کے نیک اعمال کا ثواب جمع کر لیا جائے اور صاحبِ منصب و مراتب اور صاحبِ ولایت و ہدایت تمام اولیا اللہ غوث و قطب کے نیک اعمال کا ثواب جمع کر لیا جائے اور تمام فرشتوں، مومنین، مسلمین اور تمام جن و انس کے نیک اعمال کا ثواب جمع کر لیا جائے تو انہیں ثوابِ حسناتِ عظیم کہا جائے گا اور یہ تمام برگزیدہ ثواب اور حسناتِ عظیم، تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتے ہیں جس کے ذریعے حضوری کے مراتب حاصل ہوتے ہیں۔ اسی طرح فاسقوں، گناہگاروں، کافروں، مشرکوں، کاذبوں، ظالموں اور تمام زمین کے اہلِ گناہ کے تمام گناہ جمع کر لیے جائیں تو انہیں گناہِ کبیرہ کہا جائے گا۔ پس اللہ سے غفلت اور دوری گناہِ کبیرہ ہے جو سب کبیرہ گناہوں سے بڑھ کر ہے۔ پس اہلِ حضور اور اہلِ دور کو ایک دوسرے کی مجلس پسند نہیں آتی۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ قصہ خوانی اور افسانہ دانی کی راہ اللہ سے یگانہ ہو کر فنا فی اللہ ہونے کی راہ سے مختلف ہے۔ اہلِ یگانہ اور اہلِ بیگانہ کو ایک دوسرے کی مجلس پسند نہیں آتی۔ یہ تمام مراتب علمِ نور کی برکت سے حاصل ہوتے ہیں اور علمِ نور وہ ہے جو عالم کو حضوری سے مشرف کرا دے۔

جان لو کہ حضوری دو قسم کی ہے جو حضوری تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتی ہے وہ لازوال ہے اور اس سے قرب اور وصالِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔ تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے بغیر محض ذکر، فکر، مراقبہ اور اعمالِ ظاہری سے حاصل ہونے والی حضوری ناقص کا وہم و خیال ہے جو سکر سے حاصل ہونے والی گرمئ احوال کی وجہ سے ہے اور یہ مرشدِ ناقص کی گمراہی کے سبب ہے۔ تصور بھی دو قسم کا

Marfat.com

ہے۔ایک وہ تصور جس میں مشاہدہ سے قرب با توفیق اور حضوری کی تحقیق حاصل ہوتی ہے اور دوسرا تصور وہ ہے جس میں حضوری نہیں ہوتی اور وہ محض شیطانی تاثیر اور ہوائے نفس کی وجہ سے ہوتا ہے اس لیے زندیق ہے۔جان لو کہ لذتِ ازل جس سے جمعیت حاصل ہوتی ہے'لذتِ ابد کی مثل ہے اور لذتِ دنیا لذتِ عقبیٰ جس میں حور و قصور اور بہشت کی نعمتیں ہیں' کی مثل ہے۔جیسے ہی معرفتِ نورِ خدا کی پانچویں لذت وجود میں پیدا ہوتی ہے تو (مذکورہ بالا) چاروں لذتوں کو وجود سے باہر نکال دیتی ہے۔ابیات:

لذت دیدار بہ دیدار دہ
لذت دیدار بر دل من بہ نہ

ترجمہ: میرے لیے لذتِ دیدار سے بڑھ کر کوئی لذت نہیں لہٰذا یا ربّ مجھے لذتِ دیدار عطا کر۔

ہر کرا لذت نشد وحدت لقا
لعنتی بر زندگی آن بے حیا

ترجمہ: جس کسی نے لقا اور وحدتِ الٰہی کی لذت نہ چکھی اس بے حیا کی زندگی پر لعنت۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (بنی اسرائیل-72)

ترجمہ: جو اس دنیا میں (دیدار سے) اندھا رہا وہ آخرت میں بھی (دیدار سے) اندھا رہے گا۔

قطعہ:

ہر کہ این جای نہ بیند بی نصیب
بی خبر از معرفت اہل از رقیب

ترجمہ: جس کسی نے اس دنیا میں اللہ کا دیدار حاصل نہ کیا وہ بےنصیب ہے جو معرفت سے بےخبر اور اللہ کے دشمنوں میں سے ہے۔

Marfat.com

روئے سیاہ بہ بود از دل سیاہ
دل سیاہ شد ز دنیا عزّ و جاہ

ترجمہ: دنیا کی عز و جاہ سے دل کی سیاہی پیدا ہوتی ہے اور دل کی سیاہی سے سیاہ چہرہ بہتر ہے۔ اگر تُو آئے تو تُو دیدار کر لے گا اور اگر نہ آئے تو تُو شیطان لعین کی قید میں ہے۔ بیت:

بہ بین قدرت بہ بین وحدت حضورش
بہ بین رحمت پُر از ہم ذات نورش

ترجمہ: آ اور اس کی حضوری میں اس کی قدرت اور وحدت دیکھ، رحمت اور نور سے پُر اس کی ذات کا مشاہدہ کر۔

اللہ بس ماسوی اللہ ہوس۔ مثنوی:

اگر حجاب کنی از خدا فرشتہ شوی
چنانچہ میکنی از مردمان حجاب اینجا

ترجمہ: اگر تو خدا سے حجاب میں ہو تو تُو فرشتوں کی مثل ہو گا جو اس دنیا میں لوگوں سے حجاب میں ہوتے ہیں۔

بہ بین امروز چون گویند فردا
بعین از عین بینم نیست پردہ

ترجمہ: تو کل (روزِ قیامت) کی بات کیوں کرتا ہے تُو آج ہی (اس زندگی میں) دیدار کر۔ میں ذاتِ حق کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں اور میرے اور اس کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوتا۔

بہ بینم با چشم عین العیانی
چو زندہ قلب روح و نفس فانی

ترجمہ: میں کھلی آنکھوں سے اس کا بے حجاب دیدار کرتا ہوں کیونکہ جب قلب و روح زندہ اور نفس فنا ہو چکا ہو تو دیدار حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

مثل بستہ بصورت کی تواند
مشرف شد حضوری راز داند

ترجمہ: اس کی صورت (کے حسن) کی مثال کسی چیز سے نہیں دی جاسکتی۔ جو حضوری سے مشرف ہو جائے وہ یہ راز جان لیتا ہے۔

ز نَحنُ اَقرَبُ شود پیغام دائم
وجودِ واصلان زان گشت قائم

ترجمہ: حق تعالیٰ یہ دائمی پیغام دیتا ہے کہ وہ شہ رگ سے بھی قریب ہے اس پیغام کی وجہ سے واصلین کے وجود (حق تعالیٰ کی وحدت میں غرق ہونے کے باعث) ابدی ہوتے ہیں۔

فقر آنکس کہ آنجا من رسیدہ
ز غیر حق ہمہ از خود بریدہ

ترجمہ: فقر کا اصل مقام وہ ہے جہاں میں پہنچا ہوں اس کے لیے میں نے خود کو غیر حق سے مکمل طور پر الگ کیا۔

نماندہ احتیاج ذکر مذکور
حضوری باحضور است نور بانور

ترجمہ: اس مقام پر پہنچ کر ذکر کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ اس جگہ طالب حضوریٔ حق میں عین ذات اور نور کے ساتھ عین نور ہو جاتا ہے۔

نماندہ ہیچ پردہ چشم باز است
حقیقت حق رسیدہ عین راز است

ترجمہ: اس مقام پر طالب کی آنکھ پر کوئی حجاب باقی نہیں رہتا اور حقیقتِ حق تک پہنچ کر وہ عین ذات ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

زہی دولت بدیدہ حق لقا شد

قلب قالب ز وحدت حق بقا شد

ترجمہ: اس دولت کی کیا ہی بات ہے کہ آنکھوں کو حق کا دیدار اور قرب نصیب ہو اور جسم و روح کو وحدتِ حق سے بقا حاصل ہو۔

نہ آنجا علم نہ غوغای قال است

لاہوت و لامکان نہایت با جمال است

ترجمہ: اس مقام پر نہ علم کی گنجائش ہے نہ بحث و مباحثہ کا شور۔ لاہوت لامکان کے انتہائی مقام پر صرف حق تعالیٰ کا جمال ہے۔

نماندہ بر دلم افسوس مارا

بہ بینم سر پنہان آشکارا

ترجمہ: میرے دل میں کسی بھی بات کا افسوس نہ رہا کیونکہ میں رازِ پنہاں کو بے حجاب اور عیاں دیکھتا ہوں۔

دو دلی را نیست راہ یکدل طلب کن

کہ غیرے لاسوئے از دل سلب کن

ترجمہ: منافقت یعنی دو محبتوں کی اس راہ میں کوئی گنجائش نہیں لہٰذا ایک دل طلب کر (یعنی صرف اللہ سے محبت طلب کر) اور غیر اللہ ہر شے دل سے مٹا دے۔

بیا اے طالبا بے سر بیائی

سری از تن جدا کن راہنمائی

ترجمہ: اے طالب بے سر ہو کر ادھر آ۔ جب تو اپنے سر کو تن سے جدا کر دے گا تب تو رہنمائی حاصل کر سکے گا۔

Marfat.com

باھُوؒ با ھُو فنا با ھُو بقا شد
کہ اوّل و آخر و از ھُو لقا شد

ترجمہ: باھُوؒ کو ھُو میں فنا ہو کر ھُو کے ساتھ بقا حاصل ہوگئی ہے اور ھُو کے ساتھ وصال کے بعد اس کی ابتدا اور انتہا بھی ھُو ہوگئی ہے۔

کہ ھُو عینک شدہ بہ چشم باھُوؒ
میان از ھُو بہ بیند یافت باھُو

ترجمہ: ھُو باھُوؒ کی آنکھ کے لیے چشمے کی مثل ہے۔ جو اس عینک یعنی ھُو سے دیکھتا ہی وہ باھُوؒ کی صورت کو ہی پاتا ہے۔

کسی منکر ز ھُو مردود گردد
بجز یاھُو با ھُو نیست گردد

ترجمہ: جو ھُو کا منکر ہو وہ مردود ہو جاتا ہے کیونکہ ذکرِ یاھُو کے بغیر ھُو کے ساتھ بقا حاصل نہیں ہو سکتی۔

مثل بستہ بمثل بیمثال است
ز خود رفتہ شود با حق وصال است

ترجمہ: اس بے مثل اور بے مثال ذات کی مثال نہیں دی جا سکتی۔ جب طالب خود سے فنا حاصل کرتا ہے تب ہی حق سے وصال پاتا ہے۔

جو فنا فی اللہ ہو اور مقامِ لی مع اللہ پر اللہ کے قرب کی انتہا پر ہو اس کے لیے ظاہری اعضا کے ساتھ ذکر فکر اور ورد وظائف بجالانا گناہ ہے۔ غوث وقطب امرا کی مثل جبکہ مقربِ حق فقیر بادشاہ کی مثل ہوتا ہے۔ بادشاہ کو عدل سے سروکار ہوتا ہے نہ کہ محنت ومشقت سے۔ اس راہ (فقر) کا تعلق قیل وقال سے نہیں بلکہ حق کے روبرو حضوری سے مشرف ہونے سے ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط (البقرہ-115)

Marfat.com

ترجمہ: پس تم جدھر بھی دیکھو گے حق تعالیٰ کا چہرہ ہی پاؤ گے۔

ہر طرف بینم بیابم ذات نور
ہر کہ از خود بگذرد یابد حضور

ترجمہ: میں جس طرح بھی دیکھتا ہوں اس طرف ہی نورِ ذات پاتا ہوں۔ جو کوئی خودی سے نجات حاصل کر لے وہ حضورِ حق حاصل کر لیتا ہے۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ بیت

روشن ضمیر را چہ غم از اختلاط خلق
دریا بہ مشت خاک مکدر نمی شود

ترجمہ: روشن ضمیر فقیر کو مخلوق سے میل ملاپ سے کیا پریشانی؟ سمندر ایک مٹھی خاک سے میلا نہیں ہوتا۔

یہ روشن ضمیری وحی القلوب کا مرتبہ ہے۔ بیت:

تا گلو پُر مشو کہ دیگ نہ ای
آب چندان مخور کہ ریگ نہ ای

ترجمہ: تُو گلے تک خود کو نہ بھر کیونکہ تو دیگ نہیں ہے اور نہ ہی اس قدر پانی پی کیونکہ تُو ریت نہیں ہے۔

لیکن کامل کا کھانا مجاہدہ اور اس کی نیند مشاہدہ ہوتی ہے۔ یہ وحی الروح کا مرتبہ ہے۔ بیت:

چو معدہ بود خالی از طعام
درآن وقت معراج باشد تمام

ترجمہ: جس وقت پیٹ طعام سے خالی ہوتا ہے اس وقت (طالب کو) مکمل معراج نصیب ہوتی ہے۔

مگر مکمل کے لیے کھانا اور نہ کھانا برابر، سیری اور بھوک برابر، مستی اور ہوشیاری برابر، نینداور بیداری

Marfat.com

برابر۔ یہ وحی السرّ کا مرتبہ ہے۔ بیت:

خام را مستی بود وہم از خیال
مست را ہوشیار گرداند وصال

ترجمہ: خام کی مستی محض وہم و خیال ہوتی ہے جبکہ وصالِ حق سے حاصل ہونے والی مستی طالب کو ہوشیار بنا دیتی ہے۔

تاہم اکمل علمِ معرفت کا عامل ہوتا ہے نہ کہ سواری کا حامل۔ یہ وحی الزمان کا مرتبہ ہے جہاں وہ قربِ حضورِ حق اور مجلسِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے معرفتِ اِلّا اللّٰہُ کا پیغام لاتا اور لے جاتا ہے۔ اس مقام پر اولیا اللہ علما باللہ ہر لمحہ حضورِ حق سے پیغام وصول کرتے ہیں لیکن وہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مرتبہ پر فائز نہیں ہوتے۔ لہٰذا دعوت پڑھنے کے لائق ہر وہ طالب ہوتا ہے جو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے پیغام وصول کر سکتا ہو۔ اس کا وجود نور و مغفور ہو اور وہ حق تعالیٰ کی بارگاہ میں منظور ہو۔ دعوت پڑھنا یہ ہے کہ طالب ذکرِ الٰہی کی بدولت مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں سوال و جواب اور عرض و التماس کر سکتا ہو۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

جان لو کہ باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں داخل ہو کر حضوری سے مشرف ہونا اور اہلِ مجلس کی صحبت میں ان سے ہم کلام ہونا اور جس وقت چاہے حضوری میں آنا جانا اور سوال و جواب اور التماس کرنا اور حضوری میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قرب سے مشرف ہونا اور لازوال وصال پانا اور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حضورِ حق کے تمام احوال سے واقف ہونا اور انہیں اختیار کرنا آسان کام ہے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اخلاق، ملک، علم، حلم، ترک، توکل، ارادت، سعادت، حکم، اجازت، ہدایت، فقر، غنایت، فنا، بقا، رضا، صبر اور حیا کی صفات کو اختیار کرنا بہت ہی مشکل اور دشوار کام ہے۔ لیکن اگر بخشش اور عطائے پروردگار ہو تو توفیقِ الٰہی اور مرشد جو غالب الامر ہو اور راہِ حق کا سالار ہو اُس کی رفاقت سے ان تمام خصوصیات کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مطلب یہ کہ دین و دنیا کے خزانوں کو تصرف میں لے آنا اور تصور، ذکر، فکر، مراقبہ اور معرفتِ اِلّا اللّٰہُ

Marfat.com

سے غرق فنا فی اللہ ہونا، تجلیات کا مشاہدہ کرنا، اٹھارہ ہزار عالم کے مقامات کی سیر کرنا اور اس کی مخلوقات کو مسخر کر کے اپنی قبضہ وقید میں لے آنا آسان کام ہے لیکن وجود میں وسیع حوصلہ پیدا کرنا مشکل اور بہت ہی دشوار کام ہے۔ مخلوق کے دیئے رنج، ملامت، غیبت اور تکالیف سے آزردہ مت ہو اور نہ ہی مخلوق کو تکلیف پہنچا کیونکہ مخلوق کو تنگ نہ کرنے میں ہی نجات ہے۔ تو جان لے کہ کافروں، کاذبوں، منافقوں اور حاسدوں کی (ایذاؤں سے) شکایت کی غرض سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ یَالَیۡتَ رَبِّ مُحَمَّدٍ لَّمۡ یَخۡلُقۡ مُحَمَّدًا ط

ترجمہ: اے محمد کے ربّ! کاش آپ نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو پیدا ہی نہ فرمایا ہوتا۔

پس کسی دوسرے کی کیا مجال کہ اعتراض کرے۔ جو کوئی تمامیتِ معرفت، فقر، ہدایت اور ملکِ ولایت تک پہنچ جاتا ہے تو لوگ اسے دیوانہ وخبطی کہتے ہیں اور اس کے اہلِ خانہ اسے احمق سمجھتے ہیں لیکن وہ آنکھوں کے اندھے اس کی حقیقت نہیں جانتے۔ وہ سب بے عقل اور حیوان کی مثل ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلۡعَقۡلُ یَنَامُ فِی الۡاِنۡسَانِ

ترجمہ: عقل انسان کے اندر سوئی ہوئی ہے۔

❁ اَلۡاِنۡسَانُ مِرۡاٰۃُ الرَّبِّ

ترجمہ: انسان حق تعالیٰ کا آئینہ ہے۔

صاحبِ نظر عارف باللہ بننے اور معرفتِ حق کے لیے دل کی آنکھیں چاہئیں وگرنہ ظاہری آنکھیں تو حیوان بھی رکھتے ہیں جیسا کہ کتے، خنزیر، ریچھ، بیل اور گدھے وغیرہ۔ عقل دو قسم کی ہے ایک عقلِ کُل جو کہ لازوال ہے دوسری عقلِ جز جو احوال کے حصول کا باعث ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ لَا فَرۡقَ بَیۡنَ الۡحَیۡوَانِ وَالۡاِنۡسَانِ اِلَّا بِالۡعِلۡمِ

Marfat.com

ترجمہ: انسان اور حیوان میں علم کے سوا کوئی فرق نہیں۔

ابیات:

آنچہ مطلب بود کلی یافتم
کس نمی باید کہ پنہان ساختم

ترجمہ: میں نے سب علم اور مطالب پا لیے۔ اب کوئی بھی مجھ سے کچھ بھی پوشیدہ نہیں رکھ سکتا۔

این خزانہ شد نصیب با شعور
میشناسد عارفان اہل حضور

ترجمہ: یہ خزانہ باشعور لوگوں کو نصیب ہوتا ہے اور عارفین جو حضوری میں پہنچ چکے ہوں وہی اسے پہچانتے ہیں۔

کی شناسد عارفان را کور تر
می شناسد آن کہ می باشد خضر

ترجمہ: آنکھوں کے اندھے عارفین کو کیسے پہچان سکتے ہیں۔ عارفین کو صرف وہی پہچانتے ہیں جو خضرؑ کی مثل بصیرت رکھتے ہیں۔

باھُوؒ در ھُو گم شدہ فی اللہ فنا
نام باھُوؒ متصل شد باخدا

ترجمہ: باھُوؒ فنا فی اللہ ہو کر ھُو میں گم ہو چکا ہے اور باھُوؒ کا نام خدا کے ساتھ متصل ہو چکا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ (الحدید-4)

ترجمہ: اور وہ (اللہ) تمہارے ساتھ ہوتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہوتے ہو۔

مرشد کسوٹی کی مثل ہوتا ہے اور حضوری کی بدولت حکیم اور کریم صفت ہوتا ہے۔ مرشد کامل (ظاہری طور پر) طالبِ مولیٰ کا پیٹ طعام اور پانی سے پُر کرتا ہے اور طرح طرح کی نعمتیں اور

Marfat.com

پھل کھلاتا ہے اور باطنی توجہ اور توفیق سے تحقیقاً حضوری تک پہنچاتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ناقص مرشد اپنے طالبوں کو ذکر فکر میں ہی تھکائے رکھتا ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ مرشد کامل طالب کو پہلے ہی روز کامل کے مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے۔ مرشد مکمل طالب کو روزِ اوّل مرتبہ مکمل اور مرشد اکمل طالب کو روزِ اوّل ہی اکمل کے مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے اور مرشدِ جامع طالب کو روزِ اوّل جامع اور صاحبِ نور مرشد طالب کو روزِ اوّل ہی نور میں فنا کر دیتا ہے اور صاحبِ حضور مرشد طالب کو روزِ اوّل حضوری میں لے جاتا ہے اور ان سب مراتب کا مجموعہ بھی مراتبِ فقر کی ابتدا کو نہیں پہنچ سکتا لیکن فقیر مرشد (کی توجہ) سے طالب روزِ اوّل ہی فقیر بن سکتا ہے کیونکہ فقیر فنا و بقا کے بعد مرتبہ اور مقام و منزل سے ماورا ہوتا ہے۔ اس کی نظر میں اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ الله (جہاں فقر مکمل ہوتا ہے وہی اللہ ہوتا ہے) ہی سب کچھ ہوتا ہے۔ اے احمق و خام! یہ مراتبِ فقرا ہیں۔ فقیر اُسے کہتے ہیں جو بقا باللہ ہو چکا ہو اور اس نے خود کو اللہ کی ذات میں فنا کر کے حیاتِ ابدی پالی ہو اور غیر ماسویٰ اللہ سے نجات پا کر خود پر اَللّٰہُ کا اثبات کر لیا ہو۔ اس کے لیے زندگی اور موت کے مراتب برابر ہوں۔ یہ فقیر صاحبِ نظر کا مرتبہ ہے جو ہر ملک کے بادشاہ پر حاکم اور غالب تر ہوتا ہے کیونکہ وہ اپنی نظر سے تمام زمین کو سونا و چاندی میں بدل سکتا ہے۔ فقیر فقر کی بدولت حیات ہے۔ اے احمق و حیوان! پس فقیر خدا سے نظر نہیں ہٹاتا۔ اے احمق و گدھے! تو طلبِ دنیا میں خوار ہو رہا ہے جبکہ دعویٰ کرتا ہے اللہ کی طلب و محبت اور معرفت و دیدار کا۔ حالانکہ تو ابھی تک نفس کی قید میں ہے۔ تیرا دل مردہ اور تیرا چہرہ شرمسار ہے اور تیری روح تجھ سے بیزار ہے۔ جو باطن باطل سے جدا ہو کر حق سے جڑ چکا ہو بلاشبہ وہی باطن برحق ہے۔ ظاہری طور پر اس کے تصرف میں توفیقِ الٰہی کی قوت ہوتی ہے۔ فقر کا سلوک سے کوئی تعلق ہیں کیونکہ فقیر سلطان الفقر صاحبِ سلطنت بادشاہ ہوتا ہے اور ہر سلوک اور ہر مقام اس کی نگاہ و نظر میں ہوتا ہے۔ انہیں ہر طالب مرید کے احوال سے آگاہی ہوتی ہے کہ وہ مرتبہ محبوب و مقصود پر ہے یا مرتبہ مردود پر یا مرتبہ مرتد یا لا مرتد پر۔ پس جان لے کہ جس طرح ظاہری علم بے شمار ہیں اسی طرح باطنی سلک سلوک بھی بے شمار ہیں۔ میں اگر انہیں تحریر کروں تو ان

Marfat.com

کی شرح کے لیے بے شمار صفحات درکار ہیں لیکن تھوڑی سی شرح سے پتہ چلتا ہے کہ ایک سلک کامل ہے اور دوسرا سلک ناقص۔ سلکِ کامل میں قبض، بسط، سکر، صحو کے احوال ہیں اور ذکر، فکر، مراقبہ سے طالب پر ان احوال کے اسرار عیاں ہوتے ہیں اور سلک کی ابتدا اور انتہا ایک ہوتی ہے اور یہ سلک حق تعالیٰ کے قرب، مشاہدہ اور حضوری تک پہنچاتا ہے اور یہی معرفت اور وصال کی بنیاد ہے۔ جو سالک ان صفات سے موصوف نہیں ہوتا وہ ناقص ہوتا ہے جو اپنی تمام عمر سالہا سال مشقت میں گزار دیتا ہے لیکن احمق اور جاہل کی مثل خودی میں پھنسا رہتا ہے۔ جب تو کسی ایسے شخص کو دیکھے جو ظاہری طور پر امراو بادشاہ کو مسخر کرنے کے لیے بہت زیادہ محنت اور رنج و ریاضت میں مصروف ہو اور باطن میں معرفتِ الٰہی سے بے خبر ہو تو اس بات کی تحقیق کر لو کہ یہ مردِ عام و ناقص ہے جو گمراہی کے جنگل میں پھنسا ہوا ہے اور لاھوت لامکان سے واقف خاص لوگوں کے شرف سے بے نصیب ہے۔ بیت:

اللہ ہر کرا خواہد دہد قرب و لقا
ہر کرا راندہ کند دوری جفا

ترجمہ: اللہ جس کسی کو چاہتا ہے اپنا قرب اور لقا عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے اسے اس کی جفا کی بنا پر خود سے دور کر دیتا ہے۔

اہلِ لقا اور اہلِ جفا کو ایک دوسرے کی مجلس پسند نہیں آتی۔ بیت:

پند گویم ناقص و شرمندہ را
از ہوائے باز آ و آ جانب خدا

ترجمہ: میں ناقص اور شرمندہ لوگوں کو نصیحت کرتا ہوں کہ خواہشاتِ نفس سے باز آؤ اور خدا کی جانب بڑھو۔

اگر تو آئے تو دروازہ کھلا ہے اور اگر نہ آئے تو اللہ بے نیاز ہے۔ جو کوئی اللہ کا صادق طالب ہونے، اس میں فنا ہونے، اس کے ساتھ بقا پانے اور اس کی معرفت اور لقا حاصل ہونے کا دعویٰ کرتا ہے تو

Marfat.com

اس کے لیے دو 'ل' گواہ ہونے چاہیے۔ ایک 'ل' لَآ اِلٰہَ کا، یعنی مقامِ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے قبل مر جاؤ) پر پہنچا ہو جہاں نفسانیت اور دنیا کی خواہشات سے فنا ہو چکا ہو اور اللہ کے سوا ہر شے کی نفی کر چکا ہو۔ اور دوسرا 'ل' لاہوت۔ دونوں گواہ لامکان تک پہنچاتے ہیں۔ اس طریقے سے اللہ کا دیدار قرآن کی اس آیت مبارکہ کے مطابق روا ہے جس میں اللہ فرماتا ہے:

وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (بنی اسرائیل-72)

ترجمہ: جو اس دنیا میں (دیدارِ الٰہی سے) اندھا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا۔

بیت:

اگر بگویم کور چشمی را بہ بین
کی بہ بیند کور چشمی بی یقین

ترجمہ: اگر میں (باطنی طور پر) نابینا شخص سے دیدار کرنے کا کہوں تو وہ نابینا کیسے دیدار کر سکے گا کیونکہ وہ بے یقین ہے۔

نابینا (بے بصیرت) اور بینا (صاحبِ بصیرت) کو ایک دوسرے کی مجلس پسند نہیں آتی۔ اے نابینا! تو اس لیے اندھے پن، تاریکی اور ظلمات کا شکار ہے کیونکہ تیری آنکھوں پر شیطانی پردہ اور تیرے دل پر نفسانی پردہ ہے۔ تو طبیبِ بینا (صاحبِ بصیرت مرشد کامل اکمل) کی طلب کر جو تیری آنکھوں کی بینائی ٹھیک کرے اور تجھے معرفتِ الٰہی اور نورِ یقین عطا کرے اور تیری آنکھ پر جو پردہ اور حجاب پڑا ہے اسے ہٹا دے تاکہ تو صاحبِ بصیرت ہو جائے اور دیدارِ حق کر سکے۔ بیت:

نقطہ از غین غضبی دور کن
تا بیابی عین را از عین کن

ترجمہ: اپنے وجود سے ہر غیر اللہ کو نکال دے اور اللہ کے غضب (جلال) سے نجات حاصل کر لے تاکہ تو دیدارِ حق کے قابل ہو سکے۔

Marfat.com

کن ز کن حاصل شود کنہش ز کن
عاقلان را بس بود این یک سخن

ترجمہ: عقلمندوں کے لیے بس یہی ایک بات کافی ہے کہ وہ کن کی حقیقت تک پہنچ کر کن کی طاقت اس کے مالک (اللہ) سے حاصل کر سکتے ہیں۔

پس جو شخص صاحبِ لفظِ کُن ہو جاتا ہے وہ اسی لفظ کن سے (اپنے طالبوں پر) سلک سلوک کی راہ کھول سکتا ہے لہٰذا صاحبِ کن کو سلک سلوک پر چلنے یا چلانے کی کیا ضرورت کہ وہ تو اسی ایک لفظ کن سے اللہ کی معرفت اور حضوری تک پہنچا سکتا ہے کیونکہ اسی لفظ کن کی بدولت وہ روزِ الست سے ہی اللہ کے ساتھ یکتا ہوتا ہے۔ پس صاحبِ سلک سلوک اس لفظ 'کن' سے بے خبر اور (اس کی طاقت و تصرف سے) محروم ہوتا ہے اگرچہ مخلوق کی نظر میں وہ صاحبِ عظمت مخدوم ہوتا ہے۔ ابیات:

ہر کہ شد مخدوم از خدمت فقر
نظر فقرش بہ بود از سیم و زر

ترجمہ: جو صاحبِ فقر کی خدمت کرتا ہے وہ مخدوم بن جاتا ہے کیونکہ صاحبِ فقر کی نظر مال و دولت سے بہتر ہوتی ہے۔

خرس را آدم کند بایک نظر
بس بود تعلیم علم از سربسر

ترجمہ: فقیر ایک ہی نظر سے ریچھ کو آدمی بنا سکتا ہے اور اس پر علم و تعلیم کی انتہا کر سکتا ہے۔

گردن بزن این ناقصان طالب طلب
طلب کن ای طالبان کامل بہ ربّ

ترجمہ: ناقصوں کی ناقص طلب کی بدولت ان کی گردن اتار دے۔ اے طالب! تو اس کامل (مرشد) کی طلب کر جو ربّ تک پہنچا دے۔

Marfat.com

عیسیٰ علیہ السلام کی صفت کے حامل اہلِ معرفت جو قُمۡ بِاِذۡنِ اللّٰہ (اُٹھ اللہ کے حکم سے) کہہ کر مردہ دل کو زندہ کر سکتے ہیں' کو اولیا کی ارواح کی مجلس نصیب ہوتی ہے جہاں وہ ارواح سے ملاقات کرتے ہیں تو ایک دوسرے سے ذکر، فکر اور حقیقتِ حق کے متعلق گفتگو کرتے ہیں۔ یہ توفیق اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے حاصل ہوتی ہے جسکی تحقیق کی جا سکتی ہے جب تفکر سے اسمِ اَللّٰہُ ذات کا تصور کیا جائے تو یہ مقامِ ازل پر لے جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ تَفَکُّرُ السَّاعَةِ خَیۡرٌ مِّنۡ عِبَادَةِ الثَّقَلَیۡنِ

ترجمہ: گھڑی بھر کا تفکر دونوں جہان کی عبادت سے افضل ہے۔

اس تفکر کا تعلق سیرِ طبقات سے نہیں ہے بلکہ فنا فی اللہ ہونے اور مشاہدۂ ذاتِ حق کرنے سے ہے جیسا کہ اس آیت مبارکہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

❁ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارۡغَبۡ (الم نشرح-8)

ترجمہ: اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنے ربّ کی طرف راغب ہوں۔

فقیر عارف باللہ نفس پر حکمران ہوتا ہے۔ وہ روشن ضمیر اور فنا فی اللہ فقیر اور صاحبِ کیمیا نظر ہوتا ہے۔ اس کا باطن پاکیزہ ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر رہتا ہے۔ وہ علمِ ظاہر و باطن اور تفسیر کا با تاثیر عالم ہوتا ہے جسکی توفیق اسے اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے حاصل ہوتی ہے۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی حضوری اسے تصرف، توجہ، تفکر اور تحقیق عطا کرتی ہے جس کے بعد دونوں جہان اس کے ایک ہاتھ کی مٹھی میں دانۂ اسپند کے برابر نظر آتے ہیں۔ اس کا وجود زندہ ہو جاتا ہے اور وہ دونوں جہان کا نظارہ ناخن کی پشت پر دیکھتا ہے۔ اسے پڑھنے لکھنے اور تین انگلیوں میں قلم پکڑنے کی کیا ضرورت۔ جو کوئی تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی توفیق، تصرف اور اس کی تحقیق کا منکر ہو وہ کاذب اور زندیق ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ عارف باللہ لاہوت لامکان میں اللہ کے قرب اور اس کے ساتھ بقا کی بدولت بے حجاب اللہ کا دیدار کرتا ہے۔ ایسے عارف باللہ کو نفل نماز پڑھنے اور استخارہ کرنے کی کیا ضرورت۔ وہ عارف ولی

Marfat.com

اللہ عالم باللہ جو معرفتِ توحید اور وصالِ حق میں غرق ہوا سے فال نکال کر لوگوں کے حالات بتانے کی کیا حاجت۔ کل و جز کے تمام علوم اس کو حاصل ہوتے ہیں۔ اور جو کچھ لوحِ محفوظ پر تحریر ہوتا ہے وہ عارف باللہ پر روشن، واضح، معلوم اور مکشوف ہو جاتا ہے۔ جو بولتا ہے وہ جانتا نہیں اور جو نہیں بولتا وہ جانتا ہے۔ مالک الملکی فقیر اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَھُوَ اللّٰہُ (جہاں فقر مکمل ہوتا ہے وہی اللہ ہے) کے مقام کا حامل، امن پسند ہوتا ہے یعنی ہر مشکل کی چابی اس کے ہاتھ میں ہوتی ہے جس سے وہ تمام عالم کے معاملات حل کرتا ہے۔ تصرفِ ازل کی غنایت سے ازل کی ہر خواہش سے پاکی حاصل کر لیتا ہے۔ اسی طرح عقبیٰ، دنیا اور ابد کے تصرف کی غنایت سے ان سے پاکی حاصل کر لیتا ہے۔ بیت

ہر تصرف در عمل آوردہ ایم
ہر تصرف ترک کردہ بردہ ایم

ترجمہ: ہم ہر تصرف کو عمل میں لائے اور پھر اس سے غنایت حاصل کر کے اسے ترک کر دیا۔

اس راہِ فقر کا تعلق گفتگو سے نہیں ہے بلکہ خود اپنی آنکھوں سے احوال کا مشاہدہ کرنے سے ہے۔ جو فقیر فقر میں مکمل ہو چکا ہو اس کے لیے ذکر، فکر، مراقبہ اور مقام حرام ہیں۔ قطعہ

زندہ دل عالم بود عیسیٰؑ صفت — مردہ دل عالم بود بے معرفت
موسیٰؑ را تعلیم شد علم از خضرؑ — مردہ دل زندہ کند با یک نظر

ترجمہ: مردہ دل عالم بے معرفت ہوتا ہے اور زندہ دل عالم عیسیٰؑ کی صفات کا حامل ہوتا ہے جو ایک ہی نظر سے مردہ دل کو زندہ کر دیتا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام کو خضر علیہ السلام نے یہی علم سکھایا تھا۔

پس معلوم ہوا کہ کُل (ہر شے سے) لایحتاج ہوتا ہے جبکہ جز کُل کا محتاج ہوتا ہے۔ پس فقیر کل ہے اور دیگر ہر مراتب وطبقات کے اولیا جیسا کہ غوث وقطب، جز ہیں۔ پس جب دیگر اولیا فقیر محی الدین جو کہ کُل کی کلید ہے، کا ساتھ اختیار کرتے ہیں تو وہ عارف قادری بن جاتے ہیں جو وحدت کے مقام پر فائز اور تقلید کی تکلیف سے آزاد ہوتے ہیں۔ قادری اسے کہتے ہیں جو اپنے طالب کو

Marfat.com

تمام مراتب ایک نظر سے طے کرا کر ہر مرتبہ کی انتہا تک پہنچا دے۔ قادری توفیقِ الٰہی کا نام ہے اور اس کا باطن قربِ الٰہی میں ہونے کے باعث کامل ہوتا ہے جس کی تحقیق کی جاسکتی ہے۔ جو کوئی قادری فقیر کے سامنے سر اٹھاتا ہے معلوم ہوا کہ وہ منافقین میں سے ہے۔ قادری فقیر کا دشمن تین حکمتوں سے خالی نہیں ہوتا یا وہ ناقص ہوتا ہے یا اللہ سے دور ہوتا ہے یا معرفتِ الٰہی سے اندھا اور محروم ہوتا ہے۔ قادری فقیر حوصلہ مند ہوتا ہے۔ اللہ کے نام کے ذکر کی بدولت اس کا قلب زندہ اور نفس فنا ہوتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ قادری فقیر لازوال اختیار کا حامل ہوتا ہے خواہ زبان سے اقرار کرے یا نہ کرے۔ بیت:

باھُوؒ نحس را سعد گرداند
نظر ناظر را بود روح الامر

ترجمہ: باھُوؒ نظر سے نحس کو سعد بنا دیتا ہے کیونکہ اس کی نظر اللہ کا دیدار کرنے کی بدولت روح الامر ہوتی ہے۔

یہ فقیر کے ابتدائی مراتب ہیں۔ اے عارف و عالم و علما باللہ، اے عاقل اہلِ حضور ولی اللہ اور صاحبِ شعور ظلِ اللہ! ہر ایک کو یہ جاننا چاہیے کہ علمِ توریت، علمِ انجیل، علمِ زبور، علمِ قرآن اور اسمِ اعظم، علمِ کیمیا اور چاروں کتابوں میں بیان کردہ علم، علمِ احادیثِ نبوی و قدسی، علمِ صحیفہ، علمِ خواب و الہام، تمام انبیا کا علم، علمِ ظاہر و باطن، حکمتِ الٰہی، حضرت آدمؑ صفی اللہ سے لے کر خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اٹھارہ ہزار عالم کی تمام مخلوقات جنہیں کن فیکون کہہ کر تخلیق کیا گیا' کا علم، لوحِ محفوظ پر لکھی تمام تفصیلات، عرشِ اکبر اور کرسئ اعظم کا علم، علمِ ازل، علمِ ابد، علمِ دنیا، علمِ عقبیٰ اور ربّ العالمین کے دیدار سے مشرف کرنے والا علم اور توحیدِ الٰہی اور اس کے اسرار کا علم سب اسمِ اَللّٰہُ ذات کی شرح اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طے میں ہیں۔ کوئی بھی چیز اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طے سے دور اور باہر نہیں۔ جاننا چاہیے کہ جو بھی فقر کی راہ پر قدم رکھے تو سب سے پہلے علمِ ظاہر و باطن سے خود کو آزمائے کیونکہ جاہل جب راہِ فقر پر قدم رکھتا ہے تو وہ پاگل اور پریشان ہو کر

Marfat.com

رجعت کھا جاتا ہے اور اس کا قلب ضبط ہو جانے کے باعث وہ دیوانہ ہو جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ وَمَنْ تَزَهَّدَ بِغَيْرِ عِلْمٍ فَهُوَ جِنَّ فِيْ اٰخِرِ عُمُرِهٖ اَوْ مَاتَ كَافِرًا

ترجمہ: اور جو بغیر علم زہد اختیار کرتا ہے وہ آخری عمر میں شیطان یا کافر ہو کر مرتا ہے۔

لیکن علم دو قسم کے ہیں علمِ ظاہر و علمِ باطن۔ علما ظاہری علم حاصل کرنے کے بعد عالم اللسان بنتے ہیں جبکہ علمِ باطن علمِ قلب ہے جو کوئی مکمل معرفتِ توحیدِ الٰہی حاصل کر کے علمِ باطن حاصل کرتا ہے اسے علمِ ظاہر پڑھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ مطلب یہ کہ علمِ ظاہر دلیل اور راہِ راست (صراطِ مستقیم) کے متعلق جاننے اور نگہبانی کے لیے ہے جبکہ راہِ طریقت پر رفیق علمِ باطن ہی ہے جو توفیقِ الٰہی حاصل کرنے کا ذریعہ بھی ہے۔ جس طرح علمِ ظاہر (کی ایک حیثیت) ہے اسی طرح علمِ باطن (کی اپنی منفرد حیثیت) ہے۔ علمِ ظاہر نمک کی مثل اور علمِ باطن کھانے کی مثل ہے جس میں نمک گم ہو جاتا ہے۔ علمِ ظاہر چراغ کی مثل اور علمِ باطن آفتاب کی مثل ہے۔ علمِ ظاہر دودھ کی مثل اور علمِ باطن مکھن اور گھی کی مثل ہے۔ علمِ ظاہر جسم کی مثل اور علمِ باطن روح کی مثل ہے۔ علمِ ظاہر کھیتی کی مثل اور علمِ باطن غلے کی مثل ہے۔ علمِ ظاہر محنت کا متقاضی ہے جس میں مطالعہ کے لیے تیس سال کا وقت درکار ہے۔ جس کے بعد وہ عالم فاضل بن کر تمام علم ظاہر حاصل کرتا ہے۔ اگر مرشد کامل ہو تو اسمِ اَللّٰهُ ذات کی حضوری سے علمِ باطن عطا کر کے ایک لمحہ میں وصال عطا کر دیتا ہے۔ علمِ باطن لازوال ہے کیونکہ علمِ باطن جب عالمِ ظاہر پر غالب آتا ہے تو اس کے سینہ سے ایک ہی نظر میں علمِ ظاہر کو ایسے صاف کر دیتا ہے کہ عالمِ ظاہر کو حروفِ تہجی بھی یاد نہیں رہتے۔

علمِ ظاہر چودہ علوم پر مشتمل ہے جو منطق اور معانی سے متعلق ہیں اور زبانی طور پر پڑھے جاتے ہیں اور علمِ باطن ستر کروڑ تیس لاکھ پچاس ہزار پانچ سو اکتیس علوم پر مشتمل ہے جن میں سے ہزاراں ہزار علم ذکر فکر سے متعلق ہیں۔ ان ہزاروں علومِ باطن کو تحریر کرنے کے لیے دفاتر درکار ہیں کیونکہ یہ علوم بے شمار ہیں۔ علمِ باطن کا استاد ایک ہی بار میں کل وجز کے بے شمار علوم کا سبق دیتا ہے

Marfat.com

جس سے طالب روشن ضمیر ہو جاتا ہے اور لاھوت لامکان میں پہنچ کر صاحبِ عیاں عارف بن جاتا ہے۔ طالب کے لیے یہ ابتدائی سبق ہے جو وہ نفس پر غالب اور دونوں جہان کا نظارہ ناخن کی پشت پر دیکھنے والے عالم فقیر سے حاصل کرتا ہے۔ ایسا عالم فقیر صاحبِ نظر ہوتا ہے جس کے پاس معرفتِ توحید اور تفسیر کا مکمل با تاثیر علم ہوتا ہے۔

مطلب یہ کہ طالبِ علم دو قسم کے ہیں۔ اوّل مردک[1] دوم غازی۔ مردک کون ہے اور مرد غازی کسے کہتے ہیں؟ مردک وہ ہے جو دن رات اللہ تعالیٰ کے دشمنوں یعنی نفس و شیطان کے ساتھ جنگ کرتا ہے اور مرد غازی وہ ہے جو تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی تلوار سے اغیار کا سر گردن سے اڑا دیتا ہے ان لڑائیوں سے اسے بے خوف ہونا چاہیے یعنی استقامت بہتر ہے کرامت و مقامت سے۔ ان کو عالم علما باللہ عارف ولی اللہ کہتے ہیں کیونکہ ان کا اصل علم اللہ سے وصال کے بعد حاصل ہوتا ہے جس سے انہیں بقا حاصل ہوتی ہے اور یہ بقا لقا کے بغیر ممکن نہیں۔ جو عالم معرفتِ الٰہی، بقا، لقا اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صحبت کی طلب نہیں کرتا وہ عالم کیسے ہو سکتا ہے۔ وہ مردار دنیا کا طالب اور بے حیا و بے وفا ہے اور جانوروں سے بھی بدتر ہے۔ جو عارف اپنی نظر سے طالبوں کو علم عطا کر دے اور توجہ سے حضوری میں پہنچا دے اس عارف کو علمِ ظاہر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بیت:

علم بہر از معرفت وحدت لقا
ہر کہ خواند بہر دنیا بے حیا

ترجمہ: علم معرفتِ وحدت اور لقا کی خاطر حاصل کرنا چاہیے۔ جو کوئی اسے دنیا کی خاطر حاصل کرتا ہے وہ بے حیا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

✿ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا (المائدہ-44)

---

[1] بے حوصلہ اور کمزور

Marfat.com

ترجمہ: اور میری آیات کو معمولی قیمت پر مت بیچو۔

علم نصیحت اور اللہ کے اسرار کی معرفت کے لیے ہوتا ہے۔ بیت:

ہر کہ خواند الف عالم شد تمام

در قید او عالم شود ہم خاص و عام

ترجمہ: جو الف (اسم اَللّٰہُ ذات) پڑھتا ہے وہ مکمل عالم ہو جاتا ہے اور اس کے تصرف میں ساری دنیا اور اس کی ہر خاص و عام مخلوق ہوتی ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

✿ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ (الحجر-29)

ترجمہ: اور میں نے اس کے اندر اپنی روح پھونکی۔

جب روحِ اعظم حضرت آدم علیہ السلام کے وجودِ معظم میں داخل ہوئی تو اس نے ''یا اللہ'' کہا اور اللہ کا نام یعنی اسمِ اَللّٰہُ ذات کہنے سے بندے اور ربّ کے درمیان قیامت تک کوئی حجاب باقی نہ رہا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی انتہا اور کنہ تک ابھی تک کوئی نہیں پہنچ سکا۔ پس دعوت پڑھنے کا عامل وہ ہے جو اسمِ اَللّٰہُ ذات کو اس کی کنہ سے مقامِ کن فیکون پر پہنچ کر ترتیب سے پڑھے تو ماضی، حال اور مستقبل کی کسی شے کی حقیقت اس سے پوشیدہ نہ رہے گی۔ تمام انبیا، اصفیا، مرسلین، غوث وقطب اولیا نے اسمِ اَللّٰہُ ذات کی برکعت سے مرتبہ و عزت پائی اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کو تحقیق کے طریق سے توفیقِ الٰہی کے لیے اپنا وسیلہ، پیشوا اور رفیق بنایا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں تصور حاصل ہوا، اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں (ہر شے پر) تصرف حاصل ہوا، اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے ہی وہ صاحبِ توجہ و صاحبِ نظر ہوئے۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے ہی وہ صاحبِ تفکر ہوئے۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں مشاہدہ حاصل ہوا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے تجلیۂ نور حاصل ہوا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں قربِ الٰہی حاصل ہوا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے حضورِ حق میں غرق نصیب ہوا۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے فنا و بقا کے مراتب حاصل ہوئے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے

Marfat.com

جمعیت، جمالِ الٰہی اور معرفت و وصال کے مراتب حاصل ہوئے۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں محبت، طلب اور توفیقِ الٰہی اور احوال کی تحقیق کے مراتب حاصل ہوئے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں شوق، شفقت اور قلبِ سلیم حاصل ہوا اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی کنہ سے انہیں روحِ رحمت اور اللہ کا راز حاصل ہوا اور وہ مقامِ کن فیکون پر پہنچے۔

سات روز مشقِ مرقوم وجودیہ کرنے سے اللہ حکیم کے سات حکم اور حکمت حاصل ہوتے ہیں جس کے بعد سر سے قدم تک جسم و روح کے ساتوں اندام اس طرح پختہ اور پاک ہوتے ہیں کہ تا قیامت ساری عمر چلہ کشی، خلوت، مجاہدہ اور ریاضت کی ضرورت نہیں رہتی۔ بیت:

ہر علم را در اسم اَللّٰہُ بہ خوان
اسم اَللّٰہُ با تو ماند جاودان

ترجمہ: ہر علم اسمِ اَللّٰہُ ذات میں ہے لہٰذا تو اسم اَللّٰہُ ذات پڑھ۔ اسم اَللّٰہُ ذات ہمیشہ تیرے ساتھ رہے گا۔

آنچہ خوانی غیر اللہ لاسویٰ
آن علم باو برد کبر و ہوا

ترجمہ: اللہ کے علم کے علاوہ جو علم تو پڑھتا ہے وہ تجھ میں تکبر اور خواہشاتِ نفس پیدا کرتا ہے۔

پس معلوم ہوا کہ مرشد کے ہاتھ پر بیعت ہوتے وقت اور اس سے علم، ذکر فکر کی تلقین لیتے ہوئے صاحبِ علم اور صاحبِ ذکر کے دل میں جو خطرات، وہمات، دلیل، وہم و خیال ہوں گے آخرت میں بھی وہی اس کا نصیب ہوں گے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

ترجمہ: بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

❁ اَلنِّھَایَۃُ ھُوَ الرَّجُوْعُ اِلَی الْبِدَایَۃِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹ جانے کا نام ہے۔

Marfat.com

جو انتہا پر پہنچ چکا ہو وہ ابتدائی مرتبہ پر پہنچنے کی طلب میں ہے اور جو ابھی ابتدا پر ہے وہ مرتبہ انتہا پر پہنچنے کا خواہشمند ہے لیکن جو ابتدائی و انتہائی دونوں مراتب طے کر لیتا ہے اسے مرتبۂ جمعیت حاصل ہو جاتا ہے اور مرتبۂ جمعیت اللہ کے ساتھ مشغول ہونے میں ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ جو عالم تمام علم حاصل کر چکا ہو اور جو ذاکر ذکرِ اسم اَللّٰہُ ذات کے تمام مراتب طے کر چکا ہو تو وہ علم عالم کو اور ذکرِ اسم اَللّٰہُ ذات ذاکر کو باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں لے جاتا ہے تب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی زبانِ مبارک سے فرماتے ہیں ''اے عالم! جو علم چاہتا ہے مانگ لے تاکہ میں تجھے وہ عطا کروں۔'' اگر عالم اس وقت علم سے معرفتِ الٰہی طلب کرے گا تو ہرگز خطا نہ کرے گا اور بے خطا عالم باللہ عارف ولی اللہ ہو جائے گا۔ اسی طرح ذاکر کو بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں اور اسے قربِ الٰہی عطا فرماتے ہیں۔ اگر اس وقت علما دنیا اور عز و جاہ طلب کر لیں تو عز و جاہ دنیاوی بادشاہ کے قرب کی صورت میں حاصل ہو جاتا ہے لیکن نفس تباہ حال ہو جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں:

❁ طَلَبُ الْخَیْرِ طَلَبُ اللّٰہِ وَ ذِکْرُ الْخَیْرِ ذِکْرُ اللّٰہِ

ترجمہ: بہترین طلب اللہ کی طلب اور بہترین ذکر اَللّٰہُ کا ذکر ہے۔

طالب تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے دونوں (ذکرِ اَللّٰہُ اور ذاتِ الٰہی) طلب کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلدُّنْیَا قَوْسٌ وَّ حَوَادِثُھَا سِھَامٌ فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰہِ حَتّٰی نَجَاتُ النَّاسِ

ترجمہ: دنیا ایک کمان ہے اور اس کے حادثات تیر ہیں۔ اللہ کی طرف بڑھو تاکہ نجات پا جاؤ۔

## شرح اشتغالِ اللہ

ایک دم میں اللہ کے ساتھ مشغول ہونا اور ایک دم میں اللہ قدیم کے احوال کا اثبات ہونا کسے کہتے ہیں اور قدیم ذات کے اثبات سے کیا مراد ہے؟ اللہ کے ساتھ مشغول ہونے کی راہ کونسی ہے اور

Marfat.com

(قدیم ذات کے) احوال کے گواہ کونسے ہیں؟ جاننا چاہیے کہ جب اللہ تعالیٰ نے (خود کو ظاہر کرنے کے لیے کائنات کو پیدا کرنا) چاہا تو کُن فیکون کا نعرہ لگایا۔ قدرتِ الٰہی سے کل مخلوقات نورِ محمدی سے ظاہر ہوگئیں اور اللہ کی ذات جلوہ گر ہوگئی۔ اس کے بعد اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کی آواز اللہ تعالیٰ کی قدرت سے' جو ہر شے پر قادر ہے' تمام ارواح نے سنی اور جواب میں قَالُوْا بَلٰی کہا اور ایسا کہتے ہی بعض ارواح مستیٔ حال میں آگئیں اور اسی حضوری میں اللہ کے انوار کے دیدار میں غرق ہوگئیں اور اسی حالت میں شکمِ مادر میں داخل ہوئیں اور اللہ کے ساتھ مشغولیت کی اسی حالت میں ماں کے پیٹ سے باہر (دنیا میں) آئیں۔ یہ مادرزاد ولی اللہ کی ارواح ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے مدِ نظر رہتے ہیں اور جان کنی کے وقت بھی اسی اشتغال میں محو رہتے ہیں اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی اسی اشتغالِ اللہ کی حضوری میں ہوتے ہیں اور جب صورِ اسرافیل پھونکا جائے گا اور قیامت قائم ہوگی تب بھی وہ اسی حضوری اور اشتغال کی حالت میں ہوں گے اور جب قبر سے باہر نکل کر میدانِ حساب گاہ میں پہنچیں گے تب بھی اسی حضوری اور اشتغال میں ہوں گے اور جب پلِ صراط سے گزریں گے تو اسی اشتغال اللہ اور حضوری میں۔ جب جنت میں داخل ہو کر حور و قصور کی طرف ان کی نگاہ پڑے گی تو بھی اسی حضوری اور اشتغالِ اللہ کی حالت میں اور جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دستِ مبارک سے شرابِ طہور کا جام پئیں گے اور پانچ سو سال رکوع میں اور پانچ سو سال سجدے کی حالت میں جھکے رہیں گے تب بھی اسی حضوری اور اشتغال اللہ میں محو ہوں گے اور جب رکوع و سجود کی حالت سے اٹھیں گے تو اللہ معبود کے دیدار سے مشرف ہوں گے۔ یہ طالبِ مولیٰ کے حضوری اور اشتغالِ اللہ کے مطالب ہیں اور یہ معرفت، قرب، حضوری اور وصال حاصل کرنے کے لازوال مراتب ہیں جن سے ابتدا تا انتہا کل وجز کے احوال کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ پس مرشد کامل وہ ہوتا ہے جو نورِ ذات کی انتہا تک پہنچانے والا اور حضوری سے مشرف کرانے والا ہو اور جو طالب کا باطن معمور اور وجود مغفور بنا دے۔ پیر و مرشد پر فرضِ عین اور لازم و ضروری ہے کہ طالبِ مولیٰ کو ایک دم اور ایک قدم میں بغیر ریاضت و طاعت کے اسمِ

Marfat.com

اَللّٰہُ ذات اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ جو کہ حضورِ حق کی کلید ہیں' کے ذریعے کن فیکون کی کنہ سے ابتدا سے انتہا تک کے انوار کا نظارہ دکھا کر مشرفِ دیدار کردے۔ طالبِ مولیٰ کو اشتغالِ اللہ سے حضوری میں پہنچا کر اس کا نصیب ومنصب دلائے جیسا کہ اوپر تحریر ہوا ہے۔ جو مرشد طالب کو قرب، حضوری، معرفت اور وصال کے مراتب سے نوازے وہ مرشد جامع ہے ورنہ وہ خام ہے اور اس سے تلقین لینا مطلق حرام ہے۔ اگر باطن میں اشتغالِ اللہ، معرفت' قرب و وِصالِ الٰہی اور لذتِ دیدار کی نعمتیں نہ ہوتیں تو راہِ باطن پر چلنے والے سب طالب گمراہ ہو جاتے۔ جو کوئی اس راہِ راستی سے آگاہ ہوتا ہے اور اس پر چلتا ہے تو توفیقِ الٰہی سے اللہ کا دیدار، قرب اور حضوری اس باتحقیق راستے پر اس کے رفیق ہوتے ہیں۔ جو کوئی اس میں شک کرتا ہے وہ منافق ہے اور قومِ زندیق سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ راہِ باطن ویسی ہی ہے جیسے تھی یعنی شرک، کفر، نفسِ امارہ، بے دین دنیا اور شیطان سے فارغ ہے۔

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا (آلِ عمران۔97)

ترجمہ: اور جو اس میں داخل ہوا وہ امان پا گیا۔

یہ صفائے باطن کا مرتبہ ہے جس سے مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے اور اس کے طالب کو اولیا کے مراتب نصیب ہوتے ہیں۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ ابیات:

کل و جز در یک حرف عارف شناس
شاہ میشناسند عارفان در ہر لباس

ترجمہ: عارف کل و جز ہر شے کو ایک ہی حرف (اسم اَللّٰہُ) سے پہچان لیتا ہے۔ عارفین حق کو ہر لباس میں پہچان لیتے ہیں۔

جسم را در اسم پنہان می نمود
معرفت معراج وحدت می ربود

ترجمہ: عارف اپنے جسم کو اسم (اسم اَللّٰہُ ذات) میں گم دیکھتا ہے جس سے اسے معرفت و معراج

Marfat.com

کے ذریعے وحدت حاصل ہوتی ہے۔

یہ فنافی اللہ (عارف) کے مراتب ہیں۔ بیت:

چنان کن جسم را در اسم پنہان
کہ میگردد الف در بسم پنہان

ترجمہ: تو اپنے جسم کو اسم میں اس طرح فنا کر لے جس طرح الف 'بسم' میں گم ہوتا ہے۔

اس بارِ گراں کو اٹھانا لاھوت لامکان میں رہنے والے کامل انسان اور مردوں کا کام ہے جو تمام انسانوں سے برگزیدہ ہیں جیسا کہ انبیا اور اولیا اللہ۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات عظیم ہے اور اس کے عظیم بار کو اٹھانا اس کے لیے ہی ممکن ہے جس کا وجود معظم ہو۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

✿ اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَيۡنَ اَنۡ يَّحۡمِلۡنَهَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡهَا وَحَمَلَهَا الۡاِنۡسَانُؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوۡمًا جَهُوۡلًا ۙ (الاحزاب۔72)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنی امانت آسمانوں پر، زمین پر اور پہاڑوں پر پیش کی لیکن وہ اس (بار) کی متحمل نہ ہو سکیں اور ڈر گئیں لیکن انسان نے اس کو اٹھا لیا بے شک وہ (اپنے نفس کے لیے) ظالم اور نادان ہے۔

✿ قَالَ فِی الْمَعْرِفَةِ مَوْجُوْدُ ثَلَاثَةِ اَشْيَآءِ اَلصَّبْرُ عَلَى الْجَفَآءِ وَالشُّكْرُ عَلَى الْعَطَآءِ وَالرِّضَآءِ بِالْقَضَآءِ فَمَنْ اَدْعَى الْمَعْرِفَةِ وَلَمْ يَكُنْ فِيْهِ هٰذِهِ الثَّلٰثَةِ فَلَيْسَ يُصَادِقُ فِيْهِ

ترجمہ: فرمایا گیا ہے کہ صاحبِ معرفت میں تین چیزیں ہونا ضروری ہیں (۱) مشکل میں صبر (۲) عطا پر شکر (۳) تقدیر پر رضا۔ پس جو صاحبِ معرفت ہونے کا دعویٰ کرے لیکن اس میں یہ تین چیزیں نہ ہوں تو وہ اس دعویٰ میں ہرگز صادق نہیں۔

مصنف کہتا ہے کہ اہلِ معرفت کے مراتب یہ ہیں کہ ان کے باطن آئینہ کی طرح صاف ہوتے ہیں جس میں وہ ہر مرتبہ اور ہر مقام کو اپنے مراتبِ معرفت سے دیکھتے ہیں لیکن معرفت کی اصل نور ہے جو عارف کو دائمی حضوری عطا کرتا ہے۔ بعض لوگوں کو حضوری اس وھم سے حاصل ہوتی ہے جو

Marfat.com

وحدانیت سے ہوا ہو۔ بعض کو خیال سے حاصل ہوتی ہے جو اللہ کے قرب اور وصال سے متعلق ہوتا ہے۔ بعض کو توجہ سے حاصل ہوتی ہے۔ وہ توجہ جس کی توفیق وحدت سے حاصل ہوتی ہے۔ بعض کو فکر سے حاصل ہوتی ہے وہ فکر جو نفس کو فنا کر دے اور روح کے لیے فیض بخش اور معرفت کا باعث ہو۔ بعض کو یہ حضوری تصور سے حاصل ہوتی ہے ایسا تصور جو ہر شے کو ترک کرنے کے بعد اللہ پر توکل سے ہو۔ سعید کا ہر روز سعید، شقی کا ہر روز شقی اور کافر کا ہر روز ابتر ہوتا ہے۔ بعض کو حضوری تصرف سے حاصل ہوتی ہے۔ عارف کی نظر کا تصرف ہر دو جہان پر ہوتا ہے۔ بعض کو حضوری حال سے اور بعض کو قال سے حاصل ہوتی ہے۔ ولایت کے یہ تمام مراتب عارف کو حاصل ہوتے ہیں جو عالم باللہ ہوتا ہے۔ یہ عارف اور ولی اللہ کا اصل مرتبہ ہے۔ ابیات:

انتظار شہپر توفیق بردن کاہلیست
خویش را اُفتان و خیزان برسر منزل بیار

ترجمہ: توفیق کی امید کے انتظار میں رہنا کاہلی ہے۔ خود کو گرتے پڑتے جیسے بھی ہو اپنی منزل تک پہنچا۔

شمع پشت بر نمی آید ز کار پیش او
ہر چہ داری پیش تر از مرگ کن برخود فشار

ترجمہ: شمع کو پشت پر نہیں رکھتے۔ کام کرنے کے لیے اسے سامنے رکھنا پڑتا ہے۔ جو کچھ تیرے پاس ہے مرنے سے پہلے اسے اپنے استعمال میں لے آ (کیونکہ مرنے کے بعد وہ تیرے کسی کام کا نہیں)۔

ہر چہ برخود می پسندی بر کسان آنرا پسند
آنچہ برخود چشم داری و آن ز مردم چشم دار

ترجمہ: جو کچھ تو اپنے لیے پسند کرتا ہے وہی دوسروں کے لیے بھی پسند کر اور جس نظر سے تو خود کو دیکھتا ہے اسی نظر سے دوسروں کو دیکھ۔

Marfat.com

خانہ در بستہ فانوس حضوری خاطر است
ہم زبان را بستہ ہم چشم را پوشیدہ دار

ترجمہ: (وجود کے) گھر کا دروازہ اگر بند کر دیا جائے تو فانوسِ حضوری روشن ہو جاتا ہے تو زبان کو بند کر لے اور اپنی نظر کو (غیر اللہ سے) بچا کر رکھ۔

ہر کہ این است درد در سینہ سائل نہاد
حاجت جنت گذارد چون پیشش رو بیار

ترجمہ: جس طالب کے سینے میں (عشق کا) یہ درد پیدا ہو جائے وہ جنت کی طلب بھی چھوڑ دیتا ہے کیونکہ اس کے سامنے اس کے محبوب کا چہرہ ہوتا ہے۔

لیکن خام کا وھم وسوسۂ شیطان ہوتا ہے اور اُسے مشاہدہ میں جو کچھ بھی نظر آتا ہے وہ بس خام خیالی ہے اور ناقص کا ذکر، فکر اور مراقبہ بے تحقیق ہے اور اس کا مراقبہ میں غرق ہونا بے توفیق ہے۔

## شرح غرق

غرق غیب ہے اور غیب کی تحقیق کس طرح کرنی چاہیے؟ مراقبۂ حضوری توفیقِ الٰہی سے ہوتا ہے اور توفیق کسے کہتے ہیں؟ توفیق نور ہے۔ جو کوئی توفیقِ الٰہی سے نورِ توحید تک پہنچ جاتا ہے وہ غیب میں غرق ہو جاتا ہے اور حضورِ حق میں اللہ سے سوال و جواب کرتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ غرق باطن کی خاص حضوری کا نام ہے۔ صاحبِ باطن اس حضوری کے دوران باشعور ہوتا ہے۔ تمام جمعیت غرق ہونے سے حاصل ہوتی ہے۔ ولی اللہ اسی غرق کی حالت میں ہوتے ہیں۔ راہِ غرق برحق ہے اور جس کسی کو غرقِ حق کے دوران حق حاصل نہیں ہوتا اس کا باطن باطل پر ہے کیونکہ خاص طالبوں کو غرق کی یہ حالت ان کے قربِ ربِ جلیل کی بدولت حاصل ہوتی ہے۔

جان لو کہ راہِ دل، روشن ضمیری اور حیّ و قیوم ذات میں غرق ہونے کی راہ ہے۔ جو کوئی حیّ و قیوم ذات کے علم کے مطالعہ میں غرق ہو جاتا ہے اس کو لوحِ محفوظ پر تحریر کردہ علم پڑھنے کی ضرورت نہیں

Marfat.com

رہتی کیونکہ اس کی (اللہ سے) محبت اسے تمام اسرار کا محرم بنا دیتی ہے۔ جو کوئی اس محبت کا محرمِ راز ہو جاتا ہے وہ صادق طالبِ مولیٰ کو اس کی طلب یعنی اللہ تک پہنچانے والا ہوتا ہے اور کاذب کو اس کی طلب خواہشاتِ نفس تک پہنچانے والا ہوتا ہے۔ یہ ہر برکت و عظمت اسمِ اَللّٰہُ ذات سے ہے کیونکہ یہ خود اللہ کی ذات ہے۔ قاضی الحق ذاکر سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل دائمی ذکر، دوم دائمی مشاہدہ اور حضوری۔ قاضی الحق فکر سے بھی دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل فنائے نفس، دوم گواہ یہ کہ وجود میں خواہش و ہوس باقی نہ رہے۔ قاضی الحق اہلِ مراقبہ سے بھی دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل معرفت دوم مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری۔ قاضی الحق اہلِ محبت سے بھی دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل مشاہدہ، دوم مشاہدہ کے لیے مجاہدہ۔ قاضی الحق طالب سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل طلبِ دیدار، دوم مردار (دنیا) سے بیزاری۔ قاضی الحق مرشد سے بھی دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل اپنی نظر سے طالب کے دل کو بیدار کرنے اور دیدار والی آنکھ عطا کرنے کی طاقت، دوم طالب کو نورِ دیدار میں غرق کرنے کا تصرف۔ قاضی الحق صاحبِ مذکور سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری عطا کرنے کی طاقت اور دوم قربِ الٰہی کے ذریعے نورِ الہام عطا کرنا۔ قاضی الحق فقیر سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل فیض دوم فضل جیسے بارانِ رحمت۔ قاضی الحق درویش سے دو گواہ طلب کرتا ہے ایک (عشقِ الٰہی کا) دائمی درد، دوم دن رات علمِ لوحِ محفوظ کا دائمی مطالعہ۔ قاضی الحق عالم سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل کلامِ الٰہی اور کلامِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دوم اہلِ وصال سے معرفتِ الٰہی کی طلب میں کیے جانے والے نیک اعمال۔ قاضی الحق قاضی سے دو گواہ طلب کرتا ہے اوّل خدا تعالیٰ کو اس کی قدرت سے قدیم اور حاضر جانے، دوم مفلس و یتیم سے رشوت نہ لے۔ قاضی الحق اہلِ حق کو حق تک پہنچاتا ہے اور باطل کو باطل ثابت کرتا ہے۔ مجھے اس قوم پر حیرت ہوتی ہے جو اپنے نفس پر قاضی نہیں بنتے اور نہ ہی رات دن اپنے نفس کا محاسبہ کرتے ہیں۔ وہ انسان کیسے ہو سکتے ہیں بلکہ وہ تو حیوانات سے بھی بدتر ہیں۔ اے عزیز! اصل انسان وہ ہے جو قدم ازل کی طرف رکھے اور نظر حساب گاہِ قیامت پر، اور دنیا کی زندگی کو ایک رات کی مانند

Marfat.com

سمجھے جیسے راستے کے مسافر۔ دنیا کافروں کے لیے جنت اور جمعیت ہے۔ دنیا آرائش کا مقام نہیں بلکہ امتحان و آزمائش گاہ ہے۔ تجھے دنیا پسند ہے یا خدا تعالیٰ؟ یا تجھے دنیا پسند ہے یا صاحبِ فقر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم؟۔ دنیا فرعون کی پسندیدہ ہے اسے فربہ اور فتنہ وفریب دینے والے پسند کرتے ہیں۔ نفس و دنیا متاعِ شیطان ہیں جن کی وجہ سے طالبِ دنیا ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔ دنیا کے مال ومتاع کو ہر وہ شخص جمع کرتا ہے جو شیطان کے کہنے پر ہاتھ روکتا ہے اور بخل کی صفت اختیار کرتا ہے۔ سوائے ان تین قسم کے لوگوں کے' جو نفاق اور کینہ سے پاک ہیں ایک وہ جو رات کو جو کچھ کمائے اسے رات میں ہی خرچ کر دے، دوسرے وہ کہ جو کچھ دن میں کمائے اسے دن میں ہی خرچ کر دے اور تیسرے عارف باللہ جو ہر شے کو اللہ کی راہ میں خرچ کر دے۔

صاحبِ مدینہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ

ترجمہ: دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

ابیات:

ہر کہ این راہ نداند کور تر
کی شناسد عارفان را بی بصر

ترجمہ: جو اس راہ کے متعلق نہیں جانتا وہ اندھوں سے بھی بدتر ہے۔ یہ اندھے (بے بصیرت) عارفین کو کیسے پہچان سکتے ہیں۔

اسم اَللّٰہُ بس گرانست بی بہا
این حقیقت را بداند مصطفیٰؐ

ترجمہ: اسم اَللّٰہُ گراں قدر اور عظیم امانت ہے جس کی حقیقت کو صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی جانتے ہیں۔

جان لو کہ بعض فقیر لایحتاج ہوتے ہیں جنہیں کسی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی طرح وہ

Marfat.com

غنایت کے خزانوں کے حامل ہوتے ہیں لیکن تمام عالم پر تصرف کو ترک کر دیتے ہیں۔ بعض (نام نہاد) فقیر بے جمعیت ہوتے ہیں جو رزق کے پیچھے دربدر خوار و ہلاک ہوتے ہیں۔ پس اسمِ اَللّٰہُ کو مفلس فقیر بھی پڑھتے ہیں اور غنی فقیر بھی۔ اسمِ اَللّٰہُ میں کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اسمِ اَللّٰہُ پڑھنے سے لایحتاج فقیر غنی ہو جاتے ہیں اور نام نہاد فقیر مفلس ہی رہتے ہیں۔ اس میں حکمت یہ ہے کہ جو بھی اللہ تعالیٰ کے نام کی عزت، عظمت اور قدر جانتا ہے اسمِ اَللّٰہُ اسے عزت و عظمت اور اعلیٰ قدر مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے۔ جو کوئی اسمِ اَللّٰہُ کی عزت نہیں کرتا اور اس کی قدر سے آگاہ نہیں اسمِ اَللّٰہُ اسے فقر و فاقہ میں ہی خراب رکھتا ہے۔ علما کا بھی علم کے حوالے سے یہی طریق ہے کہ عالم کے لیے علم اللہ کی توفیق ہے۔ جان لے کہ فقیرِ کامل، درویش مکمل، علما عامل، عارف اکمل، ولی اللہ غوث و قطب وہ ہیں جو فنا فی اللہ کے مرتبہ سے گزر کر کن کی حقیقت تک پہنچ جائیں اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور، تصرف، توجہ، تفکر اور حضورِ حق سے اسمِ اَللّٰہُ ذات کی حقیقت اور آیاتِ قرآن کے اصل معانی منکشف کر دیں اور انہیں عظمتِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے آگاہ کر دیں اور تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی توفیق اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصرف کی تحقیق سے (طالب کو) دونوں جہان کا نظارہ ہتھیلی اور ناخن کی پشت پر دکھا دیں۔ مرشد کامل پہلے ہی روز طالبِ صادق کو یہ قاعدہ اور سبق دیتا ہے اور دعوت شروع کرتے ہی ان مراتب سے نوازتا ہے۔ دعوت پڑھنا آسان کام نہیں ہے۔ علمِ دعوت میں اسرارِ پروردگار کے عظیم خزانے ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (المومن-60)

ترجمہ: اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے مجھ سے طلب کرو میں عطا کروں گا۔

اے جانِ عزیز اور صاحبِ دانش و باعقل و باتمیز! یہ بھی جاننا چاہیے کہ اسمِ اَللّٰہُ ذات اور نورِ ایمان عطائے فیض اور فضلِ الٰہی ہیں جو قلب کی طے میں تحریر ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ (المجادلہ-22)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کے قلوب پر ایمان لکھا جا چکا ہے اور اللہ نے ان کی مدد اپنی روح سے کی۔

Marfat.com

ایسے ہی قلوب جن کا تعلق قربِ حق سے ہو انہیں قلبِ سلیم کہتے ہیں۔ جاننا چاہیے قلبِ سلیم حق کو تسلیم کرنے والا ہوتا ہے۔ قلبِ سلیم کے حامل شخص کا نفس مردہ اور قلب زندہ ہوتا ہے اور اسکی روح روشن ضمیر ہوتی ہے۔ اس کا قلب صراطِ مستقیم کا مشاہدہ کرنے والا ہوتا ہے اور وہ حق کی رضا پر ہوتا ہے اور وہ کُل کا حامل ہو جاتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ o اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (الشعراء ۔88,89)

ترجمہ: اس دن کوئی مال اور اولاد نفع نہ دے گی سوائے اس کے جو اللہ کے پاس قلبِ سلیم لے کر آیا ہوگا۔

جو قلب خطرات، وسوسہ، وہمات، خناس، خرطوم، نفس، شیطان اور حوادثِ دنیا سے نجات پا چکا ہو اور جو قلبِ سلیم حق تسلیم کرنے والا ہو اللہ کے نور، شفقت اور رحمت سے نوازا گیا ہوتا ہے۔ اور وہ قرآن کے احکامات کی موافقت کرنے والا اور نفس و شیطان لعین کا مخالف ہوتا ہے۔

دعوت پڑھنے کے تین طریقے ہیں اوّل طریقہ جس میں دعوت زبان سے پڑھی جاتی ہے اور اس کے لیے علمِ گفتگو، حق گوئی اور رزقِ حلال ضروری ہوتا ہے۔ دوم طریقہ جس میں دعوت تصور اسمِ اَللّٰهُ ذات، اس سے حاصل ہونے والی حضوری اور تصدیقِ قلب سے پڑھی جاتی ہے۔

حدیث:

❁ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَلَا يَنْظُرُ اِلٰى اَعْمَالِكُمْ بَلْ يَنْظُرُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ نِيَّاتِكُمْ

ترجمہ: بے شک اللہ نہ تمہاری صورتوں کو دیکھتا ہے نہ اعمال کو بلکہ وہ تمہارے قلوب اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ

ترجمہ: مومن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔

Marfat.com

یہ مراتب اس شخص کے ہیں جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا عاشق، مقربِ حق اور معشوقِ الٰہی ہو اور اللہ کی نظر میں منظور اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری میں رہنے والا ہو۔ وہ نورِ توحیدِ مطلق میں غرق رہتا ہو اور ایسی عبادت کو ترک کرنے والا ہو جو انانیت میں مبتلا کر کے معرفتِ الٰہی سے دور رکھتی ہے۔ سیّد محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا قول ہے:

وَمَنْ اَرَادَةِ الْعِبَادَةَ بَعْدَ حُصُوْلِ الْوُصُوْلِ فَقَدْ كَفَرَ وَ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

ترجمہ: جس نے وصال حاصل ہونے کے بعد عبادت کا ارادہ کیا اس نے اللہ کے ساتھ کفر و شرک کیا۔

اس لیے کہ وصالِ الٰہی حق الیقین کا مرتبہ ہے جس میں طالب دائمی حضوری میں مشاہدہ اور دیدار کرنے والا ہوتا ہے۔ جو کوئی حضوری سے روگردانی کرتا ہے اور عبادت کو حضوری سے بہتر جانتا ہے تو وہ حق کو پوشیدہ رکھتا ہے اور حق سے نابینا ہے تو وہ کافر کیونکر نہ ہو۔ بیت:

شد وجود نور از سر تا قدم
ہر کہ فی اللہ نور شد آنرا چہ غم

ترجمہ: جو نورِ الٰہی میں غرق ہو کر سر سے قدم تک نور میں ڈھل جائے پھر اسے کس چیز کا غم؟

یہ وہ راہ ہے جس میں قربِ الٰہی سے آگاہی کے لیے سر کو قدم بنانا پڑتا ہے بلکہ اپنے سر سے پاؤں تک ہر شے کو فراموش کرنا پڑتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

مَشِيٌ عَنِ الرَّاسِ بِدُوْنِ الْاَقْدَامِ ط

ترجمہ: (اللہ کی طرف جانے والے راستے پر) قدموں کی بجائے سر کے بل چلنا پڑتا ہے۔

مراقبہ کے یہ مراتب تب حاصل ہوتے ہیں جب ظاہری آنکھیں بند ہوں لیکن باطنی آنکھیں عیاں اور روشن ہوں۔ مراقبہ میں باطنی آنکھ سے دیکھنے کے ان مراتب کو صرف وہی شخص جانتا ہے جو فقر کی تمامیت تک پہنچ چکا ہو۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے؟

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ (الکہف۔24)

Marfat.com

ترجمہ: اور اپنے ربّ کا ذکر (اس قدر محویت سے) کرو کہ تم خود کو فراموش کر دو۔

پس معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص مقامِ نورِ حضور پر پہنچ جاتا ہے اور فنا فی اللہ ہو کر ذکر سے بے نیاز ہو جاتا ہے تو وہ وحدانیت کا حامل ہو جاتا ہے۔ ذکر، فکر اور مراقبہ وجود کو فراموش کر دیتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ رَبَّهٗ فَقَدْ كَلَّ لِسَانُهٗ

ترجمہ: جس نے اپنے ربّ کو پہچانا پس تحقیق اس کی زبان گونگی ہوگئی۔

یہ عظیم الشان مراتب لاھوت لامکان پہنچنے پر حاصل ہوتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ سلک سلوک معبود کی حضوری کی راہ ہے کیونکہ حضوری تلوار کی مانند یہودی نفسِ امارہ کو قتل کرنے والی ہے اور حضوری میں اہلِ حضور کو جملہ مراتب و مطلوب و مقصود حاصل ہوتے ہیں۔ جو طالب مرشد سے اللہ کی حضوری طلب نہیں کرتا وہ مردود ہے یعنی اس کے دل میں مال و دولت اور مردار دنیا کی محبت ہے جو اسے اللہ کی معرفت اور دیدار سے روک رہی ہے۔ راہِ حضوری غرق کی راہ ہے جو لقائے وحدت سے مشرف کرتی ہے جو طالب مرشد سے لقائے وحدت طلب نہیں کرتا وہ بے ادب اور بے حیا ہے۔ راہِ لاھوت لامکان جہاں اللہ کی حضوری اور معرفت حاصل ہوتی ہے' قلب کی حیات میں پوشیدہ ہے۔ ایسا قلب جو دائمی لقا سے مشرف ہونے کے باعث بیدار ہوتا ہے اسے اللہ کے قرب، نورِ حضور اور دیدار کے باعث جذب و کشش حاصل ہوتی ہے۔ سلک سلوک کے یہ تمام مراتب مبتدی و منتہی کو جمعیت اور وصال عطا کرتے ہیں اگر وہ اپنی نگاہ اور توجہ معرفت اور مشاہدۂ جمال کی طرف رکھے۔ توحیدِ حیّ و قیوم کے تمام علوم اور جو کچھ لوحِ محفوظ پر تحریر شدہ ہے وہ تصور اسمِ اَللّٰهُ ذات کی طاقت اور توفیقِ الٰہی سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر شے کی حقیقت واضح کرتے ہیں جس کی تحقیق باطن کرتا ہے۔ جو کوئی اس میں شک کرتا ہے وہ کافر و زندیق ہے۔ یہ تمام مقام و مراتب سر سے ناف تک مشق مرقومِ وجودیہ کرنے سے حاصل ہوتے ہیں جو نفس کی مخالفت کر کے روح کے ساتھ انصاف (یعنی اسے پاک) کرتے ہیں۔ جو کوئی ان مراتب تک نہیں پہنچتا اس کی ہر بات

Marfat.com

جھوٹ ہے۔ مشقِ مرقومِ وجودیہ کے مراتب یہ ہیں جو مندرجہ ذیل نظم میں درج کیے گئے ہیں:

مشق سر با سرّ رساند خوش بہ بین
این بود اسرار وحدت بالیقین

ترجمہ: مشقِ مرقومِ وجودیہ سرّ تک پہنچا کر دیدار عطا کرتی ہے یہی یقین کے ساتھ وحدت حاصل کرنے کا راز ہے۔

اینٔ تصور برزخ از ھُو یافتن
ھُو تصور را زبان خود ساختن

ترجمہ: یہ تصور ھُو تک پہنچنے کا وسیلہ ہے جو ھُو تک پہنچ جاتا ہے اس کی زبان ھُو کی زبان ہوتی ہے۔

میبرد با تو تصورِ کبریا
این مراتب عارفان واصل خدا

ترجمہ: یہ مشق تجھے ذاتِ کبریا تک لے جائے گی اور یہ مراتب واصل باللہ عارفین کو حاصل ہوتے ہیں۔

از تصور سینہ سرّ اِلٰہ
باتصور دل شود ناظر نگاہ

ترجمہ: اگر اللہ کا نام تصور سے سینہ پر لکھا جائے تو سینہ رازِ الٰہی سے پُر ہو جاتا ہے اور دل کو ایسی نگاہ حاصل ہوتی ہے کہ دیدار کرنے والا بن جاتا ہے۔

از تصور ناف بہ نفس خلاف
ہر کہ این راہ نداند لاف لاف

ترجمہ: ناف پر یہ تصور کرنے سے نفس کشی ہوتی ہے اور جو کوئی تصور کی راہ نہیں جانتا وہ جھوٹا اور شیخی خور ہے۔

Marfat.com

مشق پنجاہ پنج ناف تا بسر

این تصور مشق شد صاحب نظر

ترجمہ: اگر یہ مشق پچپن مرتبہ ناف سے سر تک کی جائے تو تصور کی یہ مشق صاحبِ نظر بنا دیتی ہے۔

مشق محرم میکند ہمراز ربّ

باحیا و باوفا و باادب

ترجمہ: یہ مشق حق تعالیٰ کے اسرار کا محرم بناتی ہے جس سے مشق کرنے والا باحیا، باوفا اور باادب بن جاتا ہے۔

ابتدائے مشق باشد معرفت

و ز مشق زندہ شود عیسیٰؑ صفت

ترجمہ: مشق کی ابتدا میں معرفت حاصل ہوتی ہے اور اس مشق کے تسلسل سے طالب حضرت عیسیٰؑ کی صفت کی مانند زندہ دم ہو جاتا ہے۔

مشق معراج است دائم باحضور

و ز حضوری مشق شد در غرق نور

ترجمہ: یہ مشق معراج ہے جو دائمی حضوری میں لے جاتی ہے اور آخر یہ مشق نور میں غرق کر دیتی ہے۔

کی شناسد مشق را محروم تر

بی خبر از معرفت آن گاؤ خر

ترجمہ: معرفت سے محروم لوگ جو حیوانوں کی مانند ہیں وہ اس مشق کی حقیقت کو کیا جانیں۔

جز باتصور مشق اَللّٰہُ پیچ پیچ

ہر کہ این راہ نداند ہیچ ہیچ

ترجمہ: اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور کے ساتھ کی جانے والی اس مشق کے بغیر یہ راستہ بہت پیچیدہ ہے

Marfat.com

اور جو یہ راستہ نہیں جانتا وہ باطنی طور پر کمزور ہے۔

طی بگرداند ترا این مشق حق
زیر پای مشق شد جملہ طبق

ترجمہ: یہ مشق تجھے حق تک پہنچانے کا راستہ طے کرا دے گی تب جملہ طبقات تیرے قدموں تلے ہوں گے۔

مشق توفیق است باتحقیق دان
عارفان را مشق دائم باعیان

ترجمہ: اس بات کو تحقیق شدہ سمجھ کہ یہ مشق توفیقِ الٰہی ہے جو عارفین کو دائمی طور پر ہر شے کو عیاں دیکھنے والا بنا دیتی ہے۔

مشق راہبر راہ رحمت حق نما
مشق معشوق است دائم دل صفا

ترجمہ: یہ مشق اللہ کے راستے اور رحمتِ الٰہی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور طالب کا دل ہمیشہ کے لیے صاف کر کے اُسے حق کا معشوق بنا دیتی ہے۔

مشق تصدیق است راہ صادقان
ابتدای مشق باشد لامکان

ترجمہ: مشقِ وجودیہ صادقین کے لیے راہِ تصدیق ہے کہ یہ ابتدا میں ہی لامکان تک لے جاتی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّئَاتُ الْمُقَرَّبِيْنَ

ترجمہ: نیکوکاروں کی نیکیاں مقربین کے نزدیک گناہ ہیں۔

جو دعوت قلب میں اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی حضوری سے پڑھی جاتی ہے وہ ہر حال میں مقبول ہے کہ یہ توجہ سے پڑھی جاتی ہے۔ اگر یہ دعوت اسماالحسنیٰ کے تصور کے ساتھ پڑھی

Marfat.com

جائے تو اس کی برکت سے طالب کے قلب کو قربِ حق نصیب ہوتا ہے اور وہ دونوں جہان کو توجہ سے طے کر لیتا ہے اور دونوں جہان اس کے ایک ہاتھ کی مٹھی کے تصرف میں آجاتے ہیں اور وہ دونوں جہان کا نظارہ ناخن کی پشت پر دیکھتا ہے۔ اسے نقش اور دائرہ بنانے کی کیا ضرورت؟ اور اسے مؤکل فرشتہ کی کیا حاجت؟ اسے جنوں سے حصار باندھنے کی کیا حاجت، اسے ساعتِ نیک و بد کی کیا فکر، اسے حیواناتِ جلالی و جمالی کھانے کو ترک کرنے کی کیا ضرورت، اسے صاحبِ نصاب ہو کر زکوٰۃ دینے کی کیا حاجت، اسے وظائف کر کے بخشش لینے اور (باطن کے) تالے کھولنے کی کیا ضرورت اور اسے پڑھنے لکھنے اور تین انگلیوں میں قلم پکڑنے کی کیا ضرورت۔ یہ سب ناقص کے وسوسے، خطرات اور وہمات ہیں اس لیے ناقص کے ان جملہ اعمال کو کامل پسِ پشت ڈال دیتا ہے۔ تیسری دعوت نوری ہے جو روح کی زبان سے پڑھی جاتی ہے۔ یہ دعوت پڑھنے سے دنیا و آخرت اور آسمان و زمین میں جتنے بھی اللہ کے غیبی و لاریبی خزانے ہیں وہ سب طالب سے مخفی اور پوشیدہ نہیں رہتے۔ عامل عاقل وہ ہے جو حکم سے ہر شے کو تصرف میں تو لے آئے لیکن اپنے نفس کے لیے اس تصرف کی لذات کو جائز نہ سمجھے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ (القصص-24)

ترجمہ: تو جو بھی خیر میری طرف نازل کرے میں اس کا محتاج ہوں۔

جان لے کہ فقیر جس پر دنیا و آخرت منکشف ہوتے ہیں' چار صفات کا حامل ہوتا ہے۔ بیت

بانظر عالم کند عارف فقیر
در قید او عالم شود ہر ملک گیر

ترجمہ: اوّل' اپنی نظر سے فقیر ساری دنیا کو عارف بنا سکتا ہے کیونکہ اس کی قید اور تصرف میں دنیا کی ہر شے ہوتی ہے۔

بانظر غرق آورد برد حضور باشعور
احتیاج ندارد قیل قال ذکر مذکور

Marfat.com

ترجمہ: دوم، فقیر اپنی توجہ سے غرق عطا کرتا ہے اور پھر شعور کی کیفیت میں ہی حضوری میں لے جاتا ہے جس کے بعد اسے زبانی گفتگو اور وظائف کی ضرورت نہیں رہتی۔

بانظر عالم کند مفلس غنی
بانظر ناظر کند حاضر نبیؐ

ترجمہ: سوم، فقیر توجہ سے مفلس کو غنی اور جاہل کو عالم بنا دیتا ہے اور چہارم توجہ سے ہی صاحبِ نظر بنا کر مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر کر دیتا ہے۔

ہر کہ منکر از خدا وحدت کرم
کافری مشرک شود اہل از صنم

ترجمہ: جو کوئی خدا کی وحدت اور کرم کا انکار کرتا ہے تو اس کا شمار کافر و مشرک اور بت پرستوں میں ہو جاتا ہے۔

راہ اسلامی بہ تصدیق زبان
دل زبان چون یک شود بیند عیان

ترجمہ: راہِ اسلام میں زبان سے ایمان کی تصدیق ہوتی ہے لیکن جب دل اور زبان ایک ہو جاتے ہیں تو اللہ کا بے حجاب دیدار نصیب ہوتا ہے۔

غرق فی در ذات آن باشد حضور
غرق شد اثبات وحدت ذات نور

ترجمہ: اور جب وہ ذات میں غرق ہو تو اسے اللہ کے سامنے حضوری حاصل ہوتی ہے اور نورِ ذات میں غرق ہو کر اسے وحدت کا اثبات حاصل ہو جاتا ہے۔

غرق کی چند اقسام ہیں جو طالب کے روحانی وجود کو نورِ اسم اَللّٰہُ ذات میں غرق کر دیتی ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں، خود کو فراموش کر کے نور میں غرق ہونا، غرق روحانی، غرق سلطانی، امان دینے والے اللہ کی امان میں آ کر قلبی طور پر غرق ہونا، قربانی دیتے ہوئے غرق ہونا، اللہ کی ذات

Marfat.com

میں غرق ہونا، لاھوت لامکان میں غرق ہونا، عین دیدارِ الٰہی کرتے ہوئے غرق ہونا، نورِ سبحانی میں غرق ہونا، نورِ ایمانی میں غرق ہونا، اللہ کی ذات میں ایسے غرق ہونا کہ تاریکی کا کوئی پردہ بھی باقی نہ رہے۔ یہ سب غرق تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طاقت سے حاصل ہوتے ہیں کہ اس طریقے میں توفیقِ الٰہی سے صحیح اور غلط کی تحقیق ہوتی ہے کیونکہ ان سب کی اصل اللہ کے ساتھ وصال اور مشاہدۂ نور اور حضوری پر ہے۔ طالب کے لیے پہلے ہی روز ان مراتب پر پہنچنا ضروری اور فرض ہے۔ نیز یہ مراتب تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات اور تفکر سے مشق مرقومِ وجودیہ لکھنے کی برکت سے حاصل ہوتے ہیں جس سے علمِ حیّ و قیوم مکمل واضح ہو جاتا ہے اور طالب کو ماضی، حال اور مستقبل کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔

غرق کی دیگر شرح یہ ہے کہ اگر یہ بغیر معرفت اور وصال کے ہو تو محض خام خیالی ہے اور طالب کے لیے باطنی زوال کا باعث ہے۔ مثلاً غرق نفسانی، وسوسہ اور خطراتِ شیطانی میں غرق، جنات کے واہمات میں غرق ہونا جو حیرت پیدا کرتے ہیں، دنیا میں غرق ہونا جو پریشانی پیدا کرتی ہے۔ غرق کی ان سب قسموں کی وجہ استدراج ہے جو معرفت و معراج سے محروم لوگوں کو ہوتا ہے۔

غرق وحدت رہبری را پیشوا
باغرق حاضر شود عارفِ خدا

ترجمہ: باطنی طور پر غرق ہونا ہی وحدت کی طرف پیشوائی کرتا ہے کیونکہ غرق ہو کر ہی ایک عارف حضوری حاصل کرتا ہے۔

حقیقی صاحبِ غرق وہ ہے جو اپنے وجود کے سمندر میں غوطہ لگا کر کشمکش کو ختم کرتے ہوئے موتی نکالے۔ ان مراتب کو احمق اہلِ ہوس کیا جانیں۔ عالم کسے کہتے ہیں؟ جو خود کو علم میں اس قدر محو کر لے کہ عمل کے سوا اس کے پاس کوئی چارہ نہ ہو (یعنی بغیر ارادے کے نیک عمل کرتا جائے)۔

بیت:

Marfat.com

حیؔ و قیوم پیش تو قائم
تو گرفتار دیگرے دائم

ترجمہ: حیؔ و قیوم ذات ہمیشہ سے تیرے سامنے موجود ہے لیکن تو ہی غیر خدا میں مشغول ہے۔

جوکوئی اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ (سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے) پڑھتا ہے اور اس کی تفسیر بھی سمجھتا ہے لیکن پھر بھی مخلوق سے التجا کرتا ہے تو گویا وہ ابلیس ہے۔

بیت:

صبر شکر کردم بمنت صد ہزار
نیست مارا جز خدا کس اعتبار

ترجمہ: میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں مرتبہ تیرا احسان مندی کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ مجھ خدا کے سوا کسی پر اعتبار نہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ طَلَبُ الرِّزۡقِ اَشَدُّ مِنۡ طَلَبُ اَجَلِہٖ

ترجمہ: رزق موت سے زیادہ شدت سے انسان کا طلبگار ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَمَا مِنۡ دَآبَّۃٍ فِی الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزۡقُھَا (ھود۔6)

ترجمہ: اور زمین پر کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی روزی کا ذمہ اللہ پر نہ ہو۔

مصرع!

ای نفس چون سوزی کم نہ شود آنچہ روزیٔ ما

ترجمہ: اے نفس! تو کیوں پریشان رہتا ہے؟ جو رزق ہمارا مقدر ہے وہ پریشان رہنے سے کم نہ ہوگا۔

بعض لوگ طلبِ رزق میں ہوتے ہیں لیکن رزق ان سے دور بھاگتا ہے اور بعض لوگ

Marfat.com

ایمان کے طلبگار ہوتے ہیں اور ایمان ان سے بیزار ہوتا ہے۔ جو کوئی اللہ کی طلب میں ہوتا ہے رزق اس طالب کی تلاش میں ہوتا ہے اور ایمان اس (طالب) کے وجود کی ہر ہڈی اور گوشت میں سرایت کر جاتا ہے۔ یہ مراتب ہمہ اوست ہیں۔ کُلَّ شَیۡءٍ مُّحِیۡطٌ (ترجمہ: وہ ہر شے پر محیط ہے) کے تحت ہر شے اور ذرّہ ذرّہ اس کے حکم کے ماتحت ہوتا ہے وہ نہ خدا ہوتا ہے اور نہ خدا سے جدا۔ نہ ہی خدا بندہ سے جدا ہوتا ہے بس بندہ ہی خدا سے جدائی اختیار کرتا ہے۔ بندے کو چاہیے کہ بندگی اختیار کرے کیونکہ بندگی کے بغیر زندگی سراسر شرمندگی ہے لیکن بندگی دائمی ہونی چاہیے کیونکہ ایسی دائمی بندگی سے مکمل معرفتِ حق حاصل ہوتی ہے۔ اے عزیز! انسان اپنی عقل سے پہچانا جاتا ہے اور عقل چار قسم کی ہوتی ہے۔ نفس کی عقل، جو دنیا اور خواہشاتِ نفس کی طلب میں ہوتی ہے۔ دل کی عقل، جو معرفت اور باطن کی صفائی کی طلبگار ہے۔ روح کی عقل، جو ناشائستہ کام اور گناہ کرنے سے حیا کرتی ہے اور سرّ کی عقل، جو مشاہدۂ اسرار اور مشرفِ لقا کی طلبگار ہوتی ہے۔ جب یہ تمام عقول جمع ہو جاتی ہیں تو وہ عقلِ کل ہے۔ یہ عقل ایمان کی اساس ہے اور نورِ الٰہی عطا کرتی ہے جو توفیقِ الٰہی سے حضوری کی تحقیق اور وسیلہ ہے۔

ہر مطالب آخرت دریافتم
اسم اَللّٰہُ پیشوائے ساختم

ترجمہ: اسمِ اَللّٰہُ کو اپنا پیشوا بنا کر میں نے آخرت کے تمام مقاصد کو پالیا۔

گم شدم در ذات وحدت لایزال
معرفت توحید اینست حق وصال

ترجمہ: میں لازوال ذات کی وحدت میں گم ہو چکا ہوں کیونکہ معرفتِ توحید یہی وصالِ حق ہے۔

توحید مثل آب جو و عارفان در آب جو
چون ماہی در آب گم شود آب گو

ترجمہ: توحید ندی کی مثل ہے اور عارفین اس میں اس طرح غرق ہوتا ہے جیسے مچھلی پانی میں گم ہو

Marfat.com

جاتی ہے تب صرف پانی دکھائی دیتا ہے۔
پس عارف کے لیے اس مقام پر زندگی اور موت برابر ہو جاتے ہیں۔

روح بر لاہوت قالب زیرِ خاک
قلب در ذکر است قالب را چہ باک

ترجمہ: باھُوؒ کا وجود قبر میں لیکن اس کی روح لاھوت میں ہوتی ہے۔ اس کا قلب ذکر میں مصروف ہوتا ہے اس لیے اس کے وجود کو (قبر میں) کوئی خوف نہیں۔

گم قبر گمنام بے نام و نشان
جثہ را باخود برد در لامکان

ترجمہ: اس کی قبر گمنام ونشان ہے کیونکہ وہ اپنے وجود کو خود لامکان میں لے گیا ہے۔

و ز خاک باھُوؒ یاھُو برآید ھُو بنام
عارفان را ذکر یاھُو شد تمام

ترجمہ: باھُوؒ کی قبر سے ذکرِ یاھُو کی آواز آتی ہے اور عارفین کے لیے ذکرِ یاھُو ہی سب کچھ ہے۔

اے جانِ عزیز! ہر مرتبہ کی بنیاد مرتبۂ یقین ہے اور مرتبۂ یقین ان کو نصیب ہوتا ہے جو دین میں راسخ ہوں۔ یقین انبیا اور اولیا جو اللہ کی طرف سے راہبر ہیں' کی رہنمائی سے حاصل ہوتا ہے۔ وہ یقین جو کفر و شرک سے باہر نکال کر خدا تک نہ لے جائے اسے یقین نہیں کہا جا سکتا۔ وہ محض غلاظتِ دل ہے جو خواہشاتِ نفس کا نتیجہ ہے۔ یقین اعتبار کے مرتبہ پر پہنچاتا ہے اور اعتبار دیدار سے ہی ممکن ہے اور مرتبہ اعتبار اس فقیر عارف کو نصیب ہوتا ہے جو دیدار کرنے والے ہوں۔ اعتبار اعتقاد کے مرتبہ پر پہنچاتا ہے اور اعتقاد اللہ کے ساتھ مکمل وصال کو کہتے ہیں اور وصال مکمل فنا فی اللہ اور غرق فی النور کا مرتبہ ہے جو مکمل توحید تک پہنچاتا ہے۔ ان سب مراتب کا مجموعہ صدق کہلاتا ہے۔ اور صدق اسے کہتے ہیں کہ طالبِ صادق کو رات دن آرام و قرار نہ آئے اور نہ وہ رات کو سوئے نہ دن کو سکون پائے۔ اللہ واحد کی محبت اور اس کی معرفت و وصال کے حصول کی طلب

Marfat.com

اسے اس طرح پریشان رکھے کہ صادق کو تب تک چین نہ آئے جب تک اللہ کے قرب میں نہ پہنچ جائے۔ پس طالبِ حق کے لیے مصلحت یہ ہے کہ یقین کو پختہ رکھے اور اگر باطل کی طرف بڑھے تو حق اسے باطل کی طرف بڑھنے ہی نہ دے۔ جاننا چاہیے کہ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی حضوری خواب اور مراقبۂ موت سے سخت اور غالب تر ہے کیونکہ یہ طالبِ مولیٰ کو ہوا اور بجلی سے بھی زیادہ تیزی سے دیدار اور حضوری میں لے جاتی ہے۔ جو کوئی دیدارِ نور سے مشرف ہو جاتا ہے اس کا حوصلہ اس قدر وسیع ہو جاتا ہے کہ وہ دونوں جہان کا بوجھ بھی اٹھا لیتا ہے اور قربِ ربانی سے اسے ایسی طاقت حاصل ہوتی ہے کہ وہ مخلوق کی ملامت بھی برداشت کر لیتا ہے۔ فقیر عارف کے لیے چار گواہ ہیں۔ ایک گواہ خاموشی، دوسرا اس خاموشی سے دوسروں کی عیب پوشی، تیسرا (دنیا کی خواہشات سے) آزادی اور چوتھا دوسروں کے لیے تکلیف کا باعث نہ بننا۔ یہ سب اصل فقیر کے مراتب ہیں۔ اگر کوئی توفیقِ الٰہی کو چھوڑ کر ذلت اختیار کرے اور ان صفات سے موصوف نہ ہو تو اسے فقیر نہیں کہا جا سکتا۔ وہ احمق ہے جو خود کو دنیا میں ذلیل کر رہا ہے۔

## شرح فقیر اہلِ ہوا و اہلِ خدا

خواہشاتِ نفس کے غلام بہت زیادہ ہیں جبکہ اہلِ خدا بہت کم ہیں۔ جان لو کہ اگر کوئی عرشِ اکبر پر نماز پڑھتا ہے تو بھی وہ فقیر عارف باللہ نہیں ہوتا اور اگر کوئی چشمِ ظاہر سے لوحِ محفوظ کا دائمی مطالعہ کرتا ہو تو بھی وہ فقیر عارف باللہ نہیں ہوتا۔ اگر کوئی پشتِ ناخن پر دونوں جہان کا نظارہ دیکھتا ہو اور ریاضت اور مجاہدہ سے نفس کو مارتا ہو، ہر ایک فرشتہ اس کی قید میں اور ہر مؤکل اور جن اس کے حکم کے ماتحت ہو اور تمام انبیا و اولیا اللہ کی ارواح سے ملاقات کرتا ہو، کشف و کرامات سے دنیا میں عز و جاہ اور درجات حاصل کر لیے ہوں تو بھی وہ فقیر عارف باللہ نہیں ہوتا۔ اگر کوئی ہوا میں اُڑتا ہوا عرش سے بھی اوپر ستر سالہ راہ میں چلا جائے تو بھی وہ خواہشاتِ نفس کی قید میں ہے۔ آخر فقیر عارف باللہ کون ہوتا ہے؟ فقیر عارف باللہ وہ ہے جو فنا فی اللہ ہو اور اسے قربِ رحمٰن حاصل ہو اور وہ

Marfat.com

لاھوت لامکان میں رہنے والا ہو۔ جو بے سر حضوری میں جا کر بے زبان اللہ تعالیٰ سے کلام کرتا ہو اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہمیشہ حاضر رہتا ہو۔ اگر کسی کو فقر کی راہ پر چلنے سے معرفت اور قربِ الٰہی حاصل نہیں ہوتا تو وہ فقر کی راہ سے آگاہ ہی نہیں۔ فقر حضوری کی راہ ہے کہ راہِ حضوری میں مشاہدۂ حضوری گواہ ہے کیونکہ فقر اللہ کی نظر میں منظور ہوتا ہے۔ یہ اسرارِ الٰہی کی انتہا کو جاننے کی راہ ہے جو روح پر نازل ہوتے ہیں اور انبیا کا اعزاز ہیں کہ وہ اسرارِ الٰہی کے مقام پر پہنچے ہوتے ہیں جو کہ مطلق توحید کا مقام ہے اور یہ مقام طبقات اور تقلید سے پاک ہے۔ اللہ بس ما سویٰ اللہ ہوس۔

اے جانِ عزیز! خلافِ شرع چلنے والے، طالبِ دنیا، علم کے مخالف اور جاہل، سرود سننے والے، حسن پرست، شرابی، تارک الصلوٰۃ اور اہلِ بدعت معرفتِ الٰہی، فقر اور ہدایتِ خدا سے محروم اور شیطان، خواہشاتِ نفس کے غلام ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ علم بیشمار ہیں کچھ علم ابرار اور کچھ علم خوار ہیں۔ علمِ ابرار اللہ کی معرفت، قرب اور حضوری میں پہنچاتے ہیں جبکہ علمِ خوار اللہ کی معرفت اور حضوری سے دور رکھتے ہیں۔ جناب حضرت آدمؑ صفی اللہ کو علمِ ابرار حاصل تھا جو انہیں اللہ کی جانب سے عطا ہوا تھا اور رحمٰن کا قرب حاصل کرنا سکھاتا تھا۔ علمِ ابرار برحق ہے کیونکہ یہ حق کی جانب سے ہے جیسا کہ علمِ دیدار و معرفت جو علمِ عفو عطا کرتا ہے اور لَا تَحْزَنْ وَلَا تَخَفْ (ہر غم اور خوف سے نجات) کے مرتبہ تک لے جاتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ دونوں جہان علم کی طے میں ہیں۔ اور علم کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی طے میں ہے اور کلمہ طیب اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طے میں ہے۔ جو تصدیقِ دل سے کلمہ طیب کو اس کی کنہ جانتے ہوئے پڑھتا ہے اس سے کوئی شے اور علم مخفی و پوشیدہ نہیں رہتے۔ علمِ ظاہر اس راہ پر چلنے کے لیے ضروری ہے جبکہ علمِ باطن معرفت اور قربِ الٰہی سے عطا ہوتا ہے۔ جو کوئی علمِ باطن جو کہ توحید سے متعلق ہے' پڑھنا چاہتا ہے تو اسے عالمِ باطن سے طلب کرے۔ علمِ باطن کا عالم وہ ہوتا ہے جس نے استادِ باطن سے ازل میں اس علم کو سیکھا تھا جب وہ سر، زبان، آنکھوں، ہاتھوں، کانوں، پاؤں اور دل سے بے نیاز تھا۔ وہ معرفتِ

Marfat.com

توحید کے علمِ فیض و فضل کو بے زبان پڑھتا ہے، بغیر کانوں کے سنتا ہے، بغیر آنکھوں کے دیکھتا ہے، بغیر پاؤں کے اسے سیکھنے کے لیے جاتا ہے اور بغیر ہاتھوں کے اسے پکڑتا ہے۔ ایسا زندہ قلب عارف دنیا و آخرت میں زندہ رہتا ہے اور ہرگز نہیں مرتا۔ ان عارفین کا وجود نور ہوتا ہے۔ وہ روشن ضمیری کا علمِ معرفتِ توحید پڑھتے ہیں اور فنا فی اللہ ہو کر حضورِ حق میں پہنچ جاتے ہیں وہ بھی اس طرح کہ اس حضوری میں بھی وہ باشعور ہوتے ہیں اور ان کا وجود مغفور ہوتا ہے اور وہ معشوق (اللہ) کی شفقت سے مسرور رہتے ہیں۔ یہ اس فنا فی اللہ عالم کے مراتب ہیں جس کا باطن معمور ہوتا ہے۔ جو کوئی اس عالم سے علمِ معرفتِ توحید پڑھتا ہے اسے علمِ ظاہر پڑھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ رَبَّهٗ فَقَدْ كَلَّ لِسَانُهٗ وَمَنْ سَكَتَ سَلَّمَ وَمَنْ سَلَّمَ نَجٰی

ترجمہ: جس نے اپنے ربّ کو پہچانا پس تحقیق اس کی زبان گونگی ہو گئی اور جو خاموش رہا وہ سلامتی پا گیا اور جو سلامتی پا گیا وہ نجات پا گیا۔

یہ مراتب عالم باللہ کے ہیں جو وہ باطن کی صفائی سے حاصل کر سکتا ہے۔ راہزنِ باطن کی شرح نفس، شیطان، خناس، خرطوم، وسوسہ، خطرات، واہمات، منافق روح، مریض قلب، دنیا کی پریشانی اور جاہل واحمق، اور باطن کی شرح جس میں توفیقِ الٰہی شامل ہو، باتحقیق باطن کی شرح، کافر باطن کی شرح، بے ریا ظاہر کی شرح اور باخبر و ہوشیار ظاہر کی شرح یہ ہے کہ جو کوئی فقرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خالی سمجھتا ہے وہ اس دنیا سے خالی ہاتھ جاتا ہے اور جو کوئی فقیر کو بے برکت سمجھتا ہے وہ خود بے برکت ہے۔ جو کوئی فقیر کے فقر کو بے حکمت سمجھتا ہے وہ خود بے حکمت ہوتا ہے۔ جو کوئی صاحبِ تصور اسمِ اَللّٰهُ ذات عارف فقیر کو جاہل سمجھتا ہے تو وہ خود جاہل ہے اگرچہ وہ ظاہری علم بھی پڑھتا ہو پھر بھی وہ عالم نہیں۔ بلاشبہ وہ دنیا میں فاقہ کی مصیبت جھیل کر ہلاک ہو گا۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

❁ كُلُّ اِنَآءٍ يَتَرَشَّحُ بِمَا فِيْهِ

Marfat.com

ترجمہ: برتن سے وہی چیز برآمد ہوتی ہے جو اس کے اندر ہوتی ہے۔

فقیر شفاف آئینہ کی مثل ہوتا ہے اس کے سامنے جو رنگ بھی ہو خواہ سرخ خواہ سیاہ‘ وہی دکھاتا ہے۔ فقیرِ کامل اور علما عامل کے ادب کا خیال ریا سے پاک ہو کے کر اگرچہ تو ان کی تصویر کسی دیوار پر لگی دیکھے۔ اگر تو عقلمند ہے تو تیرے لیے اتنا ہی اشارہ کافی ہے اور اگر تو احمق ہے تب تو نفس کا غلام ہے۔ اہلِ نفس مکھی کی مثل ہوتے ہیں جو جتنا بھی اڑلے شہباز کی پرواز تک نہیں پہنچ سکتی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْفَقْرُ لَا یُحْتَاجُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ

ترجمہ: فقر اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں۔

لایحتاج فقیر اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور کا حامل اور علمِ دعوت تکسیر اور علمِ کیمیا اکسیر میں کامل ہوتا ہے اور اس کی نظر سنگِ پارس کی مثل ہوتی ہے اور وہ کامل تصرف کا حامل ہوتا ہے۔ بیت:

ہم کاملم ہم عاملم ہم حق نما
احتیاج کس ندارم جز خدا

ترجمہ: میں کامل فقیر اور عامل ہوں اور مجھے حق ہی دکھائی دیتا ہے لہٰذا مجھے خدا کے سوا کسی کی ضرورت نہیں۔

مصنف فقیر جو کچھ بھی کہتا ہے وہ اپنی خواہش سے نہیں بلکہ حکمِ خدا سے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجازت سے کہتا ہے۔ جاننا چاہیے کہ عارفِ خدا فقرا اپنے پاکیزہ دل و باطن کی بنا پر صراف کی مثل ہوتے ہیں اس لیے نیک و بد کو اپنی نظر سے اسی طرح پہچانتے ہیں جس طرح صراف سونا چاندی کو دیکھنے سے ہی پہچان لیتا ہے۔ جاننا چاہیے کہ عارفِ خدا فقرا کو علمِ وارداتِ غیبی حاصل ہوتا ہے جس سے فتوحاتِ لاریبی حاصل ہوتی ہیں وہ معجزاتِ محمدی کی بدولت ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پردہ کر جانے کے بعد آپ کے فضل اور تصرف سے باقی رہ گئے۔ الہام اور علمِ غیب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی باطنی رفاقت سے حاصل ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ حضور

Marfat.com

علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم سے ہی ہیں۔ اس علمِ غیب پر حیران نہ ہو اور نہ ہی اس میں نقص نکال کیونکہ یہ باتحقیق طریق ہے اور جو کوئی اس میں شک کرتا ہے وہ کافروں میں سے ہے۔ جو کوئی ان مراتب پر پہنچ جاتا ہے وہ روشن ضمیر ہو کر غیب دان بن جاتا ہے اور ہر شے کو عیاں دیکھتا ہے۔ بے ایمان، کاذب و مشرک اور باایمان و صادق انسان کو پہچاننا اور روزِ جمعہ میں پوشیدہ ساعتِ نیک کو معلوم کرنا اور ننانوے اسمائے الٰہی میں پوشیدہ اسمِ اعظم کو پانا اور عام لوگوں میں پوشیدہ اولیا اللہ کو تلاش کرنا اور ماہِ رمضان میں پوشیدہ شبِ قدر کو پانا ان سب مراتب کی تحقیق بغیر ریاضت و طاعت کے توفیقِ الٰہی سے اسمِ اَللّٰہُ ذات کی روحانی قوت، اولیا کی ارواح سے ملاقات اور مرشد کامل عارف باللہ اولیا اللہ صاحبِ ولایت سے ایک ہی ساعت میں حاصل ہو جاتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

ترجمہ: جو اللہ کو پہچان لیتا ہے اس سے زمین و آسمان کی کوئی بھی شے مخفی نہیں رہتی۔

پس معلوم ہو کہ:

❁ اَلْاِيْمَانُ بَيْنَ الْخَوْفِ وَ الرَّجَآءِ

ترجمہ: ایمان خوف اور رجا کے درمیان ہے۔

ایمان کے دو جز ہیں ایک جز خوف اور دوسرا جز رجا ہے۔ خوف کسے کہتے ہیں اور رجا کیا ہے؟ خوف یہ ہے کہ انسان کی نظر روزِ قیامت پر ہو اور اسے عیاں دیکھتا ہو اور خواہشاتِ نفس سے تعلق ختم کر لے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى (النازعات 41-40)

ترجمہ: اور جس نے خود کو خواہشاتِ نفس سے روکا پس اس کا ٹھکانہ جنتِ ماویٰ ہے۔

پس معلوم ہوا کہ ہر وہ شخص جنت میں جائے گا جو باایمان ہوگا۔ ایمان کا دوسرا جز رجا ہے۔ صاحبِ عیان مقامِ ازل جو کہ مقامِ فیض و فضل ہے، میں اہلِ ایمان کی صف میں کھڑے ہو کر اَلَسْتُ

Marfat.com

بِرَبِّکُمْ[1] کی آواز سنتا ہے اور اخلاص و محبت سے ارواح کی صف میں قَالُوْا بَلٰی[2] کہہ کر حقیقی مسلمان ہو جاتا ہے جس سے اس کی روح کو فرحت حاصل ہوتی ہے اور اس پر علمِ معرفتِ توحید منکشف ہو جاتا ہے اور خدا کے دائمی استغراق میں مشغول رہتا ہے۔ یہ صاحبِ رجا اولیا اللہ کے مراتب ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (یونس-62)

ترجمہ: خبردار! بے شک اولیا اللہ کو نہ کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ غم۔

پس ایمان کی کسوٹی اسمِ اَللّٰہُ ذات، قرآن کی آیات اور احادیثِ قدسی و نبوی ہیں جو صاحبِ ایمان اور بے ایمان کی تحقیق کرتی ہیں۔ ایمان کی کسوٹی یہ ہے کہ جب مرشد طالبِ مولیٰ کو تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات اور تصور اسمِ محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور ننانوے اسمائے باری تعالیٰ اور ہر ایک آیتِ قرآن اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے حضوری عطا کرتا ہے تو اگر طالب باایمان ہو اس کے وجود پر اسمِ اَللّٰہُ ذات، کلام اللہ، آیاتِ قرآن اور اسمِ اعظم و اسمائے باری تعالیٰ اور احادیث قرار پکڑ کر تاثیر کرتے ہیں اور طالب کو فائدہ دیتے ہیں اور اس کی عظمت اور عظیم فیض و فضل سے طالب کو قلبِ سلیم اور صراطِ مستقیم عطا ہوتے ہیں اور وہ اس حال پر قائم رہتا ہے اور مرتے دم تک اللہ تعالیٰ سے روگردانی نہیں کرتا۔ وہ ذات کی تصدیق کرتا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کی مثل زندہ دم اور خلقِ محمدی سے متصف ہوتا ہے اور توفیقِ الٰہی سے ایمان پر بغیر شک و شبہ کے ثابت قدم رہتا ہے۔ لیکن اگر طالب بے ایمان ہو تو شریعتِ محمدی اور اسمِ اَللّٰہُ ذات اس کے وجود میں قرار نہیں پکڑتے اور آیاتِ قرآن اسے فائدہ نہیں دیتیں اور نہ ہی اسمائے الٰہی تاثیر کرتے ہیں اور اس سے اسمِ اعظم جاری نہیں ہوتا۔ اگر وہ دعوت پڑھتا ہے تو بے اعتقاد ہو کر رجعت خوردہ ہو جاتا ہے اور کلامِ الٰہی سے بے یقین اور خواہشاتِ نفس کا تابع ہوتا ہے۔ مصاحبِ شیطان بن کر مشرک و بے دین ہو جاتا ہے اور کمینی دنیا اور حقیر نفس کا طلبگار رہتا ہے جو ہمیشہ خودی

---

[1] کیا میں تمہارا ربّ نہیں ہوں (الاعراف-172)۔ [2] سب ارواح نے جواب دیا ہاں تو ہی ہے۔ (الاعراف-172)

Marfat.com

اور چوں و چرا میں مبتلا ہوتا ہے۔ بیت:

ہر کہ با ایمان بود حاضر دوام
در طلب مولیٰ بود ایمان تمام

ترجمہ: جو کوئی صاحبِ ایمان ہو اسے دائمی حضوری حاصل ہوتی ہے کیونکہ طلبِ مولیٰ سے ہی ایمان کامل ہوتا ہے۔

ایمان اعتقاد سے اور اعتقاد اعتبار سے اور اعتبار دیدار سے حاصل ہوتا ہے اور دیدار قلب کی بیداری سے ممکن ہے۔ ان مراتب کو ہر کوئی جو احمق اور حیوانات کی مثل ہو، نہیں جان سکتا۔ حصارِ ایمان اللہ کی محبت اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبت ہے اور دیگر تمام محبتیں ان دو محبتوں پر انحصار کرتی ہیں۔

ہر کہ این راہے نداند سر ہوا
اہل ایمان دائمی شد با خدا

ترجمہ: جو کوئی اس راہ کو نہیں جانتا وہ خواہشاتِ نفس کا غلام ہے جبکہ اہلِ ایمان ہمیشہ خدا کے ساتھ ہوتا ہے۔

فقرا خدا کے ساتھ ہوتے ہیں اور فقرا وہ مومن ہیں جو باادب اور باحیا ہوتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْحَیَآءُ مِنَ الْاِیْمَانِ

ترجمہ: حیا ایمان سے ہے۔

اسی (حیا) کو جمعیتِ کل کہتے ہیں۔ بے حیا لوگ طلبِ دنیا رکھتے ہیں اور اس بنا پر ہمیشہ پریشان رہتے ہیں۔ اس کو مکمل اور سراسر جہالت کہتے ہیں۔ اگر تو آئے تو دروازہ کھلا ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اگر نہ آئے تو اللہ بے نیاز ہے۔

❁ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّ الْکُفْرُ بَاطِلٌ

Marfat.com

ترجمہ: اسلام حق ہے اور کفر باطل ہے۔

جو لوگ باطل کی طلب کرتے ہیں وہ سب عجیب واحمق ہیں کیونکہ مراتبِ توحیدِ حق اور فقرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو چھوڑ کر مرتبۂ دنیا جو فخرِ فرعون ہے، کو اختیار کرتے ہیں۔ ان لوگوں کو انسان کیسے کہا جاسکتا ہے یہ تو حیوانات سے بھی بدتر ہیں۔ اے جانِ عزیز، صاحبِ دانش وشعور! قبرستان کو دیکھ اور اہلِ قبور کے احوال سے واقفیت حاصل کر کیونکہ کچھ عرصہ بعد تو نے بھی زیرِ زمین ہونا ہے۔ اللہ کی معرفت اور وصال حاصل کر کیونکہ اَلْوَقْتُ سَیْفٌ قَاطِعٌ ترجمہ: وقت کاٹ دار تلوار ہے، جو عمر اور زندگی کو کاٹ رہی ہے اس لیے اگر تو سمجھتا ہے تو فرصت کو غنیمت جان۔ اور اگر نہیں سمجھتا تو حقیقت یہی ہے کہ آخر تو نے مرنا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ (آلِ عمران-185)

ترجمہ: ہر نفس نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

خدا کے اس فرمان کو یاد رکھ اور اس کی فرمانبرداری کر۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ جُمُوْدُ الْعَیْنِ مِنْ قَسْوَۃِ الْقَلْبِ وَ قَسْوَۃِ الْقَلْبِ مِنْ اَکْلِ الْحَرَامِ وَ اَکْلِ الْحَرَامِ مِنْ کَثْرَتِ الذُّنُوْبِ وَ کَثْرَۃِ الذُّنُوْبِ مِنْ طُوْلِ الْاَمَلِ وَ طُوْلِ الْاَمَلِ مِنْ نِّسیَانِ الْمَوْتِ وَنِسیَانِ الْمَوْتِ مِنْ حُبِّ الدُّنْیَا وَحُبُّ الدُّنْیَا رَاْسُ کُلِّ خَطِیْئَۃٍ

ترجمہ: آنکھ کا نہ رونا قلب کی سختی کے باعث ہے اور دل کی سختی حرام رزق کی وجہ سے ہے اور حرام رزق گناہوں کی کثرت کے سبب ہے اور کثرتِ گناہ طویل امیدوں کی وجہ سے ہے اور طویل امیدیں موت کو بھول جانے کی بنا پر قائم ہوتی ہیں اور موت کو بھول جانے کا سبب حبِ دنیا ہے اور حبِ دنیا ہر برائی کی جڑ ہے۔

جس کسی کے وجود کے ساتوں اندام تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے پاک ہوں اسے اوّل وآخر محاسبہ کا کیا ڈر۔ اے اہلِ ہوس! یہ مراتبِ اولیا ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ (یونس-62)

Marfat.com

ترجمہ: خبردار! بے شک اولیا اللہ کو نہ کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ کوئی غم۔

ابیات:

گاہ ابتدا گاہ انتہا دل درمیان ہشیار شد
در یکدمی صد بار پنجاہ معرفت دیدار شد

ترجمہ: اولیا (باطنی طور پر) کبھی ابتدائی مقام پر ہوتے ہیں اور کبھی انتہائی مقام پر، لیکن دونوں مقامات پر ان کا دل ہوشیار ہوتا ہے اور ایک لمحہ میں انہیں ایک سو پچاس بار دیدار حاصل ہوتا ہے۔

آتشِ دیدار سوزد ہمچو چوبے خشک را
این ریاضت اولیا را شد نصیبی از خدا

ترجمہ: آتشِ دیدار انہیں خشک لکڑی کی مانند جلاتی ہے۔ یہ ریاضت اولیا کو حق تعالیٰ کی جانب سے نصیب ہوتی ہے۔

نیست آنجا نفس شیطان نیست دنیا دون زشت
نیست آنجا ازل و ابد نیست حور و نہ بہشت

ترجمہ: جس مقام پر اولیا کو دیدار حاصل ہوتا ہے اس مقام پر نہ نفس و شیطان ہیں اور نہ کمینی دنیا۔ اور نہ ہی اس جگہ ازل و ابد ہیں اور نہ حور و بہشت۔

نیست منزل نہ مقام و نیست کونین و مکان
بیمثل باہوش بینم و باقرب او در لامکان

ترجمہ: اس مرتبہ پر نہ منزل و مقام ہیں نہ کونین و مکان۔ میں باشعور رہ کر بے مثال ذاتِ حق تعالیٰ کا دیدار کرتا ہوں اور لامکان میں اس کے قرب میں ہوتا ہوں۔

نیست آنجا ذکر و فکر و نیست ورد و ثنا
غرق فی التوحید گشتم شد حضوری باخدا

ترجمہ: اس مرتبہ پر نہ ذکر و فکر ہیں اور نہ ورد و ثنا۔ اس مقام پر میں توحیدِ حق میں غرق ہو کر حق تعالیٰ

Marfat.com

کی حضوری میں پہنچ گیا ہوں۔

در حضوری کس نہ گنجد طالبا دیدار بببین
این مراتب طالبان را شد نصیبی بالیقین

ترجمہ: اے طالب! حضورِ حق میں اللہ اور طالب کے درمیان کوئی نہیں ہوتا۔ تو بس اس کا دیدار کر۔ یہ مراتب طالبانِ مولیٰ کو یقین سے حاصل ہوتے ہیں۔

باھوؒ با یاھُو یقین حق الیقین را خوش نگر
این مراتب عارفان کاملان صاحبِ نظر

ترجمہ: باھُوؒ نے ذکرِ یاھُو سے یقین حاصل کرلیا ہے اس لیے وہ حق الیقین سے اللہ کو دیکھتا ہے۔ یہ مراتب ان کامل عارفین کے ہیں جو صاحبِ نظر ہیں۔

اے کاذب طالب اور نفس کے مطالب حاصل کرنے والے اور اے مکھی کی مثل ناقص مرشد سن! معرفتِ حق کی شرح اور معرفتِ باطل کی شرح میں کیا فرق ہے؟ معرفت کے بارہ طریق ہیں جنہیں بارہ قسم کی توفیق سے حاصل اور بارہ طریقے سے تحقیق کیا جا سکتا ہے۔ عالمِ معرفت عارف طالبِ معرفت کو بارہ روز میں مکمل معرفت سکھا دیتا ہے۔ سب سے پہلے یہ جاننا چاہیے کہ معرفت وعلمِ معرفت عالمِ معرفت کے سوا کوئی نہیں سکھاتا۔ ایسے عالم کو عالم باللہ کہتے ہیں۔ معرفت علم ہے اور اس کے عالم کو عارف کہتے ہیں۔ علمِ معرفتِ قلب کا عالم عارفِ قلب ہوتا ہے، علمِ معرفتِ نفس کا عالم عارفِ نفس ہوتا ہے، علمِ معرفتِ روح کا عالم عارفِ روح ہوتا ہے اور علمِ معرفتِ سرّ کا عالم عارفِ سرّ ہوتا ہے اور علمِ معرفتِ مخلوق کا عالم عارفِ مخلوق ہوتا ہے۔ علمِ معرفتِ شیطان کا عالم عارفِ شیطان ہوتا ہے، علمِ معرفتِ جن کا عالم عارفِ جن ہوتا ہے اور علمِ معرفتِ مؤکل اور فرشتوں کا عالم عارفِ مؤکل وفرشتگان ہوتا ہے۔ علمِ معرفتِ ذکر فکر کا عالم عارفِ ذکر فکر ہوتا ہے۔ علمِ معرفتِ ورد وظائف کا عالم عارفِ ورد وظائف ہوتا ہے اور علمِ معرفتِ دعوت، تلاوت، حفظِ قرآن کے لیے عالم عارفِ دعوت وتلاوت اور حافظِ قرآن ہے اور علم

Marfat.com

معرفتِ ربانی فنافی اللہ کا عالم عارفِ ربانی فنافی اللہ ہوتا ہے۔علمِ معرفتِ فنافی اسمِ محمدؐ کا عالم عارف فنافی محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہوتا ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دائمی حضوری سے مشرف ہوتا ہے۔علمِ معرفتِ فنافی الشیخ کے لیے عالم عارفِ فنافی الشیخ ہے جس کے لیے شرط یہ ہے کہ شیخ کے روپ میں شیطان نہ ہو۔ایسے شیخ کا تصور بت پرستی ہے۔فنافی الشیخ عارف وہ ہے جو صورتِ شیخ کے تصور سے غرق فی التوحید اور معرفتِ الٰہی حاصل کر کے ہر پریشانی سے نجات حاصل کر لے۔ غوث وقطب کے مراتب کے علمِ معرفت کے لیے عالم اور عارف غوث وقطب کے مراتب کا حامل ہوتا ہے جو عرش سے تحت الثریٰ تک تمام طبقات کی سیر کرتا ہے۔علمِ معرفتِ تصدیق کے لیے عالم عارف باتوفیق صاحبِ تصدیق ہوتا ہے جو باایمان مومن وحقیقی مسلمان ہوتا ہے۔علمِ معرفتِ ازل کے لیے عالم عارفِ ازل اور علمِ معرفتِ ابد کے لیے عالم عارفِ ابد ہوتا ہے۔علمِ معرفتِ عقبیٰ کے لیے عالم عارفِ عقبیٰ اور علمِ معرفتِ دنیا کے لیے عالم عارفِ دنیا ہوتا ہے۔اگر کوئی دنیا میں مقامِ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے قبل مرجاؤ) چاہتا ہے اسے دائمی لقا سے مشرف کیا جاتا ہے۔معرفت اور موت دونوں جڑواں بھائی ہیں جو عالم باللہ عارف کے بال و پر کی مانند ہیں۔جاننا چاہیے کہ اگر کسی کو ظاہری طور پر تصرف،توجہ اور نظر کی باتاثیر توفیق حاصل نہیں تو اسے باطن میں معرفت وفقر کی تحقیق حاصل نہیں ہوتی۔اور جس کسی کو باطن میں تحقیق کے مراتب حاصل ہوں اسے ظاہر میں ہر تصرف کی تحقیق حاصل ہوتی ہے اگرچہ وہ تصرف مال ودولتِ دنیا پر ہو یا روحانی توجہ پر۔ایسا انسان عارف ہوتا ہے احمق لوگ ہر کسی کو عارف سمجھتے ہیں اگرچہ وہ مکمل طور پر باطنی مشاہدہ اور معرفت سے بے خبر ہو۔

عارفان را میشناسم و ز فنا

کی بود این عارفان بی حیا

ترجمہ: میں عارفین کو ان کی فنا کے مراتب سے پہچانتا ہوں یہ بے حیا لوگ عارفین کیسے ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

ابتدائے عارف مراتب اولیا
انتہائے عارف مشرف بالقا

ترجمہ: عارفین کی ابتدا مراتبِ ولایت ہیں اور عارف کی انتہا وصالِ الٰہی سے مشرف ہونا ہے۔ جملہ احوال کے ہزار دفاتر ایک نکتہ میں سما جاتے ہیں اور وہ نکتہ ہے مرشد کامل اکمل۔ عارف وفقیر اولیا اللہ کے لیے اللہ سے وصال کے لیے دو عمل ہیں۔ ایک یہ کہ وہ دعوت کے عامل ہوں دوم معرفت میں کامل ہوں۔ بیت:

دعوت از یکدم برآید عامل است
باتوجہ برد حاضر کامل است

ترجمہ: جس کی دعوت ایک دم میں جاری ہو جائے وہ عامل ہے اور جو توجہ سے (طالب کو) حضوری میں لے جائے وہ کامل (مرشد) ہے۔

ایک دم میں جاری ہونے والی دعوت کی شرح یہ ہے کہ تصرف، تصور، توجہ، تفکر سے حبس دم کر کے ایک ہی دم میں دعوت پڑھنے والا مقامِ ازل میں انبیا و اولیا اللہ کی صف میں پہنچ جائے اور اسی طریق سے وہ مقامِ ابد و مقامِ دنیا و مقامِ عقبیٰ و مقامِ لاہوت میں پہنچ سکتا ہے پھر اسی ایک دم میں توفیقِ الٰہی سے ہر مومن و مسلمان کی روح سے ملاقات کر سکتا ہے اور انہیں اپنا رفیق بنا کر مجلسِ محمدی کی حضوری میں التماس کرتا ہے اور مشکل کاموں کو آسان بنانے کی درخواست کرتا ہے اور کام کی منظوری کے بعد ایک دم میں حضوری سے باہر آ جاتا ہے۔ یہ ہے دعوتِ قبور جو اللہ کا قرب عطا کرتی ہے۔ کامل اسے کہتے ہیں جو نظر کے ساتھ طالبِ مولیٰ کو اس مقام پر پہنچائے اور توجہ سے ہر کام کو آسان بنا دے۔ اور کامل اسے کہتے ہیں کہ اگر کوئی کسی بھی جگہ پر اسے یاد کرے تو نفسانی وجود یا قلبی وجود یا روحی وجود یا سرّی وجود یا نوری وجود کے ساتھ اس کے پاس حاضر ہو جائے اور توفیقِ الٰہی سے اس کی مدد کرے۔ جو کوئی ان صفات کا حامل نہیں ہوتا وہ کامل نہیں بلکہ وہ زیرِ بار سواری کی مثل طالبوں کا بوجھ اٹھانے والا گدھا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

Marfat.com

جان لو کہ معرفت کا گواہ کون ہے اور عارف کے لیے کونسا راہ ہے؟ معرفت کا گواہ قربِ الٰہی ہے اور عارف کے لیے راہ حضوری ہے جس میں اس کی نگاہ دیدارِ الٰہی پر ہوتی ہے اور وہ ہر طریقۂ طریقت سے آگاہ ہوتے ہیں۔ یہ سلطان العارفین کے مراتب ہیں جو دونوں جہان میں فقر کے بادشاہ ہیں۔ ہر وہ شخص معرفت جانتا ہے جس نے حضوری سے دیدار اور قربِ الٰہی کی لذت چکھی ہو اور اپنی آنکھوں سے ہر شے کو عین دیکھتے ہوئے معرفت تک پہنچ گیا ہو۔ راہِ معرفت گفتگو اور سوال پوچھنے میں نہیں بلکہ دیدار میں ہے۔ عارف کی آنکھ دائمی دیدار پر ہوتی ہے۔ دیدارِ الٰہی کے سوا کچھ دیکھنا اس کے نزدیک مردار ہے۔ یہ عجیب احمق لوگ ہیں جو مراتبِ مردار پر ہوتے ہیں لیکن جبکہ دعویٰ کرتے ہیں معرفت اور دیدار کا۔ اس کے علاوہ عارف کا گواہ یہ ہے کہ اس کا طالب روزِ اوّل ہی عارف ہو جاتا ہے اور مرتے دم تک ذکر، فکر اور ورد و وظائف کے لیے اپنے ہونٹ نہیں کھولتا اور نہ ہی کسی قسم کا علمِ ظاہر پڑھتا ہے کہ علم سے عُجب اور خواہشاتِ نفسانی پیدا ہوتی ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

مَنْ عَرَفَ رَبَّهٗ فَقَدْ كَلَّ لِسَانُهٗ

ترجمہ: جس نے اپنے ربّ کو پہچان لیا تحقیق اس کی زبان گونگی ہوگئی۔

اور اگر عارف لب کھولتا ہے تو ایک ہی لفظ میں طالب کو ابتدا اور انتہا کے مطالب تک پہنچا دیتا ہے۔ عارفِ نفس بہت ہیں عارفِ قلب بے شمار ہیں اور عارفِ روح خدا کی طرف سے نشانی ہیں لیکن ہزاروں میں سے کوئی ایک ہی عارف ہوتا ہے جسے مشاہدۂ نور، حضوری اور دیدار حاصل ہو۔ میرا یہ قول میرے حال کے عین مطابق ہے۔ وَكَفٰى عِلْمِهٖ بِحَالِیْ ترجمہ: ''اور اس کا علم ہی میرے حال کے لیے کافی ہے''۔

## شرحِ معرفت

کسی کو معرفت تب تک حاصل نہیں ہوتی اور نہ کوئی عارف بنتا ہے جب تک باطن میں حضرت محمد

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ میں دے کر اور اسے بیعت فرما کر تلقین وارشاد نہ کریں۔ مرشد کی کاملیت کی پہلی نشانی ہی یہ ہے کہ طالبِ مولیٰ کو باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں پہنچا دے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تلقین دلائے۔ طالب پر لازم ہے کہ اسے ہی اپنا مرشد سمجھے کیونکہ وہ مرشد کامل اکمل ہے۔ جو مرشد اس صفت سے متصف نہیں ہوتا اس ناقص مرشد سے تلقین لینا طالب پر حرام ہے۔ وہ علم کونسا ہے کہ جملہ علم علوم، رسم رسوم، حیّ قیوم ذات تک پہنچنے کا علم، علمِ توریت، انجیل، زبور، علمِ قرآن اور علمِ احادیثِ نبوی وقدسی اور علمِ لوحِ محفوظ، کل مخلوقات کی زبان کا علم اس علم کے ایک ہی نکتۂ قال میں پائے جائیں۔ وہ نکتۂ قال کونسا ہے؟ وہ نکتۂ قال کُن ہے۔ جو نکتۂ قال کن کو اس کی کنہ سے جانتا ہے اسے کوئی علمِ ظاہر و باطن پڑھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ یہ علم نکتۂ کن کہ اگر حاصل ہو جائے تو تمام علم اس ایک ہی سخن میں آجاتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْعِلْمُ نُکْتَۃٌ وَّ کَثْرَتُھَا لِلْجُھَّالِ

ترجمہ: علم ایک نکتہ ہے اور اس کی کثرت جاہلوں کے لیے ہے۔

تمام ذکر فکر نکتۂ حال میں ہیں۔ ذکر فکر اسے کہتے ہیں جو روحانی احوال اور حضورِ حق سے مشرف کر دے۔ حضوری کے بغیر اگر کسی کو ذکر فکر سے جو بھی احوال حاصل ہوتے ہیں وہ محض خام خیال ہیں۔ تمام مراتبِ معرفت روحانی احوال میں سے گزرنے سے حاصل ہوتے ہیں جو طالب کو جمعیت بخشتے ہیں اور اس کے ساتھ بے مثل ولازوال ذوالجلال ذات کے حسن وجمال کا مشاہدہ بخشتے ہیں۔ مرشد کامل، طالبِ صادق کو پہلے ہی روز علمِ کن کا سبق دے دیتا ہے اور جو طالب علمِ کن پڑھنے سے عالم بن کر روزِ اوّل ہی تمام علما پر غالب آجائے اس کے ظاہری وباطنی وجود کے تمام اعضا نور بن جاتے ہیں۔ اسی علمِ کن سے طالبِ مولیٰ کو تمام دینی ودنیاوی مطالب حاصل ہوتے ہیں۔ ذکر فکر سے جو روحانی احوال حاصل ہوتے ہیں اس سے مشاہدہ، حضوری، معرفت اور جمعیت عطا ہوتی ہے اور ان احوال سے عین وحدت کا دیدار نصیب ہوتا ہے اور طالب توحید میں غرق ہو کر اللہ

Marfat.com

کے قرب و جمال اور حضوری کا نظارہ کرتا ہے۔ یہ وہ راہ ہے جس میں طالب اللہ کے قرب سے دستِ بیعت اور تلقین وارشاد کے مراتب تک پہنچ جاتا ہے اور دونوں جہان اس کے غلام ہوتے ہیں اور عارف فقیر بن کر کونین پر امیر بادشاہ ہوتا ہے۔ بیت:

اگر بخواہی خوش حیاتی طلب کن مرشد ز کن

از کنہ کن جملہ حصولت بس ترا ازین یک سخن

ترجمہ: اگر تو خوشگوار زندگی کا طلبگار ہے تو مرشد سے کن کا علم طلب کر۔ اس لفظ کن کی حقیقت تک پہنچنے سے ہی تمام مطالب حاصل ہوتے ہیں۔

مرشد کامل جو کن کی طاقت کا حامل عارف ہو اس کے سامنے تو اپنا مال اور تن من قربان کر دے۔ اور اگر تو دیکھے کہ اس میں مال و دولت کی ہوس غالب ہے تو وہ مرشد ناقص ہے۔ معلوم ہوا کہ وہ مرشد نامرد ہے اور اس کے پاس توجہ، تصور، تصرف اور تفکر کی طاقت نہیں اور نہ ہی اسے توفیقِ الٰہی حاصل ہے۔ طالب کو اس سے علیحدہ ہو جانا چاہیے۔ اس مرشد کا باطن درست ہوتا ہے جو طالبِ مولیٰ کو باطن میں مجلسِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے مشرف کر کے اللہ کی ذات میں غرق کرتا ہے اور معرفتِ الٰہی عطا کرتے ہوئے اللہ کی نظر میں منظور کراتا ہے۔ طالب اس وقت معرفت اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تحقیق کر سکتا ہے۔ جب وہ جنات، خناس، خرطوم، تمام شیطانی وساوس اور نفس کی پریشانی سے نجات حاصل کر لیتا ہے تب اسے مکمل عقل اور شعور کے ساتھ حضوری حاصل ہوتی ہے۔ اس وقت طالب باطن کو اس کے احوال سے پہچانتا ہے۔ خاص و عام اور حق و باطل کی تحقیق کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ خُذْ مَا صَفَا وَدَعْ مَا كَدَرَ

ترجمہ: صاف کو اختیار کرو اور کثیف کو چھوڑ دو۔

Marfat.com

بیت

این چنین دعوت کسی عامل تمام

طالبان را میرساند ہر مقام

ترجمہ: اس طرح کی دعوت کا اگر کوئی مکمل عامل ہو جائے تو وہ طالبوں کو ہر مقام تک پہنچا سکتا ہے۔

ان مراتبِ دعوتِ زبانی[1]، دعوتِ قلبی[2]، دعوتِ روحی[3] کا سبق مرشد کامل پہلے ہی روز جمعیت کی خاطر دیتا ہے جس سے طالب جملہ مقصود اور مطالب پا کر لایحتاج ہو جاتا ہے۔ اللہ بس ماسوئی اللہ ہوس۔ یہ نفس پر غالب فقیر کے مراتب ہیں۔ جس کسی نے دولت وعزت، کرامت وشرف، گنج، حلم وعلم وحکمت اور جمعیت ومراتب اور منصب، معرفتِ توحید اور بادشاہی پائی اللہ کے فقیر سے ہی پائی۔ فقیر اللہ کے تمام خزانے اور درجات اور ان پر تصرف معرفتِ الٰہی اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنا رفیق، وسیلہ اور پیشوا بنا کر حاصل کرتا ہے۔ یہ فقیر ولی اللہ اہلِ ذات کی ذمہ داری ہے کیونکہ فقیر نے فقر کے مرتبہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا پر پہنچ کر ابدی حیات حاصل کر لی ہوتی ہے اور مراتبِ موت فقیر کے لیے حیات ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ یُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ (یونس-31)

ترجمہ: وہ (اللہ) زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

۞ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ

ترجمہ: بے شک اولیا اللہ مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہوتے ہیں۔

مطلب یہ کہ فقیر اہلِ توحید اور فقیر اہلِ تقلید کو کن مراتب کی بنا پر پہچانا جا سکتا ہے؟ اوّل یہ کہ وہ طالبوں کو اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور، استغراق، مشاہدۂ نورِ ذات اور حضوری میں مشغول رکھتے ہیں، دوم عملِ دعوت، جس میں طالب اہلِ قبور کی ارواح سے ملاقات کرتے ہیں اور ان کے

---

[1] زبان سے پڑھی جانے والی دعوت [2] قلب سے پڑھی جانے والی دعوت [3] روح سے پڑھی جانے والی دعوت

Marfat.com

مراتب کا مشاہدہ کر کے فنافی اللہ کی حضوری کے مراتب تک پہنچتے ہیں۔ مرشد کامل یہ دونوں مراتبِ فقر طالبِ صادق کو پہلے ہی روز علم سے تلقین کرتا ہے اور دیگر فقرا کو ان کے مراتبِ کن کی طاقت سے شناخت کیا جا سکتا ہے جو کسی بھی شے کے لیے کن یعنی 'ہو جا' کہتے ہیں تو اللہ کے حکم سے بلاشبہ وہ ہو جاتی ہے خواہ دیر سے ہو خواہ جلدی۔ فقیر کا کلام حکیم یعنی اللہ تعالیٰ کی حکمت سے خالی نہیں ہوتا اور نہ ہوگا۔ مطلب یہ کہ اگرچہ دنیاوی بادشاہ دن رات کثرت سے خزانہ خرچ کرے اور ہزارہا لشکر ایک جگہ جمع کرے اور دن رات ریاضت سے بے شمار مرتبہ دعوت پڑھتا رہے تب بھی ان سب سے فقیرِ کامل کی ایک بار کی توجہ بہتر ہے۔ فقیر کو یہ توجہ اللہ کے قرب اور معرفت کی تحقیق سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ توجہ روز بروز ترقی کی جانب رواں اور ہمیشہ قائم و سلامت رہتی ہے اور قیامت تک نہیں رکتی۔ فقیر جب تک دنیاوی بادشاہ کی طرف ظاہر و باطن میں توجہ نہ کرے بادشاہ کی مہم فتح و کامیابی سے انجام کو نہیں پہنچ سکتی اگرچہ وہ پتھر سے سر ٹکراتا رہے۔ بادشاہ فقیر کی نظر میں گدا ہے کیونکہ بادشاہ کو بادشاہی فقیر سے خیرات کی صورت میں ملتی ہے۔ فقر اللہ کے حکم سے بااعتبار ہوتا ہے۔ بیت

حمایت را کہن دامان درویش
بہ از سد سکندر مدد بیش

ترجمہ: حمایت کے لیے درویش کا پرانا دامن (لباس) سکندر (بادشاہ) کی تانبے کی دیوار سے زیادہ بہتر ہے۔

اگر دنیاوی بادشاہ فقیر ولی اللہ سے ملاقات کرنا چاہے تو وہ ہرگز نہیں مل سکتا لیکن اگر فقیر دنیاوی بادشاہ سے مجلس اور ملاقات کرنا چاہے تو ایک لمحہ میں بادشاہ غلام کی مثل ننگے پاؤں خدمت میں حاضر ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فقیر کو اس قدر قوت اور توفیق بخشی ہوئی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ لذت و جمعیت، معرفتِ توحید اور قربِ ربانی کے مراتب ملکِ سلیمانیؑ کی بادشاہی سے بہتر ہیں۔

بیت:

Marfat.com

بہ ز ہر لذت بود لذت لقا

لذت دنیا چہ باشد بی بقا

ترجمہ: ہر لذت سے بہتر لقائے الٰہی کی لذت ہے اور لذتِ دنیا بے بقا ہے لہٰذا بے فائدہ ہے۔

فقیر بادشاہ کی طرف ہرگز رجوع والتجا نہیں کرتا اور نہ ہی اس کی طرف جاتا ہے سوائے حکمِ الٰہی اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے اجازت کے بعد۔ فقیر اگرچہ فقر وفاقہ کے باعث مر جائیں لیکن اپنے قدم بادشاہ کے دروازے تک نہیں لے جاتے اور فاقہ میں ہی لذت وذائقہ پاتے ہیں اور اگر حکمِ الٰہی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اجازت سے بادشاہ کے دروازے پر قدم رکھنا پڑے تو بادشاہ کی دنیاوی محبت کو تبدیل کر کے خدا کی طرف مبذول کر دیتے ہیں اور جمعیت عطا کر کے خدا کے سپرد کر دیتے ہیں تب دنیاوی بادشاہ اور ولی اللہ فقیر کو مراتبِ قرب، عین بعین حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح حاصل ہوتے ہیں۔ فقیر ولی اللہ دنیاوی بادشاہ پر غالب ہوتا ہے۔

نہ بہر سر بود لائق بادشاہی

و نہ در ہر دل گنج اسرارِ الٰہی

ترجمہ: ہر سر بادشاہی کے لائق نہیں اور نہ ہی ہر دل میں اسرارِ الٰہی کے خزانے ہو سکتے ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس کو دیکھنے سے فقیر ولی اللہ کی کلمہ کی حقیقت حاصل ہوتی ہے جس سے تمام مخلوق کو خیر اور جمعیت عطا ہوتی ہے جیسا کہ حدیثِ مبارکہ ہے:

✿ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسِ

ترجمہ: لوگوں میں بہتر وہ ہے جو دوسرے لوگوں کو نفع پہنچائے۔

اگر فقیر چاہے تو گدا، مفلس، عاجز اور محتاج پر توجہ کرتے ہوئے مسند وتختِ بادشاہی سے نواز دے اور اگر چاہے تو تمام عالم کی ملکیت رکھنے والے بادشاہ کو اس کی بادشاہی سے معزول کر دے۔

صاحبِ تصور فقیر جو مشاہدۂ پروردگار کرتا ہے وہ حکمِ الٰہی اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ

Marfat.com

وسلم کی رخصت واجازت کی بدولت صاحبِ اختیار ہوتا ہے۔

لِسَانُ الْفُقَرَآءِ سَیْفُ الرَّحْمٰنِ

ترجمہ: فقرا کی زبان رحمٰن کی تلوار ہے۔

فقیر لاھوت لامکان میں رہنے والا ہوتا ہے جو ہر شے کو اپنی آنکھوں سے عیاں دیکھتا اور بیان کرتا ہے۔ اور جو کوئی اولیا اللہ، فقیر ولی اللہ اور درویشوں کا منکر ہوتا ہے وہ ہمیشہ پریشان اور بے جمعیت رہتا ہے۔ اس طرح کی دعوتِ لطفِ کریم سے اللہ کا قرب، تصور، تصرف، نور، حضوری اور توجہ عطا ہوتی ہے جبکہ دعوتِ قہرِ عظیم زوال کا باعث بنتی ہے۔ دعوتِ لطفِ کریم سے روز بروز لازوال ترقی نصیب ہوتی ہے۔ فقیرِ کامل، ولی اللہ علما عامل عارف باللہ جو اللہ کی ذات سے مکمل واصل اور محقق اکمل بقا باللہ ہوتا ہے، وہ اپنے صادق و باصفا طالب مرید اور شاگرد کو ذکر، فکر اور ورد وظائف میں ہرگز مشغول نہیں کرتا بلکہ ایک ہی بار میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں داخل کر کے حضوری سے مشرف کر دیتا ہے اور طالب کا مرتبہ اپنے مرتبہ کے برابر کر دیتا ہے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے باطنی تعلیم و تلقین اور ہدایت وولایت کے منصب و مراتب عطا کرواتا ہے۔ پیر و مرشد کامل جسے دائمی حضوری کے مراتب حاصل ہوں اس کے لیے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچانا کیا مشکل اور بعید ہے۔ جو پیر و مرشد حضوری کی کرامت کے متعلق نہیں جانتا اور طالب مرید کو حضوری میں نہیں پہنچا سکتا وہ پیر و مرشد ناقص و ناتمام ہے اور اس سے تلقین حاصل کرنا اور اس مرشد کا طالب مرید ہونا مطلق حرام ہے۔ پیر و مرشد وہ ہے جو تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے طریقِ تحقیق اور توفیقِ الٰہی سے حضوری عطا کر دے نہ کہ بدعت و منافقت میں مصروف رکھے اور نہ ہی صدق و تصدیق کے بغیر راہ پر چلے۔ مرشد وہ ہے جو نگاہ سے اللہ کا قرب اور حضوری کے مراتب عطا کرنے سے آگاہ ہو۔ جو کوئی قربِ الٰہی کی راہ نہیں جانتا وہ گمراہ ہے۔ اس کے لیے طالبوں کو مرید بنانا گناہ ہے۔ صاحبِ دانش و باشعور عالم جو اللہ کے علم کا طالب ہو اور اللہ کی معرفت اور حضوری کے لائق ہو اس کے لیے علمِ ظاہر حاصل کرنا لازم ہے اور

Marfat.com

اس کے ساتھ معرفت اور قربِ الٰہی کا علمِ باطن جو کہ علمِ حضوری ہے' بھی ضروری ہے۔ جس کے پاس یہ دونوں علم ہیں وہ حق کی کسوٹی کی مثل ہے اور حق کی حق الیقین سے تحقیق کرنے والا ہے۔ طالب کو مرشد سے یا مرید کو پیر سے یا شاگرد کو استاد سے سب سے پہلے علمِ کیمیا اکسیر طلب کرنا چاہیے کیونکہ علمِ کیمیا اکسیر کے بغیر طالب دینی و دنیوی مطالب و مراتب تک ہرگز نہیں پہنچ سکتا۔ اور بغیر جمعیت حاصل کیے طالب حیران و پریشان رہتا ہے جبکہ جمعیت حاصل کر کے طالب اصل انسان بنتا ہے۔ علمِ کیمیا اکسیر کے بارہ طریق ہیں جن پر عمل سے عامل کو توفیقِ الٰہی حاصل ہوتی ہے۔ جو مرشد نالائق طالب کو اور پیر ناقص مرید کو اور استاد بدبخت شاگرد کو علمِ کیمیا اکسیر نہ بتاتا ہے اور نہ ہی اس کا عمل عطا کرتا ہے کیونکہ اس کا وجود نفس مردود کی قید میں ہے اور وہ غلیظ، کم حوصلہ اور غلط ہے۔ خدا کا غضب ہو اس بے حیا پر جو پیر، مرشد اور استاد سے (تلقین کے بعد بھی) خوار و خراب ہوتا ہے۔ اور جو مرشد لائق اور صادق و کامل طالب اور مرید لائق مرید کو علمِ کیمیا اکسیر بخشتا ہے تو یہ کارِ ثواب ہے اور کیمیا اکسیر کے لائق طالب کا وجود بھی اکسیر ہوتا ہے جو ظاہراً دل سے غنی ہو اور باطن میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہو اور دینِ محمدی پر قوی ہو۔ اسے کیمیا اعظم کہتے ہیں۔ جان لو کہ علمِ کیمیا اکسیر پر عمل کے لیے بارہ ہزار راستے ہیں جو عامل کامل کی نظر میں آسان کام ہیں لیکن ناقص کے لیے بہت مشکل اور دشوار کام ہے اگرچہ تمام عمر پتھر سے سر ٹکراتا رہے کیونکہ اس کا دل سیاہ ہوتا ہے۔

گر نبودے عمل ظاہر کیمیا
کے رسیدے از غنایت کیمیا

ترجمہ: اگر کیمیا سے عمل ظاہر نہ ہوتا تو غنایت تک کیسے پہنچا جا سکتا تھا۔

بہ بود از کیمیا صاحب نظر
نظر عارف بہ بود از سیم و زر

ترجمہ: صاحبِ نظر عارف کی نگاہ سیم و زر اور کیمیا سے بہتر ہے۔

Marfat.com

کیمیا دو قسم کی ہے اوّل کیمیا جو ہنر سے حاصل کی جاتی ہے اور دوم کیمیا جو اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتی ہے اور سونا و چاندی سے بہتر ہے۔ ان دونوں کیمیا کو عمل و تصرف میں لانا طالب کے لیے ضروری اور فرضِ عین ہے۔ لہٰذا ہر کیمیا کو عمل و تصرف میں لایا جا سکتا ہے لیکن طالب ہنر والی کیمیا کو چھوڑ دیتا ہے اور اس کا دل اس سے بیزار ہو جاتا ہے اور جمعیت و غنایت سے مرتبہ فقر اختیار کرتا ہے اور وہی مرد ہے۔ جس طرح کیمیا کے علم کو حاصل کرنا طالب پر فرضِ عین ہے اسی طرح عملِ کیمیا کو بھول جانا بھی فرضِ عین ہے۔ جب طالب معرفتِ وحدت میں غرق ہو جاتا ہے تو اسے عملِ کیمیا بالکل یاد نہیں رہتا۔ طالب جب لازم کیمیا ہنر کو مکمل کر لیتا ہے تو کیمیا جسم کی طرف آتا ہے جس میں تانبے جیسے وجود کے مردہ دل کو اللہ کی معرفت عطا کر کے قرب اور حضوری میں لے جاتا ہے جس سے وہ زندہ ہو کر خالص سونے کی مثل ہو جاتا ہے۔ کیمیا کی دوسری بہت سی قسمیں ہیں جیسا کہ کیمیا جسم، کیمیا نظر، کیمیا زبان، کیمیا روح، کیمیا سرّ، کیمیا ہاتھ، کیمیا پاؤں، کیمیا توجہ، کیمیا تصور، کیمیا تصرف، کیمیا وھم، کیمیا الہام، کیمیا خیال، کیمیا دلیل، کیمیا معرفت، کیمیا قرب، کیمیا نور، کیمیا حضور، کیمیا روشن ضمیر، کیمیا بر نفس امیر اور جملہ کیمیا اکسیر اور جملہ دعوتِ تکثیر۔ ان سب کا مجموعہ اور دوسرے سب کیمیا فنا فی اللہ فقیر (مرشد کامل) سے حاصل ہوتے ہیں۔ مرشد کامل اگر طالبِ صادق کو پہلے ہی روز مرتبہ عمل عطا نہیں کرتا تو وہ طالب ہرگز معرفت جمالِ حق تک نہیں پہنچ سکتا۔ ایسا طالب مرشد کی گردن پر وبال ہے۔ یہ مراتبِ کیمیا آسان کام ہیں۔ مرشد کامل وہ ہے جو سب سے پہلے طالبِ مولیٰ کو اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حضوری عطا کر دے اور پہاڑوں میں جو سنگِ پارس پوشیدہ ہوا سے طالب کے تصرف میں دے دے جو لوہے کو خالص تانبے میں تبدیل کر دیتا ہے۔ (مرشد کامل) ہر علم، حکمت، گنج، جمعیت، ذکر فکر اور ورد و ظائف، ہر تصور، تصرف، توجہ، علمِ کیمیا اکسیر، علمِ دعوتِ تکسیر، ہر دولت و مراتب اور نعمتِ کل و جزیاان کا نعم البدل عطا کرتے ہوئے سنگِ پارس کے مراتب عطا کرتا ہے اور طالب کو ماضی، مستقبل اور حال کے احوال سے واقف کرتے ہوئے صاحبِ توفیقِ الٰہی بنا دیتا ہے اور جس طالب کو مرشد یہ سب

Marfat.com

مراتب اور علم عطا نہیں کرتا وہ امانتِ الٰہیہ کے لائق نہیں۔ جسے علمِ دعوت پڑھنے سے جمعیت حاصل ہوتی ہے وہ ازل کو ابد سے تبدیل کرنے اور دنیا کو عقبیٰ سے تبدیل کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ وہ ان چاروں نعم البدل ابد، نعم البدل ازل، نعم البدل دنیا و ملکِ سلیمانی اور نعم البدل عقبیٰ پر تصرف رکھتا ہے۔ اگر تمام پوشیدہ و کھلے خزانوں کو تصور میں اپنے تصرف میں دیکھتا اور سمجھتا ہے لیکن خرچ کرنا نہیں جانتا تو کچھ فائدہ نہیں۔ اور جب حقیقی نعم البدل (وہ طالب جو مرشد کی ذات میں خود کو تبدیل کر لیتا ہے) یقیناً تمام خزانوں، نعمتوں اور ہر نعم البدل پر تصرف رکھتے ہوئے تمام مراتب کو ترک کر دیتا ہے اور ثابت قدم رہتا ہے تو وہ ہر شے سے لا یحتاج ہو جاتا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کی صفت اختیار کر لیتا ہے۔ حدیثِ قدسی:

عِبَادُ الَّذِيْنَ قُلُوْبُهُمْ عَرْشِيَةٌ وَ اَبْدَانُهُمْ وَحْشِيَةٌ وَهِمَّتُهُمْ سَمَاوِيَّةٌ وَثَمَرَةُ الْمُحَبَّةِ فِيْ قُلُوْبُهُمْ مُقَدَّسَةٌ وَ خَوَاطِرُهُمْ بَيْنَ الْخَلْقِ جَاسُوْسَةُ سَمَآءُ سَقْفُهُمْ وَالْاَرْضُ بَسَاطُهُمْ وَ ذِكْرُ اَنِيْسُهُمْ وَرَبُّ جَلِيْسُهُمْ۔

ترجمہ: اللہ کے ایسے بندے بھی ہیں جن کے قلوب عرش پر اور ان کے وجود پُر جوش اور ان کی ہمتیں بلند ہیں اور ان کے دلوں میں محبت کے مقدس پھل ہیں اور ان کے خیالات مخلوق کے درمیان جاسوس ہیں۔ آسمان ان کی چھت اور زمین ان کا بچھونا ہے۔ ذکر ان کا مددگار اور ربّ ان کا ساتھی ہوتا ہے۔

حدیثِ قدسی:

عِبَادُ الَّذِيْنَ اِيْجَادُهُمْ فِي الدُّنْيَا كَمَثَلُ الْمَطَرِ اِذَا نَزَّلَ فِي الْبَرِّ اَنْبَتَ الْبَرّ وَ اِذَا نَزَّلَ فِي الْبَحْرِ خَرَجَ الدُّرِّ

ترجمہ: اللہ کے بندے ایسے بھی ہیں کہ جن کے وجود دنیا میں بارش کی مثل ہیں کہ جو خشکی پر برستی ہے تو (زمین پر) سبزہ اُگاتی ہے اور جب سمندر پر برستی ہے تو موتی نکالتی ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

Marfat.com

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا (الفرقان-63)

ترجمہ: اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر نرمی سے چلتے ہیں اور جب جاہل ان سے مخاطب ہوتے ہیں تو وہ انہیں سلام کہتے ہیں۔

دانا اور آگاہ ہو جاؤ۔ سب سے پہلے اپنے دل سے غلط اور غلاظت کو نکال پھینک۔ اگر طالب حضرت پیر محی الدین قدس سرہٗ العزیز کا صادق و صالح مرید ہے تو وہ ہمیشہ حضرت پیر دستگیر کی آستین میں اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے اور اگر کوئی طالب مرید و اولاد بدکار ہے اور نیک نہیں تو حضرت پیر دستگیر اس طالب مرید و فرزند کی آستین میں ہوتے ہیں۔ جو کوئی ان سے دشمنی کرتا ہے یا تکلیف پہنچاتا ہے تو ناگہانی موت یا بیماری یا کم رزقی کی تیغ برہنہ اسے قتل و خراب کر دیتی ہے۔ جو حضرت پیر دستگیر کے طالب مرید اور فرزند کو تکلیف پہنچاتا ہے وہ احمق ہے۔ پیر دستگیر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزیر ہیں۔ عقلمند کے لیے ایک اشارہ ہی کافی ہے۔

جان لو کہ فقیرِ کامل عارف باللہ کو دو مراتب سے پہچانا جا سکتا ہے ظاہری طور پر وہ توفیقِ الٰہی کا حامل ہوتا ہے اور باطنی طور پر اسے تحقیق کے مراتب حاصل ہوتے ہیں۔ توفیقِ الٰہی کے ظاہری مراتب کونسے ہیں اور تحقیق کے باطنی مراتب کونسے ہیں۔ توفیقِ الٰہی یہ ہے کہ جو کچھ دنیا کے تصرفات اور خزانے ہیں اور جو کچھ زمین و آسمان میں ہے، سب اس کے قبضہ و قید میں آ جائے۔ ان ظاہری مراتب کو اللہ کریم کی صفت لایحتاج کہتے ہیں کہ وہ دن رات اس خزانہ میں سے جس قدر خرچ کرتا ہے کم نہیں ہوتا۔ مشرق سے مغرب تک تمام عالم کو رزق پہنچانا اسی کے لائق ہے اور اس فقیر کے لیے ضروری ہے کہ اس خزانہ میں سے زکوٰۃ دے کہ اس کے تصرف میں اللہ کے بے شمار اور بے حساب خزانے ہیں۔ ایسے کامل صاحبِ توفیق کا خطاب خازنِ الٰہی اور فوطہ دار ہے۔ جو فقیر ان مراتب کا حامل نہیں وہ اللہ کے قرب سے دور اور معرفتِ توحید سے بے خبر ہے۔ دوم مراتبِ تحقیق یہ ہیں کہ باطل توفیق کو چھوڑ دے اور معرفتِ حقیقتِ حق کو اختیار کر لے۔ صاحبِ

Marfat.com

مراتبِ تحقیق وہ ہے جو صادق، صدیق اور عارف باتصدیق ہوتا ہے اور جسے معرفتِ توحید، قرب، حضوری اور مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ وہ توحید و دیدارِ الٰہی میں غرق انبیا و اولیا کی مجلس میں ان سے ملاقات کرتا ہے۔ وہ علمِ معرفت، علمِ توحید اور علمِ نظر کا عالم ہوتا ہے جس کی توجہ خضر علیہ السلام سے بھی زیادہ طاقتور ہوتی ہے اور وہ علمِ لدنی، علمِ توجہ، علمِ تفکر، علمِ وجود، علمِ فنا، علمِ بقا اور علمِ وصالِ الٰہی کا عالم ہوتا ہے۔ یہ ہیں مراتبِ تحقیق۔ مرشد تحقیق (بیعت کے) پہلے ہی روز ہر علم سے تحقیق کے مراتب تک پہنچاتا ہے اور علمِ ظاہر سے جدا کرتا ہے۔ جان لو اے عزیز! معلوم ہوا کہ لائقِ ارشاد مرشد وہ ہے جسے ظاہری طور پر توفیقِ الٰہی حاصل ہو اور اس کا باطن حق پر تحقیق کیا جا سکتا ہو۔ سب سے پہلے طالب پر فرضِ عین ہے کہ کسوٹی کی مثل مرشد کی مراتبِ تحقیق و توفیق سے آزمائش کرے۔ اگر مرشد درست اور صحیح ہے تو طالب کو نظر اور توجہ سے مراتبِ تحقیق اور توفیق تک پہنچا سکتا ہے تو ایسے مرشد سے تلقین و ارشاد حاصل کرے کیونکہ وہ مرشد کامل مکمل ہے اور اگر مرشد بے توفیق اور بے تحقیق ہے تو طالبِ صادق کے لیے مرشد ناقص و ناتمام سے تلقین حاصل کرنا حرام ہے۔ ابیات

طالبا! باخبر باشی دام دار
دام گردانے بود گشتن طیار

ترجمہ: اے طالب! تو خبردار ہے تو اپنا جال تیار رکھ کہ اگر جال میں دانے ہوں تو پرندوں کو پکڑا جا سکتا ہے (یعنی اپنا مطلب حاصل کیا جا سکتا ہے)۔

طالبا! گر عاقلی عارف شناس
میشناسد عارفان اہل از قیاس

ترجمہ: اے طالب! اگر تو عقلمند ہے تو اصل عارف کو پہچان۔ عارفین کو اہلِ قیاس ہی (ان کی نشانیوں سے) پہچانتے ہیں۔

Marfat.com

کی بوند این عارفان دل صفا

از طالبان زر سیم گیرند بی حیا

ترجمہ: یہ بے حیا (نام نہاد) عارفین دل صفا کیسے ہو سکتے ہیں جو طالبوں سے مال و دولت بٹورتے ہیں۔

بعض فرقے ایسے ہیں جن کا ظاہر تحقیق شدہ لیکن باطن زندیق ہوتا ہے جو کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقہ کار کے خلاف ہے اور بعض کا ظاہر و باطن زندیق ہوتا ہے جن کے متعلق اللہ پاک نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا:

❁ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ (البقرہ-44)

ترجمہ: کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو۔

اور بعض کا باطن تحقیق شدہ ہوتا ہے لیکن ان کا ظاہر زندیق ہو جاتا ہے کیونکہ وہ شریعت اور اسلام کے احکامات کی پیروی نہیں کرتے۔ بعض کا ظاہر باطن حق سے تحقیق ہوتا ہے جو حق بولتے، حق سنتے، حق دیکھتے اور حق جانتے ہیں۔ ان کا راستہ حق اور سچائی کا راستہ ہوتا ہے اور وہ باطل سے بیزار ہوتے ہیں۔ صاحبِ حق کا باطن بھی برحق ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ كُلُّ بَاطِنٍ مُخَالِفٌ لِظَاهِرٍ فَهُوَ بَاطِلٌ

ترجمہ: ہر وہ باطن جو ظاہر کا مخالف ہو وہ باطل ہے۔

ابیات:

گر یک رنگ شوی یکتا صفا

تا بیابی معرفت وحدت لقا

ترجمہ: اگر تو ظاہر و باطن میں ایک جیسا اور پاکیزہ ہو جائے تب تُو معرفتِ وحدت اور لقائے الٰہی حاصل کر لے گا۔

Marfat.com

در دو رنگی دل بود روئے سیاہ
این مراتب کاذبان قہر از خدا

ترجمہ: اگر دل میں منافقت ہو یعنی ظاہر باطن کے مخالف ہو تو دل سیاہ ہوتا ہے۔ کاذبوں کے یہ مراتب اللہ کے قہر کے باعث ہیں۔

جان لو کہ فرقے تہتر قسم کے ہیں اور کوئی فرقہ خود کو غلط نہیں سمجھتا اور ہر فرقہ یہی کہتا ہے کہ اس کا فرقہ نجات یافتہ اور حق کے راستہ پر ہے۔ پس معلوم ہوا کہ ہر فرقہ کی راہ ایک ہی علم سے ہے اور بہتر (۷۲) فرقے خلافِ شریعت اور سنت جماعت کے مخالف ہیں جس کے باعث وہ گمراہ ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ فقیر عارف اسے کہتے ہیں جو ان تہتر (۷۳) فرقوں کے متعلق جانتا ہے اور ہر فرقہ کا علم سیکھتا ہے۔ فرقہ سنت جماعت درحقیقت حق تک پہنچاتا ہے اور بہتر (۷۲) باطل فرقوں پر علمِ حق کے ذریعے غالب آتا ہے اور باطل کو دور کرتا ہے کیونکہ فرقہ سنت جماعت سعید ہے اور اس فرقہ کی بنیاد معرفت اور وصالِ الٰہی پر ہے جسے قرآن شریف (کی تعلیمات پر عمل) سے سیکھا جا سکتا ہے اور یہی توحید کا مغز ہے۔ سنت جماعت کے علاوہ تمام تقلید کرنے والے شقی ہیں۔

جان لو کہ علم بہت سے ہیں، کسی بھی فرقہ کا راستہ علم سے بعید اور خارج نہیں۔ پس درسِ علم دو قسم کا ہے پہلا علمِ ظاہر جو یہ درس دیتا ہے کہ تمام عالم شریعت اور تقدیر کے احاطہ میں ہے۔ دوسرا علمِ باطن جو معرفت کا علم ہے اور اللہ لطیف کی رضا کا حکم دیتا ہے۔ پس علمِ باطن کے سات درس ہیں جو سات طریق سے پڑھائے جاتے ہیں اور سات توفیقِ الٰہی، جمعیت وحکمت اور تحقیق عطا کرتے ہیں کیونکہ طالبانِ مولیٰ کو عارف مرشد علم عطا کرتا ہے اور باطن میں مطالب کی انتہا تک پہنچاتا ہے چنانچہ اوّل علم ذکر ہے جو درسِ ذکر سے حاصل ہوتا ہے اور علمِ ذکر کا عالم بناتا ہے۔ دوم علمِ فکر ہے جو درسِ فکر سے حاصل ہوتا ہے اور علمِ فکر کا عالم بناتا ہے۔ سوم علمِ مذکور ہے جو اللہ کے متعلق علم کے سبق سے حاصل ہوتا ہے اور علمِ الٰہی کا عالم بناتا ہے۔ چہارم علمِ الہام ہے جو درسِ الہام سے حاصل ہتا ہے اور عالمِ الہام بناتا ہے۔ پنجم علمِ مشاہدہ اور علمِ حضوری ہے جو مشاہدہ اور حضوری کے سبق

Marfat.com

سے حاصل ہوتا ہے اور اللہ کے مشاہدہ اور حضوری کے علم کا عالم بناتا ہے۔ ششم علمِ غرق ہے جو غرق کے سبق سے حاصل ہوتا ہے اور غرق کے علم کا عالم بناتا ہے۔ ہفتم علمِ معرفت اور دیدارِ الٰہی ہے جو درسِ معرفت و دیدارِ الٰہی سے حاصل ہوتا ہے اور معرفت اور دیدارِ الٰہی کا عالم بناتا ہے۔ یہ مرتبہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے پہلے مرجاؤ) پر پہنچنے سے حاصل ہوتا ہے جب طالب انوار میں غرق مطالعۂ دیدار میں مصروف ہوتا ہے تب وہ اس آیت کریمہ کے مصداق ہوتا ہے جو انسانِ کامل کا نصیب ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (النجم-17)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نگاہ نہ بھٹکی اور نہ حد سے بڑھی۔

❁ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ (العلق-5)

ترجمہ: انسان کو وہ سب علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا (الکہف-65)

ترجمہ: اور اسے علمِ لدنّی سکھایا۔

❁ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ (الکہف-24)

ترجمہ: اور اپنے ربّ کا ذکر (اس قدر محویت سے) کر کہ تو (خود کو بھی) فراموش کر دے۔

❁ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (البقرہ-31)

ترجمہ: اور آدمؑ کو تمام اسما کا علم عطا فرمایا۔

تقویٰ کے بغیر معرفت اور توحیدِ الٰہی حاصل نہیں ہوتی اور علمِ تقویٰ اور متقی عالم چار قسم کے ہیں۔ اوّل علمِ تقویٰ فقہ ہے کہ متقی عالم زبان سے مسائلِ فقہ بیان کرے، حلال رزق کمائے اور سچ بولے۔ دوم علمِ تقویٰ تصدیق ہے کہ اس کا متقی عالم اس کے علم کے حصول کے لیے اپنے نفس کو فنا کرنے کے بارے میں تفکر کرتا ہے۔ سوم علمِ تقویٰ اللہ کا فیض ہے جس کا متقی عالم اس سے فرحتِ

Marfat.com

روح حاصل کرتا ہے۔ چہارم علمِ تقویٰ فضلِ الٰہی ہے کہ اس کا متقی عالم اسرارِ پروردگار کا مشاہدہ کرتا ہے اور مشرفِ دیدار ہوتا ہے جو کہ روزِ الست سے اس کا نصیبہ ہے۔ متقی عالم کے یہ تمام مراتب جب ایک جگہ جمع ہوتے ہیں تو اسے تقویٰ ہدایت کہتے ہیں یعنی متقی عالمِ ازلی فیض وفضل کا باعث ہوتا ہے جو اللہ کی اس آیت کریمہ کے بموجب ہوتا ہے:

❁ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۙ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ (البقرہ-3,2)

ترجمہ: اس (کتاب) میں کوئی شبہ نہیں۔ اس میں متقین کے لیے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

پس ایسا متقی عالم باطن میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہم مجلس ہوتا ہے۔ وہ اللہ کے دیدار و لقا کے راستے پر چلنے والا ہوتا ہے جو دونوں جہان کا مشاہدہ بے حجاب کرتا ہے اور جنت اس کے لیے خواہشاتِ نفس ہے۔ پس اس کا مکان لاھوت لامکان ہوتا ہے جہاں وہ اللہ کی رحمت سے اس کے دیدار سے مشرف ہوتا ہے اور رحمٰن کے علم کو حاصل کرنے میں مشغول ہوتا ہے۔ جو عالم دیدار کرنا نہیں جانتا اور علمِ دیدار کا سبق نہیں پڑھتا وہ جاہل ہے جو باطن سے معرفت کی خبر وصول کرنا نہیں جانتا۔ وہ بے حصول ہے۔ اگر راہِ باطن میں ایسی کرامت اور دیدار کی نعمت، دائمی دولت، مشاہدہ، حضورِ حق اور مجلسِ محمدی کی حضوری نہ ہوتی تو راہِ باطن پر چلنے والے سب گمراہ ہو جاتے کیونکہ مرد طالب کے لیے معرفت و دیدارِ الٰہی شکر کا ذریعہ ہیں۔ وہ کونسی راہ ہے کہ جس سے ظاہر و باطن کا تمام علمِ تقویٰ، معرفت، ذکر، فکر، دیدارِ نور، حضورِ حق، مشاہدہ، قربِ حق اور جمعیت حاصل ہوتی ہے کہ ایک ہی نظر میں تمام مراتب اس کے تصرف میں آجائیں۔ وہ حضوری کی راہ ہے جو اسم اَللّٰهُ ذات سے حاصل ہوتی ہے۔ مرشد کامل جملہ آیاتِ قرآن، اسمِ اعظم اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے حاصل ہونے والی حضوری کا سبق پہلے ہی روز دے دیتا ہے اور طالبِ صادق کو توفیقِ الٰہی اور تحقیق سے حقیقت دکھاتا ہے۔ ایسا مرشد کامل رفیق ہونا چاہیے۔ اے احمق! یہ صاحبِ شرع عارفین کے مراتب ہیں جبکہ اہلِ بدعت قومِ زندیق سے تعلق رکھتے ہیں۔ اللہ بس

Marfat.com

ماسویٰ اللہ ہوس۔ جان لو کہ وہ کونسا علم ہے کہ تمام مجموعۂ فرائض اس ایک فرض علم میں شامل ہوں؟ اور وہ کونسا علم ہے کہ مجموعۂ سنت ایک سنت میں شامل ہو۔ وہ کونسا علم ہے کہ مجموعۂ مستحب ایک علمِ مستحب میں شامل ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اَلْعِلْمُ نُكْتَةٌ ترجمہ: علم ایک نکتہ ہے۔

ابیات:

علم سہ حرف است یک نکتہ علم
نکتہ دانی عارف و عالم چہ غم

ترجمہ: علم کے تین حروف ہیں جو ایک نکتہ میں سمائے ہیں۔ اگر تو اس نکتہ کو جان لے تو عارف ہو جائے گا کیونکہ اس نکتہ کو جاننے والا ہر غم سے آزاد ہوتا ہے۔

ہر علم شرح است علم از معرفت
عالم و عارف خضرؑ عیسیٰؑ صفت

ترجمہ: ہر علم، علمِ معرفت کی شرح ہے۔ عالم و عارف خضرؑ اور عیسیٰؑ کی صفات کے حامل ہوتے ہیں۔

باھُوؒ ہر علم را از علم دریافتہ
علم عین از عین باخود ساختہ

ترجمہ: باھُوؒ نے ہر علم اسی علمِ معرفت سے پایا ہے۔ یہ علمِ عین ذات' اللہ سے حاصل ہوتا ہے جسے باھُوؒ نے خود اپنا رفیق بنایا ہے۔

علم کے تین حروف ہیں ع، ل، م۔ علم کا 'ع' علیٰ تک پہنچاتا ہے اور 'ل' لا یحتاج بناتا ہے اور علم کا 'م' مردانِ خدا کو محبت، معرفت، مشاہدہ، مجلسِ انبیا و اولیا اللہ کی حقیقت سے آگاہ کرتا ہے۔ یہ سب مراتب حاصل کرنا اصل علم جاننا ہے۔ جس کے بعد طالب کا دل دائمی طور پر خدا کے ساتھ مشغول رہتا ہے اور وہ ظاہری طور پر صفائے قلب کے لیے مطالعۂ تصوف میں مصروف رہتا ہے۔

Marfat.com

زبان صحیح اقرار کرتی ہے اور قلب تسبیح کے ساتھ تصدیق کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ

ترجمہ: زبان سے (ایمان کا) اقرار کرو اور قلب سے تصدیق کرو۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

علمِ ظاہر چراغ کی مثل ہے جس سے صرف عالم کے گھروں میں روشنی ہوتی ہے۔ علمِ باطن آفتاب کی مانند (سارے جہان میں) فیض رساں ہے۔ عالم باللہ عارف روز بروز نورِ آفتاب کی مثل طلوع اور ظاہر ہو کر تاریکی کو مٹاتا ہے۔ پس فقیر نورِ آفتاب ہے اور دنیا تاریکی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (البقرہ-257)

ترجمہ: اللہ مومنوں کا دوست ہے جو انہیں ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لے آتا ہے۔

اے عزیز! جاننا چاہیے کہ تمام عالمِ دنیا عرش سے تحت الثریٰ تک اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، پانی کی بلبلے کی مثل محض ہوا ہے اور وجودِ عالم کا انحصار بھی ہوا پر ہے۔ صاحبِ علم بھی پانی کی بلبلے کی مثل ہے۔ پس معلوم ہوا کہ وجودِ فقیر سمندر کی مثل ہے جس میں معرفت، توحید، مشاہدۂ حق، قربِ الٰہی، حضورِ حق، انوار اور دیدارِ نور شامل ہیں اور وجودِ فقیر علمِ حیّ و قیوم اور علمِ لدنّی کا عالم ہونے کے باعث سمندر ہے اور سمندر کے پانی پر بے شمار بلبلے اور جھاگ ہوتی ہے۔ جس وقت سمندر کا پانی بلبلے کو پانی کے نیچے لے جاتا ہے بلبلہ ہوا سے خالی ہو جاتا ہے اور سمندر کے پانی میں گم ہو جاتا ہے تب صرف سمندر کا پانی نظر آتا ہے۔ عالم اگرچہ تمام عمر عمل و ثواب میں صَرف کر دے تو بھی وہ بلبلے کی مانند ہے نہ کہ پانی کی مثل۔ جبکہ فقیر سمندر کی مثل ہے جس میں ہر موتی بے حجاب ہوتا ہے۔ ہر شے کو بے حجاب دیکھنے والے کو ثواب کی کیا ضرورت۔ عالم اور ولی اللہ فقیر میں یہی فرق ہے جو بلبلے اور سمندر کے پانی میں ہے۔ بلبلہ اگرچہ پانی سے اوپر ہوتا ہے لیکن اس کی اصل پانی ہی

Marfat.com

ہے کیونکہ بلبلہ پھٹنے کے بعد پانی بن جاتا ہے لیکن فقیر پانی میں موتی کی مثل ہے۔ علما کا مرتبہ اگر سمندر کا ہو تو فقیر کا مرتبہ موتی کا ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ علما کا مرتبہ زبان سے اقرار تک محدود ہے کہ زبان کا تعلق سر کے اندر منہ سے ہے اور فقیر کا مرتبہ علمِ تصدیق القلب ہے جو اسرار کا علم ہے جس کا مسکن سینہ میں قلب کے اندر ہے۔ عالمِ ظاہر شاگرد کو زبان سے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (فرما دیجیے کہ اللہ ایک ہے) کا سبق دیتا ہے اور فقیر عارف طالبِ مولیٰ کو توجہ اور نظر سے سبق دیتا ہے اور طالبِ مولیٰ تفکر سے دل میں کَفٰی بِاللّٰهِ (یعنی اللہ ہی میری کفایت کرتا ہے) پڑھتا ہے اور واضح طور پر جان کر کہتا ہے حَسْبِیَ اللّٰهُ (اللہ ہی میرے ہر معاملے میں کافی ہے)۔ اہلِ ظاہر کے لیے باطن اور علمِ باطن حجاب ہے اور اسی طرح اہلِ باطن کے لیے علمِ ظاہر حجاب ہے۔ فقیر عارف باللہ ظاہری آنکھ سے علمِ ظاہر کا مطالعہ کرتا ہے اور علمِ باطن سے روشن ضمیر ہو جاتا ہے جو نہ صرف علمِ ظاہر کی تفسیر بیان کرتا ہے بلکہ علمِ باطن سے عیاں مشاہدہ بھی کرتا ہے۔ ابیات:

علم باطن معرفت رہبر خدا
باز دارد حرص و حسد و ز ہوا

ترجمہ: علمِ باطن معرفتِ حق کے لیے راہبر ہے جو حرص، حسد اور خواہشاتِ نفس سے دور رکھتا ہے۔

بی زبانش علم خوانند از رسولؐ
علم باطن برد حاضر حق وصول

ترجمہ: طالب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے زبان علمِ باطن پڑھتے ہیں جو انہیں حق عطا کر کے حضوری میں پہنچا دیتا ہے۔

عارفان بے سر روند باپائے جان
آنجا جہان دیگر است دارالامان

ترجمہ: عارفین روح کے قدموں سے بے سر وہاں پہنچتے ہیں جو اس عالم سے مختلف اور دارالامن ہے۔

Marfat.com

جو کوئی دعویٰ کرتا ہے کہ اس کا قلب حیات ہے اور کدورت، خناس، خرطوم، وسوسۂ شیطان، واہمات اور خطرات سے نجات پا چکا ہے تو اس کے قلب کی حیات کا گواہ اس کا مشاہدہ، حضوری اور انوارِ دیدار سے مشرف ہونا ہے۔ زندہ قلب ذاکر کا قلب غلباتِ ذکرِ قلب کے باعث مشاہدۂ نور میں غرق ہوتا ہے اور قربِ الٰہی یا مجلسِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے جواب باصواب اور الہام و پیغام پاتا ہے۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ علمِ زبانی کا عالم جو صرف گفتگو کرتا ہے' کو کیا قدرت کہ زندہ قلب عالم کے احوال سے مقابلہ کرے۔ اگر جرأت کر لے تو جذبِ غضب اور جلالیت کے باعث رسوا ہو کر مجنوں، دیوانہ اور مجذوب ہو جائے گا۔ زندہ قلب صاحبِ حال کی کیا مجال کہ عالمِ روحانی جسے باطنی احوال حاصل ہوں' سے مقابلہ کرے۔ اور صاحبِ احوالِ روحانی عالم کی کیا طاقت کہ صاحبِ سِرّ عارفِ واصل کے سامنے سانس بھی لے اور صاحبِ سِرّ عارفِ واصل کی کیا ہمت کہ صاحبِ فنا و بقا جو مراتبِ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا پر ہو' کے سامنے دم مارے۔ اس کے متعلق فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ (یونس-31)

ترجمہ: وہ زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے۔

صاحبِ فنا بقا کو کیا اختیار کہ صاحبِ ذات' جو کہ نورِ توحید کا حامل ہو اور جمعیت کے مراتب طے کر کے جمالِ الٰہی کے لقا تک پہنچ گیا ہو' کے سامنے دم مارے۔ مراتبِ جامع وہم و فہم میں نہیں سما سکتے۔ ان کی نہ کوئی حد ہے نہ شمار۔ مرشد وہ ہے جو روزِ اوّل اسمِ اَللّٰہُ ذات اور مشق مرقومِ وجودیہ سے حاصل ہونے والی حضوری سے تمام مراتب ایک دم میں اس طرح طے کرا دے کہ تمام کائنات کا نظارہ ایک دم میں دکھا دے جس سے طالبِ مولیٰ کے دل میں کوئی افسوس باقی نہ رہے۔ جس کے بعد اس طالبِ مولیٰ کا وجود تلقین و ارشاد حاصل کرنے کے لائق بنتا ہے اور فقیر کے ارشاد سے طالبِ مولیٰ روزِ اوّل ہی فقیر بن جاتا ہے جو نفس، دنیا، شیطان اور دونوں جہان پر غالب ہوتا ہے۔ فقیر کے جسم و جان کے تمام اعضا نور بن جاتے ہیں حتیٰ کہ اس کی فکر، ذات، نفس، قلب اور

Marfat.com

روح بھی نور بن جاتے ہیں جسے حضوری حاصل ہوتی ہے۔ جو مرشد کامل طالبِ صادق کو روزِ اوّل نورِ حضور کے مراتب پر نہیں پہنچاتا وہ احمق ہے جو خود کو مرشد کہلواتا ہے اور وہ طالب بھی بے نصیب اور احمق ہے جو صاحبِ نورِ حضور فقیر کو مرشد تو مانتا ہے لیکن اس کی قدر اور مرتبہ نہیں جانتا۔ وہ تمام عمر معرفت سے محروم اور خواہشاتِ نفس اور عُجب وریا کے باعث ناقص رہتا ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْھَا اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

جان لو کہ مرشد کامل صادق طالبِ مولیٰ کو چھ چلوں، چھ خلوتوں اور چھ مجاہدوں سے ایک دم میں اور ایک اثباتِ قدم اور ایک مراقبہ، ایک توجہ، ایک نظرِ عیاں، ایک استغراق، ایک تفکر، ایک تصور اور ایک تصرف سے یکتا بنا کر تمامیت تک پہنچا دیتا ہے اور وجود کے ساتوں اندام کو اس طرح پاک و پاکیزہ بنا دیتا ہے کہ اس کے بعد چلہ و ریاضت کی ضرورت نہیں رہتی۔ اوّل چلۂ خلوت ازل کا نظارہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، دوم چلۂ خلوت شکمِ مادر کے احوال کے مشاہدہ کے لیے کیا جاتا ہے، سوم چلۂ خلوت دنیا میں زندگی گزارنے کے احوال دیکھنے کے لیے کیا جاتا ہے، چہارم چلۂ خلوت قبر کے احوال جاننے کے لیے کیا جاتا ہے، پنجم چلۂ خلوت حشر کے احوال جاننے کے لیے کیا جاتا ہے، ششم چلۂ خلوت ابد اور جنت کے احوال دیکھنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ مرشد ان تمام چلوں سے طالب کو آزماتا ہے اور پھر باہر نکالتا ہے۔ اس کے بعد طالب کا وجود حیاتِ ابدی اور بقا حاصل کر کے لقائے الٰہی کے قابل ہو جاتا ہے اور طالبِ مولیٰ کے دل میں کوئی افسوس باقی نہیں رہتا۔ وصال ریاضت سے بہتر ہے۔ تمام عمر مطالعۂ علومِ قال سے وصال کی خاطر ایک چھوٹی سی تکلیف برداشت کرنا بہتر ہے اور لمحہ بھر کے لیے حضوری کے احوال کا لازوال مشاہدہ کرنا ہر شے سے بہتر ہے۔ ابیات:

آن علم غیب است بکشاید ز راز
نہ مطالعہ قال باشد نہ آواز

ترجمہ: اللہ کا علم غیب ہے جو اسرار سے منکشف ہوتا ہے جس کے لیے نہ مطالعہ و گفتگو کی ضرورت

Marfat.com

ہے نہ آواز کی۔

علم است علم از علم در غیب دان
معرفت توحید اینست باعیان

ترجمہ: ہر علم اس علم میں پوشیدہ ہے اور اسی سے حاصل ہوتا ہے۔ لہٰذا اس علمِ غیب کا جاننے والا بننا چاہیے یہی باعیان معرفتِ توحید کا علم ہے۔

جہل بر کفر است جاہل بر ہوا
عالمان را شد لقا قرب از خدا

ترجمہ: جہالت کفر کا باعث ہے اور جاہل خواہشاتِ نفسانی میں مبتلا ہوتا ہے لیکن علمائے حق کو قربِ حق اور لقا حاصل ہوتا ہے۔

طلبِ دنیا جہالت اور طالبِ دنیا جاہل ہیں اور طلبِ مولیٰ علم ہے اور طالبِ مولیٰ اس علم کا اظہار ہیں۔ یہ علم عین حق عطا کرتا اور حق دکھاتا ہے۔ مکمل پاکیزگی عطا کرتا ہے اور عین حق کا وصال عطا کرتا ہے جس سے وہ طالب ہمیشہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر رہتا ہے۔ اس کتاب میں موجود علمِ حق کے مطالعہ سے طالب باعیاں اور روشن ضمیر ہو جاتا ہے کہ مشرق تا مغرب تمام ممالک کو اپنی طاقتور توجہ سے اپنے تصرف میں لے آتا ہے۔ اس کتاب میں اللہ کے انوار کے دیدار و وصال کے علم کو بیان کیا گیا ہے جس کے مطالعہ سے تلوار کی مانند طالب نفس کو قتل کرتا ہے۔ اس کتاب میں علمِ حضوری بیان کیا گیا ہے جس کے مطالعہ سے (طالب کے) ساتوں اندام نور بن جاتے ہیں اور طالب اللہ کی بارگاہ میں منظور ہو جاتا ہے۔ ابیات:

ہر کہ خواہد میشود عارف خدا
روز و شب حاضر بود با مصطفیٰ ؐ

ترجمہ: اگر کوئی عارفِ خدا بننا چاہتا ہے تو وہ روز و شب مجلسِ محمدی میں حاضر رہے۔

Marfat.com

بے ذکر ذوق است فکر و فیض بر
در حضوری نور شد صاحبِ نظر

ترجمہ: حضوری میں غرق ہو کر طالب صاحبِ نظر اور سراپا نور بن جاتا ہے اور اسے بغیر ذکر وفکر کے ذوق اور فیض حاصل ہوتا ہے۔

جس کسی کا باطن توفیقِ الٰہی سے مجلسِ محمدی کی صحیح صحبت اختیار کرنے پر تحقیقاً طاقتور ہو جاتا ہے اسے وظائف پڑھنے اور ہاتھ میں تسبیح پکڑنے کی کیا ضرورت۔ جس کسی کے قلب کو بولنے کی طاقت حاصل ہو جائے اور حضوری اور انوارِ دیدار سے مشرف ہو جائے اس کا قلب حضوری میں اللہ کا نام پکارتا ہے اسے ہاتھ سے تسبیح کے دانے پھیرنے کی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ مرشد صاحبِ قلب توجہ اور ایک نظر سے قرب وحضوری میں پہنچا دیتا ہے۔ ابیات:

خوش بیا اے طالبا طالب لقا
آنچہ باشد مال و تن را کن جدا

ترجمہ: اے طالب اگر تو لقا کا طالب ہے تو خوش آمدید! لقا کے حصول کے لیے اپنے مال و دولت اور وجود (کی خواہشات) کو قربان کر دے۔

ہر کہ منکر از لقا محروم تر
کور مادر زاد باشد بے بصر

ترجمہ: جو کوئی لقا کا منکر ہے اس سے بڑھ کر محروم کوئی نہیں۔ وہ مادرزاد اندھا اور بے بصیرت ہے۔

مرشد کامل اسے کہتے ہیں جو طالبِ نجس ونجاست اور خراب حال اہلِ نفس کو ایک نظر سے حرص، طمع، عجب، تکبر وخواہشاتِ نفس سے نجات دلا دے اور توجہ سے معرفت ولقائے الٰہی عطا فرما دے۔

بانظر ناظر کنند عارف خدا
باتوجہ میکنند باحق عطا

Marfat.com

ترجمہ: عارفِ خدا اپنی نگاہ سے طالب کو صاحبِ نظر بناتے ہیں اور توجہ سے حقیقتِ حق عطا فرماتے ہیں۔

از فکر فتنہ شود فربہ بنفس
ذکر فکر خام تر اہل از ہوس

ترجمہ: ذکر فکر کرنے والے خام اور اہلِ ہوس ہیں۔ فکر سے فتنہ پیدا ہوتا ہے اور نفس طاقتور ہوتا ہے۔

طالبِ صادق کے لیے ضروری اور فرضِ عین ہے کہ مرشد کامل سے دو مراتب طلب کرے اوّل تصور میں غرق کا یقین جس سے وہ تصور میں باشعور اور ہوشیار رہے اور دوم لاھوت لامکان میں پہنچ کر مشرفِ دیدار ہو جائے۔ ان سے دو مراتب کھلتے ہیں اوّل توفیقِ الٰہی اور دوم تحقیق۔ ان دو مراتب سے مزید دو مراتب کھلتے ہیں اوّل باطن میں اللہ کی محبت، معرفت، مشاہدہ، قرب اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری کے کل مطالب، دوم جملہ تصرفات کو اپنے تصرف میں لے آنا اور ان سے غنایت حاصل کرنا۔ لایحتاج فقیر عاجز نہیں بلکہ عارف ہوتا ہے۔ فقیر مفلس نہیں ہوتا بلکہ قربِ حق تعالیٰ کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہوتا ہے۔ فقیر زشت[1] نہیں بلکہ اہلِ بہشت ہوتا ہے۔ فقیر حقیر نہیں بلکہ کونین پر امیر ہوتا ہے۔ ایسے عارف فقیر کا باطن آباد ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے قوت و جمعیتِ باطن عطا کی ہوتی ہے۔ وہ اعمالِ ظاہر، ورد وظائف، ذکر، فکر، مراقبہ سے آزاد ہو کر خلاصی پا چکے ہوتے ہیں۔ یہ فقر کے خاص الخاص مراتب ہیں۔ ابیات:

چہار بودم سہ شدم دو ساختم
از دوئی بگذشت یکتا یافتم

ترجمہ: پہلے میں چار تھا (یعنی میں، میرا مرشد، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اللہ پاک) پھر تین ہوا (یعنی میں مرشد کی ذات میں فنا ہو گیا) اور پھر دو رہ گئے اور جب دوئی سے بھی نکل گئے (یعنی فنا فی

---

[1] ذلیل وخوار، نہایت برا

Marfat.com

الرسول اور فنا فی اللہ ہو گئے) تو یکتا کو پالیا۔

این بود توحید رحمت حق عطا
این بود فی اللہ فنا رویت بقا

ترجمہ: یہ توحید کا مقام ہے جو رحمتِ حق سے عطا ہوتا ہے۔ یعنی اللہ کی ذات میں فنا ہونا اور پھر اس کے ساتھ بقا پانا۔

تمام مراتب شریعتِ محمدی کی برکت اور علمِ عین سے حاصل ہوتے ہیں جو عین حقیقتِ حق سے نوازتے اور عین حقیقت دکھاتے ہیں اور باطن کی صفائی کرتے ہیں۔

## شرح علم

علمِ زبان کے حصول سے طالب عالمِ زبان بنتا ہے اسی طرح علمِ قلب کے حصول سے عالمِ قلب، علمِ روح کے حصول سے عالمِ روح، علمِ سرّ کے حصول سے عالمِ سرّ اور علمِ نفس کے حصول سے طالب عالمِ نفس بنتا ہے۔ یہ سب علم اور اس کے عالم معرفتِ توحیدِ مطلق کے علم سے دور بلکہ اہلِ حجاب اور اہلِ تقلید ہیں۔ فقیر علمِ معرفتِ توحید اور علمِ الہام کا سبق اللہ سے حاصل کرتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ وَعَلَّمْنٰهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا (الکہف-65)

ترجمہ: اسے علمِ لدنّی سکھایا۔

❁ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (العلق-5)

ترجمہ: اور انسان کو وہ سب علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

اور وہ ایسی جگہ علم حاصل کرتا ہے جس کی مثال نہیں دی جا سکتی۔ فقیر اللہ سے جو سبق پڑھتا ہے اسے یاد رکھتا ہے اور اس علم کی تکرار کر کے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ دہراتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ علمِ محبت، علمِ معرفت، علمِ مشاہدہ، علمِ قرب، علمِ

Marfat.com

حضور، علمِ جمعیت، علمِ فنا، علمِ لقا، علمِ یقین، علمِ اعتبار، علمِ انوار اور علمِ دیدار سے آگاہی حاصل کرتا ہے۔ یہ صراطِ مستقیم ہے جو قلبِ سلیم والے کو نصیب ہوتا ہے جس سے طالب حق تسلیم کرنے والا ہوتا ہے۔ علم جوہر ایمان ہے اور علم سے ہی طالب نفس، شیطان اور دنیا پر غالب آسکتا ہے۔ یہ مراتب عالم کو نصیب ہوتے ہیں۔ جاہل دین کی راہ پر نہیں چل سکتا۔ ایسا عالم غیب جاننے والا اور ہر شے کو عیاں دیکھنے والا ہوتا ہے جو باطن کی ہر منزل ومقام اور خزائنِ الٰہی سے آگاہ ہوتا ہے اور رحمٰن کے علم کے شاگردوں کو بتاتا ہے جو اویسی قادری طریق کی پیروی کرتے ہیں۔ عارف باللہ اور عالم باللہ کو حقیقی حق شناس کہتے ہیں۔ بیت:

موسیٰؑ ہم چون مو می بیند گناہ
خضرؑ باطنی احوال بودند حق نگاہ

ترجمہ: موسیٰؑ کی نظر بال کی مثل گناہ پر تھی جبکہ خضرؑ کی نگاہ باطنی احوال اور حق پر تھی۔

جو طالب مرشد سے ان مراتب کی تحقیق حاصل نہیں کرتا وہ احمق اور بے نصیب طالب ہے۔ جو مرشد طالب کو دیدارِ پروردگار کے انوار سے مشرف نہیں کرتا وہ مرشد بخیل، بے توفیق اور مریدوں کا دشمن ہے۔ ربّ العالمین کے لقا سے مشرف ہونا (باطنی) علم سے ممکن ہے۔ علم (باطنی) سے باہر اور بعید کوئی مرتبہ نہیں اور نہ ہوگا۔ طالبِ لقا علمِ لقا پڑھتا ہے اور علمِ لقا کے سوا کوئی دوسرا علم نہیں جانتا۔ بیت:

طاقتی باید لقا طالبِ لقا
بس گرانی بار بردارد خدا

ترجمہ: طالبِ لقا میں لقا کی طاقت ہونی چاہیے اسی سے ہی لقائے الٰہی کے گراں بار کو اٹھایا جا سکتا ہے۔

علمِ لقا توفیقِ الٰہی سے حاصل ہوتا ہے اور یہ حق کی تحقیق کرتا ہے دیگر تمام علوم علمِ لقا سے ہیں۔ جو علمِ لقا کا منکر ہے وہ مردہ دل، شرمندہ اور بے حیا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد

Marfat.com

فرمایا:

❁ اَلْحَیَآءُ مِنَ الْاِیْمَانِ

ترجمہ: حیا ایمان سے ہے۔

جس میں حیا نہیں اسے ایمان کیسے حاصل ہو سکتا ہے۔ مرشد جو عالمِ لقا ہو توجہ سے علمِ لقا تک پہنچاتا ہے اور طالب اس درس میں گم ہو کر علمِ لقا پڑھتا ہے۔ ابیات:

صد بار با تو گفتہ شد اے طالبا!
بے نصیب ہرگز نیارد رو لقا

ترجمہ: اے طالب! سو بار تجھے کہا جا چکا ہے کہ بے نصیب لقا کی جانب ہرگز نہیں آتا۔

ہر کہ دعویٰ کرد من طالب لقا
مال و تن را کن فدا بہر از خدا

ترجمہ: جو دعویٰ کرتا ہے کہ میں طالبِ لقا ہوں تو وہ خدا کی راہ میں مال و جان قربان کرے۔

طالب لقا بایک دم و یک قدم
لائق لقا طالب بود اہل از کرم

ترجمہ: طالب ایک دم اور ایک قدم میں لقا حاصل کر سکتا ہے کیونکہ لائقِ لقا طالب وہی ہوتا ہے جو اہلِ کرم ہو۔

دیدار در انوار بیند عارفان
در لاہوت لامکان صاحب عیان

ترجمہ: عارفین لاہوت لامکان میں انوارِ الٰہی کا دیدار کرتے ہیں اور صاحبِ عیاں بن جاتے ہیں۔

آنچہ بینی از تصور شد لقا
اسم اَللّٰهُ می برد حاضر خدا

Marfat.com

ترجمہ: اسم اَللّٰہُ ذات سے تو جو کچھ دیکھے گا وہ لقائے الٰہی ہے کیونکہ اسمِ اَللّٰہُ حضوریٔ حق میں لے جاتا ہے۔

دیدار در دیدہ بود دیدہ بدل
دیدار در دل خوش ببین ای رو خجل

ترجمہ: دیدار کرنے والی آنکھ دل کی آنکھ ہے۔ اے شرمندہ چہرے والے! اپنے دل کی آنکھوں سے دیدار کی خوشی حاصل کر۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

✿ رَاَیۡتُ رَبِّیۡ فِیۡ قَلۡبِیۡ

ترجمہ: میں نے اپنے قلب میں اپنے ربّ کو دیکھا۔

بیت:

باھُوؒ در دل من یافتہ تحقیق تر
دل از دل شد پیشوا صاحب نظر

ترجمہ: اے باھُوؒ! تحقیق میں نے اسے (اللہ کو) اپنے دل میں پایا ہے کیونکہ صاحبِ نظر اپنے دل سے ہی راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

ہر عالم جسے معرفتِ الٰہی کا علم حاصل نہیں وہ بے معرفت اور نفس کا غلام ہے۔ وہ عالم جسے علمِ لقا حاصل نہیں وہ بھی بے معرفت اور نفس کا غلام ہے۔ وہ عالم جسے علمِ بقا حاصل نہیں وہ عالم بے حیا اور نفس کا غلام ہے۔ جس عالم کے پاس علمِ حضوری نہیں وہ عالم بے شعور اور نفس کی قید میں ہے۔ وہ عالم جسے قربِ الٰہی کا علم نہیں وہ نفس کا غلام اور اس کے قہر کا شکار ہے۔ جس عالم کو علمِ وصال حاصل نہیں وہ بھی نفس کا غلام اور زوال پذیر ہے۔ بیت:

نفس را بگذار طلب از روح گیر
تا شوی عارف خدا فی اللہ فقیر

Marfat.com

ترجمہ: نفس ( کی فکر) کو چھوڑ اور روح کی (حیات) طلب کرتا کہ تو عارف اور اللہ کا فقیر بن جائے۔

قلب گوشت کے لقمے اور دل کے لوتھڑے کا نام نہیں ہے۔ قلب معرفت کا محور اور اللہ کی محبت اور مشاہدۂ انوار کے دیدار کا نام ہے جو روزِ الست سے دیدارِ الٰہی میں مست ہے۔ ابیات:

مرشد شدی طالب شدی بی معرفت　　گر مردہ را زندہ کنی عیسیٰؑ صفت

تا نگردد غرق فی التوحید نور　　کی شوی عارف خدا اہل حضور

ترجمہ: تو چاہے مرشد ہو یا طالب یا عیسیٰ علیہ السلام کی مثل مردوں کو زندہ کرنے والا ہو لیکن اگر تو بے معرفت ہے تو سب لاحاصل ہے۔ جب تک تو نورِ توحید میں غرق نہیں ہو جاتا تو اہلِ حضور عارفِ خدا کیسے ہو سکتا ہے۔

راہِ فقرش دیگر است فیض و فضل

نظر بر توحید کن زان کن ازل

ترجمہ: راہِ فقر دیگر راستوں سے مختلف ہے۔ یہ اللہ کے فیض اور فضل کی راہ ہے جس میں طالب اپنی نظر ازل سے توحید پر رکھتا ہے۔

کس نیابم طالبے لائق لقا

در طلب اثبات جان دہ راہ خدا

ترجمہ: میں کوئی بھی ایسا طالب نہ پا سکا جو لقائے الٰہی کے لائق اور اپنی طلب میں ثابت قدم ہو اور اپنی جان راہِ حق میں قربان کر دے۔

پیش مرشد دم مزن ای لاف زن

بر زبان اللہ در دل طلب زن

ترجمہ: اے جھوٹے! تو مرشد کے سامنے سر نہ اٹھا (وہ تیری سوچ سے بھی آگاہ ہے) کہ تیری زبان پر اللہ کا نام جبکہ دل میں عورت (دنیا و عقبیٰ) کی طلب ہے۔

Marfat.com

انوارِ دیدار، حضوری اور لقا سے مشرف ہوئے بغیر محض ذکر، فکر، مراقبہ اور ورد و وظائف سے باطن صاف نہیں ہوتا اور نہ ہی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مجلس کی حضوری حاصل ہوتی ہے۔ مرشد عارفِ لقا طالبِ مولیٰ کو پہلے ہی روز لقائے الٰہی سے مشرف کر کے اس پر علمِ فنا و بقا واضح کر دیتا ہے اور اسے علمِ روحانی، علمِ غیب دانی، علمِ قربِ ربانی اور علمِ عین العیانی کا عالم بنا دیتا ہے جس کے بعد اس کا قلب زندہ اور نفس فنا ہو جاتا ہے۔ یہ مراتب صاحبِ تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے ہیں جسے توفیقِ الٰہی حاصل ہو جو کہ خاص الخاص تحقیق کی راہ ہے۔ جان لو کہ جب نفس وجود پر غالب ہوتا ہے تو طالب مراتبِ نفس پر ہوتا ہے اور جس کا قلب اس کے وجود پر غالب ہوتا ہے تو وہ مراتبِ قلب پر ہوتا ہے اور جب روح وجود پر غالب ہو تو طالب مراتبِ روح پر ہوتا ہے اور جب سرّ وجود پر غالب ہو تو طالب مراتبِ دیدار پر ہوتا ہے اور جس کا یقین اس کے وجود پر غالب ہو تو وہ طالب مراتبِ وصال پر ہوتا ہے اور جب اعتقاد وجود پر غالب ہو تو طالب مراتبِ توحید پر ہوتا ہے۔ بیت:

گر بگویم شرح ہر یک ہر مقام
از ازل تا ابد کی گردد تمام

ترجمہ: اگر میں ہر ایک مقام کی شرح بیان کرنے لگوں تو ازل سے ابد تک بھی اسے مکمل نہیں کیا جا سکتا۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ اے جانِ عزیز! کسی درس میں کتابوں کا علم حاصل کرنے والوں کو عالم یا استاد کہتے ہیں اسی طرح ذکر کرنے والے کو ذاکر، فکر کرنے والے کو صاحبِ فکر اور مراقبہ کرنے والے کا نام صاحبِ مراقبہ ہوتا ہے ہر ایک کا نام اس کے کسب (ہنر) کے مطابق ہوتا ہے۔ اسی طرح عارف ولی، صاحبِ مکاشفہ، صاحبِ محاسبہ، صاحبِ مجاہدہ، صاحبِ مشاہدہ، صاحبِ مجادلہ، صاحبِ محاربہ، صاحبِ قرب، صاحبِ نور، صاحبِ حضور، باطن صفا اولیا، صاحبِ نفس، صاحبِ غوث، صاحبِ قطب، صاحبِ روح، ابدال، اوتاد، صاحبِ سرّ، صاحبِ

Marfat.com

درویش کو کسب کی نسبت نام دیئے گئے ہیں لیکن مراتبِ فقیر کیا ہیں؟ تمام جملہ مراتب اور منصب اور ان کا مجموعہ سب مل کر بھی فقر کی ابتدا یا بو تک نہیں پہنچ سکتے ۔ یہ سب فقیر ( کے مراتب ) سے بے خبر ہیں اور غرق فی اللہ توحید فقیر کی حقیقت کو بھی نہیں پہنچ سکتے ۔ ان سب کے مراتب فقر سے دور ہیں بلکہ انہوں نے فقر کا مشاہدہ بھی نہیں کیا ۔ اگر چہ وہ فقر کے متعلق بات چیت کرتے ہیں لیکن ابھی تک حجاب میں ہیں اور ان حجابات کو ہٹانے سے قاصر ہیں ۔ پس فقیر سرِّ ھویت ہے جس کے مراتب کی کوئی حد اور شمار نہیں اور لاھوت لامکان اس پر عیاں ہے ۔ اس بنا پر فقیر کے مراتب عظیم الشان ہیں ۔ فقیر کا ذکر دیدارِ الٰہی ہے کہ اس دیدار کے دوران اسے قرب ، نورِ فقر ، مشاہدۂ حضورِ فقر کے مراتب حاصل ہوتے ہیں ۔ ( اگر کوئی پوچھے کہ ) یہ مراتبِ دیدار کس اعتبار سے ہیں تم جواب دو کہ بے حجاب مرتبہ فنا فی اللہ کے اعتبار سے ۔ حدیث:

❁ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَالْفَقْرُ مِنِّیْ

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ سے ہے ۔

فقیر وہ ہے جو روزِ اوّل ہی مشرفِ دیدار ہو ۔ فقر کے متوسط مراتب نور میں غرق ہونا ہے اور فقر کے انتہائی مراتب مشاہدہ اور دیدار سے یقین اور اعتبار کے مراتب پر پہنچنا ہے ۔ مشرفِ دیدار ہونے کی راہ کونسے علم سے حاصل ہوتی ہے اور اس کے لیے کونسا روحانی راستہ گواہ ہے؟ مشرفِ دیدار کے لیے راہ علمِ اسمِ اَللّٰہُ ذات ہے جو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں اسمِ اَللّٰہُ ذات کے ذکر و تصور اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طریقے کی پیروی سے حاصل ہوتا ہے ۔ یہ عیاں نظر و نگاہ سے حضوری بخشنے کی راہ ہے جو قرب و دیدارِ حق سے آگاہی بخشتی ہے جو کہ برحق ہے ۔ جمعیت حق بخشتی اور باطل سے بیزار کرتی ہے کیونکہ اس کی اصل باطن پر ہے اور مشاہدہ اور دیدار سے مشرف ہونے کا گواہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے ۔ چنانچہ لَآ اِلٰهَ کہنے سے وجود سے فنا حاصل ہوتی ہے جو نابود کرتی ہے اور اِلَّا اللّٰهُ کہنے سے اس کی تاثیر لاھوت لامکان میں توحید تک لے جانے کے لیے وسیلہ بن جاتی ہے اور دیدارِ ربّ العالمین سے مشرف کرتی ہے اور اِلَّا اللّٰهُ

Marfat.com

کہنا نجات کا ذریعہ بن جاتا ہے اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہُ کہنے سے بندے اور ربّ کے درمیان کوئی حجاب و پردہ باقی نہیں رہتا۔ یہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا اور فنا و بقا کے مراتب ہیں۔ یہ لقائے الٰہی سے مشرف ہونے کی راہ ہے جو شریعت میں روا ہے اور یہ دیدار معرفت کی ایسی حالت میں حاصل کیا جاتا ہے جو نیند سے غالب تر ہے۔ معرفت کے یہ احوال جن میں طالب لقائے الٰہی سے مشرف ہوتا ہے حق ہیں کہ یہ برحق ہیں اور حق سے مشرف کرتے ہیں۔ جو کوئی کلمہ طیبہ، اسمِ اَللّٰہُ ذات اور دیدار کا منکر ہے وہ مردود اور مردار دنیا کا طالب ہے۔ جو خود کو کلمہ طیبہ سے دور رکھتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ جو کوئی خود کو کلمہ طیبہ سے دور رکھتا ہے وہ مرتد ہو کر مردود ہو جاتا ہے جس کا دنیا و آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور وہ اللہ کی بارگاہ سے نامقبول ہو کر ہلاک ہو جاتا ہے۔ جو مرشد و پیر کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہُ کی کنہ سے مشرفِ حضوری نہیں کرتا اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں منصب نہیں دلاتا وہ احمق ہے جو خود کو پیر و مرشد کہلواتا ہے۔ ہاں کوئی شک نہیں کہ زن مرید پیر بہت ہیں اور قصاب کی مثل آدم کش طالبِ دنیا مرشد بھی بے شمار ہیں۔ ہزاروں میں سے کوئی ایک ہی پیر و مرشد ایسا ہوتا ہے جو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک پہنچانے والا اور دیدارِ پروردگار سے مشرف کرنے والا ہوتا ہے۔

دونوں جہان علمِ قرآن کی طے میں ہیں اور علمِ قرآن کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہُ کی طے میں ہے اور کلمہ طیبہ اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طے میں ہے۔ کلمہ طیبہ اور اسم اَللّٰہُ ذات وجود کے ساتوں اندام کو یکبارگی پاک و پاکیزہ کر دیتے ہیں جس سے وجود پر پڑا حجاب اُٹھ جاتا ہے اور طالب دیدار سے مشرف ہو جاتا ہے۔ اس بات میں تعجب نہ کر اور نہ ہی انکار کر کیونکہ یہ علمِ غیب اور علمِ باطن عطا کرتا ہے جو باطن میں پہنچاتا ہے اور علمِ ظاہر کی تفسیر ہے جس کی تاثیر سے طالب کا وجود پاک و طاہر ہو جاتا ہے۔ اللہ کا علم ہی کافی ہے۔ جو کوئی اللہ کے سوا کسی چیز کی طلب کرتا ہے وہ اہلِ ہوس ہے۔ جان لو کہ علم جاننے کو کہتے ہیں۔ بعض علوم ایسے ہیں جن کے کثرتِ مطالعہ سے محض سر دردی حاصل ہوتی ہے اور وہ سر دردی والا علم تمام مغز کو خرچ کر کے دماغ کو خواہشاتِ نفس،

Marfat.com

تکبر، انا اور خود پسندی سے بھر دیتا ہے اور تمام گفتگو غیر ضروری ہو جاتی ہے اور حال کے مطابق نہیں رہتی۔ اس علم کے حصول کے بعد لوگ معرفتِ الٰہی اور قرب و وصال کی طلب نہیں کرتے یا سر دردی کے باعث دماغ میں عقل و شعور قائم نہیں رہتا۔ اللہ کے علم کے حصول کے بعد طالبِ مولیٰ اس کے نور میں غرق ہو کر اس کا قرب پاتا ہے اور مجلسِ محمدی کی حضوری میں پہنچ جاتا ہے اور عالم کو اس علم سے جمعیت حاصل ہوتی ہے اور اس کی عقل و دانش اور شعور قائم رہتا ہے۔ علم کے حصول بعد طالب کو معرفتِ اللہ اور قرب و وصال کی طلب کرنی چاہیے جس سے وہ نورِ حضور سے مشرف ہوتا ہے۔ اللہ کا علم اس راہ پر راہبر اور گواہ ہے جو مشاہدہ، لازوال حضوری اور وصال عطا کرتا ہے۔ جب تک ظاہر باطن ایک نہ ہو جائے سیّد کے لیے مذہبِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قائم رہنا مشکل ہے۔ ایسا ہی عالم، عارف، اولیا اور فقیر کے لیے ہے کہ وہ غنایت و ہدایت بھی حاصل نہیں کر سکتے جب تک ظاہر و باطن ایک نہ ہو جائے۔

علم کے تین حروف ہیں ع، ل، م۔ علم کی تین اقسام ہیں علمِ نفس، علمِ قلب اور علمِ روح۔ عالم کی بھی تین اقسام ہیں عالمِ نفس، عالمِ قلب اور عالمِ روح۔ عالمِ نفس ہمیشہ علمِ عاق میں مصروف رہتا ہے، عالمِ قلب ہمیشہ علمِ عاقبت بالخیر کے مطالعہ میں مصروف رہتا ہے اور عالمِ روح ہمیشہ علمِ عین کے مطالعہ میں مصروف رہتا ہے۔ نفس سے علمِ خواہشات حاصل ہوتا ہے، قلب سے علمِ صفا اور روح سے طلبِ معرفت ولقائے الٰہی کا علم حاصل ہوتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ علمِ ظاہر جو کہ شریعت کا علم ہے' وہ فرض، واجب، سنت اور مستحب کا علم ہے جسے علمِ ضروری کہتے ہیں۔ اور علمِ باطن جو عارف باللہ حاصل کرتا ہے' معرفتِ توحید کا علم ہے جو کہ مشاہدہ، قربِ الٰہی اور حضوری عطا کرتا ہے۔ علمِ ضروری اور علمِ حضوری کے عالم کو ایک دوسرے کی مجلس پسند نہیں آتی۔ جس طرح پانی اور آگ ایک جگہ نہیں رہ سکتے اور جاہل اور صاحبِ علم کو ایک دوسرے کی صحبت پسند نہیں آتی۔ عقلمند اور خبردار رہو۔ غیر ماسویٰ اللہ جو کچھ بھی ہے اسے اپنے دل سے نکال دو۔ عالمِ قلب اور عالمِ روح کے لیے لازم ہے کہ عالمِ نفس کے ساتھ ہم کلام نہ ہوں کیونکہ وہ مردہ قلب اور افسردہ قالب

Marfat.com

ہے جو نفس اور مطالبِ دنیا کی قید میں ہے۔

جان لو کہ فقر کے دو طریق ہیں ایک فقرِ اختیاری ہے جس کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَالْفَقْرُ مِنِّیْ

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ سے ہے۔

فقرِ اختیاری کے دو مراتب ہیں اوّل خزانۂ دل پر تصرف اور خزانۂ تمام دنیا پر تصرف اور پھر ان دونوں سے غنایت۔ فقرِ اختیاری کا دوسرا مرتبہ ولایت، ہدایت، معرفت اور قربِ الٰہی حاصل کرنا ہے۔ مرتبہ غنایت مرتبہ ہدایت حاصل کر لینے سے حاصل ہوتا ہے۔ فقر کا دوسرا طریق فقرِ اضطراری ہے جس میں دربدر کی بھیک مانگنے کی خواری ہے اور یہ مرتبہ غنایت سے محروم ہے۔ اس فقر کو اختیار کرنے والا دن رات فقر کی شکایت ہی کرتا رہتا ہے۔ فقرِ اضطراری فقر مکب ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ فَقْرِ الْمُکِبِّ

ترجمہ: میں فقرِ مکب سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

فقرِ اختیاری کی بنیاد تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات ہے جس کے تصور کی مشق سے اللہ کا قرب اور حضوری حاصل ہوتی ہے۔ ابیات:

از میان نقش بین نقاش را
معرفت توحید این است حق لقا

ترجمہ: تو (اسمِ اَللّٰہُ ذات کے) نقش میں نقاش (اللہ) کو دیکھ۔ یہی لقائے حق اور معرفتِ توحید حاصل کرنے کا راستہ ہے۔

غرق فی التوحید شو در ذات نور
اسم اَللّٰہُ برد حاضر با حضور

Marfat.com

ترجمہ: (اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے) نورِ ذات اور توحید میں غرق ہو جا کیونکہ اسمِ اَللّٰہُ ذات ہی حضوری میں لے جاتا ہے۔

من غلام قادریم و قادری
هم صحبتی با مصطفیؐ حاضر نبیؐ

ترجمہ: میں محیّ الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہٗ کا غلام ہوں اور سلسلہ قادری کے پیروکار مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہم مجلس ہوتے ہیں۔

نفس کی غذا اور قوت کیا ہے اور قلب کی غذا اور قوت کیا ہے اور روح کی غذا اور قوت کیا ہے؟ نفس کی غذا طمع ہے جو حرص اور لذتِ مردار سے قوت پاتا ہے اور قلب کی غذا اور زندگی دائمی مشاہدۂ حضور اور دیدار ہے جس سے اسے ہمیشہ طاقت حاصل ہوتی ہے۔ روح کی غذا مشرفِ لقا ہونا ہے اور اس کی قوت قربِ الٰہی اور دیدارِ پروردگار میں غرق ہونا ہے۔ جیسے ہی طالبِ مولیٰ کا باطن روشن اور صاف ہو جاتا ہے تو نفس کو قوتِ طمع و حرص سے باز رکھتا ہے جس کے بعد نفس، قلب اور روح کی قید میں آ کر نفسِ مطمئنہ بن جاتا ہے اور نور کی صورت نظر آتا ہے۔

گر بیائی طالبا توحید راز
روح قلب و هم سخن با تو آواز

ترجمہ: اے طالب! اگر تو توحید کے راز تک پہنچ جائے تو روح اور قلب تجھ سے با آواز ہمکلام ہوں گے۔

رفت نفسی از هوا رحمت رسید
معرفت توحید دیگر راه ندید

ترجمہ: تیرا نفس خواہشات سے پاک ہو کر رحمتِ حق تک پہنچ جائے گا اور معرفتِ توحید کے علاوہ دیگر کوئی راہ نہ دیکھے گا۔

انسان کو نور تک پہنچنا چاہیے۔ بیت:

Marfat.com

کسی را نفس قلب روح نور است
فنا فی اللہ بود دائم حضور است

ترجمہ: جس کا نفس، قلب اور روح نور ہو جائیں وہ فنا فی اللہ ہو کر دائمی حضوری میں رہتا ہے۔

آخر اس مراقبہ کی انتہا کیا ہے جو اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے کیا جاتا ہے جو طالب کو نور میں غرق کر کے حضوری اور دیدار سے مشرف کرتا ہے؟ وہ یہ ہے کہ صاحبِ مراقبہ غرق کی اس کیفیت میں ایک دم میں سات بار آتا جاتا ہے اور جب بھی وہ بحرِ مکاشفہ میں غوطہ لگاتا ہے تو جمعیت کے ساتھ دیدارِ ذات سے مشرف ہوتا ہے۔ اور مراقبہ میں ایک ہی دم میں قیامت تک کی ہر شے سے باخبر ہو جاتا ہے۔ اس بات میں نقص نہ نکال اور تعجب نہ کر۔ راہِ حضوری میں طالب معرفت، قربِ الٰہی، حضوری، ظاہر و باطن اور حق و باطل کے ہر مقام کی توفیقِ الٰہی سے تحقیق کرتا ہے۔ مرشد کامل صاحبِ نعم البدل ہوتا ہے اور مراتبِ نعم البدل دونوں جہان کا معما ہوتے ہیں اور اس کے پاس ہر مقام (کی مشکل) کے قفل کو کھولنے کلیدِ توحید ہے۔ بیت:

مرتبہ ایشان نباشد مرتبہ ہا
در فنا فی اللہ وحدت با خدا

ترجمہ: دیگر مراتب مرتبہ نعم البدل کے حامل مرشد کے مرتبہ کے برابر نہیں ہو سکتے کیونکہ وہ فنا فی اللہ ہوتا ہے اور مقامِ وحدت میں خدا کے ہمراہ ہوتا ہے۔

جو تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے معرفت کا سبق پڑھ لیتا ہے وہ چودہ طبقات کا نظارہ پشتِ ناخن پر دیکھتا ہے۔ وہ لاھُوت کا رہنے والا ہوتا ہے اور اس کی نظر لامکان پر ہوتی ہے۔ ان مراتب کا حصول کامل مرشد کے توسط سے آسان ہے۔ جو مرشد دیدار کرنے والا عارف ہوتا ہے اس کے لیے طالب کو لاھوت لامکان کے بے حجاب مراتب بخشنا کونسا مشکل کام ہے۔ جو کیمیا اکسیر کا علم جانتا ہے وہ اس کے متعلق دعویٰ نہیں کرتا اور جو نہیں جانتا وہ اس کے متعلق گفتگو کرتا رہتا ہے اور جو یہ کہتا ہے کہ میں کیمیا گر ہوں وہ جھوٹا اور کذاب ہے اور وہ احمق' حیوان کی مثل ہے۔ عامل خود کو

Marfat.com

پوشیدہ رکھتے ہیں اور (ہر شے سے) لایحتاج ہوتے ہیں جبکہ اہلِ ہوس خراب، شوروغل کرنے والے اور محتاج ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ جو مرشد تصور اسم اَللّٰہُ ذات کا علم اور تصرف رکھتا ہے اور علمِ دعوت میں کامل ہے جس سے وہ اہلِ قبور کی ارواح سے ملاقات کر سکتا ہے' وہ تمام کیمیا کا عالم اور صاحبِ ہنر ہے اس کے لیے مراتبِ حضوری تک خود کو پہنچانا مشکل اور بعید نہیں۔ سن اے عزیز! یہ صاحبِ حضور طالبانِ صادق اور مرشد کامل کے مراتب ہیں۔ سن اے احمق، اہلِ مغرور! ابیات:

با نظر و ز خاک را میگردانند زر
و ز سیم و زر بہتر بود عارف نظر

ترجمہ: کامل عارف نگاہ سے خاک کو سونا بنا سکتے ہیں اس لیے سونا و چاندی سے عارف کی نگاہ بہتر ہے۔

نظر عارف می رساند باخدا
بانظر عارف بخشند کیمیا

ترجمہ: عارف نگاہ سے طالب کو اللہ تک پہنچا دیتے ہیں اور عارف نگاہ سے طالب کو کیمیا گری عطا کر دیتے ہیں۔

کیشناسد عارفان حق معرفت
بانظر زندہ کند عیسیٰؑ صفت

ترجمہ: عارفانِ حق جو صاحبِ معرفت ہوتے ہیں ان کو کوئی نہیں پہچان سکتا۔ وہ عیسیٰ علیہ السلام کی مثل نگاہ سے (مردہ دلوں کو) زندگی بخشتے ہیں۔

کامل ہر علم کو عمل میں لا کر معرفت اور فقر کی راہ پر قدم رکھتا ہے جبکہ احمق و ناقص جھوٹ بولتا ہے۔ مرشد کامل فقیر وہ ہوتا ہے جو صاحبِ معرفت اور علمِ دعوت کا عامل اور عیسیٰؑ کی مثل زندہ دم ہو اور وہ طالبِ صادق کو جملہ کیمیا، جملہ علم، جملہ مراتب، جملہ حکمت اور جملہ مقاماتِ ذات وصفاتِ حیّ وقیوم طے کرائے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی طاقت سے طالبِ صادق کو حضرت آدم صفی اللہ سے

Marfat.com

خاتم النبیین رسولِ ربّ العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تک جملہ ارواحِ انبیا، مرسلین اور اصفیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر قیامت تک آنے والے تمام اولیا اللہ، علما باللہ، غوث، قطب، ابدال، اوتاد اہلِ مراتب ومناصب، مومن، مسلمان ہر ایک کی روح سے اس طرح ملاقات ودستِ مصافحہ کرائے کہ طالب ان کے نام سے آشنا ہو اور اس کے بعد طالب سلطان الفقر سے ملاقات کرے۔ یہ طالبِ صادق کا اوّل روز کا سبق ہے جو صاحبِ نظر ہوتا ہے جس کا ظاہر حضرت موسیٰ کلیم اللہ کی مثل ہوتا ہے اور وہ باطن میں حضرت خضر علیہ السلام کی مثل سیر وسفر کرتا ہے۔ جو مرشد طالبِ صادق کو پہلے روز ان مراتبِ حقیقی اور احوال تک نہیں پہنچاتا تو اس طالب کا حق مرشد کے لیے وبال ہے۔ مرشدی وطالبی آسان کام نہیں۔ مرشدی وطالبی میں پروردگار کے عظیم اسرار ہیں۔ ان مراتب کو احمق اور حیوانات کی مثل لوگ کیا جانیں۔ روح کا علاج اللہ کے قرب ومعرفت وبزرگی اور اس سے حاصل ہونے والی لذت وجمعیت اور شوق سے ممکن ہے اور افعالِ نفس لذتِ ناپاک اور خواہشاتِ نفس کے باعث سراسر پلیدی اور گندگی ہیں۔ اعمالِ قلب روح کی حیات وزندگی ہیں جو حق کی پسندیدگی کا باعث بنتے ہیں۔ تصور کی کاملیت یہ ہے کہ صاحبِ تصور کسی کی صورت کو تصور میں لائے اگر وہ مسلمان ہو تو اُسے توجہ سے نیند یا بیداری میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے شعوری طور پر مشرف کرادے اور وہاں سے نعمت ودولت وعزت، ہدایت، ولایت، غنایت، تعلیم وتلقین اور اسم اَللّٰہُ ذات دلائے۔ اس طرح وہ نیند میں چشمِ روحانی سے جو کچھ دیکھتا ہے تو جب وہ نیند سے بیدار ہوتا ہے تو اس کا وجود اس حقیقت کا اظہار بن جاتا ہے اور ہر ایک کا ظاہر باطن ایک ہو جاتا ہے۔ اور اگر خواب میں کافر کی صورت کا یہ تصور کرے کہ اُسے دوزخ کی آگ میں پھینک رہا ہے تو خواب میں ہی اسے دوزخ کی آگ میں ڈال دے اور دوزخ کی آگ کے ذریعے اُسے عذاب دے۔ اس کے بعد دوزخ کی آگ سے نکالے اور نظارۂ بہشت دکھائے اور نعمتوں کی لذت چکھائے۔ پس جب وہ کافر نیند سے بیدار ہوتا ہے تو با آوازِ بلند کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا ذکر کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ:

Marfat.com

اَلۡاِسۡلَامُ حَقٌّ وَّالۡکُفۡرُ بَاطِلٌ

ترجمہ: اسلام حق ہے اور کفر باطل ہے۔

## شرح ذکر

بہت سے ذاکر اہلِ تقلید ہیں اور بہت سے لوگ انا کے باعث حجاب میں ہیں۔ ذکر کی شرح اور دلیل یہ ہے کہ ذاکر اہلِ توحید دیدار سے مشرف ہوتے ہیں کیونکہ وہ ایسا ذکر کرتے ہیں جس کے باعث اللہ اور بندے کے درمیان سے حجاب اُٹھ جاتا ہے۔ ابیات:

ذکر یک درد است باشد لادوا
شد شفا از درد و ذکرش بالقا

ترجمہ: ذکر ایک ایسا درد ہے جس کی کوئی دوا نہیں۔ اس درد سے شفا وہ ذکر ہے جس میں ذاکر کو لقائے الٰہی حاصل ہو۔

ذکر یک سوزست سوزد مغز و جان
سوز از لاہوت بہ برد لامکان

ترجمہ: ذکر ایک آگ ہے جو مغز اور جان کو جلا دیتی ہے اور یہی آگ لاہوت لامکان میں لے جاتی ہے۔

ذکر کی سات قسمیں یا طریقے ہیں جو قلب و قالب کے ساتوں اندام سے اور مکمل طاقت کے ساتھ کیے جاتے ہیں اور ان ہر سات میں سے ستر ہزار علمِ حکمت، ستر ہزار قربِ نور اور ستر ہزار معرفتِ توحید اور دیدار کی تجلیات منکشف ہوتی ہیں جو کہ توفیقِ الٰہی کی تجلیات کہلاتی ہیں۔ توحید کے باتحقیق مشاہدہ سے جمعیت، تصورِ کل اور وجود کے طلسمات و معمات اور مشکلات کا حل اور تمام خزانوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے جس کے لائق وسیع حوصلے والے کامل الوجود اولیا اللہ ہیں جو کہ عارف باللہ ہیں۔ جملہ ساتوں ذکرِ عظیم جو وجود کے ساتوں اندام سے ادا کیے جاتے ہیں، طالب کو

قلبِ سلیم عطا کرتے ہیں اور صراطِ مستقیم دکھاتے ہیں اس کے ساتھ اعتقاد اور یقین والا علم عطا کرتے ہیں' یہ ہیں اوّل ذکرِ عظیم ذکرِ حامل ہے جسے تلقین کے بعد شروع کرتے ہی طالب کے تصرف میں گنجِ غنایت آ جاتے ہیں جو طالب کو لایحتاج اور کامل الغنایت بنا دیتے ہیں اور طالب شکایت سے باز آ جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

عَذَابُ الْجُوْعِ اَشَدُّ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ: بھوک کا عذاب (تکلیف) قبر کے عذاب سے بھی شدید ہے۔

دوم ذکرِ عظیم ذکرِ نور ہے جس کی تلقین کے شروع میں ہی طالبِ مولیٰ کے قلب و قالب کے ساتوں اندام مشاہدۂ نور میں غرق ہو جاتے ہیں اور طالب تصور اسمِ اَللّٰهُ ذات کے نوری مجاہدہ کے ذریعے حضوری سے مشرف ہو کر یکبارگی اپنے مطالب پا لیتا ہے۔ سوم ذکرِ عظیم ذکرِ بقا ہے۔ ذکرِ بقا کا آغاز ہی اللہ کی ذات میں فنا ہونا ہے۔ ذکرِ بقا سے طالب لاھوت لامکان میں پہنچ کر معرفتِ توحید اور لقا سے مشرف ہوتا ہے اور یکبارگی اپنے مطالب پا لیتا ہے۔ چہارم ذکرِ عظیم دماغ کی بیداری ہے جس کی تلقین کے آغاز میں ذاکر کا دماغ بیدار ہو جاتا ہے اور علم الیقین اور علم الاعتبار کے ساتھ اللہ کے انوار میں غرق ہو کر دیدارِ پروردگار سے مشرف ہو جاتا ہے اور طالب یکبارگی اپنے مطالب پر پہنچ کر ان کا مشاہدہ کر لیتا ہے۔ پنجم ذکرِ عظیم ذکر ابدی حیات ہے۔ اس ذکر کی تلقین کے آغاز میں قلب و قالب کے ساتوں اندام مکمل حیات پا لیتے ہیں اور وہ لاھوت لامکان میں پہنچ کر اٹھارہ ہزار عالموں اور اس کی کل مخلوقات کا نظارہ بے حجاب دیکھتا ہے۔ ششم ذکرِ عظیم ذکر الحق ہے جس کے شروع کرتے ہی ذاکر پر حقیقتِ معرفت اور توحیدِ حق کے حقائق واضح ہو جاتے ہیں اور وہ باطل، حرص، طمع، حسد، تکبر، خواہشاتِ نفس اور ریا کو ترک کر دیتا ہے اور صاحبِ نظر بن کر نگاہ سے طالبانِ مولیٰ کو روزِ اوّل ہی خضر علیہ السلام کی مجلس میں پہنچا دیتا ہے اور طالب یکبارگی اپنے مطالب پا لیتا ہے۔ ہفتم ذکر عظمت العظام ہے جس کی تلقین سے ذاکر اسرارِ الٰہی سے ایسے محرم ہو جاتا ہے کہ وہ نہ تو خدا ہوتا ہے اور نہ ہی لمحہ بھر کے لیے خدا سے جدا ہوتا ہے۔ اور طالب

Marfat.com

یکبارگی اپنے مطالب پالیتا ہے۔

وہ کونسا علم اور راہ ہے جو دیدارِ معبود سے مشرف کر دے؟ وہ کونسا علم ہے جو ربّ العالمین کے ساتھ بقا عطا کر دے جو دیدارِ الٰہی سے ممکن ہے۔ سن اے احمق اور نفس کے غلام! ناقص اور اہلِ ہوس، سن اے اہلِ غضب، نالائق اور اہلِ غم، سن اے بے دانش، بے شعور، مردہ دل اور اللہ کی معرفت، قرب اور حضوری سے بے خبر! سن اے رحمتِ الٰہی سے محروم اور اس کی بارگاہ میں نامنظور! دیدارِ پروردگار قلبِ سلیم کے حامل طالبوں کے لیے ممکن ہے نہ کہ ایسے جاہل عالم سے جس کا دل مردہ اور وجود افسردہ ہے اور وہ گدھے کی مانند ہے۔

❁ كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ (الجمعہ-5)

ترجمہ: وہ گدھے کی مثل پیٹھ پر کتابوں کا بوجھ لادے ہوئے ہیں۔

وہ طالبِ نفس اور دنیا کے چاہنے والے شیطان بدکار کے غلام ہیں۔ وہ سب معرفتِ توحید سے دور ہیں اور دنیا میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیدارِ الٰہی کا اعتبار نہیں کرتے اس لیے ان احوال کا تذکرہ نہ کرو۔

جان لو کہ بعض مردود اہلِ بدعت ایسے ہیں جو دیدار و معرفت اور وصال کو ظاہری حسن و سرود اور خدوخال سے تشبیہ دیتے ہیں جو کہ سراسر غلط ہے۔ وہ جھوٹے ہیں جو مراتبِ زوال کے باعث بے جمعیت اور پریشان حال رہتے ہیں کیونکہ اللہ جو کہ غیر مخلوق ہے اسے مخلوق کے ساتھ تشبیہ دینا کفر و شرک کا باعث ہے۔ جان لو کہ ازل، ابد، عرش، کرسی، لوح و قلم، تحت الثریٰ اور جنت تمام مقام ہیں اور ہر مقام پر خدا تعالیٰ کو کسی شے یا مخلوق سے تشبیہ دے کر دیکھنا جائز نہیں اور نہ ہی یہ جائز ہے کہ کوئی کسی مقام پر مشرفِ دیدارِ خدا ہوا ایسا کہنے والا خواہشاتِ نفس کے باعث کافر ہو جاتا ہے۔ یہ دیدار اور لقائے ربّ العالمین کے مراتب محض اللہ کا فیض، فضل اور عطا ہیں اور رحمت و نعمتِ الٰہی ہیں جو اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتے ہیں۔ جب اسمِ اَللّٰہُ ذات سے تجلّیٔ انوار کا شعلہ پیدا ہوتا ہے تو وہ طالب کو لاھوت لامکان میں لے جاتا ہے جہاں نہ وقت ہے اور نہ کوئی

Marfat.com

مقام۔ جہاں وہ لقائے الٰہی سے مشرف ہوتے ہیں۔ جو ان مراتب کا منکر ہوتا ہے وہ کاذب، منافق اور کفار میں سے ہے۔ دیدار ولقا تحقیق شدہ ہیں جو قدرتِ الٰہی سے حاصل ہوتے ہیں۔

بیت:

نیست آنجا ازل و ابد و نیست دنیا نہ بہشت
آن مکان لامکان است دیدار از سرشت

ترجمہ: لامکان نہ ازل ہے نہ ابد اور نہ ہی دنیا نہ بہشت۔ لامکان وہ مرتبہ ہے جہاں صرف دیدار حاصل ہوتا ہے۔

دیدارِ انوار کے دوران طالب جو کچھ دیکھتا ہے اس کی مثال نہیں دی جا سکتی۔ اور جو کلامِ الٰہی اللہ کے قرب میں سنتا ہے وہ اُسے تا قیامت یاد رہتا ہے۔ ابیات:

اللہ ہر کرا خواہد نماید عین راز اللہ ہر کرا خواہد دہد قرب از آواز
اللہ ہر کرا خواہد بہ بخشد باحضور او نخواہد راندہ گرداند ز دور

ترجمہ: اللہ جس کسی کو چاہتا ہے عین راز عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنے قرب اور ہم کلامی کا شرف بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنی حضوری عطا کرتا ہے لیکن جسے نہیں چاہتا اسے خود سے دور کر دیتا ہے۔

یہ دیدار ولقا کی راہ کا علم ہے۔ اس لقا کے علم کی گواہ آگاہی بخشنے والی نگاہ ہے۔ بعض کو لقا جمعیت بخشتا ہے اور بعض لقا سے مجذوب ہو جاتے ہیں اور بعض لقا کی خاطر دن رات بے چین رہتے ہیں۔

اِنَّ لِلْمُشْتَاقِ الْمُدَبِّرِیْنَ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ

ترجمہ: بے شک اہلِ اشتیاق ہی مدبر ہیں جو کہتے ہیں کیا مزید (قرب و دیدار) ہے؟

یہ توحید کے مراتب ہیں جو اہلِ اشتیاق تجرید[1] و تفرید[2] سے گزر کر حاصل کرتے ہیں۔ فرمانِ حق

---

[1] تجرید یہ ہے کہ اللہ کے سوا ہر شے کی نفی کر دی جائے۔ [2] تفرید یہ ہے کہ اپنی ذات کی بھی نفی کر دی جائے۔

Marfat.com

تعالیٰ ہے:

۞ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّ لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا

(الکہف - 110)

ترجمہ: پس جو اپنے ربّ کا قرب و دیدار چاہتا ہے اسے چاہیے کہ اعمالِ صالحہ اختیار کرے اور اپنے واحد ربّ کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے۔

اعمالِ صالحہ اور ازلی عبادت قرب و دیدارِ الٰہی کے حصول کی جانب متوجہ رہنا ہے جو واصلین کو علمِ بقا سے حاصل ہوتا ہے۔ ابیات:

گر شوم در غرق دیدارش دوام
باھُوؒ در ھُو گم شدہ باھُوؒ کدام

ترجمہ: اگر میں ہمیشہ اللہ کے دیدار میں غرق رہوں تو باھُوؒ ھُو میں فنا ہونے کے باعث باھُوؒ کیسے رہے گا؟

باخبر باھُوؒ بود یاھُو بخوان
یاھو باھُوؒ را برد باھُوؒ نہ ماند

ترجمہ: باھُوؒ یاھُو کے ذکر میں ہوشیار رہتا ہے کیونکہ یاھُو کا ذکر باھُو کو وہاں لے جاتا ہے جہاں وہ فنا ہو کر باھُو نہیں رہتا۔

ہر کہ از خود گم شود آنجا چہ دید
خوش ببین دیدار از خود خود برید

ترجمہ: جو طالب خود کو دیدار میں غرق کر لیتا ہے تو وہاں کیا دیکھنا رہ جاتا ہے اس جگہ خود سے فنا ہو کر دیدار کر۔

ہر کہ منکر از خدا و ز مصطفیٰؐ
آن کاذب و مردود گردد بے حیا

Marfat.com

ترجمہ: جو اللہ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا منکر ہے وہ بے حیا، جھوٹا اور مردود ہے۔

گر لذت دیدار را شرح کنم
کونین را بر نام او صدقہ کنم

ترجمہ: اگر میں لذتِ دیدار کی شرح بیان کرنے لگوں تو دونوں جہان کو اس (اللہ) کے نام پر صدقہ کردوں۔

گر بیائی زود بینی طالبا
طالبان پیدا شوند بہر از لقا

ترجمہ: اے طالب! اگر تو آئے تو تُو اسے جلد دیکھ لے گا کیونکہ طالبانِ حق لقا کی خاطر ہی پیدا ہوتے ہیں۔

اجل پیغام است موت از معرفت
ہر کہ محرم موت شد طالب صفت

ترجمہ: (خواہشاتِ نفس کی) موت معرفت کا ایک پیغام ہے۔ وہی اصل طالب ہے جو اس موت کا طلبگار رہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ (البقرہ-115)

ترجمہ: پس تو جدھر بھی دیکھے گا اللہ کا چہرہ پائے گا۔

ابیات:

ہر طرف بینم مشرف شد لقا
آوردم رو بسوی قبلہ چو او قبلہ نما

ترجمہ: میں جس طرف بھی دیکھتا ہوں دیدارِ الٰہی سے مشرف ہوتا ہوں لہٰذا میں اپنا چہرہ قبلہ کی جانب کرتا ہوں کیونکہ وہی اصل قبلہ ہے۔

Marfat.com

از لقا اللہ رو نگردانم بجان گر جان بود
اگرچہ از تن سر جدا جان میشود

ترجمہ: جب تک جان میں جان ہے میں لقائے الٰہی سے روگردانی نہیں کروں گا اگرچہ سرتن سے جدا کر دیا جائے۔

جام نوش ہرگز نہ ترسد جان بی جان
ساکن لاہوت نظرش لامکان

ترجمہ: اس کے دیدار کا جام نوش کرنے والا موت سے ہرگز خوفزدہ نہیں ہوتا کیونکہ وہ لاھوت میں رہتا ہے اور ان کی نظر لامکان پر ہوتی ہے۔

دیدہ بر دیدار دل باشتغال
غرق فی التوحید عارف دم وصال

ترجمہ: اس کی آنکھ دیدار میں اور دل اللہ کے کاموں میں مشغول ہوتا ہے۔ ایسا عارف توحید میں غرق اور واصل ہوتا ہے۔

از لقا رو نگردانم دوام
ہر کہ روئی گرداندہ کافر تمام

ترجمہ: میں کبھی بھی لقائے الٰہی سے منہ نہیں موڑتا اور جو کوئی اپنا چہرہ اس سے پھیرتا ہے وہ مطلق کافر ہو جاتا ہے۔

اہلِ اللہ فقیر جس کے ساتوں اندام تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے مطلق نور بن جاتے ہیں وہ ظاہری طور پر لوگوں میں تصرف کرنے والا مشہور ہوتا ہے اور باطن میں معرفتِ الٰہی کے تصرف کی بنا پر مشہور ہوتا ہے اور اٹھارہ ہزار عالموں اور مجلسِ انبیا، اولیا اللہ، تمام فرشتوں، مؤکلات اور جن و انس میں اس کے احوال (مراتب) ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ اس فقیر کے مراتب ہیں جس کا باطن معمور ہوتا ہے۔ یہ مراتب تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی برکت سے حاصل ہوتے ہیں۔ ہر مراتب سے

Marfat.com

ثواب حاصل ہوتا ہے لیکن تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے بے حجاب دیدار حاصل ہوتا ہے لیکن (راہِ حق میں) تصورِ شیطانی کی مداخلت سے باخبر رہ۔ جان لو کہ اسمِ اَللّٰہُ ذات فرمانِ الٰہی کی مثل ہے اور صاحبِ تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات عارف جو صاحبِ نظر ہوتا ہے' اس فرمان کا حامل ہوتا ہے۔ جو اسم اَللّٰہُ ذات کے فرمان کی عزت نہیں کرتا وہ نافرمان اور فرعون بن جاتا ہے۔ یعنی یہ کہ جسے مشاہدہ اور قربِ الٰہی کے ساتھ دائمی حضوری اور وصال حاصل ہو اس کا کلام کبھی غلط اور خطا سے پُر نہیں ہوتا کیونکہ وہ کلام اللہ کی بارگاہ میں اس کے ازلی قرب کی بنا پر مقبول ہوتا ہے۔ ایسے فقیر کی زبان سیف اللہ ہے جو تلوار کی مثل (برائی کو) قتل کرنے والی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اُقْتُلُوا الْمُؤْذِيَاتِ قَبْلَ الْاِيْذَآءِ

ترجمہ: موذیات کو ایذا پہنچانے سے پہلے قتل کر دو۔

فقیر کے ان مراتب کو خواہشاتِ نفسانی سے مغلوب لوگ کیا جانیں کہ فقیر ایک دم میں تمام عالم کو اپنی توجہ سے فنا کر سکتا ہے اور ایسا وہ حکمِ خدا اور اجازتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے کرتا ہے۔ کیونکہ فقیر توحیدِ الٰہی میں غرق اہلِ حضور ہوتا ہے اور اس کے پاس اسمِ اَللّٰہُ ذات کا نور اور تمام جلالی و جمالی صفات کی طاقت ہوتی ہے اور اس کی کوئی بھی بات حکمتِ الٰہی سے خالی نہیں ہوتی۔ بیت:

مست را فکری نباشد از جلال
غرق فی التوحید اللہ با وصال

ترجمہ: توحید میں غرق مست فقیر کو جلال سے کوئی پریشانی نہیں ہوتی اور اللہ سے وصال کی بنا پر وہ ان کو جذب کر لیتا ہے۔

جو فقیر دائمی طور پر غرق اور دیدار سے مشرف و متوجہ ہو وہ مردار دنیا، نجاست، گندگی، مردار اور حرام کی بدبو کی طرف ہرگز نہیں دیکھتا۔ جاننا چاہیے کہ شیطان صرف خدا کے دشمنوں پر ہی غالب آ سکتا ہے اور ان پر غفلت سے غلبہ کرتا ہے جبکہ خدا کے دوست شیطان پر غالب ہوتے ہیں۔ جو حق کا حقیقی

Marfat.com

طالب ہے وہ بلاشبہ اہلِ توفیق اور حق کا رفیق ہوتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ ؕ وَ كَفٰی بِرَبِّكَ وَكِیْلًا (بنی اسرائیل۔65)

ترجمہ: (اے شیطان!) بے شک تو میرے بندوں پر غالب نہ آسکے گا اور تیرا ربّ ہی ان کے لیے کافی اور کارساز ہے۔

دشمنانِ خدا پر خواہشاتِ نفس غالب ہوتی ہیں جو انہیں در بدر خوار سے خوار تر کرتی چلی جاتی ہیں اور حرص وطمع کے باعث وہ ہمیشہ حیران و پریشان رہتے ہیں جبکہ دوستانِ خدا نفس پر سواری کرتے ہیں اور علمِ یقین، علمِ اعتبار اور علمِ دیدار کے باعث دائمی حضوری اور نور میں غرق رہتے ہیں۔ پس دوستانِ خدا کو ان کے کس عملِ خیر کے سبب پہچانا جاسکتا ہے اور اللہ کی دوستی، محبت اور معرفت کس چیز سے حاصل ہوسکتی ہے؟ اور مرشد کامل واصل باللہ سے کونسے مراتب حاصل ہوسکتے ہیں؟ اوّل ذکرِ نور، دوم تصورِ حضور، تصرفِ حضور، توجہِ حضور اور تفکرِ حضور۔ ذکرِ نور اور تصورِ حضور علمِ دعوت کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتے جب تک اہلِ روحانی کی قبور پر دعوت نہ پڑھی جائے۔ جو اولیا اللہ کی قبور پر اخلاص واعتقاد کے ساتھ زیارت کی غرض سے جاتا ہے اور جو آیاتِ قرآن یاد ہوں انہیں اسم اَللّٰہُ ذات اور اسمِ اعظم کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے ساتھ پڑھتا ہے اور (اہلِ قبر کی) روح کی طرف متوجہ ہو کر تفکر اور مراقبہ کرتا ہے بے شک اسی وقت روحِ ولی قبر سے اس طرح باہر نکل آتی ہے جس طرح سانپ اپنی کھال سے باہر نکلتا ہے۔ پس ولی کی روح کا قبر سے باہر آنا جانا اسی طرح ہوتا ہے جس طرح غوطہ خور سمندر کے پانی میں آتا جاتا ہے۔ اگر اہلِ دعوت صاحبِ توفیق ہے تو وہ روح کو دیکھ لیتا ہے لیکن اگر وہ مردہ دل ہے تو روح کو نہیں دیکھ سکتا اگرچہ وہ تمام عمر قبر پر بیٹھا دعوت پڑھتا رہے۔ صاحبِ باطن سے دینی و دنیوی امور کے سلسلے میں روح ہم کلام ہوتی ہے۔ روح اہلِ نفس سے زبانِ نفس سے ہم کلام ہوتی ہے اور صاحبِ قلب و دل کے ساتھ زبانِ قلب و دل سے ہم کلام ہوتی ہے اور صاحبِ روح کے ساتھ زبانِ روح سے اور صاحبِ سرّ کے ساتھ زبانِ سرّ سے ہم کلام ہوتی ہے۔ ارواح کے ساتھ ہم کلام ہونے اور ان

Marfat.com

سے جواب باصواب پانے میں کسی قسم کا شبہ نہیں۔ نہ یہ شریعت کے خلاف ہے اور نہ ہی ہو سکتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ

ترجمہ: جب تم اپنے (روحانی و باطنی) امور میں پریشان ہو جایا کرو تو اہلِ قبور (کی ارواح) سے مدد مانگ لیا کرو۔

تصورِ حضور اور ذکرِ نور کی برکت سے طالب ترک اور توفیقِ الٰہی سے مراتبِ نور حاصل کرتا ہے اور تجرید و تفرید کے مراتب طے کرنے سے طالب توحید کے مرتبہ پر پہنچتا ہے جہاں اُسے تصورِ حضور، توکل اور تحقیق حاصل ہوتی ہے۔ ابیات:

ذکر حق نور است فکرش باحضور
بے حضوری ذکر فکر و بُعد دور

ترجمہ: ذکرِ حق نور ہے اور یہ تفکر اور حضوری سے ہونا چاہیے۔ حضوری کے بغیر ذکر فکر حق سے دور کرتے ہیں۔

ذکر را بگذار مذکورش مگو
احتیاجی نیست ذکرش روبرو

ترجمہ: ذکر کو چھوڑ دے لیکن مذکور (اللہ) کو نہ چھوڑنا۔ حق کے روبرو ہو کر ذکر کی حاجت نہیں رہتی۔

## شرح دعوت اہلِ قبور

گر ترا علم است دانش باشعور | نظر کن بر مردگان اہل القبور
عاقبت تو جائے خانہ شد قبر | کس نہ بُردہ در قبر این سیم و زر

ترجمہ: اگر تیرے پاس علمِ دانش و شعور ہے تو اہلِ قبور مردوں کو دیکھ۔ تیرا انجام اور گھر بھی قبر ہے جہاں کوئی مال و دولت نہیں لے جا سکتا۔

Marfat.com

علم میباید علم بہر از عمل
جز محبت حق دگر باطل خجل

ترجمہ: اصل علم وہ ہوتا ہے جس پر عمل کیا جائے۔ تمہیں جاننا چاہیے کہ محبتِ حق کے علاوہ دیگر ہر شے باطل اور شرمندہ کرنے والی ہے۔

مردِ عارف اور عالم باللہ وہ ہے جو قوتِ قرآن اور قرب و معرفتِ الٰہی کی قوت سے اپنی قبر کو ایک قلعہ بناتا ہے اور وہ قلعہ جمعیت اور تجلی لقا کے انوار سے اس طرح پُر رہتا ہے کہ اس کے گرد آگ بھی نہیں آسکتی۔ دعوتِ قبور وہی شخص پڑھتا ہے جو دعوت کے احوال سے گزرا ہو اور اس لیے اہلِ قبور ارواح کے احوال اس پر منکشف ہوتے ہیں لہٰذا دعوت پڑھنے کے دوران اسے ارواح کے انوار حاصل ہوتے ہیں جس سے اس کے سامنے کوئی حجاب اور پوشیدہ پردہ باقی نہیں رہتا۔ بعض لوگوں سے دعوتِ قبور پڑھنے پر روح ہم کلام ہوتی ہے اور دعوت پڑھنے والوں کے سوالوں کے درست جواب دیتی ہے۔ بعض رجعت کھا کر خراب حال ہو جاتے ہیں اور بعض بے حجاب سب کچھ دیکھتے ہیں۔ بعض کثرتِ گریہ سے اپنی جان جلاتے ہیں، بعض نور کے اثرات کے باعث دن رات آہ وزاری کرتے ہیں اور خوف کے سبب رجا کی طرف متوجہ رہتے ہیں۔ عظیم روح کی قبر پر دعوت پڑھنے سے مراتبِ کبیر حاصل ہوتے ہیں اور عام روح کی قبر پر دعوت پڑھنے سے مراتبِ صغیر حاصل ہوتے ہیں۔ مطلب یہ کہ اہلِ قبور کے احوال کی حقیقت کس طریقِ تحقیق اور توفیق سے معلوم کی جاسکتی ہے کیونکہ قبر اور ارواح کی کچھ اقسام ہیں اور ان ارواح کے ان مراتب کے حساب سے چند خطاب اور نام ہیں۔ دعوت پڑھنے والے کو ارواح کے مراتب، منصب اور احوال کے مطابق مراتب، منصب اور احوال حاصل ہونے چاہیے۔ بعض قبور اہلِ نفس کی ہیں جو قبر میں قید، عذاب میں مبتلا اور خراب حال ہیں۔ ان اہلِ نفس کی قبر پر دعوت پڑھنے سے جنوں کی آوازیں آتی ہیں اور خطرات، واہمات اور وسوسۂ شیطانی صاحبِ دعوت کو فریب دیتے ہیں اور اس کی راہ روکتے ہیں اور حق سے دور کر کے غیر حق کی طرف متوجہ کرتے ہیں اور صاحبِ دعوت کا ہرگز

Marfat.com

مطلب پورا نہیں ہونے دیتے۔ بعض قبور اہلِ دل روشن ضمیر فقیر اولیا اللہ کی ہوتی ہیں جن کے وجود مردہ لیکن جان زندہ ہوتی ہے۔ ان کی قبر پر جو دعوت پڑھتا ہے اسے جمعیت عطا ہوتی ہے کہ ان کی قبر جنت و بہشت سے بہتر ہے اور اس کے احوال کے موافق مؤکل فرشتے اسے آواز دیتے ہیں اور ان زندہ جان قبور سے شعلۂ انوار پیدا ہوتا ہے اور صاحبِ دعوت کی مہمات و مطالب حاصل ہو جاتے ہیں اور وہ تمام مشکلات سے آسانی پاتا ہے۔ بعض قبور اہلِ روح کی ہیں جن کی قبور پر دعوت پڑھنے سے صاحبِ دعوت کے ساتوں اندام سرتا قدم روشن ہو جاتے ہیں اور اس کا بدن اس کی روح کی چمک سے روشن ہو جاتا ہے اور دل ایسے ٹھاٹھیں مارتا ہے جیسے طوفانِ نوح۔ وہ روح صاحبِ دعوت سے ملاقات کرتی ہے اور دعوت پڑھنے والا اپنے مطالب تک پہنچ جاتا ہے۔ اہلِ اسرارِ الٰہی کی قبور پر دعوت پڑھنے سے اسرارِ الٰہی کھلتے ہیں اور عین حقیقت دکھاتے ہیں۔ بعض اہلِ اللہ کی قبور ہیں جو مکمل نور ہیں جن کی ہم نشینی میں دعوت پڑھنے سے صاحبِ دعوت نور بن جاتا ہے اور مجاہدہ و مشاہدہ سے انبیا اور اولیا اللہ کی حضوری میں پہنچ جاتا ہے۔ عارف کی ارواح نورِ ایمان سے پُر ہوتی ہیں اور اسی نور کی قوت سے لوگوں سے ملاقات کرتی ہیں اور ان کی قبور سے ذکر اور حقیقتِ مذکور کی آواز بلند ہوتی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ

ترجمہ: جب تم اپنے (دینی) امور میں پریشان ہو جایا کرو تو اہلِ قبور سے مدد مانگ لیا کرو۔

جسے تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حضوری کے مراتب حاصل ہوں اور جس کا ظاہر باطن ایک ہو چکا ہے اسے ارواح کی قبور سے آواز سنائی دیتی ہے اور جمعیتِ جاودانی عطا کرتی ہے۔ بیت:

عمل قرآن و قبر قرب از خدا
این عمل حاصل شود از مصطفیؐ

ترجمہ: قبور پر قرآن سے دعوت پڑھنے سے قربِ خدا حاصل ہوتا ہے اور یہ عمل بارگاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

قبر شیر کے گھر کی مثل ہے اور روح اس قبر میں نر شیر کی مثل ہے۔ قبر پر اُسے دعوت پڑھنی چاہیے جسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام جیسی قوت اور توفیق حاصل ہو۔ بیت

قبر بیشہ شیر در قبر فقیر
شہسواری شیر خواند یابصیر

ترجمہ: فقیر کی قبر شیر کی کچھار کی مثل ہوتی ہے لہٰذا صاحبِ نظر ہی اس شیر کی مثل فقیر کی قبر پر دعوت پڑھ سکتا ہے۔

اولیا اللہ کی قبر قلعۂ نور ہوتی ہے جس میں ارواح دائمی حضوری سے مشرف ہوتی ہیں۔ ابیات:

ہر کرا شد معرفت وحدت لقا
خوش بخواند بر قبر آن اولیا

ترجمہ: جس کسی کو معرفتِ وحدت اور لقا حاصل ہو وہ ان اولیا کی قبر پر شوق سے دعوت پڑھ سکتا ہے۔

ہر کہ خواہد معرفت توحید نور
شد حضوری راز با اہل القبور

ترجمہ: جو نورِ توحید کی معرفت حاصل کرنا چاہتا ہے اسے اہلِ قبور سے حضوری کا راز حاصل کرنا چاہیے۔

باروحانی راہ روحی راہبر
باتصور می رود اندر قبر

ترجمہ: صاحبِ دعوت راہِ روحی پر ارواح کی رہنمائی حاصل کرے اور تصور سے قبر کے اندر داخل ہو جائے۔

با یکدگر شد ہم سخن با ہم کلام
ہر حقائق یافتہ و ز خاص و عام

Marfat.com

ترجمہ: اور ایک دوسرے سے ہم کلام ہوکر گفتگو کرے اور (روح سے) ہر خاص و عام حقائق حاصل کرے۔

ہر کہ این راہ نداند بے عمل
با وسوسہ خطرات شیطانی خلل

ترجمہ: جو کوئی اس راہ کو نہیں جانتا وہ بے عمل ہے اور وسوسہ و خطراتِ شیطانی اور خلل کا شکار ہے۔

بے سرے رفتند اولیا
روز اوّل شد مشرف بالقا

ترجمہ: اولیا بے سر ہو کر اس راہ پر چلتے ہیں اور روزِ اوّل ہی لقا سے مشرف ہو جاتے ہیں۔

باھُوؒ تو بہر از خدا این راہ نما
سر ز گردن کن جدا بہر از خدا

ترجمہ: باھُوؒ! اللہ کے واسطے تو اس راہ پر ہمارا راہبر بن اور خدا کی خاطر گردن سے سر کو جدا کر دے۔

عارف اور عالم باللہ جو صاحبِ استغراقِ الٰہی ہو اور حضورِ پروردگار میں آتا جاتا ہو اسے مؤکلات اور جنوں کا کیا خوف اور اپنے گرد حصار باندھنے کی کیا ضرورت؟ اس کے وجود سے نورِ الٰہی کا ایسا شعلہ پیدا ہوتا ہے کہ تمام مؤکل، فرشتے اور جن نورِ الٰہی کے جلال اور گرمی کے باعث اس سے دور بھاگتے ہیں۔ بیت:

مرد باشد حق شناسد باحضور
آن وجود لائق است دعوت قبور

ترجمہ: جو مرد حق شناس اور حضوری کا حامل ہو اسی کا وجود دعوتِ قبور پڑھنے کے لائق ہوتا ہے۔

## شرح دیدار و لقا

دیدارِ پروردگار اور مشرفِ لقا ہونے کا کونسا طریقہ شریعت کے موافق اور جائز ہے؟ دیدارِ الٰہی کے

Marfat.com

پانچ طریقے ہیں اوّل خواب میں، جسے نوم الخیر کہتے ہیں۔ دوم مراقبہ، جو موت کی مثل ہے اور محرمِ محبت و معرفت بناتا ہے۔ ایسی موت وصالِ الٰہی عطا کرتی ہے۔ بلکہ موت سے غالب تر ہے کیونکہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کا مرتبہ ہے جو عارف کو لاھوت لامکان میں پہنچا کر ذاتِ حق کا بے حجاب مشاہدہ عطا کرتا ہے۔ اس مقام پر انوارِ ذات بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ علمِ اجل سے فتوحات حاصل ہوتی ہیں اور موت انوارِ ذات میں غرق کر کے لقا و دیدار سے مشرف کرتی ہے۔ عارفین اولیا اللہ اس موت سے مطلق حیات پاتے ہیں اور جہاں (مقامِ ھاھویت پر پہنچ کر) معرفت، مشاہدہ، قربِ الٰہی اور مجلسِ انبیا و اولیا بھی ختم ہو جاتی ہیں (کیونکہ ہر شے وحدت میں غرق ہو کر عین وحدت ہو جاتی ہے)۔ عارفین اس موت سے توفیقِ الٰہی حاصل کر کے اسے رفیق بناتے ہیں اور اپنی موت کو ابدی حیات سے آراستہ کرتے ہیں۔ یہ وہ موتِ رحمت ہے جس کے باعث اللہ سے بے آواز ہم کلامی کا مکمل شرف حاصل ہوتا ہے اور قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ کے بے آواز علم سے طالب کی روح دونوں جہان میں زندگی حاصل کرتی ہے۔ اس مقام پر ولی اللہ کے لیے زندگی اور موت برابر ہوتی ہیں۔

ابیات:

با تصور اسم اَللّٰہُ لازوال است
گر بہ بینم ہمہ اندر وصال است

ترجمہ: تصورِ اسم اَللّٰہُ ذات سے لازوال دیدار حاصل ہوتا ہے۔ جب بھی میں اسمِ اَللّٰہُ ذات کا تصور کرتا ہوں مجھے اس سے وصالِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔

کسے داند کہ ہرگز آن نداند
حجاب خود ز خود رویت بماند حق نگار

ترجمہ: اگر کوئی اس کے متعلق جانتا ہے تو وہ یہ ہرگز نہیں جانتا کہ حق کے دیدار کے لیے اس کا اپنا وجود ہی حجاب ہے۔

Marfat.com

مراتبِ عاشقان دیدار بین است
ز حق باحق رسد حق الیقین است

ترجمہ: عاشقوں کے مراتب یہ ہیں کہ انہیں دیدار حاصل ہوتا ہے کیونکہ وہ حق کے توسط سے حق تک پہنچ کر حق الیقین کے مرتبہ پر ہوتے ہیں۔

حیاتی شد بقا بہر از لقا شد
کسی این جا نہ بیند سر ہوا شد

ترجمہ: جو لقا کی خاطر زندہ ہوتے ہیں انہیں لقائے الٰہی سے جاودانی زندگی حاصل ہوتی ہے جس نے اس زندگی میں دیدار حاصل نہ کیا وہ خواہشاتِ نفس کا شکار ہے۔

اگر گوید کسی دیدار فردا
کہ فردا شد بہ آنزا صد پردا

ترجمہ: اگر کوئی یہ کہے کہ قیامت کے روز دیدار ہوگا تو (وہ جان لے کہ) کل قیامت کے روز بھی اس کے سامنے سینکڑوں حجاب ہوں گے۔

خدا بیند مرا من چون نہ بینم
کہ امت از محمدؐ پاک اویم

ترجمہ: خدا مجھے دیکھتا ہے تو میں اسے کیوں نہ دیکھوں کہ میں اس کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے ہوں۔

لذتے و ز جاودانی لذت دیدار بہ
الٰہی مرتبہ دیدار دادی طاقت دیدار دہ

ترجمہ: ہر لذت سے دیدار کی جاودانی لذت بہتر ہے۔ الٰہی! تو نے مرتبہ دیدار تو عطا کر دیا اب طاقتِ دیدار بھی عطا فرما۔

اہلِ محبت، اہلِ ذکر فکر، اہلِ معرفت، اہلِ حضورِ حق، اہلِ مقربِ حق، اہلِ مشاہدۂ نور، اہلِ

Marfat.com

تجلی غرقِ دیدار، اہلِ مشرفِ لقا، فنا، بقا، درویش فقیر ولی اللہ، اولیا اللہ، واصل عاشق، عارف، عالم، عامل، جامع جو کامل مکمل اکمل اور رہنمائے خلق ہیں، غوث، قطب، ابدال، اوتاد، اخیار جن کے باطن معمور اور جن کے وجود پاکیزہ ہیں اور وہ ہمیشہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر رہتے ہیں۔ ان تمام اہلِ نصیب صاحبِ مراتب کو کونسے احوال سے پہچانا جا سکتا ہے؟ اہلِ اللہ اہلِ دیدار ہوتے ہیں جن کا نفس بیمار ہوتا ہے اور بیمار کو بولنے، سننے یا دیکھنے اور کھانے کی لذت و ذائقہ کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔ اسی طرح اہلِ اللہ کو سوائے حضوری، مشاہدۂ دیدار کے سوا کچھ اچھا نہیں لگتا۔ ان کا سننا، دیکھنا اور بولنا دیدار کے سوا کچھ نہیں اور وہ دیدار سے ہی لذت و ذائقہ پاتے ہیں کیونکہ ان کا کھانا بھی نور ہوتا ہے جو تمام انوارِ الٰہی کا نور کہلاتا ہے۔ ابیات:

طلب کن دیدار دائم تا شوی طالب خدا
درمیان یک ہفتہ یابی معرفت وحدت لقا

ترجمہ: تو ہمیشہ دیدارِ حق کی طلب کر تاکہ تو طالبِ مولیٰ بن جائے اور ایک ہفتہ میں ہی معرفت و لقائے وحدت پالے۔

ناقصاں را سال پنجہ کاملان را روز پنج
پنج پنجہ نیز ناقص عارفان یک روز گنج

ترجمہ: ناقصوں کو پچاس سال میں بھی معرفت حاصل نہیں ہو سکتی جبکہ کاملوں کو پانچ روز میں ان کا مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔ پانچ روز اور پچاس سال والے بھی ناقص ہیں۔ کیونکہ عارفین کو ایک روز میں ہی یہ (معرفت کا) خزانہ حاصل ہو جاتا ہے۔

پنج گنج نیز ناقص دم زدن بہ برد حضور
این مراتب جامع مرشد بود یا ذات نور

ترجمہ: پانچ خزانوں پر تصرف رکھنے والے بھی ناقص ہیں۔ یہ مراتب جامع مرشد جو نورِ ذات میں غرق ہوتا ہے، کے ہیں جو لمحہ بھر میں حضوری میں پہنچا دیتا ہے۔

Marfat.com

دم زدن ہم دیر باشد طرفہ زد حاضر کند
این مراتب انتہائے از خدا حاصل شود

ترجمہ: لمحہ بھر میں بھی دیر ہوتی ہے۔ جامع مرشد پل بھر میں حضوری میں پہنچا دیتا ہے اور یہ انتہائی مراتب اسے حق سے حاصل ہوتے ہیں۔

این ہر یک مراتب ناقصان را راہزن شد طالبان
نادیدہ را دیدہ بہ بخشد میشود روشن عیان

ترجمہ: ناقصوں کے تمام مراتب سچے طالبوں کے لیے راہزن ہیں۔ کامل مرشد نابینا کو چشمِ بینا عطا کرتے ہیں جس سے ان پر ہر شے روشن و عیاں ہو جاتی ہے۔

باھُوؒ راہِ مردان باتوجہ بانظر ناظر قلب
در تصرف باتصور غرق کن در ذات ربّ

ترجمہ: باھُوؒ راہِ مردان یہ ہے کہ وہ توجہ اور نگاہ سے طالبوں کے قلب کو روشن کر دیتے ہیں اور اپنے تصرف سے تصور کے ذریعے انہیں ذاتِ ربّ میں غرق کر دیتے ہیں۔

ہر کوئی اپنے نام کی شہرت کا طالب ہے اور ہر کوئی یہ مطلوب حاصل کرنے کے لیے دن رات مطالعۂ کتب میں مصروف ہے۔ مردار اور بدبودار دنیا کی طلب کرنے والے طالب و مرید بے شمار ہیں جو اپنے مرشد سے خلافت چاہتے ہیں اور ایسے طالب جھوٹے اور حد سے بڑھنے والے ہیں۔

ابیات:

کس نہ بینم طالبے توفیق تر
کس نیابم مرد مرید از نظر

ترجمہ: میں کوئی بھی ایسا طالب نہیں دیکھتا جو توفیقِ الٰہی کے لائق ہو اور نہ ہی کوئی ایسا مردِ کامل ہے جو نگاہ سے تزکیہ کرے۔

Marfat.com

ہم مریدی طالبی از بہر خویش
درپیش بسیار است بدکیش بیش

ترجمہ: تمام طالب و مرید اپنی خواہشات کی فکر میں رہتے ہیں۔ایسے بدخصلت مرید بہت سے ہیں جن سے مرشد کو واسطہ پڑتا ہے۔

وہ عارف جس کے پاس بے حجاب دیکھنے والی آنکھ ہو اور وہ دیدار سے مشرف ہؤا سے آج اور کل کے وعدے سے کیا سروکار؟

گر نہ بیند کور مادر عیب نیست
سرّ شد اظہار آن از غیب نیست

ترجمہ: اگر مادرزاد اندھا دیدار نہیں کر سکتا تو کیا برائی' کیونکہ ایسے اندھے پر غیب سے اسرار کا اظہار نہیں ہوتا۔

میدہد دیدار میگوید بہ بین
ہر کہ آواز او نہ بیند شد لعین

ترجمہ: اللہ ہی اپنا دیدار عطا کرتا ہے اور خود ہی دیکھنے کا کہتا ہے اور جو کوئی اس کے فرمان پر اسے نہیں دیکھتا وہ ملعون ہے۔

گر نہ بینم میشوم مشرک تمام
روئے من با روئے او باشد ہر مدام

ترجمہ: اگر میں اسے (یعنی اللہ کو) نہ دیکھوں تو میں مطلق مشرک ہو جاؤں گا اس لیے میں ہمیشہ اپنا رُخ اس کے رُخ کے سامنے ہی کرتا ہوں۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ
(الانعام۔79)

Marfat.com

ترجمہ: بے شک میں اپنا رُخ اسی کی جانب کرتا ہوں جو زمین و آسمان کا پیدا کرنے والا ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔

نور دیدارش نہ جثہ داشتند
نفس قلب و روح را بگذاشتند

ترجمہ: اس کے نور کا دیدار کرنے والوں کے وجود نہیں ہوتے اس لیے طالبِ دیدار نفس، قلب اور روح کو بھی چھوڑ دیتے ہیں۔

باھُوؒ ابتدا نور است آخر گشت نور
نور از شد نور، نور از شد ظہور

ترجمہ: باھُوؒ کی ابتدا بھی نور ہے اور اس کی انتہا بھی نور ہوگی۔ اس کے نور کی اصل اور اظہار اللہ کے نور سے ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَلنِّھَایَتُ ھُوَ الرَّجُوْعُ اِلَی الْبِدَایَتِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹ جانے کا نام ہے۔

مرد (مرشد) وہ ہے جو ایک ساعت میں ابتدا و انتہا تک پہنچا دے۔ یہ اس مرشد کے مراتب ہیں جس کا ظاہر توفیقِ الٰہی کا حامل اور اس کا باطن حق کا باتحقیق رفیق ہوتا ہے۔ بیت:

ہم چون ابلیس است مانع شد لقا
رحمت خدا بروے کسے را شد لقا

ترجمہ: جو لقائے الٰہی سے روکتا ہے وہ ابلیس کی مانند ہے۔ جسے لقا حاصل ہو اس پر خدا کی رحمت ہوتی ہے۔

جان لو کہ لقا اللہ کے فضل سے عالم فقرا کا نصیب ہوتا ہے۔ یہ وہ عالم ہوتے ہیں جن کے پاس مندرجہ ذیل علوم ہوتے ہیں: علمِ تفسیر، علمِ تاثیر، علمِ روشن ضمیر، علمِ ناظر نظیر، علم برنفس امیر، علم فنا

Marfat.com

فی اللہ فقیر، علم کیمیا اکسیر، علمِ دعوت تکسیر، علم تمام عالمگیر، علمِ ذکرِ زوال، علمِ فکر جونفس کوفنا کردے اور اللہ کا وصال عطا کرے، لازوال معرفت کا علم، محبت کے احوال کا علم، یارِ حقیقی کوطلب کرنے کا علم، علم جو دیدار سے مشرف کردے، علمِ ورد وظائف، علمِ مراقبہ، علمِ مکاشفہ، علمِ مجادلہ، علمِ محاربہ، علمِ محاسبہ، علمِ الٰہی، علمِ الہام، علمِ نور، علمِ حضور، علمِ مجاہدہ، علمِ مشاہدہ، علمِ قرب، علمِ قدس، علمِ تمثیل، علمِ وھم، علمِ دلیل، علمِ عیان، علمِ تصور، علمِ تصرف، علمِ تفکر، علمِ توجہ، علمِ استغراق، علمِ کلید، علمِ قفل، علمِ جامع، علمِ جمعیت، علمِ فنا، علمِ بقا، علمِ خلافِ نفس، علمِ صدیق القلب، علمِ توفیقِ روح، علمِ تحقیقِ سرّ، علمِ اعتقاد، علمِ وحدت، علمِ یقین، علمِ تعلیم، علمِ تلقین، علمِ ہدایت، علمِ غنایت، علمِ ولایت، علمِ لانہایت، علمِ تجرید، علمِ تفرید، علمِ فیض، علمِ عطا، علمِ تمام علوم، علمِ حیّ قیوم، علمِ رسم رسوم۔ یہ تمام علوم حق و باطل کی تحقیق کے لیے ہیں۔ تو اپنے وجود پر شریعت کا لباس پہن اور شریعت میں کوشش کر اور شریعت کے احکامات اختیار کر اور شریعت کے مخالف، بدعت اور مناہی کو چھوڑ دے۔ اس کے بعد فقر کی راہ پر قدم رکھ اور اپنا چہرہ معرفت اور دیدارِ الٰہی کی طرف رکھ۔ ہر علم، ہر عبادت اور ہر ثواب بے حجاب ہونے اور اللہ کی معرفت اور دیدار کے لیے ہے۔ پس معلوم ہوا کہ مراتب دو قسم کے ہیں۔ ایک مراتبِ مردار' جو کہ باطل ہیں اور دوسرے مراتبِ دیدار جو اللہ کی طرف سے برحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اپنی معرفت، عبادت اور دائمی دیدار سے مشرف ہونے کے لیے پیدا کیا ہے نہ کہ مردار دنیا کے لیے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (الذٰریٰت۔56) اَیْ لِیَعْرِفُوْنِ

ترجمہ: اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے یعنی اپنی معرفت کے لیے۔

جاننا چاہیے کہ علمِ ظاہر کے بہت سے عالم ہیں۔ ہزار عالموں میں سے کوئی ایک عالم ہی دیدار سے مشرف ہونے کا علم جانتا ہے جو علمِ دیدار کے علاوہ دوسرا کوئی علم نہ جانتا ہے اور نہ پڑھتا ہے اور اپنے شاگرد، طالب اور مرید کو بھی علمِ دیدار کا سبق دیتا ہے اور اس علم کے حصول سے دیدار تک

Marfat.com

پہنچا تا ہے۔فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

حَسْبِیَ اللّٰہُ (توبہ-129)

ترجمہ: اور میرے لیے اللہ کافی ہے۔

وَ کَفٰی بِاللّٰہِ (الاحزاب-39)

ترجمہ: اور اللہ (سب کے لیے) کافی ہے۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ جواب دو کہ علمِ دیدار کی راہ کونسے علم سے ہے؟ اور علمِ دیدار کا گواہ کونسا علم ہے؟ اور علمِ دیدار کا محرم کون ہے اور اس راہ پر رفیق کون ہوتا ہے۔ علمِ دیدار کو اسمِ اَللّٰہُ سے تحقیق کیا جاتا ہے کیونکہ اسمِ اَللّٰہُ ذات دیدارِ الٰہی تک پہنچاتا ہے اور علمِ دیدار کا گواہ حضوری ہے جو کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سے حاصل کی جاتی ہے۔ جو کلمہ طیبہ کو اس کی کنہ سے پڑھتا ہے کلمہ طیبہ اسے دیدار سے مشرف کر دیتا ہے۔ علمِ دیدار کا استاد عالم اور رفیق مرشد کامل ہوتا ہے جو توفیقِ الٰہی کا حامل ہوتا ہے اور اپنی نگاہ اور توجہ سے طالب کو روشن ضمیر اور باعیان بنا دیتا ہے اور نگاہ اور تصور سے حضوری میں پہنچاتا ہے۔ جو پیر و مرشد علمِ حضوری اور دیدار سے مشرف کرنے کا علم نہیں جانتا اور اپنے طالب و مرید کو مرتبہ ذکر فکر میں ہی الجھائے رکھتا ہے وہ احمق ہے جو خود کو پیر و مرشد کہلواتا ہے۔ دیدار حق تعالیٰ کا فضل ہے جو اللہ کی عطا اور بخشش ہے۔ یہ لقا سے مشرف عارفین کے مراتب ہیں۔ جو طالب ان کے مراتب کا یقین نہیں کرتا وہ مردہ دل، اندھا اور بے حیا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖۤ اَعْمٰى فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (بنی اسرائیل-72)

ترجمہ: جو اس دنیا میں (دیدارِ الٰہی سے) اندھا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا۔

اگر میں باطنی طور پر اندھے شخص کو حقیقت دکھاؤں اور کہوں کہ دیکھ تو وہ اندھا اپنے اندھے پن کی بنا پر کیسے دیکھ سکتا ہے۔ وہ بے یقین اور شیطان لعین کا ساتھی ہے۔ ابیات:

Marfat.com

در درس دیدار خوانند بے زبان
بے چشم عارف بہ بیند باعیان

ترجمہ: عارف دیدار کا درس بے زبان پڑھتے ہیں اور ظاہری آنکھوں کے بغیر بے حجاب عیاں دیدار کرتے ہیں۔

شد مطالعہ موت علم از معرفت
عالم دیدار باشند این صفت

ترجمہ: علمِ معرفت سے موت کی حقیقت کا علم حاصل ہوتا ہے۔ عالمِ دیدار ہی اس صفت کے حامل ہوتے ہیں۔

جسم انوارش بحاضر داشتند
نفس و قلب و روح بگذاشتند

ترجمہ: وہ نفس و قلب اور روح کو چھوڑ دیتے ہیں۔ انکا جسم نور بن جاتا ہے جس کے بعد وہ نور کی صورت میں اللہ کی حضوری میں رہتے ہیں۔

اصل از نور است وصلش نور شد
ابتدائے انتہائے بحضور شد

ترجمہ: ان کی اصل نور ہے اور انہیں وصل بھی نور سے ہوتا ہے اور انہیں ازل سے ابد تک حضوری حاصل ہوتی ہے۔

مرشدے باشد چنین عالم لقا
طالبان را میکشد کبر و از ہوا

ترجمہ: مرشد کو ایسا عالمِ لقا ہونا چاہیے جو اپنی روحانی قوت سے طالبوں کو تکبر اور خواہشاتِ نفس سے نجات دلا دے۔

عالم کئی اقسام کے ہیں۔ ایک جو علمِ تفسیر کے عالم ہیں اور ایک وہ عالم جو علم میں مشہور ہیں

Marfat.com

اور ایک عالم وہ جو دن رات ورد وظائف، مطالعہ علمِ دعوت اور ذکر فکر میں مشغول رہتے ہیں۔ ایک وہ جو علمِ دنیا کے عالم ہوتے ہیں جن کا دماغ خواہشات سے پُر ہوتا ہے اور وہ تکبر و غرور کے باعث معرفتِ الٰہی سے محروم ہوتے ہیں اور ایک وہ جو علمِ فنا فی اللہ اور دیدارِ نور کے عالم ہوتے ہیں اور ایک وہ عالم جو مجلسِ محمدی کے علمِ حضوری کے عالم ہوتے ہیں کیونکہ فقر کی اساس علمِ فقہ ہے۔ فقیہہ عالم دو قسم کے ہیں اوّل قسم کے فقیہہ وہ ہیں جو مسائلِ فقہ کی تاثیر سے نفس کو فنا کرتے ہیں۔ یہ عالم عارف باللہ صاحبِ تقویٰ ہوتے ہیں جنہیں دیدار کی توفیق حاصل ہوتی ہے اور وہ مردار دنیا سے بیزار ہوتے ہیں۔ دوم فقیہہ وہ ہیں جن کا نفس انا، تکبر اور ہوس کے باعث طاقتور ہوتا ہے اور وہ خواہشاتِ نفس کے قیدی ہوتے ہیں۔ ابیات:

موسیٰؑ را معراج شد و ز معرفت     اگر باشد خضرؑ عیسیٰؑ صفت

مردہ را زندہ کند با دم نظر     ہمچو قصہ مجلس موسیٰؑ خضرؑ

ہر کہ بیند از گناہ در خود نگاہ     ہر کہ یابد راہ بنماید براہ

ترجمہ: موسیٰ علیہ السلام اگر خضرؑ اور عیسیٰؑ کی مثل ہوتے تو انہیں معرفت کے سبب معراج ہوتی۔ اور مردہ کو سانس اور نظر سے زندہ کرتے جیسا کہ موسیٰؑ اور خضرؑ کے قصہ سے واضح ہوتا ہے۔ جو کوئی دوسروں کے گناہ کی طرف متوجہ رہتا ہے اصل میں وہ خود پرست ہوتا ہے اور جو کوئی راہِ حق پا لیتا ہے وہ دوسروں کو بھی یہ راہ دکھاتا ہے۔

## نیز شرح کل و جز

دیدارِ الٰہی کا کسی بھی مقام و مرتبہ سے کوئی تعلق نہیں نہ آج دنیا سے نہ کل قیامت اور بہشت سے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کو کسی مقام سے تشبیہ دینا شرک کا باعث ہے۔ پس دیدار کس طریقے سے ممکن ہے؟ (اللہ کا) علم سر سے قدم تک تمام وجود کو نور میں بدل دیتا ہے اور ان انوار میں طالب اللہ کا دیدار کرتا ہے اور اس وقتِ دیدار جگہ اور مقام کا تعین نہیں ہوتا کیونکہ ان آثار کا نام لاہوت لامکان ہے۔

Marfat.com

اے احمق اور پریشان سن! دیدار کے لائق صرف انسانِ کامل ہے۔ علمِ مسخرات سے جنوں کو قید میں لے آنے کا طریق اور ہے اور علمِ مسخرات سے مؤکلات اور فرشتوں کو قید میں لے آنے کا طریق اور ہے۔ علمِ مسخرات سے انبیا، اولیا اللہ، مومن اور مسلمان کی ارواح سے مجلس و ملاقات کرنے کا طریق اور ہے جو اسمِ اعظم پڑھنے سے حاصل ہوتا ہے اور وجودِ معظم کے لیے توفیقِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ علمِ ذکر فکر، ورد وظائف سے سیر طبقات ہفت طبقاتِ زمین اور نو افلاکِ آسمان، نظارۂ عرش و کرسی اور مطالعہ لوحِ محفوظ کا طریق اور ہے۔ ایسے تمام مراتب بے جمعیت ہیں جو طالب کے لیے پریشانیِ احوال ہیں اور اللہ کی معرفت، قرب، توحید اور وصال سے دور اور بے خبر ہیں۔ علمِ انوار سے دیدارِ پروردگار سے مشرف ہونے کی باتحقیق توفیق کی راہ اور ہے اور علمِ فنا، علمِ بقا، علمِ صفا اور علمِ مشرفِ لقا کی باتحقیق توفیق کی راہ اور ہے۔ علمِ سرّ اسرار، معرفت، محبت، مشاہدہ، حیّ و قیوم ذات کو طلب کرنے کا علم روشن ضمیری عطا کرتا ہے اور وحدت کی طرف راستے کھولتا ہے، روح کو فرحت عطا کرتا ہے اور قلب کو زندہ کرتا ہے اور نفس کو خوار و خراب کرتا ہے۔ اسم اَللّٰہُ ذات کے تصور سے جان دن رات سوز میں مبتلا رہتی ہے اور بے حجاب دیدارِ الٰہی اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری حاصل ہوتی ہے اور یہ علم نور سے مشرف کر کے اللہ کی بارگاہ میں منظور کراتا ہے اور توفیقِ الٰہی عطا کرتا ہے۔ یہ طریقِ تحقیق مختلف ہے۔ حیّ و قیوم ذات کے یہ جملہ علوم اور جملہ علمِ رسم رسوم ایک قدم اور ایک دم میں رنج و ریاضت کے بغیر اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم و اجازت سے لمحہ بھر میں حاصل ہو جاتے ہیں جس سے اولیا اللہ واصل ہو جاتے ہیں۔

وہ کونسی راہ ہے جس سے آئینۂ دل ایسے روشن اور صاف ہو جاتا ہے کہ کل و جز مخلوقات کے احوال اور فنا و بقا سے آگاہی حاصل ہو جاتی ہے اور وہ کونسی راہ ہے جس میں اللہ کا قرب اور دیدار حاصل ہوتا ہے؟ یہ تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والی حضوری کی راہ ہے۔ اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی روحانی قوت سے حاصل ہونے والی باتحقیق توفیق کی راہ ہے۔ یہ راہ وحدت کی کلید ہے۔ ہر وہ شخص اس راہ کا منکر ہے جو بے دین، لعنتی، شیطان کا دوست اور اہلِ

Marfat.com

تقلید ہے۔اس راہ میں وہی طالبِ مولیٰ جان قربان کرتا ہے جو دیدار اور توحید کا طالب ہو۔ایسا طالب حضرت رابعہ بصریؒ اور سلطان بایزیدؒ کی مثل ہوتا ہے۔

## تصور کے برزخ سے مشاہدات اور بے مثل و بے مثال' لازوال اور روحانی احوال کی شرح

جاننا چاہیے کہ تصور اسم اَللّٰہُ ذات وحدت تک پہنچنے کا باتصرف برزخ[1] ہے جو اگر توجہ اور اصل تفکر سے کیا جائے تو وصالِ الٰہی عطا کرتا ہے۔تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کا برزخ ذکر، فکر، مراقبہ اور وردو وظائف جن کا تعلق عملِ نفس و شیطان اور عملِ دنیا کے وہم، خطرات اور واہمات سے ہے' کو دل سے علیحدہ کر کے منسوخ کر دیتا ہے اور صرف انوارِ دیدار کی تجلیات کے مشاہدات کو باقی رہنے دیتا ہے۔تصور قربِ الٰہی اور دیدار کے غیب الغیب انوار کا مشاہدہ عطا کرتا ہے۔تصور سے حاصل ہونے والے مشاہدات وحدت کی جانب سے ہوتے ہیں اور قربِ الٰہی کے تصور سے متعلق ہوتے ہیں۔تصور سے حاصل ہونے والے مشاہدات کا تعلق تصورِ نور اور قربِ الٰہی سے ہے جو طالب کو اللہ کی نظر میں منظور بناتے ہیں۔ذکر اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہونے والے تصور، مشاہدات اور الہام نفس کو فنا اور روح کو بقا عطا کرتے ہیں ان کا تعلق حور و قصور کے مشاہدہ سے نہیں۔ابیات:

در تصور شد تصور راز حق
میبراید در مطالعہ دل ورق

ترجمہ: جب صاحبِ تصور اوراقِ دل کے مطالعہ میں مشغول ہو جاتا ہے تو تصورِ رازِ حق حاصل ہوتا ہے۔

و ار دانی ہر علم شد راہنما
روزِ اوّل سبق خواند از خدا

---

[1] برزخ دو جگہوں کو جوڑنے یا ملانے والے پُل کو کہتے ہیں مراد وسیلہ۔

Marfat.com

ترجمہ: اگر تو چاہتا ہے کہ ہر علم اللہ کی طرف تیرا رہنما ہو تو اس کا سبق روزِ اوّل ہی پڑھنا شروع کر۔

خرمی خوشوقت گردد راز بین
عین را باعین بیند بالیقین

ترجمہ: طالبِ مولیٰ جب اسرارِ الٰہی کا مشاہدہ کرنے والا بن جاتا ہے تو وہ مسرور ہو جاتا ہے اور یقین کے ساتھ عین ذات کا مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کرتا ہے۔

عالم و فاضل شود عارف کرم
از علم عین است عالم را چہ غم

ترجمہ: اللہ کے کرم سے علمِ عین کے حصول کے بعد عارف عالم و فاضل بن جاتا ہے تب وہ تمام پریشانیوں سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

علم رسم و با رسوم مردگان
مردہ قالب زندہ قلب علم دان

ترجمہ: علمِ رسم رسوم مردہ دل والے حاصل کرتے ہیں جبکہ علمِ الٰہی کے جاننے والوں کے دل زندہ اور وجود مردہ ہوتے ہیں۔

جاننا چاہیے کہ لقائے الٰہی سے مشرف کرنے اور مقامِ کبریا تک پہنچانے کی راہ کا علم اسمِ اَللّٰہُ ذات کے روحانی اثرات سے حاصل ہوتا ہے جبکہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہُ کے ورد سے حاصل ہونے والی حضوری تمام مخلوقات کے احوال دکھاتی ہے۔ نورِ حضور کی یہ راہ ہزاروں میں سے صرف عامل عارف ہی جانتا ہے جو کہ فقیر ہے۔ جو اس راہ کو مکمل طور پر جانتا ہے وہ کونین پر امیر ہے اور جو مکمل طور پر اس راہ کو جانتا ہے وہ ہر مخلوق پر غالب اور قدیر ہوتا ہے۔ اس راہ کو مردہ دل کیا جانیں جو نفس کے اسیر اور قیدی ہیں۔ اور اگر کوئی چاہے کہ اس علم کو پڑھے بغیر عالمِ ربانی کے برابر ہو جائے تو ممکن نہیں۔ یہ مراتب کلماتِ ربانی کو جاننے والے عالم کے ہیں۔ کلماتِ ربانی پڑھنے سے نفس مردہ اور قلب زندہ ہو کر بے حجاب اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کرنے لگتا ہے۔ فرمانِ

Marfat.com

حق تعالیٰ ہے:

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا (الکہف-109)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرما دیجیے کہ اگر کلماتِ ربانی لکھنے کے لیے تمام سمندر سیاہی بن جائیں تو کلماتِ ربانی کے مکمل لکھنے سے پہلے سمندر ختم ہو جائیں گے اگرچہ ان کی مثل مزید سمندر بھی آجائیں۔

کی تواند اسم اَللّٰہُ را شمار
اسم اَللّٰہُ ذات را باخوش نگار

ترجمہ: اسمِ اَللّٰہُ ذات کے فوائد کا شمار کیسے ہو سکتا ہے تو اسمِ اَللّٰہُ ذات کو اپنے دل پر خوشخط لکھ۔

تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے صاحبِ تصور کے تمام حجابات دور ہو جاتے ہیں اور وہ تمام مخلوقات کا ثواب دیکھتا ہے اور پھر (اسمِ اَللّٰہُ ذات کے) انوار کی شدت سے دیدار سے مشرف ہو جاتا ہے۔ ان جباری و قہاری تجلیاتِ ربانی کا بارِ گرانی کامل انسان کا وجود ہی برداشت کر سکتا ہے جو (اس بارِ گرانی کو اٹھاتے ہوئے) کسی بھی حال میں پریشان نہیں ہوتا۔

مطلب یہ کہ جو طالب آوازِ روحانی کا محرم ہو جاتا ہے وہ قربِ ربانی سے الہام وصول کرتا ہے لیکن اگر اسے اسمِ اَللّٰہُ ذات پر اعتبار نہ آئے اور نہ ہی وہ مرشد بزرگوار کے فرمان پر اعتبار کرے تو معلوم ہوا کہ وہ طالب خود پسند ہے جو ہوا و نفس کی قید میں ہے اور راہِ صفا نہیں پا رہا۔ ایسا طالب بے ادب و بے حیا بلکہ بے نصیب ہے جو معرفتِ الٰہی سے محروم ہے۔ یہ مطالب توحید سے دور ہیں کیونکہ طالب اپنی طبیعت کے مطابق عمل کرتا ہے۔ اس سلسلے میں اگر مرشد طالب کے ظاہر و باطن پر توجہ نہ کرے اور توفیقِ الٰہی سے طالب کا رفیق نہ ہو تو طالب کسی بھی مقام و مطالب تک نہیں پہنچ سکتا اگرچہ تمام عمر اخلاص سے مرشد کی صحبت میں رہے اور خواہ ریاضت میں سالہا سال تک گرمی و سردی اور خوف و رجا کے احوال برداشت کرتا رہے۔ نیز یہ مراتب خوف و رجا اور عقل و ہوشیاری سے تعلق

Marfat.com

رکھتے ہیں اور خود طالب کے اختیار میں ہوتے ہیں۔ جو کوئی خودی سے نجات حاصل کر لیتا ہے اسمِ اَللّٰہُ ذات اس کا رہبر بن جاتا ہے اور طالب جس جگہ چاہتا ہے' پہنچ جاتا ہے۔ اُس طالب کی تمام مہمات توفیقِ الٰہی سے تحقیق انجام پاتی ہیں جو مرشد سے اس طرح یکتا ہو جائے کہ طالب کا جسم، قلب، قالب، روح، نفس اور ساتوں اندام مرشد کے جسم، قلب، روح، نفس اور ساتوں اندام میں ڈھل جائیں۔ یہ مکمل فنا فی الشیخ کے مراتب ہیں کہ مرشد طالب کے مراتب کو اپنے مرتبہ عظیم اور قلبِ سلیم سے تبدیل کر دیتا ہے۔ اس راہ کو اثباتِ قدم[1] کہتے ہیں اور یہ راہ استقامت سے طے ہوتی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ (ھود-112)

ترجمہ: پس استقامت اختیار کرو جیسا تمہیں حکم دیا گیا ہے۔

❁ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (الحجر-99)

ترجمہ: اور اپنے ربّ کی عبادت کرتے رہے حتیٰ کے یقین تک پہنچ جاؤ۔

یہ مراتب اس عالم کے ہیں جو حق الیقین کے مراتب تک پہنچ گیا ہو۔ ابیات:

علم باعین است عالم باعیان
این چنین عالم بود عارف عیان

ترجمہ: ظاہری علم آنکھوں سے حاصل کیا جاتا ہے جبکہ (اللہ کے علم کا) عالم باعیاں ہوتا ہے جو (ہر شے کو) بے حجاب دیکھتا ہے۔ ایسا عالم عارفِ عیاں ہوتا ہے۔

مردہ دل عالم بود قہر از خدا
خون خورد آدم ز رشوت با ریا

ترجمہ: مردہ دل عالم قہرِ خدا کی مثل ہے جو ریا کاری کر کے رشوت لیتا ہے اور لوگوں کا خون چوستا ہے۔

---

[1] ازلی ذات کی تحقیق

Marfat.com

عالم آن باشد کہ باشد حق پسند
مسئلہ گوید مردمان از وعظ پند

ترجمہ: اصل عالم وہ ہے جو حق پسند ہو اور اپنے وعظ ونصیحت سے لوگوں کو دین کے مسائل کی تعلیم دیتا ہو۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ (النحل-125)

ترجمہ: اپنے ربّ کی راہ پر لوگوں کو حکمت اور مواعظِ حسنہ سے بلاؤ۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ابیات:

ہر علم قرآن و حدیث آواز دل دان
ہر کہ عالم شد شدہ عارف عیان

ترجمہ: قرآن وحدیث کے ہر علم کو دل کی آواز سمجھ۔ جو کوئی اس علم کا عالم بن جاتا ہے وہ عارفِ عیاں ہو جاتا ہے۔

علم یک نکتہ است الف لام میم
ہرکہ خواند الف علم دل سلیم

ترجمہ: علم ایک نکتہ الٓمٓ میں ہے۔ جو کوئی علمِ الف پڑھ لیتا ہے وہ قلبِ سلیم والا ہو جاتا ہے۔

دال بہر از شد دلالت دم کرم
دال شکنندہ ز دل خطرہ صنم

ترجمہ: راہبر اللہ تعالیٰ کے کرم کی دلالت کرتے ہیں کیونکہ یہ دل سے خطرات کے بتوں کو توڑ دیتے ہیں۔

صورتے دل یافتن از علم دال
شد دلالت دال قرب و حق وصال

Marfat.com

ترجمہ: راہبر کے علم سے دل کے احوال جانے جا سکتے ہیں اور یہ راہبر قرب و وِصالِ حق کی دلالت کرتے ہیں۔

دال دیدار از دہد وحدت لقا

دال دل را صیقل است بہر از صفا

ترجمہ: راہبر دیدار اور وحدتِ لقا عطا کرتا ہے اور دل کی صفائی کے لیے صیقل ہے۔

## شرح عالم فقیر

عارف باللہ اولیا اللہ تلمیذ الرحمٰن[1] نفس و شیطان پر غالب ہوتا ہے اور دنیا اس کے پیچھے سرگردان اور پریشان رہتی ہے۔ دنیا اگرچہ جتنی بھی عجز وانکساری سے عرض کرے عارف باللہ اسے قبول نہیں کرتے۔ ایسا فقیر اویسی[2]، سروری وسرمدی سلسلہ سے تعلق رکھتا ہے اور اہلِ انوار، اہلِ دیدار، اہلِ بقا، اہلِ لقا، اہلِ باطن صفا، اہلِ حیا ہوتا ہے جو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دائمی حضوری سے مشرف اور فنا نفس والا ہوتا ہے۔ اے جانِ عزیز! جاننا چاہیے:

❁ اَلصِّدْقُ یُنْجِیْ وَالْکِذْبُ یُھْلِکُ حَقًّا ثُمَّ حَقًّا

ترجمہ: بیشک صدق نجات دلاتا ہے اور کذب ہلاک کرتا ہے۔ پس یہی حقیقت ہے۔

خدا کی عزت کی قسم! فقیر جو کچھ بولتا ہے حکمِ خدا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کے مطابق بولتا ہے نہ کہ خواہشاتِ نفس سے۔ اللہ تعالیٰ نے جب مجھے اور ارواح کو قدرتِ ازلی سے پیدا فرمایا تو اس وقت کرم اور فیض و فضل سے نوازا اور اسی روز دیدارِ ربّ العالمین سے مشرف فرمایا اور تب سے میں ذاتِ الٰہی کے لقا کی طرف متوجہ ومشغول اور نور میں غرق ہوں۔ اور ہر لمحہ اور ساعت اس کے دیدار میں غرق رہا اور ایک دم کے لیے بھی اس سے جدا نہ ہوا اور ازل میں خدا کے دائمی لقا سے مشرف ہوا اور دنیا میں تمام عمر دائمی لقا سے مشرف رہوں گا اگرچہ ظاہر میں لوگوں سے ہم کلام رہوں

---

[1] اللہ رحمٰن کا شاگرد [2] اویسی سلسلہ سے مراد سلسلہ سروری قادری ہے۔

Marfat.com

لیکن باطن میں دائمی دیدار سے مشرف رہتا ہوں اور قبر میں بھی ہمیشہ دیدار سے مشرف رہوں گا اور حشر گاہِ قیامت میں بھی ہمیشہ دیدار میں مشغول رہوں گا اور جنت میں بھی ہمیشہ دیدار میں مشغول رہوں گا۔ حور و قصور کی جانب دیکھنا مجھ پر حرام ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ خُلِقَتِ السَّادَاتُ مِنْ صُلْبِیْ وَخُلِقَتِ الْعُلَمَآءُ مِنْ صَدْرِیْ وَخُلِقَتِ الْفُقَرَآءُ مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: سادات کو میری صلب سے پیدا کیا گیا، علما کو میرے سینے سے اور فقرا کو نورِ الٰہی سے پیدا کیا گیا۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ط یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ (النور-35)

ترجمہ: نور پر نور ہے۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور کی طرف ہدایت دیتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْاٰنَ کَمَا کَانَ

ترجمہ: جیسا وہ تھا ویسا ہی اب بھی ہے۔

❁ کُلُّ شَیْئٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ

ترجمہ: ہر شے اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔

ابیات:

اصل من نور است با دیدار نور
وصل من شد دائم با حق حضور

ترجمہ: میری اصل نور ہے اور میں نورِ دیدار میں غرق رہتا ہوں اس لیے میں ہمیشہ اللہ کے ساتھ وصل کی حالت میں اس کی حضوری میں رہتا ہوں۔

Marfat.com

ہر کہ منکر از اصل وصل از خدا
کاذبی مردود گردد سر ہوا

ترجمہ: جو کوئی خدا کے وصل اور اپنی اصل (نور) کا منکر ہے وہ جھوٹا ہے اور خواہشاتِ نفس کی بدولت مردود ہو جاتا ہے۔

تصور، حضورِ حق اور مغفرت کے تصرف کا نور میرے وجود کے ساتوں اندام میں اس طرح شامل ہے جس طرح دودھ پانی میں۔ اگر میں نورِ حضور کو چھوڑنا بھی چاہوں تو نورِ حضور مجھے نہیں چھوڑتا۔ اگر میں دیدارِ انوار و تجلیات کی سوزش اور گرمی سے عاجز ہو جاؤں اور اس سے گریز کرتے ہوئے نفس کے مطالب کی طرف متوجہ ہو جاؤں تو نورِ حضور مجھ پر غالب آجاتا ہے۔ (اور مجھے ایسا کرنے سے روک دیتا ہے)۔ بیت:

ہر طرف بینم دہد دیدار خویش
ہر طرف بینم نماید پیش پیش

ترجمہ: میں جس طرف بھی دیکھتا ہوں وہ (اللہ) مجھے اپنا دیدار عطا کرتا ہے اور ہمیشہ میرے سامنے ہی رہتا ہے۔

میں عالمِ علمِ دیدار ہوں اس لیے (ہر طرف) نور دیکھتا ہوں اور علمِ دیدار کے علاوہ دیگر علم، ذکر، فکر اور مراقبہ نہ جانتا ہوں اور نہ ہی پڑھتا ہوں کیونکہ تمام علوم اللہ کی جانب سے اس کے دیدار کی خاطر ہیں۔ جہاں دیدار ہوتا ہے وہاں نہ صبح و شام ہے نہ منزل و مقام۔ وہ لاھوت لامکان ہے جہاں اس بے مثل و بے مثال ذات کی معرفت اور وصال ہے کہ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے حروف سے انوار و تجلیات پیدا ہوتی ہیں اور ان انوار و تجلیات میں طالب کو لقاو دیدار عطا ہوتا ہے۔ یہ مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا کا مرتبہ فقر ہے۔

میں مشرفِ دیدار کے لائق کوئی طالب نہیں دیکھتا جسے علمِ دیدار سکھاؤں اور معرفت و دیدار عطا کروں۔ میں علمِ دیدار کا سبق ہی جانتا اور پڑھتا ہوں۔ مجھے یہ مراتب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

کی رفاقت، ان کے صحابہ کی رفاقت اور پنجتن پاک کی رفاقت اور برکت سے حاصل ہوئے ہیں۔ ان کا دشمن ہمیشہ خراب و ہلاک ہوتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی (الشوریٰ-23)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیں کہ میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا سوائے اپنے اقارب کی محبت کے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ (آلِ عمران-31)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیں اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تم سے محبت کرے تو میری اتباع کرو اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہوں کو بخش دے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

ابیات:

کوشش بپوشم نماندم باچشم
باعیان دیدار بینم و ز کرم

ترجمہ: میں کوشش کرتا ہوں کہ اپنی آنکھیں بند کروں لیکن نہیں کر سکتا اور اللہ کے کرم سے بے حجاب عیاں دیدار کرتا ہوں۔

درمیانش کس نگنجد ہیچ کس
طالبان اللہ را اللہ بس

ترجمہ: اللہ اور اس کے طالبوں کے درمیان کوئی نہیں آ سکتا کیونکہ طالبانِ مولیٰ کے لیے بس اللہ ہی کافی ہوتا ہے۔

انوارِ ذات کی روشنی میں ہی دیدار ہوتا ہے۔ اس کے انوار کی روشنی کے بغیر دیدار ممکن نہیں

Marfat.com

کیونکہ انوار بے مثل ہیں اور اس نور کی معرفت اللہ کا وصال عطا کرتی ہے۔ تجلیات کئی قسم کی ہیں بعض تجلیات نور اور بعض تجلیات نارِ شیطانی ہیں۔ ان انوار میں طالب کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور سِرِّ ھُوْ سِرِّ ھُوْ سِرِّ ھُوْ ھُوَ الْحَقُّ لَیْسَ فِی الدَّارَیْنِ اِلَّا ھُوْ کی آواز سنتا ہے جبکہ تجلیاتِ نار میں کافر اہلِ زنار اور بت پرست ہیں جو شرک و کفر کو ظاہر کرتے ہیں اور معرفتِ پروردگار سے محروم ہیں۔ بیت:

حق را بردار باطل را گذار

این وجود بود لائق شد دیدار

ترجمہ: حق کو اختیار کرو اور باطل کو ترک کر دو پھر یہ وجود لائقِ دیدار ہو گا۔

ہر دمی گویم محمدؐ یا نبیؐ

این مراتب عارفان بر دین قوی

ترجمہ: میں ہر سانس کے ساتھ یا محمد یا نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پکارتا ہوں۔ یہ ان عارفین کے مراتب ہیں جو دین پر قوی ہیں۔

راہِ حضوری میں زبان سے کیے جانے والے ذکر اور فکر تکبر پیدا کرتے ہیں اور توحیدِ الٰہی کے تصور سے دور کر کے خواہشاتِ نفس میں مبتلا کرتے ہیں۔

از قبر باھُوؒ میبر آید ھُو آواز

راہِ حضوری را بود از اہل راز

ترجمہ: باھُوؒ کی قبر سے ذکرِ ھُو کی آواز آتی ہے کیونکہ راہِ حضوری کے مراتب اہلِ راز سے حاصل ہوتے ہیں۔

جو کوئی مدرسۂ حضوری میں اللہ سے خفیہ طریقے سے علم پڑھتا ہے اسے ظاہری طور پر علم پڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ فَقَدْ کَلَّ لِسَانُہٗ

Marfat.com

ترجمہ: جو اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے پس تحقیق اس کی زبان گونگی ہو جاتی ہے۔

سکوت میں کیے جانے والے تصور سے اللہ کے فیض وفضل کا نعم البدل حاصل ہوتا ہے جو طالب کو خطرات وخلل سے باہر نکال لیتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ جان لو کہ ذکر کے دو گواہ ہیں ایک یہ کہ ذکر کی تاثیر سے ذاکر روشن ضمیر ہو کر عیان دیدار کرتا ہے۔ ذکر کا دوسرا گواہ یہ ہے کہ ذاکر صاحبِ نگاہ ہو جاتا ہے۔ فکر کے بھی دو گواہ ہیں۔ ایک یہ کہ فکر سے نفس فنا ہوتا ہے دوسرا یہ کہ تفکر کرنے والا مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں دائمی طور پر حاضر رہتا ہے۔ جو ذاکر ذکر کی تاثیر سے باعیاں ہو کر صاحبِ نگاہ نہیں بنتا اور فکر سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں حاضر نہیں ہوتا اس کا ذکر زوال کے خطرات سے دوچار ہے اور ایسا فکر فتنۂ نفس اور وہمات کا شکار ہے۔ ایسا طالب (اصل) ذکر فکر جو اللہ کی معرفت عطا کرے' سے بے خبر ہے۔

## شرح فقر و شرح مرتبۂ فقیر

جو فقیر مندرجہ ذیل صفات سے موصوف ہو وہی صادق فقیر ہے اور جو فقیر ان اوصاف سے موصوف نہیں' وہ کاذب ہے۔ فقیر کے پاس پانچ خزانے اور پانچ حکمتیں ہوتی ہیں اور ہر حکمت میں پانچ ہزار علم ہیں اور ہر علم میں پچپن قسم کی ولایت اور پچپن قسم کی غنایت اور پچپن قسم کے تصور ہیں۔ تصور، توجہ اور تفکر توحید اور اللہ کے لازوال قرب اور وصال کی کلید ہیں جو فقیر کو ازل سے ابد تک کا فاصلہ ایک دم میں طے کر کے مشاہدہ اور حضوری کے احوال تک پہنچاتی ہے۔ اوّل مراتبِ فقر فنا الفنا ہیں دوم مراتبِ فقر بقا البقا ہیں۔ سوم مراتبِ فقر اللہ کے قرب و وصال سے مشرف ہونا ہے۔ فنا کسے کہتے ہیں اور بقا کسے کہتے ہیں اور وصال کسے کہا جاتا ہے کہ جس کی مثال نہیں دی جاسکتی۔ فنا و بقا کے مراتب اس آیت کے مصداق ہیں:

❁ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ (الروم-19)

ترجمہ: وہ زندہ کو مردہ میں سے اور مردہ کو زندہ میں سے نکالتا ہے۔

Marfat.com

فنا یہ ہے کہ فقیر ایک دم میں تمام عالم کو فنا کر دے اور بقا یہ ہے کہ ایک دم میں تمام کو زندگی عطا کر دے۔ یُحْیِ الْقَلْبَ وَیُمِیْتُ النَّفْسَ (وہ قلب کو زندہ کرتا ہے اور نفس کو مارتا ہے) کے مصداق فقیر اس طاقت کا حامل ہوتا ہے کہ موجود کو لاموجود، مشکل کو آسانی، ویرانی کو آبادی اور جمعیت کو پریشانی میں بدل سکتا ہے۔ یہ اس فقیر کے مراتب ہیں جو نہ صرف روشن ضمیر بلکہ کونین اور تمام مخلوقات پر غالب و امیر ہوتا ہے۔ عارفِ صادق اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (بے شک اللہ ہر شے پر قادر ہے) کی تختِ فقر پر مسند نشین ہوتا ہے اور تمام عالم اس کے زیرِ حکم ہوتا ہے۔ یہ اِذَا تَمَّ الْفَقْرُ فَهُوَ اللّٰهُ (جہاں فقر مکمل ہوتا ہے وہیں اللہ ہوتا ہے) کے مراتب ہیں۔ فنا فی اللہ فقیر اس صفت کے مصداق حضرت رابعہؒ اور سلطان بایزیدؒ کی مثل ہوتا ہے کہ اللہ کی معرفتِ توحید کی بدولت اس کے ہاتھوں میں دونوں جہان کی کلید ہوتی ہے۔ جو فقیر اس صفت سے موصوف نہیں ہوتا وہ اہلِ تقلید اور زن مرید ہے۔ جاننا چاہیے کہ کامل انسان ہمیشہ اللہ اور اس کے دیدار کا طالب ہوتا ہے اور ناقص احمق کی طرح ہمیشہ بدبودار مردار دنیا کا طالب ہوتا ہے۔ بیت:

معرفت توحید حکمت ہر سہ شد راہبر خدا
بامطالعہ دل ورق شد غرق اللہ فی بابقا

ترجمہ: تو دل کے اوراق کے مطالعہ کر جس سے تجھے معرفت، توحید اور حکمت حاصل ہوں گی اور یہ تینوں خدا کی طرف تیری راہنمائی کریں گی جس سے تو حق تعالیٰ میں فنا ہو کر بقا پائے گا۔

غوث اور قطب اگر تمام عمر ریاضت و مجاہدہ میں صَرف کر دیں تب بھی مرتبہ فقر کی ابتدا تک ہرگز نہیں پہنچ سکتے کیونکہ مرتبہ فقر کی ابتدا دیدارِ حق تعالیٰ سے مشرف ہونا ہے اور دیدار کا مرتبہ حاصل کرنے کے لیے فنائے نفس کا مرتبہ حاصل کرنا پڑتا ہے اور نفس کو فنا کرنے سے قلب کو حیات اور روح کو بقا حاصل ہوتی ہے۔ پس مرتبہ فنا و بقالقا سے مشرف ہوئے بغیر ہرگز حاصل نہیں ہوسکتا اور نہ ہی فقیر کو وصالِ الٰہی حاصل ہوسکتا ہے۔ مرتبہ غوث اور مرتبہ فقیر میں کیا فرق ہے؟ عرش سے تحت الثریٰ تک جملہ مقامات اور طبقاتِ زمین و آسمان کی طیر سیر، مطالعہ علمِ لوحِ محفوظ اور عرش سے

Marfat.com

اوپر ستر ہزار منازل غوث وقطب کے دائرۂ عمل اور ایک نظر اور حکم کے تحت ہیں۔ان مراتب کے حصول کے بعد غوث وقطب سمجھتے ہیں کہ وہ انتہا تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ نور کے مختلف طبقات کے مراتب ہیں جبکہ فقیر ان طبقات کی باطنی سیر اور نور کے مراتب کی طرف نہیں توجہ کرتا۔ کیونکہ وہ ہمیشہ انوار میں غرق اور مشرفِ دیدار رہتا ہے اور اسے مشاہدہ، قرب اور حضورِ حق حاصل ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ اللہ کی نظر میں منظور ہوتا ہے۔ بیت

فقر یک سِرّ است اسرار خدا
ابتدائے انتہا بیند لقا

ترجمہ: فقر اسرارِ الٰہی میں سے ایک سرّ ہے اس کی ابتدا و انتہا لقا و دیدار میں ہے۔

فقیر لقا سے ہی قوت پاتا ہے اور لقا سے ہی توجہ، جمعیت، مشاہدہ، حضوری اور قرب پاتا ہے۔ اس کا ذکر، فکر، فنا، بقا، ادب، حیا سب لقا سے ہے۔ اس کا وصل، یقین، صدق، صفائے باطن، زندگیٔ قلب، تزکیہ نفس بھی لقا سے ہے۔ فقیر کا بولنا اور سننا بھی لقا سے ہے۔ طالبِ مولیٰ ہمیشہ لقا کی طلب میں ہوتا ہے جبکہ طالبِ دنیا بے حیا ہوتا ہے۔ اہلِ لقا اور بے حیا کو ایک دوسرے کی مجلس راس نہیں آتی۔ ابیات:

مرتبۂ فقر است با فخر از نبیؐ
فقر را دشمن بود اہل از شقی

ترجمہ: مرتبہ فقر نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فخر ہے اور فقر کا دشمن بد بخت ہی ہو سکتا ہے۔

عالم او باشد غلام اہل از فقر
عالمان را برد حاضر بانظر

ترجمہ: اصل عالم وہ ہوتا ہے جو اہلِ فقر کا غلام ہو۔ اہلِ فقر عالموں کو نظر سے حضوری میں پہنچا دیتے ہیں۔

عالم طالب کی طرح ہوتا ہے جبکہ فقیر عالم پر غالب ہوتا ہے۔ اگر عالم طلبِ مولیٰ میں جان

Marfat.com

فدا کرنے والا طیار ہو تو فقیر کے لیے اُسے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچا دینا آسان کام ہے۔ طالبِ مولیٰ کے وجود میں تین چیزیں ہوتی ہیں اوّل نفس، دوم قلب سوم روح۔ طالب کا نفس رات دن شہوت، عورت، فرزند، رزق، طاقت وصحتِ جان اور طویل عمر کی طلب میں رہتا ہے۔ نفس بے حیا اور حریص ہے کیونکہ اس کی طلب خواہشاتِ نفس کے باعث ہے۔ طالب کا قلب رات دن نور کے درد و شوق اور پیاس کی طلب میں ہوتا ہے جو اسے روشن ضمیر اور باصفا بنا دیتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا طلبگار رہتا ہے جو کہ شفیع، پُرشفقت اور باعثِ شفا ہیں۔ طالب کی روح رات دن لقائے الٰہی کی طلب میں رہتی ہے جو کہ اللہ کی توجہ سے مجھے حاصل ہوتا ہے اور یہ توجہ رحمت، لطف اور عطائے خدا کے سبب ممکن ہے۔ طالبِ مولیٰ کو اللہ کی قسم ہے کہ روزِ اوّل عالم مرشد سے اللہ کے علم کا سبق طلب کرے اور اسے پڑھے۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے حاصل ہونے والی حضوری طالب کو قرب و وِصال سے مشرف کرتی ہے اور مجلسِ محمدی کی حضوری میں پہنچاتی ہے۔ مرشد کامل جو عالم ہو اُس کے سینہ میں دو علم ہوتے ہیں۔ ایک مجلسِ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا علم اور دوسرا لقا کا علم ہے جو طالبِ مولیٰ کے وجود سے میں ذکر سے پیدا ہوتے ہیں اور اس ذکر سے ذاکر لاھوت لامکان کو عیاں دیکھتا ہے۔ اس ذکر کے دو گواہ ہیں ایک یہ کہ ہر شے عیاں ہو جاتی ہے اور دوسرا یہ کہ وہ ان کو دیکھنے والا ہوتا ہے۔ مدرسہ میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علم سے طالبِ مولیٰ کے وجود میں فکر پیدا ہوتی ہے اور اس فکر سے فنا حاصل ہوتی ہے اور طالب مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری سے مشرف ہوتا ہے۔

ابیات:

طالب از مرشد طلب دیدار کن
دیدار حاصل میشود از انوارِ کن

ترجمہ: اے طالب! مرشد سے دیدار کی طلب کر اور یہ دیدار کن کے انوار سے حاصل ہوتا ہے۔

Marfat.com

طالب از مرشد طلب ذکر خدا
سبق خوانی از خدا وحدت لقا

ترجمہ: اے طالب! مرشد سے ذکرِ خدا طلب کر اور تو خدا کے لقا اور وحدت کا سبق پڑھ۔

طالب از مرشد طلب قرب از قبر
رویتی دیدار بینی راز بر

ترجمہ: اے طالب! مرشد سے قبر میں بھی اللہ کا قرب طلب کرتا کہ تو دیدار کر کے صاحبِ راز بن جائے۔

اگر مرشد طالب کو دیدار ولقائے الٰہی سے مشرف کرے لیکن طالب بے یقین و بے اعتبار ہو تو اس کی عاقبت مردود ہے اور اگر طالب صاحبِ یقین و با اعتبار ہے تو وہ ایک لمحہ بھی دیدار سے الگ نہیں ہوتا اور انوار کے غلبات کے باعث دیدارِ الٰہی میں غرق رہتا ہے۔ طالبِ مولیٰ مرشد کی توجہ، توفیق اور تصور سے تصورِ حقیقی کی حقیقت معلوم کرتا ہے جو ہمیشہ اس کی رفیق رہتی ہے۔ ابیات:

طالب شدی مرشد شدی کامل کدام
روز و شب دیدار بین ہر صبح و شام

ترجمہ: تو طالب ہے یا مرشد' لیکن کامل کون ہے؟ کامل وہ ہے جو ہر روز صبح و شام دیدار کرتا ہے۔

طالب صادق بود برحق نگار
طالب کاذب بود خدمت شمار

ترجمہ: صادق طالب کی نظر ہمیشہ حق پر ہوتی ہے جبکہ کاذب طالب مرشد کی خدمت کے دن شمار کرتا ہے۔

کس نیابم طالبی لائق لقا
نیست لائق طالب احمق بی حیا

ترجمہ: میں نے کوئی بھی طالب ایسا نہیں پایا جو دیدار کے لائق ہو۔ یہ احمق اور بے حیا طالب دیدار

Marfat.com

کے لائق ہی نہیں۔

باھُوؒ بہر خدا دیدار دہ
تیغ بر گردن زنم سر پیش نہ

ترجمہ: باھُوؒ خدا کی خاطر دیدار عطا کرتا ہے۔ اس لیے دیدار کی خاطر اگر میں گردن پر تلوار بھی چلاؤں تو سر پیچھے نہ ہٹا۔

بی سرش طالب بود اسرار بین
بی سرش حاضر شود اہل یقین

ترجمہ: جو طالب اس راہ میں اپنا سر کٹوا لیتا ہے وہی اسرار کا مشاہدہ کرتا ہے اور بے سر حضوری میں پہنچ کر اہلِ یقین بنتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ دینی عالم کا فتویٰ علمِ روایت سے ہوتا ہے اور فقیر عالم کا فتویٰ علمِ ہدایت سے نفس کی گردن مارنے اور اس کو قتل کرنے کے لیے ہوتا ہے اور عالم ولی اللہ کا فتویٰ علمِ ولایت سے ہے۔ درویش عالم کا فتویٰ علمِ عنایت سے ہے اور عارف باللہ عالم کا فتویٰ علمِ دیدار سے ہوتا ہے جو کہ اللہ کی عنایت ہے۔ بیت:

عالم شدی فاضل شدی عارف کجا
معرفت قرب است و از علم و لقا

ترجمہ: تو عالم ہو یا فاضل، عارف تب تک نہیں ہو سکتا جب تک معرفت و قربِ الٰہی حاصل نہیں کرتا جو کہ علمِ لقا ہے۔

طالبِ مولیٰ کو (دیدار کے لیے) بارہ سال ریاضت یا تمام عمر صرف کرنے کی ضرورت؟

طالبِ مولیٰ کو مشرفِ دیدار ہونے کی ضرورت ہے خواہ ایک دم میں ہو خواہ ایک قدم میں۔ خواہ جان کنی کے وقت ہو خواہ قبر میں دیدار سے مشرف ہو۔ خواہ حشر میں خواہ جنت میں دیدار سے مشرف ہو۔ طالبِ صادق دیدار سے منہ نہیں موڑتا اور دن رات جانفشانی سے مرشد کی خدمت

Marfat.com

میں لگا رہتا ہے اور با اعتقاد رہتا ہے اور اس آیت کریمہ کے مصداق ہوتا ہے جس میں اللہ پاک نے فرمایا:

❁ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ (التوبہ-120)

ترجمہ: بے شک اللہ احسان کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

مرشد کامل کے لیے پڑھے لکھے اور ان پڑھ دونوں طالب برابر ہیں کیونکہ اصل علم کا تعلق (معرفت وقربِ الٰہی کے) درجات سے ہے جو مرشد پہلے ہی روز تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے فیض و فضل فرماتے ہوئے عطا کر دیتا ہے۔ ابیات:

بر زبان الف و بدل تصدیق بے
باز احتیاجی نیست خواندن الف بے

ترجمہ: جب زبان پر الف (اسمِ اَللّٰہُ ذات) کا ذکر ہو اور دل اس کی تصدیق کر رہا ہو تو اس کے بعد الف ب یعنی دیگر اذکار کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

ہر مطالعہ علم بہر از شد لقا
طالب حق سبق خوانند از خدا

ترجمہ: ہر علم کا مطالعہ لقا کی خاطر ہونا چاہیے اور طالبِ حق اللہ سے یہی سبق پڑھتا ہے۔

سبق خواندن از خدا سنت رسولؐ
شد علم تحصیل عالم حق وصول

ترجمہ: خدا سے سبق پڑھنا سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے اور جب یہ علم حاصل ہو جائے تو وہ عالم حق وصول کرنے والا بن جاتا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اَلرَّحۡمٰنُ ۙ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ؕ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۙ عَلَّمَہُ الۡبَیَانَ (الرحمٰن-1-4)

ترجمہ: وہ رحمٰن ہے جس نے قرآن سکھایا۔ انسان کو پیدا کیا اور علم بیان سکھایا۔

Marfat.com

لقائے الٰہی تمام علوم مکمل اور جامع طور پر عطا کرتا ہے جس کے بعد طالب جمالِ الٰہی کا مشاہدہ عین اپنی آنکھوں سے کرتا ہے اور صاحبِ قربِ الٰہی اللہ کے ساتھ وصال پاتا ہے۔ اہلِ عالم باللہ کی نظر میں خدا سے دوری اور بے معرفتی مطلق جہالت اور بدخصلت ہے۔ اس لیے وہ جاہلوں کو لقا سے مشرف کر کے مشاہدہ اور حضوری عطا کرتا ہے اور بغیر حضوری کے دیگر علوم حجاب ہیں اگر چہ ان کو حاصل کرنے میں ساری عمر ضائع ہو جائے۔ بیت:

علم معراج است محرم سربسر
عالم و عارف بود صاحب نظر

ترجمہ: اصل علم معراج ہے جو اللہ کے اسرار سے محرم کرتا ہے جس سے طالب عالم و عارف اور صاحبِ نظر بن جاتا ہے۔

دنیاوی عالم طمع اور حرص کی قید و بند میں ہوتا ہے اور عالمِ روحانی مشرفِ علمِ لقا ہوتا ہے جو علم اللہ کو پسند ہے۔ عالمِ دنیاوی علم کی جلالیت کے باعث غصہ و ناراضگی کے عالم میں ہوتا ہے اور عالمِ روحانی علم کی جمالیت سے بینائی حاصل کرتا ہے جس سے اسے معرفت حاصل ہوتی ہے۔ اہلِ چشم[1] اور اہلِ خشم[2] کو ایک دوسرے کی مجلس راس نہیں آتی۔

## شرح مراقبہ

مراقبہ کی شرح یہ ہے کہ یہ اللہ کی بخشش کا باعث ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری اور غلامی کا شرف عطا کرتا ہے۔ مراقبہ کی شرح یہ ہے باطن کو صفائی عطا کرتا ہے اور تمام علوم کا فیض عطا کرتا ہے۔ مراقبہ کی شرح یہ بھی ہے کہ نفس کو تکبر اور خواہشاتِ نفس سے باز رکھتا ہے اور اس کے وجود کو لاموجود کر کے مکمل فنا عطا کرتا ہے۔ مراقبہ یہ ہے کہ یہ تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے مردہ وجود کو بقا عطا کرتا ہے اور اللہ کی معرفت، وحدت اور بقا سے مشرف کرتا ہے۔ اور مراقبہ یہ ہے

---

[1] صاحبِ بصیرت، بینا [2] صاحبِ قہر و جلال

Marfat.com

کہ تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے طالب کے ساتوں اندام پاک ہو جاتے ہیں اور اس کا قلب آہستہ آہستہ عشقِ الٰہی میں ڈوبا رہتا ہے اور اس عشق کے غلبہ سے طالب روشن ضمیر بن جاتا ہے اور اس کا دل بیدار ہو جاتا ہے اور وہ بے حجاب دائمی مشاہدہ اور دیدار کرتا ہے۔ طالبِ بینا کو اپنے مشاہدۂ دیدار پر مکمل اعتبار ہونا چاہیے۔ ان مراتب کے حصول پر طالب کا قلب و قالب دونوں نورِ الٰہی سے معمور ہو جاتے ہیں اور وہ مرتبہ محمود پر پہنچ جاتا ہے۔ جس طالب کو مشاہدۂ دیدار، قربِ الٰہی اور حضوری پر اعتبار نہیں ہوتا وہ مردود ہے۔ مراقبہ کی شرح یہ ہے کہ طالب مراقبہ میں ہر ایک انبیا و اولیا سے دست مصافحہ کرتا ہے اور یہ توفیقِ الٰہی سے غرق کی کیفیت ہے کہ طالب باطن میں جو کچھ دیکھتا ہے ظاہر میں ویسا ہی پاتا ہے۔ اس کا مراقبہ باتحقیق ہوتا ہے اور اس مراقبہ سے اسے جمعیت حاصل ہوتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ طالب مراقبہ میں حاصل ہونے والے باطنی احوال کے فیض و فضل کو ظاہری فیض و فضل سے تبدیل کرنے کے طریقے سے واقف ہو۔ یہ اللہ کا لازوال کرم ہے جو وہ اپنے اس طالب پر کرتا ہے جو اپنے ازلی وعدہ پر قائم رہتا ہے۔ اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے:

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِیْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ج (البقرہ-40)

ترجمہ: تم میرا وعدہ پورا کرو میں تمہارے وعدے پورے کروں گا۔

اللہ ایسے طالب کو جو اپنے وعدہ پر قائم ہو' جمعیت کا مرتبہ عطا فرماتا ہے اور اپنی رحمت سے نوازتا ہے۔ ایسا مراقبہ برحق ہے جو حق کی جانب سے ہے اور اللہ کی عزت کی قسم' کہ طالب مراقبہ میں جو کچھ دیکھتا ہے وہ حق ہے۔ ایسے بہت سے مراقبے ہیں جن میں خطراتِ شیطانی، وسوسۂ جن و نفس ہیں اور ایسے مراقبے جن میں واہمات اور دنیا کی آفات کے خیالات اور پریشانیاں ہوں' بے شمار ہیں۔ ابیات:

طالب بیا طالب بیا طالب بیا
بر تو کنم دیدار وحدت حق عطا

ترجمہ: اے طالب! آتا کہ میں تجھے دیدار و وحدتِ حق عطا کروں۔

Marfat.com

طالبے خواہد اگر دیدار دم دم کہ بادیدار شد اہل از کرم
در مطالعہ غرق شو فضل از لقا این مراتب عارفان رویت نما

ترجمہ: اے طالب! اگر تو چاہتا ہے کہ دم بھر میں صاحبِ دیدار ہو جائے اور دیدار کر کے دم بھر میں اہلِ کرم میں سے ہو جائے تو اللہ کے فضل اور قرب و دیدار کے علم کے مطالعہ میں غرق ہو جا۔ یہ تجھے دیدار کرا کے عارفین کے مراتب تک لے جائے گا۔

مطلب یہ کہ طالبِ دیدار وہ ہے جو دیدار کی طلب پورا کرنے کے لیے دنیا (کی خواہشات) سے وضو کرے اور عقبیٰ (کی نعمتوں اور حور و قصور) سے غسل کر کے دو رکعت نماز (باطنی طور پر) ادا کرے۔ پہلی رکعت میں نفس کی خواہشات کو ترک کر کے فنا کرے۔ دوسری رکعت میں توحید و توکل اختیار کرتے ہوئے روح کو دیدار میں مشغول کرے اور اس کے بعد جب سلام پھیرے تو اسے اسلام کی اصل روح حاصل ہو چکی ہو اور دل میں جو کچھ غیر اللہ ہے' اسے دھو چکا ہو۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

طالب تحقیق کا نام ہے اور مرشد توفیقِ الٰہی کا نام ہے۔ جو طالب مرشد کے نیک و بد اعمال کی جاسوسی کرنے میں مصروف رہے وہ شیطان سے بھی بدتر ہے۔ جو مرشد طالب کو تلقین سے پہلے ازل و ابد اور دنیا میں ماضی، حال اور مستقبل کے احوال کی حقیقت سے آگاہ نہیں کرتا وہ مرشد لائقِ تلقین نہیں کیونکہ وہ ابھی ناقص و ناتمام ہے اور اس سے تلقین حاصل کرنا مطلق حرام ہے۔ علمِ فقر کا اوّل قاعدہ یہ ہے کہ جو بھی علم علوم لوحِ محفوظ پر تحریر ہیں مرشد کے پہلے سبق سے ہی طالب کو معلوم ہو جائیں۔ یہ اس مرشد کے مراتب ہیں جو شیخ اور مخدوم ہے۔ اہلِ تقلید بھی مراقبہ کرتے ہیں اور اہلِ توحید صاحبِ دیدار بھی مراقبہ کرتے ہیں۔ تُو ان میں سے کون سے گروہ سے تعلق رکھتا ہے؟ ناقص طالب اور مرشد دونوں گناہوں اور لذتِ نفس اور بشریت میں مشغول رہتے ہیں جو ان کے روحانی راستے کے راہزن اور شکست و سلب کا باعث ہیں اور طالب و مرشد کو ایسے تباہ کرتے ہیں جس طرح پانی آگ کو بجھا دیتا ہے۔ جبکہ مرشد کامل اور طالب کامل کو کوئی زوال نہیں کیونکہ وہ

Marfat.com

لازوال ہیں اگرچہ شب وروز گناہوں میں مشغول رہیں۔ ان کا وجود سمندر کے پانی کی مثل ہے جس میں گناہ بلبلے کی مثل ہیں۔ اگر سمندر میں پلیدی وگندگی کا ڈھیر بھی ڈال دیا جائے تو سمندر کا پانی میلا نہیں ہوتا اور نہ اس کا رنگ بدلتا ہے اور نہ ہی وہ ناپاک ہوتا ہے۔ بیت:

دل مرا دریا زان دریائے ھُو

از ازل تا ابد موجش پاک زن

ترجمہ: میرا دل ھُو کے سمندر کی مانند ہے جس میں ازل تا ابد پاک موجیں اٹھتیں رہیں گی۔

جس کے وجود کے ساتوں اندام تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے پاک ہو جائیں اسے محاسبہ کا کیا ڈر۔ اللہ بس ماسوئی اللہ ہوس۔

جو کوئی قلب وروح کے اتفاق سے اخلاص کے ساتھ مراقبہ میں مشغول ہوتا ہے اور یہ عہد کرتا ہے کہ وہ معرفت کے حصول کے لیے یہ مراقبہ کر رہا ہے تو وہ مراقبہ تصور اسم اَللّٰہُ ذات کے ذریعے اسے پلک جھپکنے میں حضوری میں پہنچا دیتا ہے اور حضوری میں تفصیلاً سوال وجواب کرتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باطنی طور پر کوئی حکم اس تک پہنچتا ہے تو وہ اسے چشمِ ظاہر سے بھی وصول کرتا اور دیکھتا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ جو مراقبہ اربع عناصر (وجودِ ظاہر) کے ساتھ کیا جائے اس میں خام خیالی اور بیان کے خطرات لاحق ہوتے ہیں بلکہ ایسا شخص حیوانات کے مرتبہ پر ہوتا ہے اور بے جمیعت وپریشان رہتا ہے۔ جو مراقبہ چشمِ عیاں سے کیا جائے وہ باطنی آنکھ کھولتا ہے اور جو مراقبہ روح کے ساتھ کیا جائے وہ سلطان الوھم کی دلیل سے آگاہ کرتا ہے جسے قربِ حق حاصل ہوتا ہے اور کُل وجز اس کی نظر ونگاہ پر عیاں ہوتے ہیں۔ جو مراقبہ سرّ کے ساتھ کیا جائے وہ تمام پردے اور حجاب ہٹا کر اسرار سے آگاہ کرتا ہے اور دیدارِ پروردگار سے نواز کر یقین واعتبار کے مراتب عطا کرتا ہے۔ جو کوئی دیدار اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام (کی حیات) کا منکر ہوتا ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کی شفاعت نہیں فرمائیں گے اور اس سے بیزار ہیں بلکہ وہ شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُمت سے ہی خارج ہے۔ روزِ حشر اس کا چہرہ ریچھ، خنزیر، کتے اور گدھے کی مثل

Marfat.com

ہوگا۔ جو مراقبہ نور کے ساتھ کیا جائے وہ مشاہدہ، قرب اور حضوری عطا کرتا ہے۔ جو مراقبہ نیکیوں کے ساتھ کیا جائے وہ لقا سے مشرف کر کے ابدی زندگی عطا کرتا ہے۔ جو مراقبہ جوہرِ نورِ ایمان سے کیا جائے وہ دنیا کو ترک کرنے کی ہمت عطا کرتا ہے اور نفس و شیطان پر غالب ہونے کی طاقت عطا کرتا ہے۔ یہ ظاہری و باطنی سات مراقبے جو وجود کے (ظاہری و باطنی) ساتوں اندام سے کیے جاتے ہیں' سات قفلوں کی چابی ہیں اس کے ساتھ سات حکم، سات حکمت، سات طلسماتِ وجود یہ اور سات خزانے اکٹھے ہو کر ایک وجود میں جمع ہوں تب طالب فقر پر قدم رکھے کیونکہ یہ سات سبق طالب کے راہِ فقر پر ابتدائی قاعدے ہیں۔ اس کے بعد لاھوت لامکان' جو لانہایت مرتبہ ہے اور جس کی کوئی حد اور شمار نہیں' سے شروع کرتے ہوئے فقر پر چلے کہ محقق طالب جو اس مرتبہ پر مواحد بن جاتا ہے' کے لیے یہ مراتبِ فقر شاہد و گواہ ہیں کہ یہ راہ قربِ الٰہی کی راہ ہے۔

بیت:

ہفت را بگذار ہر یک ہفت در
تا شوی عارف خدا صاحبِ نظر

ترجمہ: تو ان سات چیزوں کو چھوڑ اور سات مراتب کو طے کر تب تو عارفِ خدا اور صاحبِ نظر ہوگا۔

مطلب یہ کہ یہ دنیا جہانِ دار الفنا ہے جہاں نفسانی لوگ نفس سے لذات حاصل کرتے ہیں جس سے ان کے دل افسردہ، سیاہ اور مردہ ہو جاتے ہیں اور وہ حسرت سے ہی مر جاتے ہیں۔ جہانِ دار البقا ارواح (مردوں) کا مقام ہے جہاں وہ سوئے ہوئے ہیں اور اپنے احوال کی حقیقت کسی سے بیان نہیں کرتے۔ بعض قبریں مٹی کی لیکن نور سے پُر ہیں اور ان کے روضے جنت کی مثل ہیں جبکہ بعض قبریں جہنم کی آگ اور کانٹوں سے پُر ہوتی ہیں جہاں مردے عذاب وحساب کے باعث خوار ہوتے ہیں۔ فقیر دنیا میں موجود اہلِ نفس اور اہلِ روح دونوں کو پہچاننے والا ہوتا ہے اور قدرتِ اسرارِ ربانی کا تماشا دیکھنے والا عارف اور حق الیقین کے مرتبہ پر ہوتا ہے جو دیدار کے سوا کسی اور راہ

Marfat.com

کی طلب نہیں کرتا۔ وہ نور دیکھنے کے سوا کچھ نہیں دیکھتا اور شوقِ وصال میں خوش رہتا ہے اگرچہ ظاہر میں اہل وعیال کے علائق اور مشکلات میں گرفتار ہوتا ہے۔ وہ اونٹ کی مثل کانٹے کھاتا اور بار اٹھاتا ہے اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتا۔ ایسا بارِ گراں برداشت کرنے والے عارفِ الٰہی ہوتے ہیں۔ ابیات:

عارفان دیدار روز دیدار بین
دیدۂ دیدار با عین الیقین

ترجمہ: عارفین ہمیشہ دیدار میں مشغول ہوتے ہیں۔ ان کے پاس دیدار کرنے والی آنکھ ہوتی ہے جس کے ساتھ عین الیقین سے دیدار کرتے ہیں۔

دیدہ با دیدار بردہ عین را
عین را باعین بیند شد لقا

ترجمہ: دیدار کرنے والی آنکھ انہیں عین حق تک لے جاتی ہے جس سے وہ اپنی آنکھوں سے حقیقت دیکھ کر لقا سے مشرف ہوتے ہیں۔

گر نبودے این مراتب ہر دوام
کس نگفتے کاملان ختم الاتمام

ترجمہ: اگر دیدار کے یہ دائمی مراتب نہ ہوتے تو کوئی نہ کہتا کہ کاملوں کو دیدار حاصل ہوتا ہے اور وہ مراتبِ فقر کی تمامیت پر پہنچ چکے ہیں۔

نیست دیدارش بدم دیوانگی
نیست دیدارش ز حق بیگانگی

ترجمہ: دیوانگی کے بغیر اس کا دیدار نصیب نہیں ہوتا اور نہ ہی حق سے بیگانگی سے دیدار عطا ہوتا ہے۔

در شریعت شد بدیدارِ خدا
در شریعت یافتم دیدار را

Marfat.com

ترجمہ: شریعت پر عمل پیرا ہونے سے ہی دیدار نصیب ہوتا ہے اور میں نے بھی شریعت پر عمل پیرا ہو کر دیدار حاصل کیا ہے۔

دیدار دہ مرشد بود دیدار بر
کامل و اکمل بود صاحبِ نظر

ترجمہ: جس مرشد کو خود دیدار حاصل ہوتا ہے وہی دیدار کرواتا ہے اور وہ کامل و اکمل اور صاحبِ نظر ہوتا ہے۔

بی طمع طالب بود جان فدا
مال و تن گردد تصرف راہ خدا

ترجمہ: بے طمع طالب جان فدا کرنے والا ہوتا ہے جو راہِ خدا میں اپنا مال اور جان قربان کر دیتا ہے۔

با یقینش تاقیامت دم قدم
طالبی باشد چنین اہل از کرم

ترجمہ: جس طالب کا یقین تا قیامت قائم رہے ایسا طالب اہلِ کرم میں سے ہوتا ہے۔

ذکر فکر کشف بہ برد باہوا
باز دارد معرفت قرب از خدا

ترجمہ: ذکر، فکر اور کشف خواہشاتِ نفس کی طرف مائل کر دیتے ہیں اور طالب قرب و معرفتِ الٰہی سے دور ہو جاتا ہے۔

طالب از مرشد طلب دیدار کن
دیدار حاصل میشود با یک سخن

ترجمہ: اے طالب! مرشد سے دیدار طلب کر جو کہ مرشد کے ایک لفظ سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

جز بدیدارِ دگر دلدار نیست

ہر کہ فانی شد بما آن یار نیست

ترجمہ: اللہ کے دیدار کے سوا ہمارا کوئی دلدار نہیں کیونکہ جو فانی ہو وہ ہمارا یار نہیں۔

باھُوؒ در ھُو خویش را پیچیدہ

مرا از برائی دیدار خود آفریدہ

ترجمہ: باھُوؒ خود کو ھُو میں گم رکھتا ہے کیونکہ اس (اللہ) نے مجھے اپنے دیدار کے لیے پیدا کیا ہے۔

جاننا چاہیے کہ علمِ دیدار ولقا حاصل کرنا اور اس علم پر عمل کر کے مراتبِ لقا سے مشرف ہونا اور معرفت میں کامل ہونا آسان کام ہے لیکن مراتبِ لقا میں محو ہو کر فنا فی اللہ ہونا اور مراتبِ بقا باللہ حاصل کرنا اور اس کے ساتھ ناشائستہ اعمال عجب، تکبر اور خواہشاتِ نفس سے آزاد ہونا نہایت مشکل اور دشوار کام ہے لیکن اگر پروردگار اس کی توفیق بخشے تو ممکن ہے۔ مراتبِ دیدار کا تعلق گفتگو، لاف زنی اور شیخی خوری سے نہیں ہے۔ اس کا تعلق توحید کی تحقیق کرنے اور لاھوت لامکان میں پہنچ کر اللہ کے خالص نور کی معرفت حاصل کرنے سے ہے۔ اسی طرح مشاہدہ، حضوری، قرب و دیدارِ الٰہی اور جمالِ الٰہی کی مثال کسی شے سے نہیں دی جاسکتی کیونکہ یہ مرتبہ تمام مراتب و مقامات سے بالاتر ہے جہاں مخلوق کا گزر ممکن نہیں۔ بیت

ہر کہ می بیند بنماید ترا

بعد ازان معلوم کن رویت لقا

ترجمہ: وہ عارف جو اللہ کا دیدار کرتا ہے وہی تجھے اس کا جمال دکھائے گا اس کے بعد تجھے قرب و دیدار کی حقیقت معلوم ہو گی۔

یہ عارفین اور فقیر اولیا اللہ کے مراتب ہیں جو اللہ کے عاشقین ہیں۔ ابیات:

عبادت عاشقان عین از عنایت

بجز دیدار دیگر نیست طاعت

Marfat.com

ترجمہ: عاشقوں کی عبادت عنایتِ الٰہی سے دیدار کرنا ہے کیونکہ دیدار کے سوا کوئی بھی دوسرے طریقہ طاعت کے لیے موزوں نہیں۔

چہ خوش خرم بلذت راز دیدن
بعین از عین بین باحق رسیدن

ترجمہ: حق تک پہنچ کر اپنی آنکھوں سے حقیقت دیکھنے اور اسرار سے مشرف ہونے کی کیا خوب لذت ہے۔

کسے اینجا رسیدہ بالقا شد
فنا فی اللہ کہ دائم باخدا شد

ترجمہ: جو بھی اس مقام تک پہنچ جاتا ہے لقا سے مشرف ہو جاتا ہے اور پھر فنا فی اللہ ہو کر ابدی وصال پالیتا ہے۔

مدرسۂ دیدار میں وہی طالبِ مولیٰ سبقِ الٰہی پڑھتا ہے جو دیدارِ الٰہی کی قدرت، عزت اور تعظیم جانتا ہے۔ دیدار کی قدر عارف ہی جانتا ہے جو لاھوت لامکان تک پہنچ چکا ہوتا ہے۔ ابیات:

ہر کہ گوید دیدہ ام من غیب را
ہیچ کس باور نیارد جز خدا

ترجمہ: جو کوئی یہ کہتا ہے کہ میں نے غیب (یعنی ذاتِ حق تعالیٰ کو) دیکھا ہے تو خدا کے سوا کوئی اس کا یقین نہیں کرے گا۔

غیب بنی دیدہ بادیدار بین
نیست آنجا نفس نی شیطان لعین

ترجمہ: اگر تو غیب دیکھنا چاہتا ہے تو دیدار کرنے والی آنکھ سے دیکھ کہ جہاں دیدار ہوتا ہے وہاں نہ نفس ہے نہ شیطان لعین۔

Marfat.com

ہر کہ می بیند بود بر خود گواہ
معرفت دیدار حاصل شد اِلٰہ

ترجمہ: جو غیب (ذاتِ حق تعالیٰ) کو دیکھتا ہے وہی خود پر گواہ ہوتا ہے کہ اسے معبود کی معرفت اور دیدار حاصل ہے۔

غیب دان داند بہ آنکس غیب دان
دیدنی دیدار باچشمِ عیان

ترجمہ: غیب دان جانتا ہے کہ جو چشمِ عیاں سے دیدار کرتا ہے وہی اصل غیب دان ہے۔

چشم سِرّ عینک دران شیشہ نگر
خوش بہ بین دیدار را صاحبِ نظر

ترجمہ: چشم سِرّ عینک ہے اس کے شیشے سے صاحبِ نظر آسانی سے دیدار کرتا ہے۔

ہم ناظرم ہم حاضرم ہم باللقا
ناظر و حاضر کنم طالب بیا

ترجمہ: میں صاحبِ وصال ہوں اس لیے میں ہر جگہ حاضر بھی ہوں اور ہر شے کو دیکھنے والا بھی ہوں لہٰذا اے طالب آتا کہ تجھے بھی ناظر و حاضر بنا دوں۔

جو رات دن دیدار میں غرق رہتا ہے اور اس کا مرتبہ فقیر ولی اللہ کا ہے اور جو دیدار کا منکر ہے اس کا مرتبہ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ (یعنی بھاگو اللہ سے دور) ہے۔ ابیات:

کور مادر زاد طالب بی نظر
کور طالب کور رفتہ بی بصر

ترجمہ: مادر زاد (باطنی طور پر) اندھا طالب بے بصیرت ہوتا ہے اور اس دنیا سے بے بصیرت ہی جاتا ہے۔

Marfat.com

کور را گر می نمایم آفتاب
کور بیند ہر طرف یابد حجاب

ترجمہ: میں اگر اندھے کو سورج بھی دکھاؤں تو بھی اس اندھے کو ہر طرف حجاب ہی دکھائی دیتا ہے۔

اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ ابیات:

اولاً موت است بعد از معرفت
و ز چہار بگذرد یکتا صفت

ترجمہ: پہلے مرتبہ موت[1] ہے اور اس کے بعد اللہ کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔ جو اربع عناصر (بشریت) سے آزاد ہو جاتا ہے وہ یکتا صفت یعنی حق کے ساتھ یکتا ہو جاتا ہے۔

پنج را با پنج دارد ہوشیار
نہ یکطرف یک یکطرف عارف شمار

ترجمہ: جو اپنی پانچوں حسیات کو اسلام کے پانچوں ارکان ہوشیاری سے ادا کرنے میں مشغول رکھتا ہے تو نو اعضا ایک طرف اور ایک' ایک طرف ہوتا ہے اور تب وہ عارف کہلاتا ہے۔

نہ گرسنہ میشود یک سیر تر
گر یک گرسنہ میشود نہ در امر

ترجمہ: نو اگر بھوکے ہوں اور ایک سیر ہوتا ہے اور اگر ایک بھوکا ہو تو نو اعضا فرمانبردار اور قابو میں رہتے ہیں۔

دہ دیو خود در وجودے بند کن
بعد ازان ارشاد مردم پند کن

ترجمہ: اپنے وجود کے یہ دس شیطان قابو میں رکھ اور اس کے بعد لوگوں کو تلقین و نصیحت کر۔

---

[1] یعنی مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے پہلے مرجاؤ) کا مرتبہ حاصل کرنا پڑتا ہے۔

Marfat.com

معرفت توحید جملہ شد او را
ہر کہ یک را یافتہ عارف خدا

ترجمہ: جملہ معرفتِ توحید اس کو حاصل ہوتی ہے جو وجود کے تمام اعضا کو عارفِ خدا بنادے۔

علمِ غیب کو اللہ کے خاص بندے ہی جانتے ہیں اور یہ خاص بندے جو کہ عارفِ خدا ہیں، وہی اس علمِ غیب کو پڑھتے ہیں۔ اہلِ ایمان وہی ہیں جو علمِ غیب پر ایمان لاتے ہیں۔ اور جو کوئی علمِ غیب پر ایمان نہیں لاتا تو وہ ہرگز صاحبِ ایمان نہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

❁ لَا رَیْبَ ۛ فِیْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ (البقرہ-3,2)

ترجمہ: اس (کتاب) میں کوئی شک وشبہ نہیں اور اس میں متقین کے لیے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

اور وہ اس حدیث کے موافق ہوتے ہیں جس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ اللّٰهُ لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ شَیْءٌ

ترجمہ: جو اللہ کو پہچان لیتا ہے اس سے کوئی شے مخفی و پوشیدہ نہیں رہتی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

❁ اِنَّ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَیْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ (الملک-12)

ترجمہ: اور جو اپنے ربّ سے غیب کے متعلق ڈرتے ہیں پس ان کے لیے مغفرت اور اجرِ عظیم ہے۔

جو فقیر قرب و دیدارِ الٰہی کا عالم ہوا اسے توفیقِ الٰہی سے ایسی تصدیقِ قلب حاصل ہوتی ہے کہ وہ تمام علمِ ظاہر و زبانی بھول جاتا ہے اور اسے حروفِ تہجی میں سے ایک بھی حرف یاد نہیں رہتا۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ رَبَّهٗ فَقَدْ كَلَّ لِسَانَهٗ

ترجمہ: پس جو اپنے ربّ کو پہچان لیتا ہے تحقیق اس کی زبان گونگی ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

فقیر کو علمِ دیدار سے قرب، عزت، عظمت، شرافت، کرامت، جمعیت، فخر، حکمت، امر، حکم، تصرف، توجہ، تفکر، تصور اور کونین پر غلبہ، روشن ضمیری، تجلیاتِ ذات کے انوار کا بے حجاب مشاہدہ اور اسرارِ قدرتِ سبحانی کے احوال سے واقفیت حاصل ہوتی ہے کہ فقرا کے لیے علمِ دیدار کے سوا کوئی دوسرا علم پڑھنا مردار ہے اور فقیر کو ذکر، فکر، مراقبہ اور ورد و ظائف سے کیا سروکار؟ ابیات:

مرشد دیدار دیدارش نظر
بانظر ناظر کند موسیٰؑ خضرؑ

ترجمہ: صاحبِ دیدار مرشد اپنی (باطنی) نظر سے طالبانِ مولیٰ کو دیدار عطا کرتا ہے اور انہیں موسیٰؑ اور خضرؑ کی صفت کا حامل بنا کر دیدار کرنے والا بنا دیتا ہے۔

این شرف شد امتی از مصطفیٰؐ
نَحْنُ اَقْرَبُ یافتہ قرب از اِلٰہ

ترجمہ: یہ شرف صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیروکاروں کو حاصل ہے جو اللہ کے قرب سے نَحْنُ اَقْرَبُ کی حقیقت حاصل کرتے ہیں۔

اے احمق و گمراہ! قربِ الٰہی کے یہ مراتب فقر سے حاصل ہوتے ہیں۔ جاننا چاہیے کہ طریقت کے راستے کے ہر مراتب کی ابتدا قربِ الٰہی ہے اور انتہا مجلسِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں پہنچنا ہے کیونکہ ان مراتب کی ابتدا اور انتہا کے درمیان دیدارِ الٰہی ہے جو اللہ کی عطا اور اس کا فیض و فضل ہے۔ ان مراتب کی ابتدا و انتہا حاصل کرنا بھی نامکمل ہے جب تک ابتدا اور انتہا ایک نہ ہو جائیں کیونکہ درحقیقت ابتدا و انتہا ایک ہی ہیں۔ جو کوئی نیند یا مراقبہ میں دیدارِ ربّ العالمین سے مشرف ہو جائے وہ تمام عمر نہیں سوتا بلکہ بیدار رہتا ہے اور اگر سو بھی جائے تو بے حجاب حضورِ حق سے مشرف ہوتا ہے۔ جسے دیدار حاصل ہو جائے اسے بدبودار اور مردار دنیا پسند نہیں آتی۔ جس کے پاس یہ دو گواہ (قربِ الٰہی اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری) نہیں اسے دیدار حاصل نہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

اَلنِّهَايَتُ هُوَ الرَّجُوْعُ اِلَى الْبِدَايَتِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹنے کا نام ہے۔

محبت قربِ الٰہی کی راہ ہے کہ اس کی انتہا پر قربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔ جو طالب قربِ الٰہی کی اس راہ کا متلاشی ہو وہ آخر قربِ الٰہی پا لیتا ہے۔ ذکر، فکر، ذوق، شوق، مراقبہ، مکاشفہ سب قربِ الٰہی کے لیے وسیلہ ہیں اور انتہا میں قربِ الٰہی عطا کرتے ہیں۔ تصور، تصرف، توجہ، تفکر، معرفت توحید تک پہنچنے کی راہ ہے جو دیدار عطا کرتی ہے اور آخر قربِ الٰہی تک پہنچاتی ہے اور (ہر شے کی حقیقت دیکھنے والی) نظر و نگاہ عطا کرتی ہے۔ پس معلوم ہوا کہ مرشد کامل مراتبِ ابتدا میں ہی انتہا دکھاتا ہے اور جب دیدار سے مشرف کرتا ہے تو ابتدا اور انتہا بھی یاد نہیں رہتی۔ یہ حقیقتِ حق کو آنکھوں سے دیکھنے کے مراتب ہیں۔ بیت:

گر بگویم دیدہ ام مدعی با دعویٰ در
کور چشمی کے بہ بیند سگ مثال خوک خر

ترجمہ: اگر میں یہ دعویٰ کروں کہ میں نے دیدار کیا ہے تو یہ سچ ہے کہ (باطنی آنکھوں سے) اندھے اسے کہاں دیکھ سکتے ہیں وہ تو کتے، خنزیر اور گدھے کی مثل جانور ہیں۔

دیدار، اس کی روشنی اور انوار طالب پر اس طرح غالب آتے ہیں جیسے پانی آگ پر۔ بیت:

با دمے دیدار برم شد حضور
شد مشرف بالقا در غرق نور

ترجمہ: میں ایک لمحہ میں حضوری میں لے جا کر دیدار کراتا ہوں اور نور میں غرق کر کے لقا سے مشرف کرتا ہوں۔

مرشد سب سے پہلے دل کے اندھے طالب کو بینائی کی دوا دے کر چشمِ بصیرت عطا کرتا ہے اور اس کے بعد دائمی دیدار عطا کرتا ہے۔ جس کے پاس لازوال ایمان ہو وہ اولیا میں سے ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

Marfat.com

۞ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ (یونس-62)

ترجمہ: خبردار! بے شک اولیا اللہ کو نہ کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ غم۔

عالم دیدار کے احکامات بیان کرتا ہے جبکہ مرشد کامل دیدار کرواتا ہے۔ کہنے اور دکھانے میں بہت فرق ہے۔ فقیر پر فرضِ عین ہے کہ جملہ خزانوں پر تصرف، ملکِ سلیمانی، جملہ ارواحِ انبیا اور اولیا اللہ، تسبیح کرنے والے جملہ فرشتے اور کل و جز جو کچھ دنیا میں ہے اسے اپنے قبضہ وقدرت میں لے آئے۔ یہ مراتب فقرِ اختیاری سے حاصل ہوتے ہیں جن کو بعد میں توفیقِ الٰہی سے ترک کر دیا جاتا ہے۔ چنانچہ فقیر تمام دنیا کو اپنے تصرف میں لے آتا ہے اور ایک ہی بار میں سب کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کر کے ان سے الگ ہو جاتا ہے۔ فقر کو توکل، غنایت اور ہدایت کے احوال سے تحقیق کیا جا سکتا ہے۔ غنایت کے بغیر فقر اضطراری ہے جس میں طالب شکایت ہی کرتا رہتا ہے۔ بیت:

توحید سر عطا است کہ تقلید سر خطا است

از دست نارساست کہ مکارہ پارسا است

ترجمہ: توحید سراسر عطا جبکہ تقلید سراسر خطا ہے۔ اور جو گناہ نہ کر سکتا ہو وہ مکاری سے پارسائی کا دعویٰ کرتا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

۞ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (النجم-17)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نظر نہ بہکی اور نہ حد سے بڑھی۔

جب تک طالبِ دیدارِ الٰہی دونوں جہان کے نظارے سے بیزار نہ ہو جائے، اس سے ہزار بار استغفار کرتا رہے جب تک کہ دل کی سیاہی دور نہ ہو جائے اور وہ ہمیشہ کے لیے بیدار ہو کر یقین و اعتبار نہ حاصل کر لے۔ تب تک اس کے لیے معرفتِ الٰہی اور وصال تک پہنچنا اور دیدارِ الٰہی سے مشرف ہونا نہایت مشکل، دشوار اور کارِ محال ہے۔

Marfat.com

دیدۂ دیدار ما را از ازل
معرفت دیدار ما را شد فضل

ترجمہ: اللہ کے فضل سے ہمیں ازل سے ہی اس کی معرفت اور دیدار کرنے والی آنکھ حاصل ہے۔

اگر کوئی شخص تمام عمر مطالعہ علم میں گزار دے اور علم کے حصول سے عالم فاضل بن جائے اور وہ تمام علوم پڑھتا رہے تب بھی وہ باطن، توحید، معرفت، قرب اور حضوری سے بے خبر اور محروم رہتا ہے اور اگر کوئی اپنی تمام عمر ریاضت میں صرف کر دے اور ایک سوتیس سال ایک ٹانگ پر کھڑا رہ کر مجاہدہ کرتا رہے تو بھی اسے طریقت، معرفت، باطن، لقا، بقا اور فنا کی ذرا بھی خبر نہیں ہوتی اور نہ ہو سکتی ہے جب تک مرشد کامل کی توفیق حاصل نہ ہو۔ سالہا سال کی عبادت اور اس کے ثواب سے مرشد کی توجہ بہتر ہے جو ایک لمحہ میں اللہ کا بے حجاب دیدار عطا کرتی ہے۔ ابیات:

مرشدی باشد ترا مراتب رہنما
طلب کن از مرشدی رویت خدا

ترجمہ: مرشد ہر مرتبہ پر تیرا رہنما ہے لہٰذا تو اس سے دیدارِ خدا کی طلب کر۔

حافظ شدی عالم شدی زندہ زبان
و ز بی خبر تصدیق وحدت بے عیان

ترجمہ: تو حافظ بن گیا ہو یا عالم اور تیری زبان میں تاثیر ہو لیکن تو وحدتِ حق کی تصدیق سے بے خبر ہے کیونکہ تو حجاب میں ہے۔

مجھے تو ان احمق لوگوں پر حیرت ہوتی ہے کہ بعض اہلِ بدعت فرعون اور شیطان کے گروہ سے تعلق رکھنے والے، شرابی و نفسانی لوگ جو کہتے ہیں کہ ہمیں اللہ رحمٰن کی معرفت اور دیدار حاصل ہے لیکن در حقیقت وہ کفار، اہلِ ابلیس اور اہلِ زنار کو (اپنے تصور میں) دیکھتے ہیں۔ ان اہلِ بدعت کی بنیاد خلافِ طریقہ ہے اور ان کا یہ دعویٰ جھوٹا ہے۔

Marfat.com

ہر کہ می بیند بدیدار خدا
آن طالبان را بانظر ببرد لقا

ترجمہ: جس مرشد کو دیدارِ الٰہی حاصل ہو وہ طالبانِ مولیٰ کو بھی اپنی توجہ سے قرب و دیدارِ الٰہی بخشتا ہے۔

در معرفت دیدارِ حق ناظر کند
بانظر مجلس نبیؐ اللہ برد

ترجمہ: مرشد معرفت عطا کرتے ہوئے دیدارِ حق کراتا ہے اور نظر سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں لے جاتا ہے۔

دم دلم دیدار میبردہ حضور
روح را روحی برد اہل القبور

ترجمہ: میرا دل ہر لمحہ دیدار میں مشغول رہتا ہے اور لمحہ بھر میں حضورِ حق میں پہنچ جاتا ہے اور اپنی روح کو اہلِ قبور کی ارواح تک لے جاتا ہے۔

لائق دیدار اوّل دیدہ کن
دیدہ دیدار را زان دیدہ کن

ترجمہ: سب سے پہلے اپنی آنکھوں کو دیدار کے لائق بنا اور پھر اس آنکھ سے اللہ کا دیدار کر۔

نیست منزل نیست آنجائے مقام
غرق فی التوحید فی اللہ شد تمام

ترجمہ: غرق فی التوحید کے مرتبہ پر نہ کوئی منزل ہے نہ مقام۔

طالبے موسیٰؑ طلب دیدار جو
باھُوؒ معرفت دیدار موسیٰؑ را بگو

ترجمہ: طالب کو موسیٰ علیہ السلام کی مثل دیدار کی جستجو کرنے والا ہونا چاہیے۔تو موسیٰ علیہ السلام کی

Marfat.com

طرح اللہ سے اس کی معرفت و دیدار طلب کر۔

مرشد کے تصرف اور دیدار کے تصور کی بدولت طالب اعتبار حاصل کرتا ہے جبکہ مرشد کی خدمت کے دن، مہینے اور سال شمار کرنے سے اسے حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ بیت:

باھُوؒ طالب دیدار از خود خود جدا
از میان خود رفت می بیند لقا

ترجمہ: باھُوؒ! دیدار کے طالب کو اپنی خودی (انا) سے نجات حاصل کر لینی چاہیے کیونکہ جب وہ اپنی خودی سے جدا ہو جائے تب قرب و دیدار حاصل ہوتا ہے۔

عورت، بیٹے اور مال کی محبت اور ذکر، فکر، خیال، طمع اور مردار نفس اللہ کی معرفت اور دیدار سے روکتے ہیں۔ قرب و دیدار اس نماز سے حاصل ہوتا ہے جو معرفت اور نورِ حضور سے دائمی طور پر مشرف ہو۔ دیدارِ الٰہی ایک راز ہے۔ ابیات:

سر رود در سجدہ دل باشد باخدا
روح شد باحق مشرف اتحاد بالقا

ترجمہ: (نماز ایسی ہو کہ جب) سر سجدہ میں جائے تو دل خدا کے ساتھ مشغول ہو اور روح اللہ کے قرب و وِصال سے مشرف ہو۔

این نماز عارفان با دل حضور
فرض عین است این نماز بالضرور

ترجمہ: ایسی نماز عارفین ہی حضورِ قلب سے ادا کرتے ہیں اور یہی نماز فرضِ عین اور لازم ہے۔

جاننا چاہیے کہ انسان مخلوق ہے اور اللہ قادرِ مطلق حیّ و قیوم اور غیر مخلوق ہے۔ پس معلوم ہوا کہ مخلوق کی کیا مجال کہ غیر مخلوق اللہ تک پہنچ کر اس کی معرفت، قرب و وصال اور حضوری حاصل کرے اور اللہ کے جمال کے دیدار سے مشرف ہو۔ قرب و دیدار اور حضوری سے مشرف ہونے کی شرح یہ ہے کہ جو کوئی قرب و دیدار سے مشرف ہونے کا انکار کرتا ہے وہ لعنتی اور بے دین ہے۔ مطلب یہ

Marfat.com

کہ ظاہری علم، ذکر، فکر، تلاوت، وظائف، مراقبہ اور مجاہدہ قربِ الٰہی اور توحید کی راہ اور دیدار سے مشرف کرنے والے علم سے دور ہیں۔ قرب و دیدارِ حق تعالیٰ سے مشرف ہونے کے اعلیٰ مراتب اور عین العلم تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتے ہیں۔ طالب کا دل جب اسم اَللّٰہُ ذات کے تصور میں محو ہو کر اس سے حاصل ہونے والے علم کے مطالعہ میں غرق ہوتا ہے تو معرفتِ توحید کا سفر تیز تر ہو جاتا ہے کیونکہ دیدار کا طالب نفس کو براق کی مثل اپنی سواری بنا کر ہوا اور بجلی کی طرح لمحہ بھر میں دیدار سے مشرف ہو جاتا ہے۔ بندہ اور خدا کے درمیان کوئی حجاب اور پتھر و پہاڑ نہیں ہیں۔ تاہم یہ مراتب یقین اور اعتبار سے حاصل ہوتے ہیں۔ ابیات:

تا نہ بینم من بچشم خود خدا
نیست باور گفتہ درویش را

ترجمہ: جب تک میں اپنی آنکھوں سے اللہ کا دیدار نہ کر لوں میں کسی درویش کی باتوں پر یقین نہیں کرتا۔

ہر کہ می بیند بود در غرق نور
معرفت توحید اینست حق حضور

ترجمہ: جو دیدار کر لے وہ اس کے نور میں غرق ہو جاتا ہے یہی معرفتِ توحید اور حضورِ حق ہے۔

بی سری سجدہ کنم حاضر خدا
این نمازے عارفان را از لقا

ترجمہ: میں بے سر ہو کر حق تعالیٰ کے حضور سجدہ کرتا ہوں۔ عارفین کی یہ نماز قرب و دیدارِ الٰہی سے ادا ہوتی ہے۔

بی سری سجدہ بود ہم بی جبین
نیست آنجا آسمان و نی زمین

ترجمہ: عارفین سر اور پیشانی کے بغیر سجدہ کرتے ہیں کہ لامکان میں نہ آسمان ہے اور نہ زمین۔

Marfat.com

بی چشم بینم بخوانم بے زبان
معرفت لاہوت اینست لامکان

ترجمہ: میں بغیر آنکھوں کے دیدار کرتا ہوں اور بے زبان اس کا ذکر کرتا ہوں کہ یہی لاہوت لامکان میں پہنچ کر حاصل ہونے والی معرفت ہے۔

سجدہ در نور است رو رویت دوام
قبلہ در قبلہ بود قبلہ تمام

ترجمہ: جب طالب نور میں غرق ہو کر سجدہ کرتا ہے تب اسے دائمی دیدار حاصل ہوتا ہے اور وہ ہر جگہ اسی قبلہ (ذات) کو دیکھتا ہے کیونکہ ہر طرف وہی قبلہ (ذات) ہے۔

ہر سہ قبلہ قرب بخشد در نماز
معرفت توحید اینست فضل راز

ترجمہ: یہ تینوں قبلہ (نفس، قلب اور روح) نماز میں قربِ الٰہی بخشتے ہیں اور یہی معرفتِ توحید کا راز ہے۔

نفس نورش قلب نورش روح نور
اہل نوری را نمازی شد حضور

ترجمہ: ایسے نمازی کا نفس، قلب اور روح تینوں نور ہوتے ہیں۔ اہلِ نور کی نماز ہی حضوری ہوتی ہے۔

دل پریشان نمازی کی روا
دل بخطرہ نفس شیطان و ہوا

ترجمہ: دل خطرۂ نفس و شیطان اور خواہشات کا شکار ہو تو ایسے پریشان دل کی نماز کیسے ادا ہو سکتی ہے۔

نماز معراج است می بیند خدا
عارفان را در نمازے شد لقا

Marfat.com

ترجمہ: نماز معراج ہے جس میں نمازی خدا کا دیدار کرتا ہے اور عارفین کو نماز میں اللہ کا قرب اور دیدار حاصل ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ عارفین دائمی نماز میں مشغول ہوتے ہیں اور عارفین کا دل بھی ہمیشہ نماز میں غرق ہوتا ہے اور عارفین کی روح بھی مکمل طور پر نماز میں مشغول ہوتی ہے۔ عارفین کی نماز راز ہوتی ہے اور وہ نماز میں اسرار ہی بیان کرتے ہیں۔ مرشد نور الہدیٰ علمِ دیدار سے کَفٰی بِاللّٰہ (ترجمہ: میرے لیے اللہ ہی کافی ہے) کا سبق دیتا ہے اور صادق طالب لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا (المزمل۔9) ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور تم اسی کو اپنا کارساز بناؤ'' کا علم سیکھتا ہے۔ ایسا مرشد دیدار سے مشرف کرنے والا مخدوم ہوتا ہے۔ اور جو مرشد طالبِ مولیٰ کو ذکر، فکر، مراقبہ اور حبسِ دم کا سبق دیتا ہے تو وہ طالب اپنی منزل تک ہرگز نہیں پہنچ سکتا کیونکہ ناقص مرشد معرفتِ الٰہی سے محروم ہوتا ہے۔ لیکن معرفت حاصل کرنے کے بہت سے طریقے ہیں اور معرفت کا سب سے بہترین طریقہ توفیقِ الٰہی اور تحقیق سے دیدار سے مشرف ہونا ہے۔ سن! اگر مادرزاد (باطنی طور پر) اندھے شخص سے کہا جائے کہ دیدارِ پروردگار کر، تو وہ کہتا ہے کہ دیدار قیامت کے روز ہوگا۔ ایسا کہنے والا مکمل طور پر پردہ وحجاب میں ہے جبکہ اہلِ چشمِ بینا (صاحبِ بصیرت) دائمی طور پر اللہ رحمٰن کے بے حجاب دیدار سے مشرف ہوتے ہیں اور نہ کسی سے گھبراتے ہیں کیونکہ ان کے لیے آج اور کل (دنیا اور عقبیٰ) برابر ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى (بنی اسرائیل۔72)

ترجمہ: اور جو اس دنیا میں (دیدار سے) اندھا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا ہی رہے گا۔

ابیات:

ہر کہ در دنیا نہ بیند حق لقا
بے نصیبے او بود آخر کجا

ترجمہ: جس نے اس دنیا میں حق تعالیٰ کا لقا حاصل نہ کیا تو اس بے نصیب کو آخرت میں کہاں سے

Marfat.com

ہوگا۔

آخرت او حور خواہد ہم قصور
بے نصیبے او ز دیدارش حضور

ترجمہ: وہ آخرت میں حور وقصور کا طلبگار رہتا ہے اس لیے اللہ کے دیدار اور حضورِ حق اس کا نصیب نہیں ہوتے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (النجم-17)

ترجمہ: (اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی) نظر نہ بہکی اور نہ حد سے بڑھی۔

اے احمق و بے حیا! یہ مراتبِ لقا عارفین کا نصیب ہیں۔ ابیات:

از ناف تا سر جلوۂ انوارِ حق
آنچہ می بینم ازان دیدارِ حق

ترجمہ: میرے پورے وجود میں انوارِ حق کا جلوہ ہے اور میں جس طرح بھی دیکھتا ہوں دیدار ہی کرتا ہوں۔

حق و باطل را کنم تحقیق تر
میبرم دیدار طالب را نظر

ترجمہ: میں حق و باطل کی تحقیق کرنے والا ہوں اور طالبِ دیدار کو اپنی نگاہ (کی تاثیر) سے حضورِ حق میں لے جاتا ہوں۔

زندگی شد بالقا بیندگی
بی لقائش زندگی شرمندگی

ترجمہ: اس کے قرب و دیدار میں مشغول رہنا ہی اصل زندگی ہے جبکہ دیدار کے بغیر زندگی محض شرمندگی ہے۔

Marfat.com

جو عارف مرشد (بیعت کے) پہلے ہی روز طالبِ مولیٰ کو ربّ کریم کے دیدار کی عظیم دولت عطا نہیں کرتا وہ مرشد لائقِ ارشاد نہیں۔ نورِ الٰہی کا حامل عارف مرشد وہ ہے جو طالبِ مولیٰ کو باطن میں دائمی دیدار سے مشرف کر دے جبکہ ظاہر میں طالب کو مطالعۂ علم میں مشغول اور شریعت میں ہوشیار رکھے۔ جان لو کہ جس طرح خضر علیہ السلام نے ظلمات سے آبِ حیات حاصل کیا اسی طرح عارفین تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے (دائمی) حیات پاتے ہیں۔ بیت:

خضر را طالب کنم بہر از خدا
منکہ طالب با حضوری مصطفیؐ

ترجمہ: چونکہ میں وہ طالب ہوں جسے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری حاصل ہے اس لیے میں خدا کی خاطر خضر کو اپنا طالب بناتا ہوں۔

حضرت خضرؑ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت کے مرتبہ فقر سے رات دن عبرت و حیرت میں ڈوبے رہتے ہیں کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت اللہ تعالیٰ کے قرب میں دائمی دیدار سے مشرف اور رحمتِ الٰہی کی بدولت اللہ کی بارگاہ میں منظور ہے۔ ابیات:

خضر را خبری نباشد از قرب وحدت لقا
شرف امت را تمام از مصطفیؐ

ترجمہ: خضرؑ کو اللہ کے قرب، دیدار اور وحدت کی خبر نہیں کیونکہ یہ شرف صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کو حاصل ہے۔

فکر فرحت نفس و ذکر راہزن
طالبان دیدار را بس این سخن

ترجمہ: فکر نفس کی راحت کا باعث اور ذکر راہزن ہے۔ طالبانِ دیدار کے لیے بس یہی بات کافی ہے (کہ وہ دیدار میں محو رہتے ہیں)۔

Marfat.com

با توجہ میبرم دیدارِ حق
زیر پائے تو شود جملہ طبق

ترجمہ: میں تجھے توجہ سے دیدارِ حق تک عطا کر سکتا ہوں اور اس مرتبہ پر پہنچا سکتا ہوں جس سے جملہ طبقات تیرے قدموں تلے ہوں گے۔

با الف اللہ رسانم باحضور
این مراتب عارفان است غرق نور

ترجمہ: میں تجھے اللہ کے الف (اسم اَللّٰہُ ذات) سے حضورِ حق میں پہنچا سکتا ہوں۔ یہ نور میں غرق عارفین کے مراتب ہیں۔

عالم شدم در علم توحید از خدا
احتیاجی نیست علم از سر ہوا

ترجمہ: میں حق تعالیٰ سے علمِ توحید پڑھ کر عالم بن گیا ہوں اب مجھے دوسرا کوئی بھی علم پڑھنے کی ضرورت نہیں جو محض خواہشاتِ نفسانی کا باعث ہیں۔

علم شیطان است کبر و بے کرم
گر بگویم کہ انا شیطان میشوم

ترجمہ: اگر علم تکبر کا باعث ہو تو شیطان ہے اور اللہ کے کرم سے محروم ہے۔ اگر میں ''مَیں'' کہوں گا تو میں شیطان بن جاؤں گا۔

علم قرآن است قرب و معرفت
علم آن باشد بود نبوی صفت

ترجمہ: اگر علم قرب و معرفتِ الٰہی کا باعث ہو تو قرآن ہے۔ اور علم وہی ہوتا ہے جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صفات کا حامل بنا دے۔

Marfat.com

خلق باخُلق است باخالق تمام

نیک خصلت ہمچو نبویؐ والسلام

ترجمہ: اگر اللہ کا قرب حاصل کرنا ہو تو مخلوق کے ساتھ اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صفات اختیار کرنی چاہیے جو کہ سلامتی کا باعث ہیں۔

جس عالم فقیہ کا نفس طاقتور، دل سیاہ اور مردہ ہو تو اس سے ہم کلام نہ ہو کہ وہ باطن اور معرفتِ الٰہی سے بے خبر ہے اور نہ اسے باطن (کے احوال) سے آگاہی ہے کیونکہ اس کی توجہ و نگاہ اپنے نفس پر ہے۔ ہر علم کی اساس اور مغز علمِ تصوف ہے جو حق تعالیٰ اور رسولِ خدا کے کلام پر مبنی ہے۔علمِ تصوف اُم العلم اور ہر علم کی روح ہے۔علمِ تصوف سے حیّ و قیوم ذات کے کل و جز علوم اور حق و باطل کی حقیقت معلوم ہو جاتی ہے۔ جو علمِ تصوف نہیں پڑھتا وہ سیاہ دل ہوتا ہے جو جہالت و نفاق کی حالت میں رہتا ہے۔علمِ فقر بھی فیضِ الٰہی کی بدولت علمِ تصوف میں شامل ہے اور یہی علمِ تصوف راہِ فقر کی بنیاد ہے۔ اللہ کے فضل سے طالب کو تصدیق القلب کی صفت حاصل ہوتی ہے اور اسے حق تعالیٰ کی رفاقت کی توفیق حاصل ہوتی ہے جو اسے باتحقیق صدیق بناتی ہے۔علمِ تصوف عارف پر رحمتِ الٰہی ہے۔ جو علمِ تصوف سے منع کرتا ہے وہ قومِ زندیق سے تعلق رکھتا ہے۔

ابیات:

گر بے علم عالم شدی بے معرفت

جاہلی علم است خرِ عیسیٰؑ صفت

ترجمہ: اگر تو عالم ہے اور تیرے پاس تصوف اور معرفت کا علم نہیں تو تُو اصل علم سے جاہل ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کے گدھے کی مثل کتابوں کا بوجھ اٹھانے والا ہے۔

تا نیابی معرفت راہبر خدا

طلب کن مرشد شوی تو اولیا

ترجمہ: جب تک تو معرفت کو نہیں پا لیتا تجھے مرشد کی ضرورت ہے جو تیری راہبری اللہ کی طرف

Marfat.com

کرے۔ تو مرشد کی طلب کرتا کہ تو اولیا میں سے ہو جائے۔

طالب سب سے پہلے مرشد سے کل و جز مخلوقات اور ذات کی صفات طلب کرے جو مرشد کے ایک لفظ ''کن'' کی طاقت سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ لفظ مرشد کے چار حروف ہیں م، ر، ش، د۔ حرف ''م'' سے مرشد مشاہدۂ حضورِ حق اور معرفت و معراج عطا کرتا ہے۔ حرف ''ر'' سے نورِ توحید میں غرق کر کے رازِ حق تک پہنچاتا ہے۔ حرف ''ش'' سے مرشد شہسوار عارف ہوتا ہے جو اہل قبور کی ارواح کے احوال دیکھنے والا ہوتا ہے۔ حرف ''د'' سے طالب کو دائمی الہام عطا ہوتا ہے۔ لفظ طالب کے بھی چار حروف ہیں ط، ا، ل، ب۔ حرف ''ط'' سے طالب طاعتِ مرشد میں مشغول رہتا ہے اور اس کی بندگی کا طوق اپنی گردن میں ڈالتا ہے اور حق تعالیٰ کے حکم کی تعمیل میں ہمیشہ مصروف رہتا ہے۔ حرف ''ا'' سے طالب کا ارادہ صادق ہوتا ہے اور وہ مرشد کا باادب ہوتا ہے۔ جو بھی آزمائش اس پر آئے وہ اف نہیں کرتا۔ حرف ''ل'' سے طالب لایحتاج اور لقائے الٰہی کے لائق ہوتا ہے جو کبھی بھی لاف زنی نہیں کرتا۔ حرف ''ب'' سے طالب بہرہ مند (خوش قسمت)، باوفا اور باحیا ہوتا ہے اور اس کا قلب پاکیزہ اور وہ تقدیر پر راضی رہنے والا ہوتا ہے۔ مرشد کے چاروں حروف طالب کے چاروں حروف سے اس طرح بدل جاتے ہیں کہ طالب مرشد کے وجود، جان، جسم، قلب اور قالب کے ساتھ یکتا ہو جاتا ہے۔ جو کچھ مرشد کی زبان پر ہوتا ہے طالب کی زبان سے بھی وہی ادا ہوتا ہے۔ طالب کی آنکھیں مرشد کی آنکھیں، طالب کے کان مرشد کے کان، طالب کا قلب مرشد کا قلب، طالب کی روح مرشد کی روح، طالب کے ہاتھ مرشد کے ہاتھ اور طالب کے پاؤں مرشد کے پاؤں بن جاتے ہیں۔ یہ فنافی الشیخ کی حالت ہوتی ہے۔ وہ طالب مرتبۂ مرشد کے لیے منتخب ہوتا ہے۔ طالب کا نفس مرشد کے نفس کی مثل مر جاتا ہے اور اس کا قلب مرشد کے قلب کی مثل حیات پا جاتا ہے اور اس کی روح فرحت پاتی ہے۔ فنافی الشیخ کے اس مرتبہ پر مرشد و طالب کا نام، اطوار اور طریقے ایک جیسے ہو جاتے ہیں اور طالب کی صورت سے مرشد کی صورت نظر آتی ہے۔ مرشد کی رفاقت طالب کے لیے یقیناً توفیقِ حق کا وسیلہ بن جاتی ہے۔ یہ مرتبہ جمعیت ہے

Marfat.com

جہاں مرشد کے تمام خوبصورت اوصاف طالب میں جمع ہو جاتے ہیں اور اسے مرشد کے ساتھ لازوال وصال نصیب ہوتا ہے۔ مرشد کل اور توحید کی صورت ہے جیسا کہ اللہ نے اس فرمان میں فرمایا:

❁ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ (الفتح۔10)

ترجمہ ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔

بیت:

گر بیائی طالبا حاضر خدا
درمیان پردہ نماند شد لقا

ترجمہ: اے طالب! اگر تو آئے تو میں تجھے حضورِ حق میں پہنچا دوں گا جہاں تو ایسے دیدار کرے گا کہ تیرے اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہ ہوگا۔

مرشد کی کاملیت حضورِ حق میں پہنچانے کی صلاحیت سے پتا چلتی ہے کہ وہ ایک ہی نگاہ سے کل و جز کے سب مراتب طے کرا دیتا ہے۔ بیت:

اگر تو طالب صادقی با ما بیا
شد مشرف در مجالس مصطفیٰؐ

ترجمہ: اگر تو صادق طالب ہے تو ہمارے پاس آ۔ ہم تمہیں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری سے مشرف کر دیں گے۔

جان لو کہ طریقہ قادری میں طالب مرید پھول کی مثل ہے جبکہ دوسرا ہر طریقہ پھول کے گرد کانٹوں کی مثل ہے اور مکمل طور پر خوار اور نفس کی قید میں ہے۔ قادری طریقے کا طالب مرید بااعتبار ہوتا ہے۔ اسے ذکر، فکر اور مراقبہ کرنے کی کیا ضرورت؟ بیت:

منکہ مرشد قادریم قدر دان
شد قرب قدرت خدا عارف عیان

Marfat.com

ترجمہ: میں قادری مرشد ہوں میری قدر پہچان۔ میں وہ عارف ہوں جسے اللہ کا قرب اور بے حجاب دیدار حاصل ہے۔

دیدار سے جمعیت حاصل ہوتی ہے اور دیدارِ الٰہی کے علاوہ سب کچھ مردار ہے۔ بیت:

باھُوؒ در ھُو گم شدہ چون آب شیر

انتہا توحید این فی اللہ فقیر

ترجمہ: باھُوؒ ھُو میں ایسے گم ہے جیسے پانی دودھ میں۔ اللہ کے فقیر کی انتہا یہی توحید ہے۔

طالبِ دنیا بہت سے ہیں اور طالبِ عقبیٰ بیشمار ہیں۔ ہزاروں میں سے کوئی ایک ہی دیدار کا طالب ہوتا ہے جسے دنیا یا جنت سے کیا سروکار۔ جان لو کہ آدمی کے وجود میں سات اندام ہیں اور ہر اندام حرص، طمع، حسد اور عجب کی قید میں ہے۔ مرشد کامل' طالبِ مولیٰ کے ساتوں اندام کو ان برائیوں سے نجات دلاتے ہوئے سات علمِ کیمیا اکسیر عطا کرتا ہے جس سے طالب ظاہری حکمت کے خزانوں کو اپنے تصرف میں لے آتا ہے اور اس کے ساتھ دیگر سات علمِ کیمیا اکسیر عطا کرتا ہے جس سے طالب باطنی حکمت کے خزانوں کو اپنے تصرف میں لے آتا ہے اور اس کے ساتھ مرشد وجود کے ساتوں اندام کو تمام ظاہری و باطنی علوم سے آراستہ کر کے کامل کرتا ہے۔ اس کے بعد طالب تلقین وارشاد کے لائق بنتا ہے اور اعتبار اور یقین کے ساتھ دستِ بیعت ہوتا ہے۔ ایک ہی ہفتہ میں طالب فقر، معرفت اور ولایت کی تمامیت تک پہنچ جاتا ہے اور اسے فیض وفضل کی انتہا عطا کی جاتی ہے اور طالب ہر غم سے نجات حاصل کر لیتا ہے اور اسے اللہ کے ساتھ وصال کا ایسا مرتبہ حاصل ہوتا ہے جسے کوئی زوال اور رجعت نہیں۔ وہ (ہر شے سے) لایحتاج رہتا ہے۔ اور ہمیشہ دیدار اور معرفتِ الٰہی کے مشاہدہ میں مشغول رہتا ہے جو کہ اصل معراج ہے۔ مردِ مرشد کی مہربانی سے صادق طالب پہلے ہی روز مرتبہ جمعیت پر پہنچ جاتا ہے۔ دیدار و قربِ الٰہی سے مشرف مرشد کامل طالب کو سب سے پہلے سونا و چاندی کا علم کیمیا اکسیر عطا کرتا ہے اور اس کے بعد دیدار و حضوری عطا کرتا ہے۔ جس مرشد کی نظر کو یہ توفیق حاصل نہیں کہ طالب کو علمِ کیمیا عطا کر سکے اور نہ

Marfat.com

ہی اللہ کے قرب، حضوری اور دیدار سے مشرف کرنے کی طاقت ہو ایسے ناقص مرشد کی نظر سے بیل اور گدھے ہی بہتر ہیں۔ بیت:

باھُو کاملان را وقوف است بر ہر کیمیا
از خود دہند یا میدہانند از خدا

ترجمہ: باھُوؒ! کاملین کو ہر علمِ کیمیا حاصل ہوتا ہے وہ طالبوں کو یا خود عطا کرتے ہیں یا اللہ سے عطا کرواتے ہیں۔

فقیر کی نظر میں اہلِ دنیا گدا و مفلس ہوتے ہیں جبکہ اہلِ دنیا فقیر کو گدا و مفلس سمجھتے ہیں۔ دراصل فقیر کو کل و جز کے بے شمار خزانوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے جبکہ اہلِ دنیا کو محدود دولت پر اختیار ہوتا ہے جن کی طرف فقیر نظر بھی نہیں ڈالتا۔ ابیات:

ظاہری توفیق دارم در عمل
باطن از تحقیق دارم بے خلل

ترجمہ: مجھے ہر ظاہری عمل میں حق تعالیٰ کی توفیق حاصل ہے جبکہ باطنی طور پر ان اعمال کی تحقیق بغیر کسی رکاوٹ کے کر سکتا ہوں۔

باھُو بہر از خدا این راہنما
گر بیائی میرسانم باخدا

ترجمہ: باھُوؒ اللہ کی خاطر اس کی طرف رہنمائی کرنے والا ہے۔ اے طالب! اگر تو آئے تو میں تجھے اللہ تک پہنچا دوں گا۔

کیمیا اکسیر کے تمام خزانوں پر مکمل تصرف تین طرح کا ہے جیسے تین قسم کے مدرسوں سے تین طرح کے علوم سے حاصل کیا جاتا ہے۔ علم سے علم حاصل کرنا، آگاہی سے علم حاصل کرنا اور نگاہ سے علم حاصل کرنا۔ جاہل ان علوم سے محروم ہیں اور ان کی جہالت سراسر گناہ ہے۔ پہلا علم کیمیا اکسیر فنا کے ہنر سے متعلق ہے، دوسرا علمِ کیمیا اکسیر بقا کی توفیقِ الٰہی سے متعلق ہے اور تیسرا علمِ

Marfat.com

کیمیا اکسیر معرفت اور دیدار سے مشرف ہونے کے متعلق ہے۔

ہر کہ دعویٰ کرد من عالم خدا
طلب کن از وے مطالعہ حق لقا

ترجمہ: جو دعویٰ کرتا ہے کہ میں وحدت کا عالم ہوں اس سے لقائے الٰہی کا علم طلب کر۔

جو طالب (مرشد سے) ظاہری کیمیا اکسیر طلب کرتا ہے وہ نامرد کی مثل ہے اور جو طالب باطنی کیمیا اکسیر طلب کرتا ہے وہ عورت کی مثل ہے اور جو طالب (مرشد سے) معرفتِ الٰہی کی کیمیا اکسیر طلب کرتا ہے وہ مرد ہے۔ جس کے عمل میں یہ چودہ علومِ کیمیا اکسیر ہوں وہ چار دن میں پانچ بار کی توجہ اور توفیقِ الٰہی کے چار مراحل سے طالب کو عطا کر سکتا ہے اور قرآن کے وظیفہ سے حضوری تک پہنچا سکتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ لَّهُ الْمَوْلٰى فَلَهُ الْكُلُّ حَسْبِيَ اللهُ

ترجمہ: جسے مولیٰ مل گیا اسے سب کچھ مل گیا اور میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

جو طالب خلوص کے ساتھ مرشد سے دیدارِ الٰہی طلب کرتا ہے ہر مراتب، تصرف، کیمیا، خزانے اور حکمت اسے عطا ہوتے ہیں اور ہر مؤکل اور انبیا و اولیا اللہ کی ارواح سے اس کا رابطہ قائم ہو جاتا ہے اور دونوں جہان فرمانبردار غلام کی مثل اس کے قدموں میں آ جاتے ہیں۔ ابیات:

مرشدے باشد غنایت از غنی
از غنی طالب غنی حاضر نبیؐ

ترجمہ: مرشد صاحبِ غنایت ہوتا ہے جو اپنے طالبوں کو نوازتا ہے اور اس غنی مرشد کی صحبت سے طالب بھی غنی ہو جاتا ہے اور اس کو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری حاصل ہوتی ہے۔

بے غنایت در شکایت روز و شب
بے حیا و بے وفا و بے ادب

ترجمہ: اگر مرشد بے غنایت ہو تو طالب رات دن شکایت میں مصروف رہتا ہے وہ بے حیا، بے وفا

Marfat.com

اور بے ادب طالب بن جاتا ہے۔

کامل کون ہوتا ہے؟ کامل لفظ کے چار حروف ہیں ک، ا، م، ل۔ حرف 'ک' سے کامل مرشد کا تصرف کامل ہوتا ہے۔ وہ جتنا بھی اپنا تصرف استعمال کرتا ہے کم نہیں ہوتا۔ حرف 'ا' سے کامل (مرشد) صادق طالب کو اسمِ اَللّٰہُ ذات کا تصور عطا کرتا ہے۔ حرف 'م' سے کامل مرشد مردہ دل کو اپنی نگاہ سے زندہ کرتا ہے اور دیدار و معرفتِ الٰہی عطا کر کے حضوری میں پہنچاتا ہے اور حرف 'ل' سے کامل مرشد لقائے الٰہی سے مشرف کر کے قربِ الٰہی میں لے جاتا ہے اور طالبِ مولیٰ کو لایحتاج بنا دیتا ہے۔ جو مرتبہ 'کامل' پر ہو وہ انسان ہے اور جو مرتبہ مکمل پر ہو وہ پریشان رہتا ہے اور جو مرتبہ اکمل پر ہو وہ حیوان ہے۔ جبکہ کامل مرشد مرتبہ نور الہدیٰ پر ہوتا ہے اور طالب کو پہلے ہی روز لاھوت لامکان میں پہنچا دیتا ہے۔ ایسا قادری مرشد حق تعالیٰ کی قدرت کا حامل ہوتا ہے اور اللہ کے فیض و فضل اور احسان سے بلاحجاب دیدار کرنے والا ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ ہر خزانے پر تصرف حاصل کرنے کا مرتبہ اور دیدار سے مشرف ہونا آسان کام ہے لیکن وجود میں حوصلہ پیدا کرنا اور گناہِ صغیرہ و کبیرہ سے نجات حاصل کرنا بہت ہی مشکل اور دشوار کام ہے۔ پیاسا پانی پیتا ہے اور بھوکا کھانا کھاتا ہے جبکہ عاشق جان فدا کرتا ہے۔ طالبِ مولیٰ اگر (اللہ کے قرب کے لیے) بھوکا ہو تو اپنا خونِ جگر پیتا ہے اور اگر (اس کے دیدار کے لیے) پیاسا ہو تو معرفت کے سمندر سے اپنی پیاس بجھاتا ہے کیونکہ وہ دیدارِ الٰہی کی تڑپ رکھتا ہے اور اس کے لیے دنیا و عقبیٰ پر نظر ڈالنا محال ہے۔ ابیات:

ہر کہ گوید دیدہ ام دیدار نیست
دیدنے مخلوق را درکار نیست

ترجمہ: اگر کوئی کہتا ہے کہ اسے دیدار حاصل ہے تو اسے دیدار حاصل نہیں کیونکہ جسے دیدار حاصل ہو وہ مخلوق کی طرف نہیں دیکھتا۔

Marfat.com

ہر کہ می بیند بود دائم حضور
ہر تصرف میشود از وے ظہور

ترجمہ: جو دیدار کرتا ہے وہ ہمیشہ حضوری میں رہتا ہے اور اس سے اللہ کے ہر تصرف کا ظہور ہوتا ہے۔

آن صاحب گنج است عامل باحکم
مردہ را زندہ کند باحکم قُم

ترجمہ: وہ اللہ کے خزانوں کا مالک اور اس کے حکم کا عامل ہوتا ہے جو 'قم' کہہ کر مردہ کو زندہ کر سکتا ہے۔

ہر کہ می بیند بود از اہل لقا
دل سلیم وجود کرم و باحیا

ترجمہ: جسے دیدار حاصل ہو وہ اہلِ لقا میں سے ہوتا ہے جس کا دل سلامتی والا اور وجود کرم اور حیا کا حامل ہوتا ہے۔

دانا اور آگاہ رہو۔ ابیات:

چون نمی بینم کہ بنماید مرا
از لقائے یافتم وحدت صفا

ترجمہ: میں اسے کیوں نہ دیکھوں جو مجھے دیکھتا رہتا ہے۔ اس کے لقا سے ہی میں نے وحدت اور پاکیزگی پائی ہے۔

باحضوری مصطفیؐ ہم جان نفس
احتیاجے کس ندارم ہیچکس

ترجمہ: میں نفس و روح کے ساتھ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں رہتا ہوں لہٰذا مجھے کسی کی راہنمائی کی ضرورت نہیں۔

Marfat.com

میں نے یہ مراتبِ عظمیٰ اور سعادتِ کبریٰ اور ہر صغیر و کبیر شرف شریعت پر عمل پیرا ہو کر ہی پایا ہے اور شریعت کو ہی میں نے ہمیشہ اپنا پیشوا بنایا ہے۔ طالبِ مولیٰ چاہے مبتدی ہو یا منتہی' اسے چاہیے کہ شریعت کو اپنے دن رات کے ہر معاملے میں مدِ نظر رکھے اور جو کچھ شریعت حکم دے اسکی اطاعت کرے کیونکہ وہ حق ہے اور جس چیز سے شریعت روکے اسے ترک کر دے کیونکہ وہ باطل ہے۔ باطل بدعت سے ہزار بار توبہ استغفار کرنی چاہیے۔ شریعت کیا ہے اور شریعت کسے کہتے ہیں؟ شریعت قرآن ہے اور تمام قرآن باطنی طور پر اسم اَللّٰہُ ذات ہے اور اسم اَللّٰہُ ذات رحمٰن کی ذات ہے جو کہ دنیا، نفسِ امارہ اور شیطان کا مخالف ہے۔ ابیات:

شریعت شہر است آن دارالامن
نیست آنجا نفس قلب و روح تن

ترجمہ: شریعت ایسا شہر ہے جہاں امن ہی امن ہے۔ وہاں نفس، قلب، روح اور جسم (کی قید و بند) نہیں ہیں۔

شریعت نورِ سرّیست از نبیؐ
این شریعت کے رسد اہل شقی

ترجمہ: شریعت نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سرّ (حقیقتِ محمدیہ) کا نور ہے اور اس حقیقت تک شقی (بدبخت) کیسے پہنچ سکتے ہیں۔

شریعت شرف است عربی بارسولؐ
این شریعت برد حاضر بارسولؐ

ترجمہ: شریعت رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صحبت کا شرف ہے اور شریعت (کی حقیقی پیروی) حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس کی حضوری میں لے جاتی ہے۔

ہر مراتب از شریعت دیدہ ام
بے حجابے از میان بدریدہ ام

Marfat.com

ترجمہ: میں نے ہر مرتبہ شریعت پر عمل پیرا ہو کر ہی پایا ہے اور اپنے اور اللہ کے درمیان موجود حجابات بھی شریعت کی پیروی سے ہی دور کیے ہیں۔

شریعت شوق است بر شہد از شکر
لذتی دیدار بخشد بہرہ ور

ترجمہ: شریعت شہد اور شکر سے بھی زیادہ مٹھاس والی ہے کہ شوق سے اس پر عمل پیرا ہونے سے دیدارِ الٰہی کی لذت حاصل ہوتی ہے۔

جز شریعت نیست راہے معرفت
اہل بدعت چیست باشد خر صفت

ترجمہ: شریعت کی پیروی کے علاوہ معرفتِ الٰہی کی کوئی راہ نہیں۔ اہلِ بدعت کیسے معرفت حاصل کر سکتے ہیں وہ تو گدھوں کی مانند ہیں۔

شریعت خلعت بود بر تن تمام
بے شریعت نیست عارف اہل خام

ترجمہ: شریعت کا لبادہ وجود پر اوڑھنا چاہیے کیونکہ شریعت پر عمل پیرا ہوئے بغیر کوئی عارف نہیں بن سکتا بلکہ وہ خام ہی رہتا ہے۔

شریعت خوشوقت گرداند مرا
از شریعت یافتم اللہ لقا

ترجمہ: شریعت نے میری زندگی کو خوبصورت بنا دیا ہے اور شریعت کی پیروی سے ہی میں نے اللہ کا قرب اور دیدار پایا ہے۔

شریعت ایمان انوارش عطا
این عطائے شد مرا راہبر خدا

ترجمہ: شریعت نورِ ایمان عطا کرتی ہے اور یہی نورِ ایمان اللہ کی جانب میرا رہنما ہے۔

Marfat.com

باھُوؒ سرّ راستی در شرع کوش
از شریعت معرفت توحید نوش

ترجمہ: باھُوؒ اگر تو سچائی کا راز پانا چاہتا ہے تو شریعت کی پیروی کر کیونکہ شریعت کی پیروی سے ہی تُو معرفتِ توحید کا دریا نوش کر سکتا ہے۔

سب سے پہلے مرشد پر فرضِ عین ہے کہ طالبِ مولیٰ کو جمعیت کے یہ تین مراتب عطا کرے جو کہ جمعیتِ نفس، جمعیتِ قلب اور جمعیتِ روح ہیں۔ ان تینوں جمعیت کا مجموعہ جب طالبِ مولیٰ کے وجود میں قرار پکڑتا ہے تو جمعیت کا آخری مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے بعد مرشد طالبِ مولیٰ کو دستِ بیعت کرتے ہوئے تلقین وارشاد کرتا ہے اور معرفت، مشاہدہ، حضورِ حق اور قرب و دیدار عطا کرتا ہے۔ معلوم ہوا کہ جو مرشد جمعیت بخشتا ہے وہی کامل ہے۔ جمعیت سات طرح کی ہے جو سب کیمیا اکسیر ہیں۔ جمعیتِ نفس میں مرشد جو بھی دنیا میں خزائنِ الٰہی ہیں' ان سب پر طالبِ مولیٰ کو تصرف عطا کر دیتا ہے۔ جمعیتِ قلب یہ ہے کہ طالب دنیا کے تمام تصرفات ایک قدم اور ایک ہی دم میں اللہ کی راہ میں خرچ کر دیتا ہے اور دل میں افسوس بھی نہیں رکھتا۔ جمعیتِ روح یہ ہے کہ طالب دیدارِ پروردگار سے مشرف ہو کر دائمی مشاہدہ میں غرق رہتا ہے اور زندگی و موت کے مراتب اس کے تصور، تفکر اور تصرف میں آ جاتے ہیں۔ اس کے بعد طالب کا قلب غنایت (سیری) حاصل کر لیتا ہے اس کا نفس شکایت کرنے سے باز آ جاتا ہے اور طالب تلقین و ہدایت کے لائق بن جاتا ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

اے عزیز! وہ مرشد عجیب احمق ہیں جو شب و روز حبِّ دنیا کے باعث بے جمعیت رہتے ہیں اور پریشان ہو کر بے حیائی سے (دنیاوی مال و دولت کا) سوال کرتے ہیں جبکہ دعویٰ کرتے ہیں باطن صفا مرشد ہونے کا۔ مرشد کامل جب کسی کو نوازنا چاہتا ہے تو اسے علمِ کیمیا اکسیر کے بے شمار خزانے عطا کرتا ہے اور طالب کو سونا و چاندی کا علم حاصل ہو جاتا ہے اس کے بعد اپنی نگاہ سے قرب و حضورِ حق عطا کرتا ہے۔ جو مرشد پہلے ہی روز معرفتِ توحید کا علم اور مشاہدہ و دیدارِ الٰہی کا

Marfat.com

سبق دیتا ہے اس طالب کو ذکر، ورد وظائف اور مراقبہ کرنے کی کیا ضرورت؟ عارف اہلِ دیدار کی آنکھیں، دل اور روح مشاہدہ و دیدار میں غرق رہتے ہیں اور وہ فنا فی اللہ کی حالت میں اللہ کے اسرار کا بے حجاب مشاہدہ کرنے میں مشغول رہتے ہیں۔ اہلِ دیدار کو مشاہدہ اور دیدار سے الہام ہوتا ہے اور وہ ہر شے مشاہدہ و دیدار سے دیکھتے ہیں اور ان کی دلیل بھی مشاہدہ و دیدار سے ہوتی ہے اور وہ سلطان الوھم سے بھی مشاہدہ و دیدار کے ذریعے رابطے میں ہوتے ہیں اور ان کی جمعیت وغنایت بھی قرب، مشاہدہ اور دیدار سے ہوتی ہے اور وہ ہدایت بھی مشاہدہ اور دیدار سے پاتے ہیں۔ سب سے پہلے دیدار ہے پھر اعتبار ہے۔ سب سے پہلے طالب حضوری کا مشاہدہ کرتا ہے بعد میں اسے قرب نصیب ہوتا ہے اور آخر طالب نورِ توحید میں غرق ہو جاتا ہے۔ بیت:

این فقر را شد مراتب از ازل
حق لقا فیض و عطائش با فضل

ترجمہ: فقیر کو حق تعالیٰ کے قرب و دیدار کے مراتب اللہ کے فیض و فضل سے ازل سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔

اللہ کی رحمت کی یہ راہ دیدار کی تلقین سے کھلتی ہے۔ ابیات:

ہر مراتب را کنم تحقیق تر
ہر طریقت کل و جز در من نظر

ترجمہ: میں ہر مرتبے کی تحقیق کرتا ہوں اور طریقت کے تمام طریقے اور راستے میری نگاہ میں ہیں۔

شد مرا تلقین از حضرت رسولؐ
طالبان را میرسانم باحضور

ترجمہ: چونکہ مجھے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے تلقین حاصل ہے اس لیے میں طالبانِ مولیٰ کو بھی حضوری میں پہنچاتا ہوں۔

یہ مراتبِ دیدار شریعت کی نماز جو زبان سے ادا کی جاتی ہے' سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ اس

Marfat.com

کے ساتھ نمازِ طریقت جو قلب سے ادا کی جاتی ہے اور نمازِ حقیقت جو روح سے ادا کی جاتی ہے اور نمازِ سرّ جو چشمِ سرّ سے باعیاں ادا کی جاتی ہے' شامل ہیں۔ اس نماز میں طالب جب سجدہ میں بے سر ہو کر جاتا ہے تو اللہ کے دیدار اور حضوری سے مشرف ہوتا ہے۔ بیت:

سر در سجدہ بود بیند خدا
سجدہ نادیدہ کے باشد روا

ترجمہ: طالب جب سجدہ میں سر جھکاتا ہے تو حق تعالیٰ کا دیدار کرتا ہے۔ جس سجدہ میں دیدار نہ ہو وہ سجدہ کیسے ٹھیک ہو سکتا ہے۔

خواص کی نماز دیدار سے مشرف ہونے سے ادا ہوتی ہے جس میں وہ حق تعالیٰ کے روبرو سجدہ کرتے ہیں اور اللہ سے دائمی راز و نیاز میں مصروف رہتے ہیں جبکہ عوام کی نماز اور سجدہ صرف رسوم اور آواز سے ادا کیا جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ مَنْ لَّمْ یُؤَدِّ فَرْضَ الدَّائِمِ لَمْ یَتَقَبَّلِ اللّٰہُ مِنْہُ فَرْضَ الْوَقْتِ

ترجمہ: جو دائمی فرض ادا نہیں کرتا اللہ اس کے وقتی فرض بھی قبول نہیں فرماتا۔

بیت:

لعنتے بر بے نمازان ہر دوام
در نمازے شد لقا وحدت تمام

ترجمہ: بے نمازیوں پر ہمیشہ لعنت ہو۔ نماز میں تو حق تعالیٰ کا دیدار، قرب اور وحدت حاصل ہوتی ہے (پھر بھی لوگ کیوں نہیں نماز ادا کرتے)۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ

ترجمہ: نماز مومنین کی معراج ہے۔

فقیر کامل طالبِ مولیٰ کو ہر خزانہ، ہر تصرف، ہر تصوف، ہر تفکر، ہر توجہ، ہر حکمت، ہر علم، ہر

Marfat.com

مقامِ قربِ ذات صفاتِ الٰہی کا حصول، ہر مخلوقاتِ خدا پر اختیار، ازل سے ابد تک، عقبیٰ سے تحت الثریٰ تک اور ماہ سے ماہی تک ہر شے کا نظارہ اور سرّ اسرارِ الٰہی کا مشاہدہ عطا کرتا ہے۔اس کے علاوہ مرشد دیگر علوم بھی عطا کرتا ہے جیسا کہ علمِ غیب سے آگاہی، علمِ توفیق، علمِ تحقیق، علمِ صدیق، علمِ تصدیق، علمِ عیاں، علمِ لقا جو لامکان میں حاصل ہوتا ہے' علمِ لاہوت، علمِ ملکوت، علمِ جبروت، علمِ ناسوت، علمِ معرفت، علمِ شریعت، علمِ طریقت، علمِ حقیقت، علمِ حق، علمِ باطل، علمِ فقر، علمِ آیاتِ قرآن، علمِ حدیث، علمِ تفسیر، علمِ روشن ضمیر، علمِ باتاثیر، علمِ جملہ کیمیا اکسیر، علمِ سنگ پارس، علمِ سنگِ شفا، علمِ نظر، علمِ طلب، علمِ محبت، علمِ جمعیت، علمِ جامع، علمِ تلقین، علمِ راسخ دین، علمِ حیا، علمِ ادب، علمِ راز، علمِ کلید، علمِ قفل، علمِ نصاب، علمِ تکرار، علمِ سخاوت، علمِ وقت، علمِ نحس، علمِ سعد، علمِ سعید، علمِ تجرید، علمِ ترک، علمِ توکل، علمِ الہام اور علمِ مجاہدہ۔مرشد کامل مندرجہ بالا تمام علوم کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی کنہ سے کھولتا ہے اور طالبِ مولیٰ کو کلمہ کے ہر ہر حرف کی حقیقت کھول کر دکھاتا ہے جو کہ حق ہے اور حق کی جانب سے ہے۔مرشد کامل یہ علم عطا کر کے دنیا و آخرت میں لایحتاج بنا دیتا ہے۔جو طالب روزِ اوّل کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کو اس کی کنہ سے پڑھتا ہے اور اس میں سے اسمِ اعظم پاتا ہے تو اٹھارہ ہزار عالم کی کل مخلوقات جو کہ جز ہیں' پر حکمران بن جاتا ہے۔جز کل کا محتاج ہے جبکہ کل لایحتاج ہوتا ہے۔مرشد کامل صادق طالب کو علمِ جز کی تعلیم دیتا ہے اور علمِ کل سے تلقین کرتا ہے۔علمِ جز سے توفیق حاصل ہوتی ہے اور علمِ کل سے اس توفیق کی تحقیق حاصل ہوتی ہے اور حق اس کا رفیق ہوتا ہے۔جو طالبِ مولیٰ روزِ اوّل ہی جامع مرشد سے علمِ کل و جز کا سبق پڑھتا ہے تو وہ کل و جز کا مشاہدہ کرتا ہے اور دونوں جہان پر تصرف کرتا ہے۔کیمیا کے خزانے تصور کی قوت سے اس کے قبضہ و تصرف میں آجاتے ہیں اور طالب ہر عمل کا عامل اور ہر تصرف میں کامل ہو جاتا ہے۔جو طالب مرشد کی تعلیم و تلقین کے آغاز سے ہی علمِ کل و جز پر عمل کرتا ہے اسے تمام عمر ریاضت و مجاہدہ اور علم و حکمت کی ضرورت نہیں رہتی کیونکہ اسے مراتبِ جمعیت کہتے ہیں اور جمعیت کا یہ منصب مرشد جامع سے حاصل ہوتا ہے۔مرتبہ جمعیت تمام

Marfat.com

مخلوقات کے حساب اور کل و جز رسومات اور حیؔ و قیوم ذات کی حقیقت کے مجموعہ کو کہتے ہیں جو ایک حرف 'طاعت' سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور تمام جہان طالب کے تصرف یا ہتھیلی میں آ جاتے ہیں اور وہ سب کا نظارہ ناخن کی پشت پر کرتا ہے۔ نیز جمعیت اللہ کی معرفت عطا کرتے ہوئے وجود میں سے خطرات کا خاتمہ کرتی ہے۔ جمعیت کی غیر موجودگی میں یہ خطرات وجود کو بیمار و پریشان کرتے ہیں اور اس مرض کا مکمل علاج اور دوا ضروری ہے جو کہ دیدار و قربِ الٰہی سے مشرف ہونا ہے۔ مشاہدہ و معراج دائمی جمعیت بخشتے ہیں جس کی مہربانی سے طالب ہر ضرورت و پریشانی سے آزاد ہو جاتا ہے اور رجعت، زوال اور سلب سے پاک مراتب حاصل کرتا ہے۔ حضوری، معرفتِ الٰہی، قرب اور وصال کی جمعیت عظیم مراتب ہیں۔ طالب کے پاس راہِ طریقت کا علم و حکمت، توفیقِ الٰہی، اقرار و تصدیق، خزائنِ الٰہی، قال و حال، تصور و تصرف، ترک و توکل اور غنایت و ہدایت کی جمعیت ہونی چاہیے۔ کامل طریقہ قادری[1] میں عارف جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نظر و صفاتِ محمود سے موصوف ہوتا ہے' حق کا مظہر اور شکر گزار ہوتا ہے جو ہمیشہ دیدارِ پروردگار میں غرق رہتا ہے۔ دیگر طریقوں یا خانوادہ کا مرید اگر دیدارِ حق اور ان مراتب کا دعویٰ کرتا ہے تو وہ جھوٹا اور شیخی خور ہے۔ دنیاوی عالم ظاہری علم حاصل کرنے میں وقت ضائع کرتا ہے۔ تین طرح کے علوم کے تین طرح کے عالم ہیں وہ تین علوم علمِ نفس، علمِ قلب اور علمِ روح ہیں۔ اگر عالم کے نفس و زبان ایک دوسرے کے موافق ہو جائیں تو وہ عالمِ نفس ہوگا جو تکبر اور خواہشاتِ نفس کا شکار ہوتا ہے۔ اور اگر عالم کی زبان و قلب ایک دوسرے کے موافق ہو جائیں تو وہ عالمِ قلب ہوتا ہے جسے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ اور اگر عالم کی زبان اور روح ایک دوسرے کے موافق ہو جائیں تو وہ عالمِ روح ہوتا ہے جو دائمی قرب و وصال سے مشرف ہوتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ اَیْ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ بِالْفَنَآءِ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ بِالْبَقَآءِ

---

[1] اصل سلسلہ سروری قادری

Marfat.com

ترجمہ: جس نے اپنے نفس کو پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو پہچانا یعنی جس نے اپنے نفس کو فنا سے پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو بقا سے پہچانا۔

پس عالمِ قلب اور عالمِ روح کی مجلس ایک دوسرے کے مخالف ہے لہٰذا ایک دوسرے کو پسند نہیں آتی۔ اور حق شناس مرشد کامل اپنی نگاہ سے دونوں کی اس طرح تحقیق کرتا ہے جس طرح صراف سونا و چاندی کی تحقیق کرتا ہے۔ مرشد پر فرضِ عین ہے کہ پہلے ہی روز طالبِ مولیٰ کو اپنی توجہ سے ان مراتبِ جمعیت کی تمامیت تک لازمی پہنچا دے تا کہ طالب کا وجود سر سے پاؤں تک نور بن جائے اور اللہ کی حضوری میں پہنچ کر اللہ سے ہم کلام ہو سکے۔ ابیات:

علم بہر از قرب اللہ حق لقا

علم دنیا باز دارد از خدا

ترجمہ: علم اللہ کے قرب کی خاطر حاصل کیا جائے تو قرب و وِصال عطا کرتا ہے لیکن اگر یہ دنیا کی خاطر حاصل کیا جائے تو حق تعالیٰ سے دور کرتا ہے۔

علمِ دنیا فتنہ از فرعون لعین

علم بہر از معرفت حق الیقین

ترجمہ: علمِ دنیا ملعون فرعون کا فتنہ ہے جبکہ معرفتِ الٰہی کا علم حق الیقین تک پہنچاتا ہے۔

ہر کہ خواند علم را بہر از ثواب

علم آنرا میدہد عامل خطاب

ترجمہ: جو کوئی ثواب کی نیت سے علم سیکھتا ہے تو علم اسے عامل کا خطاب دیتا ہے۔

ہر کہ خواند علم را بہر از مصطفیؐ

واقف اسرار گردد از اِلٰہ

ترجمہ: اور جو کوئی علم کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خوشنودی کی خاطر پڑھتا ہے تو وہ معبود کے اسرار سے واقف ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

جمعیت تین قسم کی ہے جمعیتِ نفس، جمعیتِ قلب اور جمعیتِ روح۔ روح مشاہدہ و معراج کی لذت سے جمعیت پاتی ہے اور قلب قربِ الٰہی کی لذت سے جمعیت پاتا ہے اور نفس کو شہوت اور خواہشاتِ نفسانی کی لذت سے جمعیت حاصل ہوتی ہے۔ یہ تینوں قسم کی جمعیت طالب مولیٰ کے بچاؤ کے لیے مددگار ہے جس طرح کشتی کے لیے دریا کا پانی مددگار ہے اور مچھلی کے لیے پانی مددگار ہے۔ جمعیتِ نفس علمِ اکسیر اور سنگِ پارس پر تصرف سے حاصل ہوتی ہے اس کے ساتھ طالب دعوتِ تکسیر پر تصرف حاصل کرتا ہے تا کہ سونا و چاندی جمع کر سکے اور مراقبہ سے ساری دنیا پر تصرف کر سکے جو کہ استدراج ہے۔ نفس کو دنیا پر تصرف، لذات و خواہشات کی بازیگری سے جو جمعیت حاصل ہوتی ہے وہ استدراج ہے۔ جمعیتِ قلب غنایت سے حاصل ہوتی ہے جو کہ اسمِ اَللّٰهُ ذات کے تصور کی تاثیر سے ممکن ہے اور طالب کو لایحتاج بنا دیتی ہے۔ جمعیتِ روح ہدایت، قرب، مشاہدہ، دیدارِ الٰہی اور دائمی معراج سے حاصل ہوتی ہے۔ نفس ہمیشہ استدراج کی طلب میں رہتا ہے۔ قلب ہمیشہ غنایت اور لایحتاج بننے کی طلب میں رہتا ہے جبکہ روح ہمیشہ دیدار و معراج کی طلب میں رہتی ہے۔ مرشد کامل طالب کے نفس، قلب، روح کو اسمِ اَللّٰهُ ذات اور کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے حاصل ہونے والی حضوری کی تعلیم و تلقین سے ایک ہی قدم اور ایک ہی دم میں مکمل جمعیت عطا کر دیتا ہے کہ طالب اپنے ہر حال کا مشاہدہ کرتا ہے اور مریدِ لایرید بنتا ہے۔ اس کے بعد نفس قلب کی صفت اختیار کر لیتا ہے اور قلب روح کی فطرت اختیار کر لیتا ہے اور روح قلب و نفس کے ساتھ جمعیت کی غرض سے مکمل طور پر نورِ توحید میں ڈھل جاتی ہے اور طالب کو قرب و دیدارِ الٰہی اور حضوری کے مراتب دائمی طور حاصل ہو جاتے ہیں۔

ابیات:

دیدار در ہفت علم و ہفت راہ    در یک ہفتہ رسد وحدت اِلٰہ

این ہفت علم از ہفت آیت یاد کن    تا شوی محرم خدا و ز رازِ کن

ترجمہ: دیدارِ حق تعالیٰ سات علم اور سات طریقے سے حاصل ہو سکتا ہے۔ اگر طالب وہ علم اور

Marfat.com

طریقے حاصل کر لے تو سات روز میں وحدتِ حق تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ سات علم قرآن کی سات اقسام کی آیات سے یاد کرتا کہ تو رازِ کن اور حق تعالیٰ سے واقف ہو سکے۔

سات آیاتِ قرآن یہ ہیں آیتِ وعدہ، آیتِ وعید، آیتِ امر معروف، آیتِ نہی منکر، آیتِ قصص الانبیا، آیتِ منسوخ[1]، آیتِ ناسخ[2]۔ ہر مراتب شریعت کی پیروی سے کھلتے ہیں اور واپس شریعت کی طرف ہی لوٹتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلنِّھَایَۃُ ھُوَ الرَّجُوْعُ اِلَی الْبِدَایَۃِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹ جانے کا نام ہے۔

شریعت قرآن ہے اور طریقت قرآن کی تفسیر ہے۔ حقیقت قرآن کی آیات سے عین حقیقت کا دیدار ہے اور معرفت قرآن سے جاودانی جمعیت کا حصول ہے۔ ہر ایک مقام اور قرآن قرب، معرفت اور دیدارِ رحمٰن پر دلالت کرتا ہے۔ کوئی بھی علم، حکمت اور تصرف قرآن سے باہر نہیں اور نہ ہوگا۔

مردہ دل علما اور زندہ دل فقرا میں کیا فرق ہے؟ علما نادان بچے کی مانند ہیں اور تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات اور اسمِ محمدؐ سے ناواقف ہیں جبکہ فقرا اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور کے عامل اور اسمِ محمدؐ کے تصرف سے کامل ہوتے ہیں اور دنیا و آخرت میں (ہر شے سے) لایحتاج رہتے ہیں۔ جملہ علوم اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصرف اور قید میں ہیں جبکہ اسمِ اَللّٰہُ ذات کسی علم کی قید میں نہیں۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات نفس کو نیست و نابود کر دیتا ہے اور اللہ کی حضوری میں پہنچاتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ ط وَ یَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ط وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَۃٍ اِلَّا یَعْلَمُھَا وَلَا حَبَّۃٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ (الانعام-59)

---

[1] وہ آیات جو قرآن میں دیئے گئے احکامات کو ترک کرتی ہیں۔ [2] وہ آیات جو پہلے سے بیان کردہ احکامات کی تائید کرتی ہیں۔

Marfat.com

ترجمہ: اور اس کے پاس غیب کی چابیاں ہیں جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور تری میں ہے اور کوئی پتا بھی ایسا نہیں گرتا جس کا علم اللہ کو نہ ہو۔ اور نہ کوئی بیج ایسا ہے جو زمین کی تاریکی میں ہے اور نہ کوئی تر اور خشک چیز جو کتابِ مبین میں بیان نہ کی گئی ہو۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اِنَّ الْقُرْاٰنَ رَحْمَةَ اللّٰہِ عَلَی الْخَلَائِقِ

ترجمہ: بے شک قرآن مخلوق پر اللہ کی رحمت ہے۔

## شرح حاجی الحرمین شریفین

بعض حاجی اہلِ حرم[1] اور بعض حاجی اہلِ کرم[2] ہوتے ہیں۔ جو کوئی صدق، اعتقاد اور خالص وجود کے ساتھ سے حرمِ کعبۃ اللہ میں داخل ہو کر خانہ کعبہ کا طواف کرتا ہے تو تمام حرم اور خانہ کعبہ کی دیواریں اس پر انوار کی بارش کرتی ہیں اور حاجی ان انوار میں اللہ کے قرب، مشاہدہ اور دیدار سے مشرف ہوتا ہے اور حاجی اہلِ کرم کو مکمل طور پر خانہ کعبہ پر یقین و اعتبار ہوتا ہے (کہ یہ اللہ کا گھر ہے)۔ جو فقیر ان مراتب کا حامل ہو وہی خانہ کعبہ کے حج اور طواف کے لائق ہوتا ہے۔ اور جب حاجی حرمِ مدینہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ میں داخل ہوتا ہے تو حرمِ مدینہ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے روضہ کے تمام در و دیوار حاجی پر نور برساتے ہیں اور حاجی سرورِ کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوتا ہے۔ ایسا حاجی اہلِ کرم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس کی حضوری کا حامل ہوتا ہے اور یقین و اعتبار سے اس (مجلس) کا دیدار کرتا ہے۔ اور جب حاجی میدانِ عرفات میں پہاڑ پر خطبہ سنتا ہے اور دست بستہ کھڑا ہو کر دعا کرتا ہے:

---

[1] وہ حاجی جو صرف حج کے ظاہری ارکان پورے کرتے ہیں۔ [2] وہ حاجی جو حج کو نہ صرف ظاہری ارکان بلکہ باطنی پہلوؤں کے ساتھ بھی پورا کرتے ہیں۔

Marfat.com

لَبَّیْکَ ط اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ

ترجمہ: اے میرے اللہ! میں حاضر ہوں تو واحد ہے اور تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں۔

تب تمام میدانِ عرفات اور پہاڑ گویا نور بن جاتے ہیں اور حاجی کو انوار سے مشرف کر کے اللہ کا قرب عطا کرتے ہیں۔ اس مرتبہ میں نقص نہ نکال اور نہ حیران ہو کیونکہ یہ حق کی جانب سے ہے اور برحق ہے۔ ابیات:

ہر دمی من حاجیم از کرم
کعبہ را در دل بہ بینم نیست غم

ترجمہ: اللہ کی مہربانی سے میں ہر دم حج کرتا ہوں کیونکہ میں اپنے دل میں کعبہ کو دیکھتا ہوں۔ اس لیے مجھے کوئی غم و فکر نہیں۔

ہم صحبتم با مصطفیؐ با ہر دوام
ظاہر و باطن یکے گردد تمام

ترجمہ: میرا ظاہر و باطن ایک ہو چکا ہے اس لیے میں ہمیشہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہم مجلس رہتا ہوں۔

مرشد کامل جس طالب مرید کا نام لے کر اسے یاد کرتا ہے اسے اپنی نظر و توجہ (کی تاثیر) سے معرفت و معراج سے نوازتے ہوئے اللہ کا قرب، مشاہدہ اور دیدار عطا کرتا ہے اور اسی وقت اللہ کے حضور پہنچا دیتا ہے جس سے طالب ہمیشہ اللہ کی بارگاہ میں منظور رہتا ہے۔ مرشد کے لیے لازم ہے کہ طالب کو حضوری کے ان مراتب تک ضرور پہنچائے۔ مرشد کامل جس طالب و مرید کی طرف توجہ کرتا ہے تو اپنی نگاہ سے کیمیا اکسیر کا ہنر اور دعوتِ کیمیا تکثیر کے تمام خزانوں پر تصرف عطا کرتا ہے اور زمین میں چھپے سونا و چاندی کے تمام خزائنِ الٰہی طالب کو عطا کر دیتا ہے۔ بیت:

باھُوؒ کاملان را در عمل ہر کیمیا
از خود دہند یا میدہانند از خدا

Marfat.com

ترجمہ: باھُوؒ کاملین کے عمل میں ہر طرح کا کیمیا اکسیر ہوتا ہے وہ اپنے طالبوں کو خود عطا کرتے ہیں یا اللہ سے عطا کرواتے ہیں۔

کامل مرشد جس طالب مرید کو یاد کرتا ہے اسے ولی اللہ کے مرتبہ پر فائز کر دیتا ہے اور اس کا مرتبہ (دنیاوی) بادشاہ سے بھی فائق تر کر دیتا ہے کیونکہ اللہ کے فقیر کی نگاہ میں دنیاوی بادشاہ سائل، عاجز، مفلس اور گدا ہوتے ہیں۔ مرشد کامل جس طالب کو تصور اسم اَللّٰہُ ذات بخشتا ہے اسے چشم عیاں عطا ہوتی ہے اور ملکِ سلیمانیؑ کی بادشاہی اس طالب کے قید و قبضہ میں آ جاتی ہے۔ مرشد کامل اپنے طالب مرید کو ہر عمل اور کیمیا میں کامل کرتا ہے اور اسے غنایت و سنگِ پارس سے ایسا تصرف عطا کرتا ہے کہ بادشاہ اس کی خدمت میں حلقہ بگوش اور جاں فدا غلام کی مثل حاضر ہو جاتا ہے اور اپنی زندگی کے تمام ماہ و سال وہیں گزارتا ہے۔ ابیات:

من غنی ام بادشاہ ہم باخدا
بادشاہ در نظر من مفلس گدا

ترجمہ: میں خدا کے ساتھ وصال کی بدولت غنی بادشاہ ہوں اور یہ دنیاوی بادشاہ میری نظر میں مفلس اور گدا ہیں۔

احتیاج نیست ما را سیم و زر
غالبم باموسیٰؑ غالب بر خضرؑ

ترجمہ: مجھے کسی مال و دولت کی ضرورت نہیں بلکہ میں موسیٰؑ اور خضرؑ سے بھی زیادہ روحانی طور پر طاقتور ہوں۔

ہر تصرف از تصور بردہ ایم
کونین را در حکم خود آوردہ ایم

ترجمہ: اسم اَللّٰہُ ذات کے تصور سے ہی میں نے ہر شے پر تصرف حاصل کیا ہے اور دونوں جہان میرے حکم کے ماتحت آ گئے ہیں۔

Marfat.com

سنگ پارس در نظر من بیشمار
صد زبانم ہمچو تیغے ذوالفقار

ترجمہ: میری نظر بے شمار سنگِ پارس سے بھی طاقتور ہے اور میری زبان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تلوار "ذوالفقار" سے سوگنا زیادہ تیز ہے۔

حوصلہ باید وسیع طالب بود
طالب کم حوصلہ دشمن شود

ترجمہ: طالبِ مولیٰ بننے کے لیے حوصلہ بلند ہونا چاہیے کیونکہ کم حوصلہ طالب (مرشد کے) دشمن ثابت ہوتے ہیں۔

عاقلان را محرمیت سر عطا است
احمقانرا محرمیت سر خطا است

ترجمہ: عقلمندوں کو اللہ کے اسرار سے واقف بنانا عطا ہے جبکہ احمقوں کو اسرار سے آگاہی عطا کرنا سراسر خطا ہے۔

کس نیابم طالبے توفیق تر
کم حوصلہ لائق نباشد سیم و زر

ترجمہ: میں کوئی بھی ایسا طالب نہیں پا سکا جو توفیقِ الٰہی کا اہل ہو۔ کم حوصلہ طالب اس دولت کے اہل نہیں ہوتے۔

کس نیابم طالبے حق حق طلب
میرسانم باحضوری راز ربّ

ترجمہ: میں کوئی بھی طالبِ حق نہیں پا سکا جو (مجھ سے) حق طلب کرے اور میں اسے رازِ ربّ عطا کرتے ہوئے حضورِ حق میں پہنچا دوں۔

Marfat.com

نفس و قلب و روح را بگذار تو

تا بیابے معرفت دیدار او

ترجمہ: تو اپنے نفس، قلب اور روح کو چھوڑ دے تاکہ تو حق تعالیٰ کی معرفت اور دیدار حاصل کر سکے۔

آنچہ می بیند ولی باشد چو بود

جثہ شد نور وحدت میر بود

ترجمہ: جو حق تعالیٰ کا دیدار کرتا ہے وہ اس کا دوست بن جاتا ہے اور اس کا وجود نور بن جاتا ہے اور وہ وحدت حاصل کر لیتا ہے۔

این مراتب روز اوّل اولیا

روز اوّل اولیا را شد لقا

ترجمہ: یہ مراتب اولیا کو روزِ اوّل ہی حاصل ہو جاتے ہیں اور روزِ اوّل ہی انہیں اللہ کا قرب اور دیدار حاصل ہو جاتا ہے۔

تمام اولیا کے مراتب کو جمع کر لیا جائے تو وہ فقیر کے مرتبہ کے برابر ہیں اس حقیقت کو نفس کے اسیر اور احمق کیا جانیں۔ ابیات:

آنچہ می یابم بیابم از خدا

آنچہ می بہ بینم از لقا

ترجمہ: میں نے جو کچھ بھی حاصل کیا ہے وہ اللہ سے حاصل کیا ہے اس لیے جدھر بھی دیکھتا ہوں اللہ کو ہی دیکھتا ہوں۔

درمیانش کس نہ گنجد ہیچ کس

عاشقان را بس بود اللہ بس

ترجمہ: اللہ اور اس کے عاشقوں کے درمیان کوئی نہیں آ سکتا کیونکہ عاشقوں کے لیے بس اللہ ہی

Marfat.com

کافی ہے۔

جبرائیلش در نگجد این مقام
این شرف امت محمدؐ والسلام

ترجمہ: جبرائیلؑ کی رسائی بھی اس مقام تک نہیں ہے کیونکہ یہ شرف صرف امتِ محمدیہ کو حاصل ہے۔

ہر کتابے را جوابے حق طلب
ہر کہ حق از حق نہ بیند از کلب

ترجمہ: (دین کی) ہر کتاب یہی کہتی ہے کہ حق طلب کرو اور جو کوئی حق سے حق طلب نہیں کرتا وہ کتے کی مانند ہے۔

از مطالعہ علم طالع باقضا
علمِ ذکر و فکر باز دارد از خدا

ترجمہ: علمِ حق کے مطالعہ سے طالب (اللہ کے دیدار کے باعث) خوش قسمت بن جاتا ہے جبکہ علمِ ذکر وفکر حق سے دور رکھتے ہیں۔

شد مطالعہ معرفت توفیق تر
خوش بہ بین دیدار عارف بانظر

ترجمہ: مطالعۂ معرفت سے طالبِ مولیٰ توفیقِ الٰہی کا اہل بنتا ہے اور عارف بن کر اپنی نظرِ عیاں سے واضح طور پر حق کا دیدار کرتا ہے۔

ہم ناظرم ہم حاضرم حق راہنما
طالبان را می برم وحدت لقا

ترجمہ: میں اللہ کی حضوری میں رہنے والا اور اس کا دیدار کرنے والا ہوں اور طالبانِ مولیٰ کی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہوں اور انہیں وحدت میں لے جا کر قرب ودیدار عطا کرتا ہوں۔

Marfat.com

چون درآیم لامکان بالا مکان
کونین پرپشہ بود بین باعیان

ترجمہ: جب میں دنیا سے نکل کر لامکان میں پہنچا تو دونوں جہان عیاں دکھائی دیئے جو مچھر کے پر کی مانند ہیں۔

لامکان ملک است ملک لازوال
نہ مطالعہ علم نی شد قیل و قال

ترجمہ: لامکان وہ جگہ ہے جسے زوال نہیں اور جہاں نہ مطالعہ علم ہے اور نہ زبانی گفتگو۔

نیست آب و باد آتش خاک را
ہر طرف کردم نظر بینم لقا

ترجمہ: وہاں نہ پانی ہے نہ ہوا اور نہ آگ اور مٹی۔ اس مقام پر میں نے جس طرح بھی نظر کی حق کا دیدار ہی کیا۔

این شرف امت محمدؐ باشرف
ہر علم را کرد حاصل از حرف

ترجمہ: یہ شرف صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کو ہی حاصل ہے کہ وہ ہر علم کو صرف ایک حرف یعنی اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل کر سکتے ہیں۔

آن مقامے نور پاک و پاک تر
سیاح توحید است شد عارف خضر

ترجمہ: وہ مقامِ نور پاک ہے جو ہر شے سے پاک تر ہے۔ اس کی طرف سفر کرنے والا اور راہنما عارف ہی ہے جو عین توحید ہو جاتا ہے۔

نہ علم نہ صوت نہ حرف نہ آواز
عین برسد عین باشد عین راز

Marfat.com

ترجمہ: اس مقام پر نہ کوئی علم ہے نہ شور اور نہ کوئی حرف و آواز۔ جو اس جگہ پہنچتا ہے وہ عین حقیقت کا راز جان کر عین بن جاتا ہے۔

عین را باعین دیدن شد روا
علم خواند عین علم بالقا

ترجمہ: اس جہان میں عین ذات کو آنکھوں سے دیکھنا ممکن ہے۔ اس راز کو سمجھنے کے لیے حق تعالیٰ کے لقا کا علم حاصل کر۔

بر باھُوؒ شد غالب بدیدار ختم
نیست باھُوؒ یاھُو در جان تنم

ترجمہ: باھُوؒ پر دیدار غالب آگیا ہے جس کے بعد باھُوؒ کا اپنا وجود فنا ہو گیا ہے اور اس کے وجود اور روح میں یاھُو ہی باقی رہ گیا ہے۔

مراتبِ فقر اور مراتبِ ترک و توکل اور مراتبِ مست الست صرف کامل طریقہ قادری میں ہیں اس کے علاوہ کوئی طریقہ اگر ان مراتب کا دعویٰ کرتا ہے تو وہ جھوٹا اور شیخی خور ہے۔ سب سے پہلے آدمی کو چشمِ شناسائی حاصل کرنی چاہیے۔ جو کوئی ظاہر و باطن میں عقل و شعور رکھتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری حاصل کرنا چاہتا ہے تو اس کے لیے لازم ہے کہ چشمِ بینائی اور علمِ دانش و دانائی حاصل کرے اور جہالت و رسوائی کو ترک کر دے۔ اس کے بعد طالب مرشد و پیر تلاش کرے اور علم، تصرف، خزانے اور جمعیت حاصل کرے اور معرفت و فقر کی راہ پر قدم رکھے۔ ایسے آباد باطن پر مبارکباد۔ طالب مرشد کے مقام کو نہیں پہچانتا جبکہ مرشد طالب اور اس کی طلب کو اس طرح پہچانتا ہے جس طرح قسمت، خوش قسمت کو پہچانتی ہے۔

❁ طَلَبُ الرِّزْقِ اَشَدُّ مِنْ طَلَبِ اَجَلِهٖ

ترجمہ: رزق انسان کو اس کی موت سے زیادہ شدت سے تلاش کرتا ہے۔

جس طرح بندہ خدا کو پہچانتا ہے اسی طرح معشوق عاشق کو پہچانتا ہے اور عاشق معشوق کو، اور جس

Marfat.com

طرح عالم علم کو پہچانتا ہے اور پیر مرید کو پہچانتا ہے اسی طرح باپ بیٹے کو اور استاد شاگرد کو پہچانتا ہے اور غلام اپنے آقا کو ایسے پہچانتا ہے جیسے گھوڑا اپنے سوار کو پہچانتا ہے۔ بیت

چشم ظاہر نہ چشم ز دل نگر

چشم ظاہر داشتند ہم گاؤ خر

ترجمہ: اگر تو حق کو پہچاننا چاہتا ہے تو چشمِ ظاہر سے نہیں بلکہ چشمِ دل سے دیکھ کیونکہ چشمِ ظاہر تو حیوان بھی رکھتے ہیں۔

## شرح فقیر

مرشد کامل کے لیے اپنی دونوں آنکھوں سے کونین کا تماشا دیکھنا ایسا ہی ہے جیسے شیشۂ عینک آنکھ کی پتلی پر روشنی ڈالتا ہے۔ یہ ظاہری آنکھ سے دیکھنے کے مراتب ہیں کہ فقیر کی ظاہری آنکھیں جو کچھ دیکھتی ہیں وہی اس کی باطنی چشمِ عیاں سے منعکس ہوتا ہے اور وہ چشمِ عیاں سے مشاہدہ و دیدار کر کے معرفت و معراج حاصل کرتا ہے اور اپنے مریدین پر بھی دیدار کی راہ کھولتا ہے۔ مرتد و مردود عارف بہت سے ہیں (کہ معرفت سے متعلق ان کا علم غلط ہے) اور وہ اللہ کے دیدار کے سوا ہر شے دیکھتے ہیں۔ ابیات:

این معرفت مردود عارف بے حیا

آن معرفت فی اللہ می بیند لقا

ترجمہ: یہ مردود اور بے حیا برائے نام عارف ہرگز معرفت نہیں رکھتے کیونکہ اللہ کی معرفت اس کے دیدار اور قرب سے حاصل ہوتی ہے۔

در معرفت عارف بود عیسیٰؑ صفت

مردہ را زندہ کند بامعرفت

ترجمہ: عارف اللہ کی معرفت حاصل کر کے عیسیٰ علیہ السلام کی صفت کا حامل ہو جاتا ہے اور معرفتِ

Marfat.com

الٰہی سے مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے۔

معرفت معراج عارف باحضور
کے بود این عارفان اہل از غرور

ترجمہ: عارف کو معرفت معراج عطا کرتے ہوئے حضورِ حق میں لے جاتی ہے۔ یہ مغرور لوگ عارف کیسے ہو سکتے ہیں؟

عارف دو قسم کے ہوتے ہیں ایک عارف جو فقیر اور اولیا ہیں دوسرے جو خواہشاتِ نفس کے باعث روحانی سیر میں مشغول رہتے ہیں۔ جو عارف اپنی طاقتور روح کی بدولت لامکان تک پہنچ گیا ہو اس کے لیے زندگی و موت کے مراتب ایک ہی ہیں۔ موت کے مراتب حاصل کرنے کے بعد وہ ظاہر میں مخلوق سے علیحدہ اور لوگوں کی نظر سے پوشیدہ ہوتے ہیں لیکن زندہ لوگوں پر غالب ہوتے ہیں اگرچہ لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ وہ زیرِ خاک قبر میں ہیں لیکن قبر میں بھی وہ اللہ کے قرب میں ہوتے ہیں اور ہمیشہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ان کی مجلس میں حاضر رہتے ہیں۔ فقیر اولیا اللہ جس طرح اپنی زندگی میں طالب مرید کو باطنی علم کی تعلیم اور معرفت کی تلقین کرتے ہیں ظاہری موت کے بعد اپنے طالبوں کو اس سے دگنا نوازتے ہیں کیونکہ وہ اپنی حیات میں (نفسانی طور پر) مر چکے ہوتے ہیں اور مرنے کے بعد حیاتِ ابدی پا لیتے ہیں بلکہ تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے زندگی و موت دونوں سے نجات حاصل کر لیتے ہیں اور نورِ توحید میں غرق ہو کر فنا فی اللہ ہو چکے ہوتے ہیں۔ ابیات:

و ز قبر جثہ برد بیرون باخدا
در قبر ہرگز نباشد اولیا

ترجمہ: اولیا اپنی قبروں میں ہرگز مقید نہیں رہتے بلکہ وہ تو اپنے وجود کو بھی قبر سے باہر نکال کر اللہ کے قرب میں لے جاتے ہیں۔

Marfat.com

باحضوری مصطفیٰؐ مجلس دوام
بر قبر حاضر شود گفتن بنام

ترجمہ: یہ اولیا ہر وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مجلس کی حضوری میں موجود رہتے ہیں لیکن جب کوئی قبر پر ان کا نام لے کر ان کو پکارتا ہے تو فوراً حاضر ہو جاتے ہیں۔

ہر مطالب طلب کن اہل از قبور
پیش کامل باجواب و باحضور

ترجمہ: ان اولیا اللہ فقرا کی قبروں سے اپنا ہر مطلوب و مقصود حاصل کر۔ ان کامل ہستیوں کے سامنے حاضر ہو کر اپنے سوالوں کے جواب حاصل کر۔

بعضی قبر گمنام و بے نام و نشان
جثہ را باخود برند در لامکان

ترجمہ: بعض فقرا کی قبریں گمنام و نشان ہوتی ہیں کیونکہ وہ اپنے وجود کو خود لامکان میں لے جاتے ہیں۔

از مطالعہ لوح نامی یافتن
حاضر کند باخود رفیقی ساختن

ترجمہ: لوحِ محفوظ کے مطالعہ سے ان (فقرا) کے نام جانے جا سکتے ہیں اور طالب خود کو ان کا رفیق بنانے کے لیے ان کے پاس حاضر ہو سکتا ہے۔

عارف و فقیر اولیا صاحبِ منصب ہوتے ہیں جو درویش ولی اللہ کہلاتے ہیں۔ وہ ماضی، حال اور مستقبل کے احوال کی حقیقت جانتے ہیں اور دونوں جہانوں میں موجود اللہ کے خزانوں پر تصرف رکھتے ہیں اور ان سے کچھ بھی پوشیدہ نہیں ہوتا۔ جو دعویٰ کرتا ہے وہ جانتا نہیں اور جو جانتا ہے وہ بولتا نہیں (بلکہ خاموش رہتا ہے)۔ کامل صاحبِ اختیار ہوتا ہے چاہے اقرار کرے یا نہ کرے۔ میرا یہ قول میرے حال کے مطابق ہے۔

Marfat.com

# شرح اولیا اللہ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ یَنْتَقِلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ

ترجمہ: خبردار! بیشک اولیا اللہ مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے گھر میں منتقل ہوتے ہیں۔

یہ مراتب اس مرشد کے ہیں جسے دیدار حاصل ہو اور مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا (مرنے سے پہلے مر جاؤ) کا مرتبہ طے کر لیا ہو۔ بیت:

این جہان و آن جہان در یک نظر
عارفان این بوند اہل از بصر

ترجمہ: عارفین ایسے صاحبِ بصیرت ہوتے ہیں کہ دونوں جہان ان کی کو ایک نظر کی طے میں ہوتے ہیں۔

مرشد کامل وہ ہے جو سب سے پہلے صادق طالب کو اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے حضوری عطا کرے اور تمام انبیا اور اولیا اللہ کی ارواح سے ملاقات کرائے اور پھر اسمِ اَللّٰہُ ذات کی قوت سے لامکان میں پہنچا کر اللہ کے دیدار اور قرب سے اس طرح مشرف کرے کہ طالب کو تمام عمر مجاہدہ و ریاضت اور چلہ کشی و خلوت نشینی کی ضرورت ہی نہ رہے۔ یہ مرشد کامل کے لیے مرتبۂ امتحان ہے۔ جو مرشد ان صفات کا حامل نہیں وہ راہزن ہے اور اس کے طالب شیطان کے چیلے ہیں اور بے معرفت، اندھے اور بے عیاں ہونے کے باعث حیوانات کی مثل احمق ہیں یا وہ نادان بچے کی مثل بےشعور طالب ہیں۔ بیت:

بر قبر رو تا شود مطلب تمام
میبرد با تو روحانی ہر مقام

ترجمہ: تو اولیا کی قبر پر جا کر سوال کرتا کہ تجھے تیرا مطلوب حاصل ہو جائے اور اولیا کی ارواح تجھے

Marfat.com

ہر مقام طے کرائیں گی۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ

(البقرہ۔154)

ترجمہ: اور جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جائیں انہیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم ہی اس کا شعور نہیں رکھتے۔

ابیات:

ہر کہ گوید مردہ آن مردہَ
اولیا باخود حیاتے بردہَ

ترجمہ: جو اولیا کو مردہ کہتا ہے وہ خود مردہ ہے کیونکہ اولیا حیاتِ ابدی حاصل کرنے کے بعد اس دنیا سے جاتے ہیں۔

اولیا زندہ شود باسم ذات
و ز خلائق او ھمی یابد نجات

ترجمہ: اولیا اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حیاتِ ابدی پاتے ہیں جس کے بعد وہ مخلوق (کے مراتب) سے مکمل نجات حاصل کر لیتے ہیں۔

اوّل مرشد کے لیے لازم ہے کہ طالب کے نفس کو جمعیت بخشے اور نفس کو لذات اور مردار دنیا پر تصرف سے جمعیت حاصل ہوتی ہے۔ دنیا مردار کی لذات سے سیری حاصل کیے بنا طالب کے نفس کو مرشد پر بالکل اعتبار نہیں آتا اگرچہ وہ ان لذاتِ دنیا سے خود کو سرزنش کرتا رہے یا ہزار بار استغفار کرے۔ دنیا سے سیری حاصل کرنے کے بعد ہی نفس مردار دنیا سے بیزار ہوتا ہے جس کے بعد نفس مطمئنہ کے مقام پر پہنچ کر حق تعالیٰ کے دیدار کے قابل بنتا ہے جیسے دھوبی ناپاک کپڑے کو پاک کرتا ہے۔ گندگی و بندگی دونوں یکجا نہیں ہو سکتیں۔ دیدار اور مردار (دنیا) ایک وجود میں قرار

Marfat.com

نہیں پا سکتے جس طرح کفر و اسلام اور یہودی و مسلمان ایک جگہ نہیں ہو سکتے۔ جو مرشد طالب کو تمام مردار دنیا پر تصرف کی توفیق سے سیری عطا کرنا نہیں جانتا تحقیق وہ دیدار عطا کرنا بھی نہیں جانتا۔ مطلب یہ کہ طالب کو ظاہری خزانوں پر تصرف عطا کرنا توفیق ہے اور باطن میں اللہ کا قرب عطا کرتے ہوئے اللہ کی ذات و صفات کے تمام مقامات کو طے کرنا تحقیق ہے۔ جس مرشد کو نہ توفیق کی خبر ہے نہ تحقیق کی، وہ احمق اور اہلِ زندیق میں سے ہے۔ بعض مرشد دعویٰ کرتے ہیں کہ انہیں دیدارِ الٰہی حاصل ہے لیکن وہ مردار دنیا کی قید میں ہیں اور بعض مرشد اللہ کے قرب و وِصال کا دعویٰ کرتے ہیں وہ احمق اور بے حیا دنیا کے طالب ہیں۔ مرشدی و طالبی آسان کام نہیں۔ مرشدی کے لیے کامل تصرف کی ضرورت ہے اور اسے حاصل کرنے میں اللہ کے عظیم اسرار ہیں۔ مرشد و طالب شریعت میں ہوشیار اور کفر و بدعت سے بیزار ہوتے ہیں۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ ابیات:

ہر کرا مرشد شود آن راہبر
حاضر و ناظر بود صاحبِ خبر

ترجمہ: جس کا راہبر کامل مرشد ہو اسے حضورِ حق اور دیدارِ الٰہی حاصل ہوتا ہے اور وہ صاحبِ خبر ہوتا ہے۔

احتیاج از کس ندارد شد غنی
روز و شب حاضر بود مجلس نبیؐ

ترجمہ: ہر شے سے سیری حاصل کرنے کے بعد اسے کسی کی ضرورت نہیں ہوتی اور وہ دن رات مجلس محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوتا ہے۔

سب سے پہلے مرشد کو چاہیے کہ اپنے آپ کو (کامل) مرشد ثابت کرے اور اس کے لیے اسے دو گواہوں کی ضرورت ہے، اوّل گواہ یہ کہ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے طالب کو اللہ کا دیدار اور حضوری عطا کرے دوم گواہ یہ کہ طالب کو اللہ کے بے شمار خزانوں پر کامل تصرف عطا کرے۔ اور طالب کے لیے بھی دو گواہ ضروری ہیں جس سے ثابت کرے کہ وہ اللہ کا طالب ہے، اوّل یہ کہ مرشد کی خاطر

Marfat.com

جان و مال خرچ کرے، دوم یہ کہ خود کو مرشد کے حکم و اختیار میں دے دے اور جو کام بھی کرنا چاہے مرشد کے حکم کے بغیر نہ کرے چاہے وہ دنیا کا کام ہو یا دین کا۔

آخر انتہائے فقر اور درویش اولیا اللہ کی معرفت کیا ہے اور کیسے ہونی چاہیے؟ وہ اپنے نوری وجود کے ساتھ اللہ کے ساتھ یکتا ہوتے ہیں اور ساری مخلوقات ان کو اپنے سامنے ایسے نظر آتی ہے جس طرح سورج کی روشنی ہر جگہ پہنچتی ہے اور وہ اپنی روشنی سے سب کو فائدہ دیتا ہے۔ یہ درویش اپنے نوری وجود کے ساتھ ہمیشہ اللہ کے دیدار سے مشرف رہتے ہیں۔ ایسے نوری وجود والا درویش جب ظاہری زبان سے بولنے کے لیے لب ہلاتا ہے تو اللہ جانتا ہے کہ وہ اس سے ہم کلام ہے اور انبیا و اولیا اور مومنین و مسلمانوں کی ارواح سمجھتی ہیں کہ وہ ان سے ہم کلام ہے اور تمام مؤکلات و فرشتے سمجھتے ہیں کہ وہ ان سے ہم کلام ہے اور تمام جن و انسان سمجھتے ہیں کہ وہ ان سے ہم کلام ہے اور تمام خاص و عام لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ان سے ہم کلام ہے۔ یہ نوری وجود ہر مقام پر پہنچ سکتا ہے اور حضورِ حق میں موجود رہتا ہے جیسا کہ حضرت بایزید بسطامی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا ''میں تیس سال اللہ سے ہم کلام رہا لیکن مخلوق یہ سمجھتی رہی کہ میں ان سے ہم کلام ہوں''۔ یہ عظیم نوری وجود اسم اَللّٰہُ ذات کی کنہ تک پہنچ کر حاصل کیا جا سکتا ہے اور کن کی طاقت کو ظاہر کرتا ہے۔

فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ (البقرہ-117)

ترجمہ: پس بے شک وہ جس چیز کے لیے کہتا ہے ''ہو جا'' وہ ہو جاتی ہے۔

دونوں جہان کو ایک دم میں اپنے تصرف، قید و قبضہ اور حکم کے تحت لے آنا آسان کام ہے جبکہ نفس سے چھٹکارا پانا بہت مشکل اور دشوار کام ہے لیکن تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے اور قرآن کی آیات اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کو اس کی کنہ سے پڑھنے سے نفس پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

ابیات:

نبودے کس نبودے ہیچکس
من کہ بودم باخدا بودیم بس

Marfat.com

ترجمہ: جس وقت میں اللہ کے ساتھ تنہا تھا اس وقت کوئی نہ تھا بس ہم ہی تھے۔

شد مرا دیدار دائم در آئینہ عین از نما
زان بقائم یافتم من از خدا

ترجمہ: میں آئینۂ عین میں ہمیشہ اللہ کو دیکھتا ہوں جس میں مجھے اس کا واضح دیدار ہوتا ہے اور اس دیدار سے میں نے اللہ سے بقا حاصل کی اور یہ سب عنایت اللہ سے بلا واسطہ حاصل کی۔

برتنم ہر موئے عارف شد وجودی معرفت
احتیاجے نیست ذکرش ہر کرا این شد صفت

ترجمہ: میرے وجود کا ہر بال اللہ کا دیدار کرتا ہے اور میرے وجود کو اللہ کی معرفت حاصل ہے جو ان خصوصیات کا حامل ہو اسے کسی ذکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

باھُو را بدنام کردی خویش را پس نام تن
تن ولایت لایزالی لامکان دارالامن

ترجمہ: تُو نے باھُوؒ کے صرف نام اور وجود کا تذکرہ کر کے باھُوؒ کے مرتبہ کو نہیں سمجھا۔ باھُوؒ کا وجود ولایتِ ازلی کا حامل ہے اور اس کا گھر لامکان ہے جو دارالامن ہے۔

جس کسی کا وجود حق تعالیٰ کے نور کو جذب کر کے پختہ ہو گیا ہو وہ اللہ کی معرفت حاصل کرنے، اس کی طرف معراج اور اس کے نور کے مشاہدہ اور دیدار میں مشغول رہتا ہے۔ ایسا وجود چشمِ سرّ سے دنیا میں اسرار کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور جب وہ قبر سے برآمد ہوتا ہے تو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں تمام انبیا و اولیا کی ارواح سے ملاقات کرتا ہے اور ان سے ہم کلام ہو کر ان کی صحبت سے مستفید اور اللہ کے دیدار سے مشرف ہوتا ہے اور اس کا ظاہر و باطن اللہ کی نظر میں منظور ہوتا ہے۔ غیب کے ان احوال میں نقص نہ نکال اور نہ ہی اس پر حیران ہو ورنہ تو اہلِ زنار کفار میں سے ہو جائے گا جو جہنم کی آگ کے لائق ہیں۔ ایسا کرنے پر ہزار بار توبہ اور استغفار کر۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

Marfat.com

❁ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا يَمُوْتُوْنَ

ترجمہ: خبردار! بے شک اولیا اللہ مرتے نہیں ہیں۔

ظاہری مذہبی عالم اور عالم باللہ فقیر میں یہی فرق ہے کہ پہلے کا نام علما اور دوسرے کا نام فقیر اور اولیا ہے۔ علما عامل ہیں جبکہ فقرا کامل ہیں۔ عالم (باطنی طور پر) مردہ ہیں جبکہ فقیر (باطنی و قلبی طور پر) زندہ ہیں۔ عالم ہر (ظاہری) علم کو جانتے ہیں اور مسائلِ فقہ اور قرآن کی آیات و حدیث کی تفسیر بیان کرتے ہیں جبکہ فقیر مشروحاً اللہ کی حضوری اور قرب عطا کرتے ہیں۔ گفتگو کرنے والوں اور دیدار کرنے والوں کو ایک دوسرے کی صحبت پسند نہیں آتی۔ ایسا ہی معاملہ مست و ہوشیار اور خوابیدہ و بیدار کے ساتھ ہوتا ہے۔ ابیات:

نفس را رسوا کنم بہر از خدا
بر ہر درے قدمے زنم بہر از خدا

ترجمہ: میں اپنے نفس کو خدا کی خاطر رسوا کرتا ہوں اور ہر در سے فقط خدا کی خاطر طلب کرتا ہوں۔

در تصرف عاملم کامل تمام
احتیاج از کس ندارم خاص و عام

ترجمہ: میں ہر تصرف میں عامل و کامل ہوں اس لیے مجھے بھی کسی خاص و عام کی ضرورت نہیں۔

جان لو کہ چور، دغاباز، فتنہ انگیز اور فریبی بھی خود کو فقیر کہتے ہیں اور صاحبِ تصرف اور کیمیا اکسیر کے حامل، تاثیر بخش، اہلِ خزائنِ الٰہی، روشن ضمیر اولیا اللہ اور کونین پر امیر و عالمگیر اصل فقیر ہوتے ہیں۔ پس کاذب اور صادق فقیر کو کونسے عمل، علم، حکمت، کلام اور معمۂ کل و جز سے پہچانا جا سکتا ہے۔ ناقص آج اور کل کے وعدے کر کے اور دلیری کے قصے و افسانے سنا کر وقت کو ضائع کرتا ہے جبکہ کامل توجہ سے مشاہدہ عطا کرتا ہے اور طالبِ مولیٰ کے تمام مقصود روزِ اوّل ہی اسے عطا کر دیتا ہے۔ بیت:

Marfat.com

مرشدے نامرد صورت زن نما
از طالبان زر طلب باشد بے حیا

ترجمہ: ناقص مرشد نامرد ہوتے ہیں اور عورتوں کی مثل دکھائی دیتے ہیں۔ یہ بے حیا ناقص مرشد طالبوں سے مال و دولت طلب کرتے ہیں۔

مرشد کامل تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے عین حقیقتِ حق کا مشاہدہ عطا کرتا ہے اور علمِ حق عطا کرتا ہے جبکہ ناقص مرشد ذکر، فکر، مراقبہ اور ورد وظائف میں مشغول رکھ کر خراب وخوار کرتا ہے اور کامل مرشد روزِ اوّل ہی اللہ کے دیدار سے مشرف کر دیتا ہے۔ بیت:

جز بدیدارے دگر راہے ندید
این مراتب رابعہؒ حضرت بایزیدؒ

ترجمہ: دیدار کی راہ کے سوا کوئی دوسری راہ تلاش نہ کر۔ یہ راہ حضرت رابعہ بصریؒ اور حضرت بایزید بسطامیؒ کے مراتب کی طرف لے جاتی ہے۔

مراتبِ ذکر (پڑھ کے رہنا) زوال کا باعث ہے اور مراتبِ فکر (میں مشغول رہنا) محض خام خیالی ہے اور مراتبِ مراقبہ روحانی احوال کی ابتدا ہیں اور مراتبِ الہام پر پہنچ کر بھی طالب نامکمل رہتا ہے اور مراتبِ مذکور پر پہنچ کر بھی وہ نامنظور رہتا ہے (جب تک وہ عین توحید نہ ہو جائے)۔ ابیات:

طالب از مرشد طلب دیدار کن
دیدہ در دیدار شد در رازِ کن

ترجمہ: اے طالب! مرشد سے دیدار طلب کر۔ آنکھیں جب دیدار میں محو رہیں تب رازِ کن عیاں ہوتا ہے۔

ذکر و فکر دور گرداند ترا
ذاکران بے خبر وحدت و ز لقا

ترجمہ: ذکر و فکر تجھے حق کے دیدار سے دور کر دیں گے کیونکہ ذاکر وحدت اور اللہ کے قرب و دیدار

Marfat.com

سے بے خبر ہوتے ہیں۔

فقیرِ کامل چند صفات کا حامل ہوتا ہے اوّل وہ نفس کے لیے بخیل ہوتا ہے اور طالبانِ مولیٰ کا دوست ہوتا ہے۔ دوم وہ ربّ جلیل کے دیدار سے دائمی طور پر مشرف ہوتا ہے اور اللہ کے قرب و حضوری سے وھم و دلیل کے ذریعے قلبی طور پر الہام پاتا ہے۔ ابیات:

از کجا آوردہ با کے بردہ

اہلِ دیدارش نہ ہرگز مردہ

ترجمہ: (یہ کوئی نہیں جانتا کہ) اہلِ دیدار کہاں سے آتے ہیں اور کہاں جاتے ہیں لیکن وہ ہرگز نہیں مرتے (کیونکہ وہ حیاتِ ابدی پا چکے ہوتے ہیں)۔

من باخدا بودم میباشم دوام

این بود توحید مطلق حق تمام

ترجمہ: میں (ازل میں) خدا کے ساتھ تھا اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہوں گا یہی توحیدِ مطلق اور حق ہے۔

ہر کہ حق را پوشیدہ آن کافر پلشت

ہر کہ گوید دیدہ ام اہل از بہشت

ترجمہ: جو حق کو پوشیدہ رکھتا ہے وہ کافر اور ناپاک ہے اور جو کہتا ہے کہ میں نے حق کو دیکھا ہے وہ اہلِ بہشت میں سے ہے۔

گر کسے گوید بدہ صورت نشان

آن لایزالی بیمثالؔ لامکان

ترجمہ: اگر کوئی کہے کہ مجھے اللہ کی صورت اور نشان بتاؤ (تو اسے کہہ دو کہ) وہ لامکان میں رہنے والا لازوال اور بے مثال ہے۔

Marfat.com

ہر کہ خواند این مطالعہ بالیقین
لائق دیدار شد دیدار بین

ترجمہ: جو یقین کے ساتھ اس علم کا مطالعہ کرتا ہے وہ دیدار کے لائق بن کر اللہ کا دیدار کرتا ہے۔

بانظر ناظر کند حاضر خدائے
چون نگویم دیدہ ام ہر دم لقائے

ترجمہ: ہر دم حاضر رہنے والے خدا نے مجھے ایسی نظر عطا کی ہے کہ میں اس کا دیدار کروں سو میں کیوں نہ کہوں کہ مجھے دیدار حاصل ہے اور میں ہر وقت اسکے قرب میں ہوتا ہوں۔

جز حضوری بالقا دل کس مبند
ذکر دم روح و قلب احمق پسند

ترجمہ: اللہ کے قرب و دیدار اور حضوری کے سوا دل کو کسی اور طرف مشغول نہ ہونے دے۔ ذکرِ دم، ذکرِ روح اور ذکرِ قلب کو پسند کرنے والے احمق ہیں۔

ہر طریقت را بدانم ہر طریق
طلب کن دیدار توفیق از غریق

ترجمہ: میں طریقت کے ہر راستے (طریق) سے واقف ہوں اس لیے مجھ سے دیدار میں غرق ہونے کی توفیق طلب کر۔

احتیاجے نیست گفتن عاقلان
عارفان دیدار بین صاحب عیان

ترجمہ: عقلمندوں کو گفتگو کرنے کی کوئی حاجت نہیں ہوتی۔ عارفین دیدار کر کے صاحبِ عیاں بن جاتے ہیں۔

منکہ رو آوردہ ام دیدار در
دیدہ را دیدار شد صاحب نظر

Marfat.com

ترجمہ: میں نے اپنا چہرہ اللہ کے دیدار کی طرف موڑ لیا ہے۔ جسکی آنکھیں دیدار کرتی رہیں وہ صاحبِ نظر بن جاتا ہے۔

دیدہ باحق رود باطل گذار

روز و شب دیدار بین اعتبار

ترجمہ: جب طالب اپنی آنکھیں حق کی طرف موڑ لے تب باطل کو ترک کر دیتا ہے اور دن رات اس کا دیدار کر کے اعتبار حاصل کرتا ہے۔

آن دیدۂ دیدار بین باشد کجا

دیدہ لائق دیدار باشد باخدا

ترجمہ: یہ ظاہری آنکھیں دیدار کرنے والی کیسے ہو سکتی ہیں جو آنکھیں اللہ کے ساتھ مشغول رہتی ہیں وہ دیدار کے لائق ہیں۔

باھُوؒ بہر از خدا دیدہ بدہ

بے چشم دیدار بین آن دیدہ بدہ

ترجمہ: اے باھُوؒ خدا کی خاطر ایسی بصیرت عطا کر کہ آنکھوں کے بغیر ہی اللہ کا دیدار کرتا رہوں۔

اہلِ ناسوت کے قلب مردہ اور وجود افسردہ ہوتے ہیں۔ وہ جو کچھ بھی خواب یا مراقبہ میں دیکھتے ہیں وہ مردار دنیا اور خواہشاتِ نفس سے تعلق رکھتا ہے اور محض وہم و خیال ہوتا ہے جبکہ زندہ قلب اور باطنی حیات والے جو کچھ بھی دیکھتے ہیں وہ لاھوت لامکان سے تعلق رکھتا ہے جو اللہ کے قرب کی بدولت ہے۔ ان کو نیند میں اللہ کے دیدار کی تجلیات کا مشاہدہ ہوتا ہے اور اہلِ تقویٰ جو کچھ خواب یا مراقبہ میں دیکھتے ہیں وہ جنت سے تعلق رکھتا ہے اور وہ حوریں اور محلات اور دیگر احوال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جب قیامت قائم ہوگی اور ارواح قبروں سے باہر نکلیں گی تو اہلِ دنیا میں سے کسی کا چہرہ بھی قبلہ کی جانب نہ ہوگا بلکہ ان کی پشت قبلہ کی جانب ہوگی۔ اہلِ محبت اور اہلِ دیدار کا چہرہ اللہ کا قرب حاصل ہونے کے بدولت قبلہ کی جانب ہوگا۔ جو اہلِ دنیا' دنیا میں فقرا سے

Marfat.com

منہ موڑ لیتے ہیں ان کا چہرہ ہرگز قبلہ کی جانب نہ ہوگا۔ ابیات:

قبلہ را از قبلہ قبل از یافتم
قبلہ را باسجدہ قبلہ ساختم

ترجمہ: میں نے اصل قبلہ کو قبلہ سے اسکے ظہور سے پہلے پایا اور اس قبلہ کو سجدہ کر کے اپنا قبلہ بنایا۔

دو خدا را کشتہ بایک یک شود
معرفت توحید از یک میشود

ترجمہ: دوخداؤں[1] میں سے ایک خدا کو (اپنے وجود میں سے) ختم کر دے اور یکتا خدا کے ساتھ یکتا ہو جا کیونکہ معرفت و وحدت یکتا ہونے سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

بند نقش بند آنچہ زین قائم مقام
سہروردی را نباشد زین مقام

ترجمہ: نقشبندی سلسلہ کے طالبوں کو دیدار و معرفت حاصل نہیں ہوتی کہ یہ ان کے لیے نہیں ہے اور سہروردی سلسلے والوں کو اس چیز کی خبر ہی نہیں۔

ہر کہ دنیا دوست دارد دور تر
خواہ باشد غوث قطب بانظر

ترجمہ: جو دنیا کو محبوب رکھتا ہے وہ دیدار سے دور ہوتا ہے چاہے وہ ظاہری طور پر غوث و قطب ہی کیوں نہ ہو۔

قادری را قرب قدرت با خدا
قادری را امید باشد بالقا

ترجمہ: قادری سلسلے کے طالبوں کو قدرتِ الٰہی سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور صرف قادری طالب ہی لقا کی امید رکھتے ہیں۔

---

[1] ایک اصل خدا اور دوسرا نفس، جو خدا کی مثل حکم دیتا ہے۔

Marfat.com

جو یہ کہتا ہے کہ مجھے دین و دنیا دونوں عطا ہوئے ہیں وہ قومِ فرعون میں سے ہوتا ہے اور یہ حیلۂ شیطانی ہے جو سراسر غلط ہے۔ بیت:

دوست دارد دنیا را ازان سگ سرشت

ترک دادہ دنیا را اہل از بہشت

ترجمہ: دنیا کو وہی محبوب رکھتے ہیں جو کتوں کی مثل ہوتے ہیں جبکہ جو دنیا کو ترک کرتے ہیں وہ اہلِ بہشت ہیں۔

دنیا ہمیشہ ہمارے پیچھے خوار ہوتی ہے۔ قادری طالب دنیا پر نظر نہیں ڈالتا اور ہمیشہ دنیا کو ترک کرنے والا ہوتا ہے کیونکہ اس کی نظر دیدارِ الٰہی پر ہوتی ہے۔ وہ سب عجیب و احمق لوگ ہیں جو دن رات مردار دنیا کو طلب کرنا اپنے لیے فخر و عزت کا باعث سمجھتے ہیں اور اپنا رخ اللہ کی معرفت کی طرف نہیں کرتے۔ یہ سب لوگ مومن و مسلمان کیسے ہو سکتے ہیں کہ یہ تو حیوانات سے بھی بدتر ہیں۔ بیت:

گر بگویم شرح دیدار از خدا

باستماع زندہ شود عالم بابقا

ترجمہ: اگر میں اللہ کے دیدار کی شرح بیان کرنا شروع کروں تو اسے سنتے ہی سارا عالم حیاتِ ابدی حاصل کر کے بقا پا جائے گا۔

علمِ دیدار درسِ دیدار سے حاصل ہوتا ہے۔ دیدار کی صلاحیت دیدار کی تلقین اور اس علم پر یقین سے حاصل ہوتی ہے۔ دیدار پر یقین اصل دیدار کی طرف لے جاتا ہے۔ دیدار کا علم اور حلم دیدار سے حاصل ہونے والی حکمت میں ہے اور دیدار کے ارشاد کا علم اس مرشد سے حاصل ہوتا ہے جسے دیدار حاصل ہو۔ ابیات:

در صورتے مخلوق راہ دیدار نیست

علم دیدارش بخطرہ خوار نیست

Marfat.com

ترجمہ: اللہ کے دیدار کی راہ مخلوق کے وجود سے بالاتر ہے اور دیدار کے علم میں خوار ہونے کے خطرات نہیں ہیں۔

صورتے مخلوق خاک از خاک خاک
و ز نور دیدارش شود دل پاک پاک

ترجمہ: مخلوق کے وجود مٹی سے تخلیق کیے گئے ہیں اور یہ مٹی میں مل کر مٹی ہو جائیں گے جبکہ اللہ کے نور کے دیدار سے دل پاک ہو جاتا ہے۔

آن گلی دیگر بود گل باگلاب
خوردنے آن گل شوی تو بے حجاب

ترجمہ: گلاب (دیدار) کا پھول دیگر پھولوں سے مختلف ہوتا ہے اور اس پھول کے حاصل ہونے سے تو بے حجاب ہو جائے گا۔

آن گلی کز بود تہی کف نبیؐ المرسلان
خوردنے آن گل شوی عارف عیان

ترجمہ: دیدار کا وہ پھول حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ہاتھوں سے حاصل ہو سکتا ہے جس کے حصول کے بعد تو صاحبِ عیاں عارف ہو جائے گا۔

فقرِ قدیم کی یہ امداد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کرم سے حاصل کی جا سکتی ہے اور بلاشبہ صراطِ مستقیم ہے۔ لقائے الٰہی عطا ہونے پر بہت سے طالبانِ مولیٰ فقرِ مکب کا شکار ہو جاتے ہیں اور بہت سے اللہ کے محبّ بن جاتے ہیں۔ اگر طالب (دیدار کا) پھول حاصل کر لے تو آیاتِ قرآن و حدیث سے بھی وسیع علم منکشف ہو جاتا ہے جس کی بدولت طالب شیطان پر غالب آ جاتا ہے۔ اور اگر طالب وہ پھول حاصل نہیں کرتا تو وہ احمق و جاہل تارکِ نماز بن جاتا ہے۔ ظاہری علما کے ظاہری علم اور علما حق کے باطنی و غیبی علم میں فرق یہ ہے کہ باطنی علم غلطی اور زوال سے پاک ہے اور اللہ کی معرفت، قرب اور وصال بخشتا ہے جسے رجعت اور سلب نہیں اور زندہ قلب کو توفیق اور

Marfat.com

تحقیق عطا کرتا ہے۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ إِلَّا بِاللّٰهِ (ھود-88)

ترجمہ: اور میری توفیق اللہ سے ہی ہے۔

اولیا اللہ، عالم باللہ اور فقیر ولی اللہ بلاشبہ اسے کہتے ہیں جس کے عمل و تصرف میں کیمیا اکسیر کے تمام خزانے ہوں اور دنیا سے اپنے نفس کے لیے ایک پیسہ بھی جائز نہ سمجھے۔ یہ بالکل درست ہے کہ اللہ کے قرب کے طالب بہت کم ہیں جو اللہ کی طلب رکھتے اور لقا حاصل کرنا چاہتے ہیں اور میں نے کوئی ایسا عالم نہیں دیکھا جو معرفت و قرب کی خاطر یا دیدار اور روشن ضمیری و قلب کی بیداری کی خاطر علم سیکھتا ہو۔ ہر کوئی صرف دنیا اور روزی کمانے کی خاطر علم پڑھتے ہیں۔ ابیات:

خود پسند آن عالم است مغرور تر
عالم آن باشد بود بر حق نظر

ترجمہ: ایسے عالم خود پسند اور نہایت مغرور ہوتے ہیں۔ اصل عالم وہ ہے جس کی حق پر نظر ہو۔

ہر کہ مطالعہ علم بہر از معرفت
بے معرفت عالم بود شیطان صفت

ترجمہ: عالم کو معرفت کی خاطر مطالعۂ علم کرنا چاہیے کیونکہ معرفت کے بغیر عالم شیطان کی مثل ہوتا ہے۔

طلب کن وصلت وسیلہ پیشوا
تا ترا حاصل شود وحدت خدا

ترجمہ: وصال کی خاطر وسیلۂ مرشد طلب کر تا کہ تجھے حق تعالیٰ کی وحدت حاصل ہو جائے۔

اللہ کی بارگاہ میں منظور قلب اللہ کی دو انگلیوں کے قبضہ میں ہوتا ہے۔ ایک انگلی سے مراد جلال ہے فقیر اور مومن کے وجود میں جلالیت کے باعث سکر و صحو، قبض و بسط کے احوال پیدا ہوتے ہیں جو فقیر کے ذکر، فکر، مراقبہ اور کشف و کرامات کو طاقت کو بڑھا دیتے ہیں۔ دوسری انگلی سے مراد جمال

Marfat.com

ہے جس سے فقیر مومن یقین و اعتبار سے اللہ کا مشاہدہ اور دیدار کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَالْفَقْرُ مِنِّیْ

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ سے ہے۔

فقر کا یہ فخر فقیر کی جذبِ نظر سے حاصل ہو سکتا ہے۔ کل و جز کی ہر شے اس کے حکم کے تحت ہوتی ہے اور وہ روشن ضمیر اور نفس پر حکمران ہوتا ہے۔ وہ علمِ آیاتِ قرآن و حدیث اور تفسیر بیان کرتا ہے اور ان کی تاثیر سے نوازتا ہے۔ مردہ دل شیطان کی دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے ایک انگلی طمع و حرص کی ہے جس سے انسان حلال و حرام کے درمیان فرق نہیں کرتا اور مکمل طور کافر ہو جاتا ہے اور دوسری انگلی خواہشاتِ نفس اور تکبر کی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ وَمَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِهٖ ذَرَّةٌ مِّنَ الْكِبْرِ لَا يُدْخِلُ الْجَنَّةَ

ترجمہ: اور جس کے دل میں ذرّہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔

مرشد کامل اپنی نظر سے طالب کے مردہ دل کو شیطان کی ان دو انگلیوں سے نجات دلاتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچا کر غرق فی التوحید کرتا ہے جس سے طالب ظاہر و باطن میں بے نیاز ہو جاتا ہے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے اسے اللہ کی توفیق اور تصدیق کے تمام خزانوں اور اللہ کے قرب کے خزانوں پر تصرف حاصل ہوتا ہے۔ بلاشبہ ایسا طالبِ مولیٰ صاحبِ تصدیق ہوتا ہے جس پر ہر شے عیاں ہوتی ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ ابیات:

چون از مرشد حاصل شود توحید ربّ
معرفت توحید از مرشد طلب

ترجمہ: مرشد سے توحید کی معرفت طلب کر کیونکہ توحیدِ ربّ تعالیٰ مرشد سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

ہر کہ آن بے مرشد آن بے نصیب
نفس عالم پیشوائے شد رقیب

Marfat.com

ترجمہ: جس کا مرشد نہ ہو وہ بے نصیب ہوتا ہے اور نفس جو کہ اس کا دشمن ہے' عالم بن کر اس کی رہنمائی کرنے لگتا ہے۔

گر بخوانی علم تفسیر و حدیث
اندرونش نفس جاہل دیو خبیث

ترجمہ: (مرشد کے بغیر) اگرچہ تو علم تفسیر وحدیث بھی پڑھتا رہے لیکن تیرے اندر تیرا نفس جاہل و خبیث ہی رہے گا۔

مرشدے باشد سلیمانیؑ مثل
دیو در زندان شود بعد از وصل

ترجمہ: مرشد سلیمانؑ کی مثل طاقتور ہوتا ہے جو نفس کے دیو کو زندان میں ڈالنے کے بعد وصال عطا کرتا ہے۔

در وجودے تو شود دارالامن
عالمان را بس بود این یک سخن

ترجمہ: عالموں کے لیے بس یہی ایک حرف کافی ہے کہ ان کا وجود (دوسروں کے لیے) دارالامن ہونا چاہیے۔

علم گوید ترک حرص و باہوا
نفس را بگذار شد عالم خدا

ترجمہ: اصل علم یہی سکھاتا ہے کہ حرص وہوا کو ترک کر دو اور نفس کو چھوڑ کر حق تعالیٰ کے علم کا عالم بن جاؤ۔

علم حق غیب است بایمان بود
بر غیب گر عیبش کند ایمان رود

ترجمہ: علمِ حق غیب ہے جس پر ایمان رکھنا چاہیے۔ اگر کوئی غیب میں عیب نکالے تو اس کا ایمان

Marfat.com

ضائع ہو جاتا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ (البقرہ-1-3)

ترجمہ: الٓمّٓ۔ اس کتاب میں کوئی شک وشبہ نہیں اور اس میں متقین کے لیے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔

بہت سے علم حاصل کرنا فرض نہیں لیکن فرض، واجب، سنت اور مستحب کا علم حاصل کرنا، گناہوں سے نجات حاصل کرنا اور اللہ کا خوف رکھنا، اس کی معرفت اور محبت حاصل کرنا اور ہدایت کی تلاش کرنا اور غیبت وشکایت کو ترک کر دینا فرض ہے۔ حدیث:

اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَآءِ

ترجمہ: غیبت زنا سے بھی شدید گناہ ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى (طٰہٰ-47)

ترجمہ: اس پر سلامتی ہو جس نے حق کے راستے کی پیروی کی۔

معرفت وفقر، جمعیت وہدایت کا تعلق اللہ رحمٰن کے دیدار سے ہے جبکہ نفسِ امارہ، دنیا اور خواہشات کا تعلق شیطان سے ہے۔ ان میں سے تجھے کونسا پسند ہے؟ ابیات:

علم بہر از سجدہ وے صوم و صلوٰۃ
علم بہر حج کلمہ باز کوٰۃ

ترجمہ: علم بندگی اور عبادات کلمہ، نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ کے لیے سیکھنا چاہیے۔

ہر کہ خواند علم از بہر درم
بے نصیب از معرفت جود و کرم

Marfat.com

ترجمہ: جو علم کو دولت کی خاطر سیکھتا ہے وہ اللہ کی معرفت اور جود و کرم سے بے نصیب ہوتا ہے۔

در طلب شہوت بود از سر ریا
این علم را کے خدا دارد روا

ترجمہ: جو علم خواہش یا دکھاوے کی خاطر سیکھا جائے وہ اللہ کے نزدیک کیسے جائز ہو سکتا ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ (الصف-2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تو وہ کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں۔

ہر علم کو سیکھنا اور اپنے عمل میں لے آنا آسان کام ہے جبکہ عالم و عامل بننا بہت مشکل اور دشوار کام ہے۔ ابیات:

علم سہ حرف است عالم سہ طلب
علم، عمل و معرفت از بہر ربّ

ترجمہ: علم کے تین حروف ہیں ان تین حروف کی نسبت سے عالم کو تین چیزیں علم، عمل اور معرفت حق تعالیٰ سے طلب کرنی چاہیے۔

علم سہ حرف است عالم سہ طلب
باحیا و باوفا و باادب

ترجمہ: علم کے تین حروف ہیں ان تین حروف کی نسبت سے عالم (اللہ سے) تین صفات طلب کرتا ہے یعنی حیا، وفا اور ادب۔

علم ہمچو شجر بر او معرفت
ہر کہ علم از بر خورد عارف صفت

ترجمہ: علم درخت کی مثل ہے اور اس پر معرفت کا پھل لگتا ہے اور جو کوئی علم کے درخت کا یہ پھل کھا لیتا ہے وہ عارف ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

علم مکمل طور پر منصب، درجات، گفتگو، مطالعہ اور بیان سے متعلق ہے اور معرفت کا راز، مشاہدہ و دیدارِ الٰہی میں مشغول رہنے اور اللہ کے قرب اور حضوری سے متعلق ہے۔ اگر تُو آئے تو دروازہ کھلا ہے اور اگر نہ آئے تو اللہ بے نیاز ہے۔ جس طالبِ مولیٰ کی طلب محض حق تعالیٰ کا دیدار ہو اسے جنت کا لالچ اور دوزخ کے خوف سے کیا سروکار۔ کیونکہ وہ تو ہمیشہ دیدار کی طرف متوجہ ہو کر مشاہدہ کرنے والا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ طَلَبَ شَيْئًا وَّجَهَدَ فَقَدْ وَجَدَ

ترجمہ: جس کسی شے کی طلب کرتا ہے اور اس کے لیے جدوجہد کرتا ہے تحقیق وہ اسے پالیتا ہے۔

بیت:

اولیا را کیست راہبر پیشوا
باجذب وحدت میکشد طالبِ خدا

ترجمہ: اولیا کا راہبر اور پیشوا کون ہے؟ یہ وحدتِ حق تعالیٰ ہے جو جذب (توجہ) سے طالب کو خدا کی طرف لے جاتی ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلْجَذْبُ جَذْبَاتُ الْحَقِّ مِنْ جَذْبِ اللّٰہِ تَعَالٰی

ترجمہ: جذب اللہ تعالیٰ کے جذبات میں سے ایک جذبہ ہے۔

ابیات:

اللہ ہر کرا خواہد کند باخود حضور
ہر کرا خواہد براند خود ز دور

ترجمہ: اللہ تعالیٰ جس کسی کو چاہتا ہے اپنی حضوری عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے اسے خود سے دور کر دیتا ہے۔

Marfat.com

رفت کوشش چون رسد کشش از خدا
رفت کوشش کشش چون بیند لقا

ترجمہ: جب اللہ کی طرف سے قرب و دیدار کی کشش پیدا ہو جائے تو طالب کو کوشش چھوڑ دینی چاہیے۔

در حقیقت معرفت فرحت مجو
ہر یکے را ترک بدنامش مگو

ترجمہ: حقیقت اور معرفت کی راہ میں فرحت تلاش نہ کرو بلکہ اللہ کی خاطر ہر لذت کو ترک کر دو کہیں اللہ کی بارگاہ میں بدنام نہ ہو جاؤ۔

و ز چہار بگذرد یکتا صفا
زان ہر چہار بگذرد واصل خدا

ترجمہ: اور (وجود کے) چار عناصر کو چھوڑ دے تاکہ تو یکتا اور پاکیزہ ہو جائے۔ جو ان چاروں کی لذات کو ترک کر دیتا ہے وہ حق تعالیٰ سے واصل ہو جاتا ہے۔

ہر مقامے ناتمامے راہزن
واصلان را بس بود این یک سخن

ترجمہ: واصلین کے لیے بس یہی ایک نصیحت کافی ہے کہ ہر مقام نامکمل اور راہزن ہے۔

جو طالب مرشد سے اخلاص رکھتا ہے تو مرشد اسے علمِ مطالعہ اور معرفت بخش دیتا ہے۔ ہر علم کے مطالعہ سے معرفت حاصل ہوتی ہے اور ہر علم اس معرفت کے علم میں شامل ہے۔ علمِ موت، علمِ محبت، علمِ معرفت، علمِ مشاہدہ، علمِ مراقبہ، علمِ مکاشفہ، علمِ مطالب اور علمِ معراج کے مطالعہ سے قرب و دیدارِ حق عطا ہوتا ہے اور ان علوم کے علاوہ دیگر تمام علوم بھی علمِ یکدم میں شامل ہیں۔ علمِ یکدم اسے کہتے ہیں کہ ازل، ابد، دنیا، عقبیٰ، جنت اور حور و قصور کا نظارہ اور معرفت کا نظارہ، مشاہدۂ انوارِ دیدار، غرق فنا فی اللہ اور بقا سب ایک دم میں طالب پر منکشف ہو جائیں اور وہ انہیں ایک دم میں

Marfat.com

طے کر لے۔ اسے استقامت بھی کہتے ہیں۔ علمِ موت کس علم سے کھلتا ہے۔ وہ علم تصور اسم اَللّٰہُ ذات کا علم ہے جس کے ساتھ توفیقِ الٰہی، علمِ تصرف اور علمِ توجہ شامل ہیں جو حق تعالیٰ کی رفاقت عطا کرتے ہیں۔ یہ سب مراتب حاصل کرنا صدیق عالم کا خاصہ ہے جس کا تمام علم اس کے قلب میں پوشیدہ ہوتا ہے اور اس علم سے دل میں غیب الغیب کا لطیفہ پیدا ہوتا ہے۔ جو علمِ موت کا مطالعہ کرتا ہے اس سے کل و جز کا کوئی بھی علم پوشیدہ نہیں رہتا۔ ابیات:

مرتبہ مردود منزل ناتمام
بر فقر ہر یک مقامے شد حرام

ترجمہ: راہِ فقر میں کسی مرتبہ پر رک جانا مردود ہے اور کسی مقام کو منزل سمجھ لینا ناتمامیت ہے۔ اس لیے کسی مقام کو منزل نہیں سمجھنا چاہیے۔

عین را باعین بیند عین بین
نیست آنجا آسمان و نی زمین

ترجمہ: طالب حقیقتِ حق کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور اس مرتبہ پر نہ آسمان ہوتا ہے اور نہ زمین (یعنی زمین و آسمان کی حدود سے بھی بالاتر)۔

ہر کہ از خود بگذرد آن یافتہ
پیشوائے اسم اَللّٰہُ ساختہ

ترجمہ: جو اسمِ اَللّٰہُ ذات کو اپنا پیشوا بنا کر خودی سے نجات حاصل کر لیتا ہے وہ اللہ کی ذات کو پا لیتا ہے۔

اسم مسمّٰی (ذات) تک پہنچاتا ہے اور مسمّٰی کو پانا ایک حرف سے ممکن ہے جو کل و جز کی ہر مشکل کا حل ہے۔ کاملین اس ایک حرف سے واقف ہوتے ہیں جبکہ ناقص اس حرف سے واقف نہیں کیونکہ انہیں اسم و مسمّٰی کی حقیقت سے آگاہی نہیں۔ ناقص طریقت کے راستوں اور سلسلوں کے متعلق گفتگو کرتے ہیں جبکہ کامل قرب و حضوری بخشتے ہیں اور معبود کا دیدار عطا کرتے ہیں۔ بیت:

Marfat.com

ہر کہ می بیند بداند آن کسی
شد بہ دیداری مرا اللہ بسی

ترجمہ: جو اللہ کو دیکھ لیتا ہے وہ اس کو پہچان لیتا ہے۔ میرے لیے اللہ کا دیدار ہی کافی ہے۔

ثواب کی طلب مکمل حجاب ہے اور جو بے حجاب دیدار کر لیتا ہے وہی اس کے لیے ثواب ہے۔

بیت:

جحتی بگذار رو بہ دیدار آر
جز بدیدارے مرا جنت چہ کار

ترجمہ: جحت کو چھوڑ اور اپنا رُخ دیدار کی طرف کر۔ اللہ کے دیدار کے بغیر جنت بھی میرے کس کام کی۔

جنت و دوزخ دونوں مقام مکمل طور پر اللہ کے اختیار میں ہیں۔ مجھے اپنے اختیار پر کیا بھروسہ اور اس کا کیا تذکرہ کروں۔ فقیر دونوں جہان پر حکمران ہوتا ہے۔

❁ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ؕ (الشوریٰ-7)

ترجمہ: ایک گروہ جنت میں اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگا۔

فقیر کی زبان علمِ تفسیر کا مطالعہ کرتی ہے اور اس کی نظر تاثیر کا علم حاصل کرتی ہے اور اس کا قلب روشن ضمیری کا علم حاصل کرتا ہے اور اس کی روح لقا کا علم حاصل کرتی ہے اور ہر جگہ موجود ربّ کا دائمی دیدار کرتی ہے۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔

فقیرِ کامل کو دعوت پڑھنے سے دو عمل حاصل ہوتے ہیں جو اُسے ہر شے سے لایحتاج اور بے فکر کر دیتے ہیں جس کے بعد اسے کچھ اور پڑھنے کی ضرورت نہیں رہتی اوّل اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے حضوری، دوم اہلِ قبور کی ارواح سے ملاقات۔ ان دو عملوں (کی تاثیر) سے فقیر تمام عالم کو فنا کر سکتا ہے اور تمام عالم کو (فنا کے بعد) بقا عطا کر سکتا ہے۔ جان لو کہ نیک عمل سے اللہ ثواب عطا فرماتا ہے جبکہ اصل ثواب اور اللہ کی بے حساب بخشش اُس کا بے حجاب دیدار ہے۔ علم حاصل

Marfat.com

کرنے کا مقصود اس پر عمل کرنا ہے اور تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات یہودی نفس کو قتل کرنے والی تلوار ہے۔

ابیات:

نماز و روزہ بسیار طاعت
ازان بہتر بدم دیدار ساعت

ترجمہ: نماز، روزہ اور بے حساب طاعت سے بہتر ایک گھڑی کا دیدارِ الٰہی ہے۔

دمی دیدار را دیدار بردہ
دلی مردہ دمی خطرات خوردہ

ترجمہ: دیدار کے وقت دیدار میں ہی غرق رہو (اور کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو)۔ جبکہ مردہ دل اس وقت خطرات کا شکار رہتا ہے۔

کلید علم از دیدار دارم
شریعت مصطفیؐ جان را سپارم

ترجمہ: میں نے علم کی کلید دیدار سے حاصل کی ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شریعت کے لیے جان وقف کر دی ہے۔

مراتبِ دیدار اور علم دیدار شریعت (کی پیروی) سے حاصل ہوتے ہیں کیونکہ شریعت ہر علم کی روح، جان اور زندگی ہے جبکہ شریعت کی پیروی کے بغیر زندگی محض بے حیائی اور شرمندگی ہے۔ اصل شریعت (کی بنیاد) قرآن اور حدیث ہے۔ قرآن سے باہر کوئی بھی شے (علم و حکم) نہیں اور نہ ہوگی۔ جاننا چاہیے کہ طالبِ صادق کو اللہ اور اس کے رسول کی قسم ہے اور قرآن اور کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی قسم ہے کہ مرشد سے مراتبِ نعم البدل طلب کرے جو حضوریٔ حق کا فیض و فضل ہے جسے اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور طالب کو چاہیے کہ مرشد سے جملہ تصرف، جملہ خزانے، علم، حکمت اور تمام احکامات کی تلقین طلب کرے اور مرشد کو بھی اسی طرح سب کی قسم ہے کہ طالبِ مولیٰ کو اللہ کا قرب، حضوری اور اہلِ قبور کی ارواح سے رابطے کا عمل اور

Marfat.com

جمعیت عطا کرے۔ بیت:

مرشدے نامرد را نامی مگو
مرشدے نامرد را شیطان بگو

ترجمہ: نامرد مرشد کا نام بھی مت لو بلکہ نامرد مرشد کو شیطان کہو۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ۚ اِنَّہٗ لَکُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ (یٰسٓ-60)

ترجمہ: اے بنی آدم! شیطان کی پیروی نہ کرو۔ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

مرشد سانپ پکڑنے والے جادوگر کی مثل ہے اور طالب سانپ کی مثل ہے جو تمام زندگی مرشد کی غلامی میں ادب اور اعتبار کے ساتھ فیض کی امید میں گزار دیتا ہے۔ طالب شہباز کی مثل ہے جو چیلوں (طالبانِ دنیا) کا ساتھ ہرگز اختیار نہیں کرتا اور خدا کی طلب میں ہر شے سے جدا ہو جاتا ہے۔ اگر طالب شیر کی مثل ہو اور اللہ کی معرفت و وصال کی طلب رکھتا ہو تو اسے گیدڑوں (اہلِ دنیا) کی مجلس اختیار کرنے میں شرم آتی ہے۔ بیت:

ہر کہ طالب نام خوان سلطان بود
مرشد آنرا مرتبہ سلطان دہد

ترجمہ: جو طالب سلطان[1] کا نام پکارتا ہے مرشد اسے مرتبہ سلطان[2] سے نواز دیتا ہے۔

اگر طالب سلطان اور مرشد پریشان ہے یا مرشد پشیمان اور طالب احمق وحیوان ہے تو انہیں ایک دوسرے کی صحبت پسند نہیں آتی۔ ابیات:

باھُوؒ منکہ طالب از بینم غنی
ہر کہ دمے حاضر مرا مجلس نبیؐ

ترجمہ: اے باھُوؒ! میں غنی مرشد کا طالب ہوں جو مجھے ہر لحظہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں

---

[1] سلطان الاذکار ھُو [2] فقر کا انتہائی مرتبہ جہاں فقیر کو دونوں جہان پر تصرف عطا ہوتا ہے۔

Marfat.com

حاضر رکھتا ہے۔

احتیاج از کس ندارم مقام تر
طالبانرا میکنم عارف نظر

ترجمہ: میں جس اعلیٰ و بلند مقام پر ہوں مجھے کسی کی ضرورت نہیں۔ میں طالبوں کو ایک ہی نظر میں عارف بنا سکتا ہوں۔

وہ سب عجیب و احمق لوگ ہیں جو مرشد و طالب کہلواتے ہیں لیکن خود پسندی کے باعث ان کے دل کالے ہیں اور وہ اللہ کی معرفت وقرب سے بے خبر ہیں۔ ایسے بے شعور اور خام طالب صرف نام کے ہی طالب ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ ایسے طالب و مرشد عوام کے بھیس میں صرف تقلید کرنے والے ہیں۔ ابیات:

مرشدے مرد است طالب مرد تر
گنج بخشد طالبان را سیم و زر

ترجمہ: مرشد مرد ہوتا ہے اور اپنے طالب کو بھی مرد بنا دیتا ہے اور انہیں باطنی خزانوں اور طاقت سے نوازتا ہے۔

یا برد در معرفت وحدت حضور
مرشدے طالب چنین باید ضرور

ترجمہ: مرشد و طالب کو ایسا ضرور ہونا چاہیے کہ مرشد طالب کو معرفتِ وحدت عطا کر کے حضوری میں لے جائے۔

خام مرشد زر طلب از طالبان
این چنین گمراہ شد در دو جہان

ترجمہ: خام مرشد طالبوں سے مال و دولت طلب کرتا ہے اور ایسا مرشد دونوں جہانوں میں گمراہ ہوتا ہے (اور اپنے مریدوں کو بھی گمراہ کرتا ہے)۔

Marfat.com

ہر کہ گیرد میدہد بروے روا
مرشدے باشد چنین راہبر خدا

ترجمہ: مرشد جو کچھ طالبوں سے لیتا ہے اسے اللہ کی راہ میں دے دیتا ہے۔ جو مرشد ایسا کرے وہی اللہ کی طرف راہبر ہوتا ہے۔

باھُوؒ میشناسد طالبان را بانظر
ہمچو زرگر میشناسد سیم و زر

ترجمہ: باھُوؒ طالبانِ مولیٰ کو ایک ہی نظر میں پہچان لیتا ہے جس طرح صراف سونا و چاندی کو پہچان لیتا ہے۔

طالب کو ہر طاقت وقوت مرشد کی توفیق سے حاصل ہوتی ہے۔ اگر طالب کے ظاہر و باطن کی تحقیق ہو جائے تو مرشد کامل طالب کو پہلے ہی روز ہر تصرف سے نواز کر حق سے اپنی گردن آزاد کرا لیتا ہے لیکن اس کے لیے طالب کا حوصلہ بھی وسیع ہونا چاہیے۔ کم حوصلہ طالب کسی کام کے نہیں ہوتے۔ بیت:

ہم طالبم ہم مرشدم ہم راز بین
طالبان را میشناسم و ز چنین

ترجمہ: میں (اللہ کا) طالب بھی ہوں اور مرشد بھی اور اس کے اسرار کا مشاہدہ کرتا ہوں۔ میں طالبوں کو اچھی طرح پہچانتا ہوں۔

اس راہ سے ناواقف لوگوں کے لیے یہ راستہ بہت طویل ہے اور وہ مرتے دم تک اپنی ساری عمر اس راہ پر چلنے میں گزار دیتے ہیں (لیکن کسی مقام و منزل تک نہیں پہنچتے)۔ مرشد اپنی نظر سے طالبِ مولیٰ کو مرتبۂ دیدار اور حضوری سے مشرف کرتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَاعۡبُدۡ رَبَّكَ حَتّٰى يَاۡتِيَكَ الۡيَقِيۡنُ (الحجر-99)

ترجمہ: اور اپنے ربّ کی عبادت اس طرح کرو کہ تم یقین تک پہنچ جاؤ۔

Marfat.com

ابیات:

عبادتے دیدار را بادیدار بر

بالیقین و باایمان رو در قبر

ترجمہ: دیدارِ الٰہی کی خاطر کی جانے والی عبادت دیدار سے ہی مکمل ہوتی ہے اور قبر میں بھی وہ دیدار کی بدولت صاحبِ یقین وایمان ہوتا ہے۔

این عبادت رحمت اللعالمینؐ

معرفت توحید اینست بالیقین

ترجمہ: یہی عبادت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کی جو دونوں جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔ یہی یقین معرفتِ توحید حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

شد عبادت از فضل عفو و کرم

ہر کہ منکر از لقا اہل از صنم

ترجمہ: یہ عبادت اللہ کے فضل اور عفو وکرم سے ادا کی جاتی ہے۔ جو دیدار کا منکر ہو وہ بت پرست ہے۔

ہر عبادت از برائے دیدارِ حق

از برائے دیدار شد پیدا خلق

ترجمہ: ہر عبادت کا مقصد دیدارِ حق تعالیٰ ہے کیونکہ اللہ نے مخلوق کو اسی لیے پیدا کیا ہے۔

مرشدے تلقین بخشد از لقا

از علم حاضر رساند باخدا

ترجمہ: مرشد کامل طالب کو لقائے الٰہی تلقین کرتا ہے اور علمِ باطن سے اللہ کے قرب اور حضوری میں پہنچا دیتا ہے۔

Marfat.com

این عبادت دائمی طاعت طلب

طاعتی باشد حضوری رازِ ربّ

ترجمہ: ایسی عبادت دائمی طاعت کی متقاضی ہے۔ اور یہ طاعت حضوری کا راز ہے۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (الذاریات-56) ''اَیْ لِیَعْرِفُوْنِ''

ترجمہ: اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا فرمایا یعنی اپنی معرفت کے لیے۔

بیت:

دل مرا بیدار از دیدار شد

دیدہ بہر از دیدنے نظار شد

ترجمہ: میرا دل اللہ کے دیدار کی بدولت زندہ ہے اور میری آنکھیں اسے دیکھنے کے لیے ہیں۔

جو بھی تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے عین دیدار کا علم جان لیتا ہے وہ صاحبِ تصور بن جاتا ہے اور اللہ کے دیدار سے ایک لمحہ کے لیے بھی فارغ نہیں رہتا۔ سر کی آنکھیں مخلوق کو دیکھنے کے لیے ہیں اس لیے ظاہری آنکھیں اور ہیں۔ چشمِ سرّ خالق کو دیکھنے کے لیے ہیں۔ اللہ کے اسرار اور قدرت کے نور کو بے حجاب دیکھنے والی آنکھ اور ہے۔ جو طالب اللہ کے دیدار کی خاطر ساری عمر جان فدا کرتا ہے اور اپنے سر پر ہمیشہ کفن باندھے رکھتا ہے اور اللہ کے قرب و دیدار کی حضوری اور معرفتِ الٰہی کی پیاس میں مرنے کے لیے تیار رہتا ہے۔ مرشد کامل کے لیے ایسے طالب کو ایک دم اور ایک قدم میں دیدار سے مشرف کرنا مشکل اور دشوار نہیں ہے۔ ابیات:

کس نیابم طالبے تشنہ طلب

معرفت دیدار چشم راز ربّ

ترجمہ: میں نے ایسا کوئی طالب نہیں پایا جو معرفت اور دیدار کے لیے تشنہ ہو اور جس کی آنکھ اللہ کے اسرار کا مشاہدہ چاہتی ہو۔

Marfat.com

طالبان باخود مطالب خود نما
احمقان بے ادب باشند بے حیا

ترجمہ: اپنے مطالب کے طلبگار طالب خود پسند ہوتے ہیں۔ وہ احمق، بے ادب اور بے حیا ہوتے ہیں۔

طالبی گر مثل موسیٰؑ باخضرؑ
نیک بد را باتفکر در نظر

ترجمہ: طالب اگر ایسا ہو جیسے موسیٰؑ خضرؑ کے ہمراہ تھے تو وہ (مرشد کے) نیک و بد اعمال کو ہی اپنی سوچ اور نظر میں رکھتا ہے۔

در نظر موسیٰؑ ہر ثوابی شد گناہ
کار حضرت خضرؑ بودند خاص راہ

ترجمہ: موسیٰؑ کی نظر میں ہر ثواب کا کام گناہ تھا جبکہ حضرت خضرؑ کے کام (معاملات) خاص باطنی راہ سے تعلق رکھتے تھے۔

بر خضرؑ موسیٰؑ غالب است امت رسولؐ
عارفان دیدار و از اہل الوصول

ترجمہ: حضرت خضرؑ اور حضرت موسیٰؑ پر امتِ محمدیہ کے عارفین غالب ہیں جنہیں دیدار اور وصال نصیب ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْعُلَمَآءُ اُمَّتِیْ اَفْضَلُ مِّنْ اَنْبِیَآءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ

ترجمہ: میری امت کے علما بنی اسرائیل کے انبیا سے افضل ہیں۔

علما سے مراد فقیر عارف باللہ و لی اللہ ہیں۔ بیت:

Marfat.com

عالم شدم از علم وحدت باخدا
علم بہر از وحدت است باطن صفا

ترجمہ: میں اللہ سے علمِ وحدت حاصل کر کے عالم بن گیا ہوں۔ جو علم وحدت کی خاطر حاصل کیا جائے وہی باطن کو صاف کرتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ

ترجمہ: علما انبیا کے وارث ہیں۔

علمائے حق کی مجلس انبیا کی مجلس کی مثل ہے جو تکبر، حرص اور خواہشاتِ نفس سے پاک ہوتی ہے۔

ابیات:

عالم خدا فاضل خدا باخود نماند
ہر کہ باخود بماند علم از حق نخواہد

ترجمہ: حق تعالیٰ کا عالم و فاضل اپنی خودی کے ساتھ نہیں رہتا اور جو خودی کے ساتھ رہتا ہے وہ حق تعالیٰ سے علم نہیں سیکھ سکتا۔

نفس موذی را بکش باتیغ قال
نفس اہل قال را می کشد تیغ از زوال

ترجمہ: موذی نفس کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام کی تلوار سے قتل کرو۔ نفس گفتگو کرنے والوں کو زوال کی تلوار سے ماردیتا ہے۔

ہر کہ خواہد گشت کشتن نفس را
با تصور تیغ بکشد و ز ہوا

ترجمہ: جو یہ چاہتا ہے کہ وہ اپنے نفس کو مار دے وہ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور کی تلوار سے اسے مارے اور خواہشاتِ نفس کو ترک کرے۔

Marfat.com

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ○ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى (النّزعٰت-40,41)

ترجمہ: اور جس نے اپنے نفس کو خواہشات سے روکا اس کا ٹھکانہ جنتِ ماویٰ ہے۔

نفس جب تک حضوری و دیدار سے مشرف ہونے کا سبق نہیں پڑھتا ہرگز گناہ اور خواہشات سے باز نہیں آتا چاہے کوئی تمام عمر ریاضت کے پتھر سے سر ٹکراتا رہے کوئی فائدہ نہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ج اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ م بِالسُّوْٓءِ (یوسف-53)

ترجمہ: اور میں اپنے نفس سے چھٹکارے کا دعویٰ نہیں کرتا۔ بے شک نفس تو برائی کا حکم دینے والا ہے۔

ابیات:

این نفس را در قید آوردن چہ غم
کیشناسد نفس را اہل از صنم

ترجمہ: اگر اس نفس کو قید کر لیا جائے تو کیا پریشانی۔ اس نفس کو بت پرست کیسے پہچان سکتے ہیں۔

نفس را بشناختن قرب از خدا
نفس را شرمندہ بماند و ز ہوا

ترجمہ: نفس کو اللہ کا قرب حاصل کرنے کے بعد پہچانا جا سکتا ہے تب نفس کو گناہ کرتے ہوئے شرمندگی ہوتی ہے اور وہ خواہشاتِ نفسانی سے باز رہتا ہے۔

نیست نفس و نے بروح و نے قلب
غرق فی التوحید عارف باادب

ترجمہ: جب طالب اللہ کے قرب کی انتہا پر پہنچ جائے تب نہ نفس باقی رہتا ہے نہ روح اور قلب۔ وہ ایک باادب عارف بن کر توحید میں غرق ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

و ز ہفت اندام بود ہفتاد نور
باز گردد یک شود باشد حضور

ترجمہ: وجود کے ساتوں اندام سے ستر نور نکلتے ہیں جو ایک ہو کر طالب کو حضوری کی طرف لے جاتے ہیں۔

طالبِ دیدار می یابد خدا
طالبِ مردار بانفس و ہوا

ترجمہ: دیدار کا طالب اللہ کی ذات کو پالیتا ہے اور مردار دنیا کا طالب نفس و ہوا کا شکار ہو جاتا ہے۔

طالبان را چیست آخر حق طلب
جان خود را کن فدا بر راز ربّ

ترجمہ: طالبانِ مولیٰ حق کے سوا کچھ طلب نہیں کرتے اور اللہ کے اسرار پر اپنی جان فدا کر دیتے ہیں۔

دم مزن گر عاشقی سر پیش نہ
سر ز گردن شد جدا این راہ بہ

ترجمہ: اگر تو عاشق ہے تو اپنا سر قربان کرنے سے پیچھے نہ ہٹا۔ اگر سر گردن سے جدا بھی ہو جائے تو بھی یہ راہ بہتر ہے۔

ہر کہ شد گمنام آن نامزد تر
نام را نام آرد دہد صاحبِ نظر

ترجمہ: جو اس راہ میں (خود کو) گمنام رکھتا ہے وہ مزید مشہور ہو جاتا ہے۔ صاحبِ نظر اس کے نام کو مزید بلند کرتے ہیں۔

باھُوؒ کہتر و مہتر ہمہ دارد طلب
طلب قلب از قلب کلب از باکلب

Marfat.com

ترجمہ: اے باھُوؒ! ہر کمتر اور برتر کی اپنی طلب ہے۔ (باصفا) قلب کی طلب باصفا قلب سے ہی پوری ہوتی ہے اور کلب (مردار دنیا) کی طلب کلب سے پوری ہوتی ہے۔

جان لو کہ شاعروں کو علم بلاغت اور دانش سے حاصل ہوتا ہے تاہم ان کے اشعار کو شعور سے پختگی حاصل ہوتی ہے۔ جبکہ فقرا کا علم اللہ کے قرب و حضوری سے حاصل کردہ ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ اتنا پختہ معلوم نہیں ہوتا۔ شاعروں کا کلام اگر پختہ ہو تو اس میں بہت لذت محسوس ہوتی ہے جبکہ فقرا کے کلام میں شہد کی سی مٹھاس ہوتی ہے اگرچہ وہ کلام پختہ نہیں ہوتا۔ ان کا کلام دیدار کے شوق سے پُر ہوتا ہے اور سونا و چاندی سے بھی زیادہ قیمتی ہوتا ہے۔ بیت:

سخن من سرّیست خواندن آن بی سر
عارف بے سر بود صاحبِ نظر

ترجمہ: میرا کلام اسرار سے پُر ہے اور اسے سمجھنے کے لیے اپنا سر قربان کر۔ عارف اپنا سر قربان کرنے والے صاحبِ نظر ہوتے ہیں۔

اہلِ علمِ تصوف کے لیے تقویٰ ضروری ہے اور متقی عالم کے لیے دو گواہ ضروری ہیں۔ اہلِ تقویٰ کا کھانا نور اور ان کی نیند معرفت اور دیدار و حضوری سے مشرف ہونا ہے۔ متقی عالم دو صفات کا حامل ہوتا ہے اوّل یہ کہ ذات و صفات کے تمام مقامات کو تصورِ اسم اَللّٰہُ ذات اور توفیقِ الٰہی سے لمحہ بھر میں طے کر لیتا ہے اور ہر مقام کی تحقیق کر لیتا ہے اور اپنی نظر و تصرف سے ہر مردہ کو زندہ کر سکتا ہے۔ اہلِ تقویٰ وہ ہے جو کلمہ طیب لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کو اپنی زبان سے اس کی کنہ اور حقیقت سے پڑھتا ہے تو جو کچھ اللہ نے تخلیق کیا ہے' اس سے کچھ بھی مخفی اور پوشیدہ نہیں رہتا۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (المدثر-56)

ترجمہ: اور یہ لوگ اسے یاد نہیں کرتے سوائے اس کے جب اللہ چاہے گا اور وہی تقویٰ کا مستحق اور مغفرت کا مالک ہے۔

Marfat.com

علمِ تقویٰ، علمِ تصور و تصرف کی طرح معرفت، مشاہدہ اور دیدار کی کلید ہے۔ تقویٰ سے مراد مجاہدہ نہیں ہے بلکہ مشاہدۂ حضوری اور لازوال وصالِ حق ہے۔ جاننا چاہیے کہ تصور کی تجلیاتِ نور کے غلبہ اور حضوری کے شوق کے باعث اللہ کے اشتیاق کی پیاس طالب میں بڑھتی ہے کہ اللہ سے ازلی فراق اللہ کے فیض و فضل میں بدل گیا ہے۔ تب طالب صرف توفیق و توکل اور توحید کی صدق سے تحقیق کرتا ہے اور اس کی کنہ کو سمجھتا ہے۔ جب طالب کا قلب آوازِ کن سے اللہ کا نام یعنی اسمِ اَللّٰہُ ذات عزت سے پکارتا ہے تو اللہ کا نام سنتے ہی اس کی عظمت و ہیبت سے نفس مکمل طور پر مر جاتا ہے اور وجود کے ساتوں اندام میں سر سے قدم تک اللہ کا نور پیدا ہوتا ہے۔ اور وجود میں جو کدورت، زنگار، ظلمات کے حجابات اور پردے ہیں، سب ختم ہو جاتے ہیں جس کے بعد قلب روح سے متفق ہو جاتا ہے اور روح ذوق کے ساتھ اللہ کا نام پڑھتی ہے۔ اللہ کا نام سنتے ہی اس نام کے قہر و قدرت سے نفس زندہ نہیں رہتا اور طالب اللہ کی عیاں معرفت اور دائمی دیدار حاصل کرتا ہے اور اس پر فقر مکمل ہو جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ ٥ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ بِالْفَنَآءِ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ بِالْبَقَآءِ

ترجمہ: جس نے اپنے نفس کو پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو پہچانا۔ جس نے اپنے نفس کو فنا سے پہچانا تحقیق اس نے اپنے ربّ کو بقا سے پہچانا۔

پس نفس کے مرنے سے انسان کس طرح زندہ رہ سکتا ہے۔ نفس کے مرنے سے مراد یہ ہے کہ نفس اپنی بدخصلت اور گناہ سے قبر میں جانے تک باز رہتا ہے۔ ابیات:

از ازل تا ابد بودم بے حجاب
در چشم من ہرگز نیاید ہیچ خواب

ترجمہ: میں ازل سے ابد تک بے حجاب ہوں اس لیے میری آنکھیں سوتی نہیں۔

دیدہ را دیدار بردہ خواب نیست
از میان خود رفتہ را عذاب نیست

Marfat.com

ترجمہ: جس کی آنکھیں دیدار میں مشغول ہوں وہ سو نہیں سکتا اور جو خودی سے نجات حاصل کر لیتا ہے وہ عذاب سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

خواب مارا بہر مذکور و جواب
اہلِ حاضر را نباشد ہیچ خواب

ترجمہ: ہم نیند میں بھی اللہ کے ذکر اور اس سے ہم کلامی میں مصروف رہتے ہیں۔ اہلِ حضور کو تو نیند ہی نہیں آتی۔

خواب مارا خلوت و باشد حضور
چشم را پوشید بہر از صد ضرور

ترجمہ: ہماری نیند خلوت اور حضوری ہے۔ ہم اپنی آنکھوں کو سینکڑوں بار بند کرتے ہیں لیکن صرف اس خلوت کے لیے۔

ہر کہ پوشید چشم را آن کور تر
کے بہ بیند کور مثلِ گاؤ خر

ترجمہ: جو اپنی آنکھوں کو بند رکھتا ہے وہ اندھوں سے بھی بڑھ کر ہے۔ یہ اندھے کیسے دیدار کر سکتے ہیں یہ تو گائے اور بیل کی مثل حیوان ہیں۔

باعیان بینم بقا ہم حق لقا
چشم پوشیدن بود مکر و ریا

ترجمہ: میں اللہ کو باعیاں دیکھتا ہوں اور مجھے اس کے ساتھ بقا حاصل ہے۔ آنکھوں کو بند رکھنا تو مکر و ریا کاری ہے۔

جو علم میں کمال حاصل کر کے عالم باللہ بن جاتا ہے وہ ہمیشہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں رہتا ہے۔ فقیر جب اللہ کی معرفت حاصل کر کے مشرفِ دیدار ہو جاتا ہے وہ بھی ہمیشہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری میں رہتا ہے اور جو متقی علم تقویٰ میں کمال کو پہنچ جاتا

Marfat.com

ہے اسے بھی مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری حاصل ہوتی ہے۔ابیات:

این مراتب از علم توفیق تر

اولیا اللہ بخشد بانظر

ترجمہ: یہ مراتب علم سے بالاتر ہیں اور اولیا اللہ یہ مراتب اپنی نگاہ سے عطا کرتے ہیں۔

ہر کرا مرشد نہ ای مردود دان

بی خبر از معرفت وحدت عیان

ترجمہ: اور جس کا مرشد نہیں اسے مردود سمجھ کیونکہ وہ وحدت کی بے حجاب معرفت سے بے خبر ہے۔

مرشد عیاں مراتب کا حامل ہوتا ہے اور (دل کے) آئینے میں دونوں جہان عیاں دکھاتا ہے۔حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلْعَقْلُ یَنَامُ فِی الْاِنْسَانِ ○ اَلْاِنْسَانُ مِرْاٰۃُ الْاِنْسَانِ ○ اَلْاِنْسَانُ مِرْاٰۃِ رَبِّہٖ ○

ترجمہ: عقل انسان میں سوئی ہوئی ہے۔انسان' انسان کا آئینہ ہے۔انسان اپنے ربّ کا آئینہ ہے۔

ابیات:

خوش بہ بین دیدار را گوید حدیث

ہر کرا باور نہ ای کاذب خبیث

ترجمہ: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بخوشی دیدار کرنے کا حکم فرمایا ہے اور جو اس فرمان کی حقیقت کو نہ سمجھا وہ جھوٹا اور خبیث ہے۔

ہر کہ علم عالم شدہ بہر از لقا

نہ از برائے لذت دنیا ہوا

ترجمہ: اصل عالم وہ ہے جو قرب و دیدارِ الٰہی کی خاطر علم حاصل کرتا ہے نہ کہ دنیا، خواہشاتِ نفس اور اس کی لذات کے لیے۔

Marfat.com

اولیا در قبر ہمچون آفتاب
ہر کہ گیرد نام حاضر باصواب

ترجمہ: اولیا اپنی قبروں میں آفتاب کی مثل ہوتے ہیں۔ جو کوئی ان کا نام پکارتا ہے تو فوراً (مدد کے لیے) حاضر ہو جاتے ہیں۔

بانظر عارف شناسد اولیا
این قدر قدرت بود قرب از خدا

ترجمہ: عارف اپنی نگاہ سے ہی اولیا کو پہچان لیتے ہیں اور انہیں یہ طاقت وقدرت اللہ کے قرب سے حاصل ہوتی ہے۔

باطن کا علمِ غیب، شک وشبہ سے پاک وحدتِ حق تعالیٰ میں یکتا ہو جانے کا علم، دیدار کا علم، قلب کو بیدار کرنے کا علم، اللہ کے قرب کا علم، نفس کو فنا کرنے کا علم، زندہ قلب اور بقایافتہ روح کا علم، علمِ ادب، علمِ حیا، علمِ جمعیت، ضمیر کے آئینہ کو روشن اور صاف کرنے کا علم اور علمِ قرب' سب علم موت کے مطالعہ سے روشن اور واضح ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان یاد رکھ:

❁ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ (آلِ عمران-185)

ترجمہ: ہر نفس نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

❁ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ (النساء-77)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما دیجیے کہ متاعِ دنیا قلیل ہے۔

لہٰذا دنیا کو ترک کر دے تاکہ تو علمِ موت کے مطالعہ سے دیدارِ پروردگار کے قابل ہو سکے۔ معرفت تین طرح کی ہے۔ جب طالب ابتدائی مقام پر علمِ موت سے آگاہ ہوتا ہے تو اس کے دل میں اللہ کی محبت بڑھتی ہے اور جب طالب متوسط مقام پر اس سے آگاہ ہوتا ہے تو اس کے دل میں اللہ کی معرفت میں اضافہ ہوتا ہے اور جب طالب انتہائی مقام پر اس علم سے آشنا ہوتا ہے تو اس کے دل میں مشاہدہ، دیدار، حضوری اور قربِ الٰہی کا نور بڑھتا ہے۔ مرشد کے لیے فرض ہے پہلے طالب

Marfat.com

مولیٰ کو اس علم کے مطالعہ سے یہ تین سبق سکھائے تا کہ طالب اس علم سے محروم اور جاہل نہ رہے۔ طالب رات دن اس علم کو پڑھتا ہے۔ تمام علم کا حصول اس ایک آیت میں ہے جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝

(الزلزال۔8,7)

ترجمہ: پس جو ذرّہ برابر بھی بھلائی کرتا ہے تو وہ اسے دیکھ لے گا اور جو ذرّہ برابر بھی برائی کرتا ہے تو وہ اسے بھی دیکھ لے گا۔

ابیات:

ہر ذرہ مثلِ زراعت خرمن است
نیک بد را نظر کن در جان تن است

ترجمہ: فصل کا ہر ذرّہ کھیتی کا حصہ ہے اسی طرح اپنے جسم و جان کے نیک و بد اعمال پر نظر رکھ۔

نیست در تو ہیچ بیرون آنچہ ہست
آنچہ شد مخلوق زان روزش الست

ترجمہ: تیرے اردگرد جو کچھ بھی ہے وہ تیرے اندر نہیں ہونا چاہیے کیونکہ وہ سب مخلوق ہے جو روزِ الست پیدا کی گئی۔

طالبِ مولیٰ ایسا علم پڑھتا ہے کہ زندگی و موت میں بھی وہ علم اس سے جدا نہیں ہوتا۔ ایسا علم معرفت و دیدار سے مشرف کرنے والا علم ہے۔ علم تو وہ ہے جو توفیقِ الٰہی سے قبر میں بھی محافظ، رفیق اور شفیع ہو۔ جو وجود کے ساتوں اندام کو پاک کر دے اور قبر و حشر میں ہونے والے محاسبہ سے آزادی دلا دے۔ وہ علم تصورِ اسمِ اَللّٰهُ ذات ہے جو غیر اللہ سے نجات دلاتا ہے۔ بیت:

آنچہ میخوانی از علم اَللّٰهُ بخوان
اسم اَللّٰهُ با تو ماند جاودان

Marfat.com

ترجمہ: تو جو علم پڑھتا ہے اسے اسمِ اَللّٰہُ کے علم سے پڑھ۔ اسمِ اَللّٰہُ ذات ہمیشہ تیرے ساتھ رہے گا۔

قرآن، توریت، زبور، انجیل، فقہ، مسائلِ شریعت اور تفسیر کی ہر کتاب اسمِ اَللّٰہُ ذات سے ہے اور چاروں کتابیں اسمِ اَللّٰہُ ذات کی شرح ہیں۔ جو اسمِ اَللّٰہُ ذات کو اس کی کنہ اور حقیقت جان کر پڑھتا ہے اس پر ظاہر و باطن کے سب علوم واضح ہو جاتے ہیں اور اسے مزید علم پڑھنے کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ اوراق کے مطالعہ سے استغراق کا علم بہتر ہے۔ بیت:

ذکر باشد از لقا فکر از بقا

این چنین عالم بود علم از خدا

ترجمہ: اگر کوئی دیدارِ الٰہی کے لیے ذکر کرے اور اللہ سے بقا کی خاطر فکر کرے تو وہ ایسا عالم بن جاتا ہے جو اللہ سے علم سیکھتا ہے۔

اللہ کے فضل سے دیدار کا درس قلبِ باصفا سے حاصل ہوتا ہے۔ جو علمِ دیدار سے ناواقف ہو وہ بے حیا، مردہ دل اور جاہل ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ بَلٰی ق مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ص وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ O (البقرہ-112)

ترجمہ: ہاں! جو اپنا چہرہ اللہ کی طرف موڑتا ہے وہ محسن ہے۔ اس کے لیے اس کے ربّ کے پاس بڑا اجر ہے اور اس پر نہ کوئی خوف طاری ہوتا ہے نہ غم۔

❁ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى (لقمٰن-22)

ترجمہ: اور جو شخص اپنا چہرہ اللہ کی طرف جھکا دے اور وہ صاحبِ احسان بھی ہو تو گویا اس نے مضبوط حلقہ کو مضبوطی سے تھام لیا۔

جان لو کہ علمِ معاملات اور علمِ عبادات درجات سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ علم رکھنے والے علمِ حضوری، اللہ کی ذات اور اس کے قرب سے بے خبر ہیں۔ اگرچہ علمِ فقہ و مسائل سیکھنا ثواب حاصل

Marfat.com

کرنے کا باعث ہے لیکن علمِ باطن سے بے خبر ہے کیونکہ علمِ باطن علم بقا باللہ کو بے حجاب سیکھنے کا وسیلہ ہے۔ لہٰذا علمِ تصور، علمِ تصرف، علمِ تفکر، علمِ تصوف، علمِ سلک سلوک، علمِ توجہ اور علمِ توحید سب علمِ باطن ہیں۔ یہ تمام علوم، علم کی حقیقت اور حق ہیں کیونکہ وہ حق کی جانب سے ہیں اور علمِ باطل سے بیزار کرنے والے ہیں۔ وہ سب عجیب اور احمق ہیں جو علمِ حق کو چھوڑ کر علمِ باطل، جس میں رشوت، ریاکاری، خود پسندی اور خواہشاتِ نفس شامل ہیں' کو اختیار کرتے ہیں۔ بیت:

ہر عبادت ہر ثواب بہر از لقا
علم اللقا من سبق خواندم از خدا

ترجمہ: ہر عبادت وثواب اللہ کے قرب و دیدار کی خاطر ہونا چاہیے۔ میں نے قرب و دیدار کا علم اللہ سے سیکھا ہے۔

جان لو کہ علم کی بیس اقسام ایک علم میں شامل ہیں اور علم کی یہ بیس اقسام ایک حکمت میں موجود ہیں۔ ازلی عارف عالم و حکیم ہوتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ لَا تُكَلِّمُ كَلَامُ الْحِكْمَةِ عِنْدَ الْجَاهِلِ

ترجمہ: جاہلوں کے پاس حکمت کا کلام بیان نہ کرو۔

اگر زبان زندہ اور دل دنیا (کی محبت) کے سبب مردہ ہو تو ہرگز معرفت حاصل نہیں کی جاسکتی اور انسان ہمیشہ (قلبی طور پر) افسردہ رہتا ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرٰى (طٰہٰ-55)

ترجمہ: ہم نے تمہیں اس (مٹی) سے پیدا کیا اور اسی میں بھیجیں گے اور پھر اسی سے دوبارہ نکالیں گے۔

❁ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (الانفال-17)

ترجمہ: (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ جو کنکریاں آپ نے پھینکیں ہیں یہ آپ نے نہیں بلکہ اللہ نے پھینکیں ہیں۔

Marfat.com

دعوت پڑھنے کے لائق وہ فقیر ہے جو ارواح، اولیا، جن وانسان، فرشتوں اور مؤکلات پر غالب ہو اور جو اللہ کے خزانوں پر تصرف کرنے والا، رجعت اور زوال سے پاک ہو۔ ظاہری طور پر اس فقیر کا دل ہر شے سے سیر ہوتا ہے اور وہ باطنی طور پر مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں حاضر رہنے والا لایحتاج فقیر ہوتا ہے۔ عامل وکامل فقیر دنیا کی دولت کی خاطر دعوت نہیں پڑھتا کیونکہ جو دنیا کی خاطر دعوت پڑھتا ہے وہ اصل میں دعوت پڑھنے کا عمل جانتا ہی نہیں۔ وہ محتاج رہتا ہے اور جن واستدراج کے مراتب پر ہوتا ہے۔ ابیات:

بر زبان اللہ در دل گاؤخر
این چنین تسبیح کے دارد اثر

ترجمہ: جس کی زبان پر اللہ کا ذکر ہو لیکن دل میں دنیا کی محبت ہو تو اس پر تسبیح کا کیا اثر ہوگا۔

دعوتے خواند ز لطف و حق کرم
ہر کہ دعوت از قرب خواند نیست غم

ترجمہ: دعوت اللہ کے لطف وکرم کی بدولت پڑھی جاتی ہے اور اللہ کے قرب کی حالت میں جو دعوت پڑھتا ہے وہ ہر فکر سے آزاد ہوتا ہے۔

دعوتے خواند ز بہر از خدائے
برد با دعوت حضوریٔ مصطفیٰؐ

ترجمہ: جو دعوت اللہ کی خاطر پڑھی جاتی ہے وہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچا دیتی ہے۔

دعوتے منصب مراتب باحضور
شد وسیلہ مصطفیٰؐ بذاتِ نور

ترجمہ: دعوت حضوری کے منصب ومراتب عطا کرتی ہے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات کے نور کی طرف وسیلہ بنتی ہے۔

Marfat.com

دعوتے منصب مراتب از خدا
ہر کہ خواند بہر دنیا بے حیا

ترجمہ: دعوت اللہ کے قرب کے منصب و مراتب عطا کرتی ہے اور جو دنیا کے مقاصد کی خاطر دعوت پڑھتا ہے وہ بے حیا ہے۔

ابتدائے دعوت گنج سبق
در تصرف قید آمد ہر طبق

ترجمہ: دعوت کا ابتدائی سبق اللہ کے خزانوں پر تصرف ہے اور ہر طبق دعوت پڑھنے والے کی قید اور تصرف میں آجاتا ہے۔

ہر مؤکل در حکم مثل غلام
گشت واضح زیر زبرش ہر مقام

ترجمہ: ہر مؤکل دعوت پڑھنے والے کے حکم کے تحت ایک غلام کی مثل آجاتا ہے اور اس پر ہر مقام کی حقیقت واضح ہوجاتی ہے۔

ہر کہ خواہد دولتے دنیا نعیم
ہم صحبت شیطان بود ملعون لئیم

ترجمہ: جو (دعوت کے ذریعے) دنیا کی دولت اور نعمتیں طلب کرتا ہے وہ شیطان ملعون کا ساتھی اور کنجوس ہوتا ہے۔

ہر کہ خواہد معرفت قرب از اِلٰہ
وقت خواندن باتصور کن نگاہ

ترجمہ جو معبود کی معرفت اور قرب حاصل کرنا چاہتا ہے تو دعوت پڑھتے وقت ''کن'' کو اپنے تصور میں رکھے۔

Marfat.com

ہر کہ کن را یافت کنہ از کن کشا
جملہ او الہام یابد از خدا

ترجمہ: جو کن کی حقیقت پالیتا ہے اسے کن کی طاقت حاصل ہو جاتی ہے اور وہ اللہ کی طرف سے ہر شے کے متعلق الہام پاتا ہے۔

قال من بر حال من احوال من
ہر کہ عامل نیست دعوت لاف زن

ترجمہ: میرا یہ قال میرے حال اور احوال کے عین مطابق ہے اور جو دعوت کا عامل نہیں وہ جھوٹا ہے۔

ہر کہ پوشد حق بود کافر تمام
گفتن حق حاسدان دشمن مدام

ترجمہ: جو حق کو پوشیدہ رکھتا ہے وہ مطلق کافر ہو جاتا ہے اور حق کہنے سے حاسدوں کو (ہمیشہ کے لیے) اپنا دشمن بنالیتا ہے۔

کاملم اکسیر تکسیر نما
احتیاج کس ندارم جز خدا

ترجمہ: میں علمِ اکسیر و تکسیر کا عامل ہوں اور مجھے اللہ کے سوا کسی کی حاجت نہیں۔

باھُوؒ کس نیامد طالبے لائق طلب
حاضر کنم با مصطفیٰ توحید ربّ

ترجمہ: اے باھُوؒ! میرے پاس کوئی بھی اللہ کی طلب لے کر نہیں آتا جسے میں مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضوری عطا کر کے وحدتِ حق تک لے جاؤں۔

دعوت پڑھنے سے کامل کو خزانے عطا ہوتے ہیں اور ناقص کو دعوت کے دوران ہی تیغ برہنہ کی مثل رنج پہنچتا ہے۔ دعوت عطا کرنا آسان کام نہیں ہے۔ مرد مذکر اور عارف کامل ولی اللہ جو باخبر

Marfat.com

اور ہوشیار ہو اور جسے حق تعالیٰ کا قرب بھی حاصل ہو وہی دعوت پڑھنے کا عامل ہے ورنہ دعوت پڑھنے کے لائق احمق اور حیوانات کی مثل لوگ نہیں ہو سکتے۔ دعوت پڑھنا نہایت ہی مشکل، سخت اور دشوار کام ہے کیونکہ علمِ دعوت میں کامل ہونا چاہیے تب اسے اللہ کے خزانوں میں سے بیشمار عظیم اسرار اللہ کی طرف سے عطا ہوتے ہیں۔ کامل و عامل اہلِ دعوت جو صاحبِ دیدار ہوتا ہے' اسے گفتگو اور تحقیق کرنے اور نمازِ استخارہ کی حقیقت جاننے کی کیا ضرورت؟ خام و ناقص اہلِ ناسوت جو نفسِ امارہ کی قید میں ہوں' یہ ان کا کام ہے۔ دعوت پڑھنے کے لائق وہی طالب ہے جس کا روحانی وجود اسم اَللّٰہُ ذات کے تصور سے نور بن گیا ہو اور اسے حضورِ حق حاصل ہو اور وہ دعوت پڑھنے کے دوران مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچ جائے۔ اس کے علاوہ دعوت میں کامل مرشد دعوت شروع کرتے ہی طالب مرید کو پانچ مراتب عطا کرتا ہے۔ اوّل حضورِ حق، دوم دیدارِ حق، سوم تصور اسم اَللّٰہُ ذات، چہارم دلیل سے آگاہی اور پنجم نگاہِ کامل' جو اسے قربِ ربّ جلیل میں لے جائے۔ دعوت میں کامل عامل مرشد یہ پانچ خزانے پانچ روز میں صادق مرید کو عطا کرتا ہے۔ اگر اہلِ دعوت اولیا اللہ کو باطن سے دعوت پڑھنے کے دوران توفیقِ الٰہی اور قربِ الٰہی کی تحقیق اور ہدایت حاصل نہ ہو تو تمام طالب اور مرید بلکہ تمام مخلوق ماردی جائے۔ راہِ دعوت ظاہر و باطن میں معرفت و جمعیت عطا کرتی ہے اور یہ راہ اللہ کے جمال کے مشاہدہ، دیدار اور وصال کی راہ ہے نہ کہ قیل وقال اور گفت وشنید کی۔ بیت:

عارفان را روز و شب برحق نظر
بانظر ہرگز نہ بینم سیم و زر

ترجمہ: عارفین کی نظر دن رات حق پر ہوتی ہے اس لیے میں مال و دولت کی طرف ہرگز نہیں دیکھتا۔

وہ سب عجیب احمق ہیں جو حبِ دنیا کے بیج سے دل میں حرص، حسد، تکبر، خود پسندی، ریاکاری اور ہوائے شیطانی کی فصل بوتے ہیں اور دل سے اللہ کی محبت نکال دیتے ہیں۔ وہ سب مومن، مسلمان، فقیر، درویش، عالم، فاضل، ذاکر، اہلِ مراقبہ و فکر اور اہلِ تقویٰ کیسے ہو سکتے ہیں؟

Marfat.com

وہ تو جانوروں سے بھی بدتر ہیں۔ فقیر جو کچھ کہتا ہے راہِ حساب سے کہتا ہے نہ کہ حسد کے باعث۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

مَنْ سَكَتَ عَنِ الْكَلِمَةِ الْحَقِّ فَهُوَ الشَّيْطٰنُ اَخْرَسُ

ترجمہ: جو حق بات کہنے سے خاموش رہا وہ گونگا شیطان ہے۔

غفلت کی روئی اپنے دل کے کانوں سے باہر نکال اور اپنی موت کو یاد کر۔ موت تیرے وجود کے اندر ہے اور تیرا وجود موت کا غار ہے۔ اور یہ مراتب یاد رکھ جس کے متعلق اللہ نے فرمایا:

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ (آلِ عمران - 185)

ترجمہ: ہر نفس نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔

ابیات:

نفس را گردن بزن بہر از خدا
تا شوی دائم بحاضر مصطفیؐ

ترجمہ: خدا کی خاطر اپنے نفس کی گردن مار دے تاکہ تو مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری میں رہ سکے۔

این مراتب عارفان اولیا
ہر کہ این راہے نداند سر ہوا

ترجمہ: یہ مراتب عارفین اولیا کے ہیں اور جو اس راہ سے آگاہ نہیں وہ خواہشاتِ نفس کا شکار ہے۔

## نیز شرح دعوت

دعوت پڑھنا اس طالب کے لیے مناسب ہے جو دعوت کا عامل اور دعوت میں کامل ہو اور اسے دو لمحوں میں ختم و مکمل کر دے۔ جو دعوت پڑھنا جانتا ہے اور تصور و تصرف اسمِ اعظم اور اسمِ اَللّٰهُ ذات سے با ترتیب دعوت پڑھتا ہے وہ اس وقت سے لے کر تا قیامت ہر شے سے لا یحتاج ہو جاتا ہے۔

Marfat.com

وہ اور اس کی اولاد ہر دکھ سے آزاد ہو جاتے ہیں۔ ایسے عامل، کامل، مکمل اور اکمل صاحبِ دعوت اس دنیا میں بہت کم ہیں۔ بیت:

دم ازل دم ابد دم دنیا تمام
ہر کہ این یک دم نداند آن مرد خام

ترجمہ: ازل، ابد اور دنیا کا وقت سب ایک لمحہ میں ہے اور جو اس ایک لمحہ کو نہیں جانتا وہ خام ہے۔

مرشد کامل اہلِ دعوت' دعوت شروع کرتے ہی صادق طالب اور مرید لایرید کو اللہ کے فیض و فضل اور دعوت کی فضیلت کے وسیلہ سے چار منصب عطا کرتا ہے اوّل تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات، دوم اسمِ اعظم کے تبرکات پر تصرف، سوم کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی توجہ اور چہارم قرآن کی آیات کا ناسخ۔ طالبِ مولیٰ جب ان چاروں مناصب کے مجموعہ کے حصول کے بعد دعوت پڑھتا ہے تو ظاہر و باطن کے تمام غیبی و لاریبی خزائنِ الٰہی اس سے مخفی و پوشیدہ نہیں رہتے۔ جو مرشد چار روز میں یہ چار منصب طالب کو عطا نہیں کرتا تو وہ طالب احمق ہے جو ناقص مرشد کے کہنے پر دعوت پڑھتا ہے۔ اہلِ بدعت، بدخصلت، طالبِ غلیظ دنیا اور بداندیش دعوت پڑھنے کے لائق نہیں۔ دعوت درویش، غنی، فقیر، عارف اور اہلِ معرفت کو نصیب ہوتی ہے جنہیں اللہ کا قرب نصیب ہو اور وہ عیسیٰؑ کی صفات کے حامل ہوں۔ ایسا درویش جب دعوت پڑھتا ہے تو قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ (اُٹھ اللہ کے حکم سے) کہتے ہی روح قبر سے باہر نکل کر حاضر ہو جاتی ہے۔ دعوت پڑھنے کے دوران حضوری کے نور کے سبب فرشتے دعوت پڑھنے والے سے دور رہتے ہیں کیونکہ وہ دعوت سے ناواقف اور محروم ہیں۔ ابیات:

حق پسندان را نباشد ہیچ باک
بعد مردن زندہ گردند زیر خاک

ترجمہ: حق پسندوں کو کسی قسم کا کوئی خوف نہیں ہوتا وہ تو مرنے کے بعد بھی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں۔

Marfat.com

عارفان بانظر بینند در قبر
این مراتب عیسیٰؑ و ثانی خضرؑ

ترجمہ: عارفین اپنی قبر میں ہی نگاہ سے دیدار کرتے ہیں۔ یہ مراتب عیسیٰؑ اور خضرؑ کی صفات کے حامل عارف کے ہیں۔

ہم سخن باہم جلیس و اولیا
غرق فی التوحید قرب و باخدا

ترجمہ: وہ اولیا کی ارواح سے ہم کلام اور ان کے ہم مجلس ہوتے ہیں کیونکہ توحید میں غرق ہو کر انہیں اللہ کا قرب نصیب ہوتا ہے۔

باتصور قتل کن تو نفس را
تا شوی واصل خدا لائق خدا

ترجمہ: تُو تصورِ اسمِ اَللّٰہُ ذات سے اپنے نفس کو قتل کرتا کہ تو خدا سے واصل ہونے کے قابل ہو سکے۔

دعوت پڑھنے کے دوران توفیقِ الٰہی ایک صورت اختیار کرتی ہے اور دعوت پڑھنے والے کی رفیق ہوتی ہے اور قدرتِ خدا اور نور کے دیدار کی کشش سے صاحبِ دعوت کو اللہ کی حضوری میں لے جا کر منظور کراتی ہے۔ ایسی دعوت قربِ ربانی اور انبیا و اولیا اللہ کی ارواح کی طاقت کہلاتی ہے۔ معرفت، علمِ ہدایت، ہر عمل، قربِ الٰہی اور جمعیت کی بنیاد شوق ہے جو اللہ کی راہ میں راہبر ہے اور معبود کے قرب کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ جس طالب میں یہ شوق پیدا ہو جاتا ہے تو دونوں جہان کا راستہ بھی اس کی نظر میں آدھے قدم سے بھی زیادہ نہیں رہتا۔ روشن ضمیر فقیر نفس پر امیر ہوتا ہے۔ بیت:

فرشتہ گرچہ دارد قرب درگاہ
نگنجد در مقام لِیْ مَعَ اللّٰہ

Marfat.com

ترجمہ: فرشتہ اگرچہ اللہ کی بارگاہ کے قرب کا حامل ہے لیکن وہ مقام لِیْ مَعَ اللہِ[1] تک نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ فرشتوں کو آسمان وزمین کے طبقات و مقامات کے منصب و مراتب کی قوت اور توفیق حاصل ہوتی ہے جو کہ ضروریات اور خواہشات سے متعلق ہے جبکہ انسان کے مراتب معرفتِ توحید اور قربِ الٰہی کے ہیں جہاں وہ فنافی اللہ ہو کر حضوری میں پہنچ جاتے ہیں۔ ابیات:

دعوتے در دم کشد عالم تمام

با تو گویم یاد گیر اے نیک نام

ترجمہ: اے نیک نام! جو میں تجھ سے کہتا ہوں یاد رکھ۔ دعوت اس قدر طاقتور ہے کہ ایک لمحہ میں تمام عالم کو اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہے۔

این دمے یکدم بود قرب از اِلٰہ

یک دمے دو راہ دارد دو گواہ

ترجمہ: اس ایک لمحہ میں دعوت پڑھنے والے کو اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے اور اس ایک لمحہ کے دو راستے ہیں جسکے دو گواہ ہیں۔

دم ازل دم ابد دم دنیا ہوا

با یک دمی یکتا شود مرد خدا

ترجمہ: لمحہ ازل، لمحہ ابد، لمحہ دنیا سب اسی ایک لمحے میں ہیں اور اسی ایک لمحہ میں مردِ خدا (اللہ سے وصال پا کر) یکتا ہو جاتا ہے۔

دم کہ از دم یافتہ دمِ معرفت

مردہ را زندہ کند عیسیٰؑ صفت

---

[1] حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیثِ مبارکہ ہے لِیْ مَعَ اللہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُّقَرَّبٌ وَّلَا نَبِیٌّ مُّرْسَلٌ ترجمہ: میرا اللہ کے ساتھ قرب کا ایک ایسا وقت بھی ہوتا ہے جہاں تک کسی فرشتے اور نبی و رسول کی بھی رسائی نہیں۔

Marfat.com

ترجمہ: وہ سانس جو اس ایک لمحہ میں عارف لیتا ہے وہ دمِ معرفت ہے جس سے حضرت عیسٰیؑ کی مثل مردوں کو زندہ کرنے کی طاقت عطا ہوتی ہے۔

دعوتے با دم بخواند بر قبور
اہل دعوت با روحانی شد حضور

ترجمہ: جو دعوت اولیا کی قبور پر اس دم (سانس) کے ساتھ پڑھی جاتی ہے وہ اہلِ دعوت کو ارواح کو حضوری میں لے جاتی ہے۔

دعوت کو وجود کے چار عناصر مٹی، ہوا، پانی اور آگ سے تحقیق کیا جا سکتا ہے۔ دعوت پڑھنے والا ان چاروں عناصر کو تصور اور توفیقِ الٰہی سے ایک نظر میں فنا کرتا ہے اور ایسی دعوت پڑھنے کے دوران دعوت پڑھنے والا ان چاروں عناصر کے فتنہ و فساد کو ختم کر دیتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی باقی نہیں رہتا جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ اُقْتُلُوا الْمُوْذِيَاتِ قَبْلَ الْاِيْذَاءِ

ترجمہ: موذیات کو ایذا پہنچانے سے قبل ہی قتل کر دو۔

دعوتِ ایک دم کو وہی پڑھتے ہیں جو اس ایک دم کے حامل ہوتے ہیں جیسا کہ خاقانیؒ مردِ حقانی نے کہا۔ بیت:

پس از سی سال این معنی محقق شد بہ خاقانیؒ
کہ یکدم باخدا بودم بہ از ملک سلیمانیؑ

ترجمہ: پس تیس سال بعد خاقانیؒ پر یہ راز افشا ہوا کہ اللہ کے ساتھ ایک دم گزارنا سلیمانؑ کی بادشاہی سے بہتر ہے۔

مرتبہ ایک دم 'فنافی الشیخ' کا مرتبہ ہے اور دائمی حضوری 'فنافی الرسول' کا مرتبہ ہے جس میں دم کی بھی خبر نہیں رہتی اور مرتبہ نور فی النور 'فنافی اللہ' کا مرتبہ ہے جس میں نہ دم کی خبر ہوتی ہے نہ حضوری کی بلکہ یہ عین ذات کا مرتبہ ہے یہ فنافی نورِ توحید کے مراتب ہیں۔ ابیات:

Marfat.com

بہ بحر غرق فی اللہ شو کہ باخود خود نمیدانی
دمے نامحرم است آنجا کہ باشد راز ربانی

ترجمہ: وحدت کے سمندر میں ایسے غرق ہو جا کہ تجھے خود کی بھی خبر نہ رہے۔ جہاں رازِ ربانی ہوں وہاں دم بھی نامحرم ہوتا ہے۔

نہ آنجا دم نہ دل نہ جسد جان است
کہ عین از عین باشد لامکانست

ترجمہ: وہاں نہ سانس ہیں نہ دل، نہ جسم و جان۔ کیونکہ وہ عین ذات کا مرتبہ ہے جو لامکان ہے۔

کسے از خود فنا شد آن چہ بیند
بہ بیند حق کہ باحق حق نشیند

ترجمہ: جو خود سے فنا ہو جاتا ہے وہ کیا دیکھتا ہے؟ (حق میں فنا ہو کر) وہ حق دیکھتا ہے کیونکہ حق ہی حق کا ہمنشین ہوتا ہے۔

سہ حق را حق بگوئی حق کدام است
بنام حق ز حق باحق تمام است

ترجمہ: تو تین خداؤں[1] کو حق کہتا ہے تو اصل حق کیا ہے؟ اللہ کو پانے اور باقی دو سے نجات پانے کے لیے اللہ کو اس کے نام یعنی اسم اَللّٰہُ ذات سے پکار تب صرف حق ہی (تیرے وجود میں) باقی رہ جائے گا (اور باقی دو خداؤں سے جان چھوٹ جائے گی)۔

فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ (النساء-171)

ترجمہ: اور تین (خداؤں) کو نہ پکارو۔

جو تین خداؤں کو پکارتے ہیں وہ باطل ہیں اور جو اِنَّمَا اللّٰہُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (ترجمہ: بے شک اللہ ہی واحد

---

[1] اللہ، نفس اور شیطان

Marfat.com

معبود ہے) کی نافرمانی کرتے ہوئے حق کو ترک کر دیتے ہیں وہ مومن و مسلمان کیسے ہو سکتے ہیں وہ تو جانوروں سے بھی بدتر ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ (الاعراف - 179)

ترجمہ: اور وہ جانوروں کی مثل ہیں بلکہ ان سے بھی گمراہ۔

❁ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ (الفرقان - 43)

ترجمہ: (اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کیا آپ نے ایسے شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہشاتِ نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے۔

جو کوئی فنا فی الشیخ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے وہ مرتبہ فنا فی الشیطان پر ہے اور جو مرتبہ محبوب فنا فی الرسول ہونے کا دعویٰ کرتا ہے وہ مرتبہ مردود پر ہے اور جو فنا فی اللہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے وہ مرتبہ نفس و ہوا پر ہے۔ مرتبہ فنا فی الشیخ طالب کو جملہ شر جو کہ معصیتِ شیطان[1] ہے' سے آزاد کرا دیتا ہے اور جملہ فتنہ جو کہ فضیحتِ نفس[2] ہے' سے نجات دلا دیتا ہے اور جملہ حوادث جو کہ فساد کا سبب اور خطراتِ دنیا ہیں اور اس تک عرش سے تحت الثریٰ تک پہنچتے ہیں اور جملہ باطل سے نجات دلا دیتا ہے اور حق کا دیدار کراتا ہے۔ یہ ہیں مراتبِ فنا فی الشیخ۔ اور جو فنا فی الرسول کے مرتبہ پر پہنچتا ہے وہ ظاہر و باطن میں ایک لمحہ کے لیے بھی مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے جدا نہیں ہوتا اور جو فنا فی اللہ کے مراتب پر پہنچتا ہے اس کے سب امور اللہ کی رضا کے مطابق ہوتے ہیں یعنی اس کا نفس فنا، قلب حیات اور روح بقا پا جاتی ہے اور وہ ہمیشہ مشاہدۂ نورِ ذات، حضوری اور دیدار میں مشغول رہتا ہے۔ جو ان تینوں مراتب سے آگاہ نہیں اور دعوت پڑھتا ہے تو وہ احمق اور خود پسند ہے۔ بعض مرشد ایسے ہوتے ہیں جو خود دور ہوتے ہیں اور اپنے طالبوں کو توجہ سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں پہنچاتے ہیں۔ بعض مرشد ایسے ہوتے ہیں جو خود تو دائمی حضوری میں رہتے ہیں لیکن طالبوں کو حضوری میں پہنچا کر بارگاہِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منظور نہیں کرا سکتے۔ اور

---

1۔ شیطان کے گناہ 2۔ نفس کی بدنامی اور رسوائی

Marfat.com

بعض مرشد ایسے ہیں کہ ان کے طالب حضوری میں ہوتے ہیں لیکن مخلوق کی نظر سے پوشیدہ اور دور ہوتے ہیں۔ جو باطن کے ان تینوں مراتب سے آگاہ نہیں اور پھر بھی دعوت پڑھتا ہے تو وہ احمق ہے۔ جس وقت دعوت پڑھنے والا کلامِ ربانی سے ورد کرنا شروع کرتا ہے تو وہ اللہ سے ہم کلام ہو کر سوال و جواب کرتا ہے۔ جو دعوت پڑھنے کے دوران ان احوال سے نہیں گزرتا دعوت اسے خوار کر دیتی ہے۔

## شرح دعوتِ عظیم

دعوتِ عظیم یہ ہے کہ ان چاروں مراتب کے مجموعہ سے دعوت پڑھی جائے یعنی اوّل قرآن کی تلاوت، دوم انبیا اور اولیا جو درویش، غوث، قطب اور شہید کی مثل ہیں' کی قبر پر جا کر جو تیغِ برہنہ کی طرح ہے، سوم قربِ حق اور چہارم مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری کی قوت سے۔ ایسی دعوت غضب و قہر سے بھی سخت تر ہے یا اسمِ اعظم کی مثل ہے جو قبر پڑھا جاتا ہے۔ جو ایسی دعوت پڑھتا ہے تو دعوت پڑھتے ہی چودہ طبقات، مدینہ، کعبہ اور عرشِ اکبر ماہ سے ماہی تک جنبش میں آ جاتے ہیں اور تمام انبیا، اصفیا، مرسلین کی ارواح اور تمام زندہ و فوت شدگان اولیا اللہ فقیر ولی اللہ، درویش، عارف باللہ، قطب، ابدال اور اوتاد کی ارواح اور اٹھارہ ہزار عالم کی کل مخلوقات لرز کر حیرت میں آ جاتی ہیں اور فرشتے اس سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور تمام مخلوقات اللہ کی بارگاہ میں دعوت کی قبولیت کے لیے دست بستہ دعا کرنے کے لیے کھڑی ہو جاتی ہیں جب تک کہ ایسی دعوت پڑھنے والے کا کام اپنے انجام کو نہ پہنچ جائے۔ اور تمام انبیا، اصفیا، رسول، اصحاب، مجتہد، علما باللہ، اولیا اللہ، مومن و مسلمان کی ارواح دعوت پڑھنے والے کی قید میں آ جاتی ہیں اور ہرگز خلاصی نہیں پاتیں۔ ایسی دعوت سے کوئی بھی دعوت سخت اور غالب تر نہیں ہے اور نہ ہی کوئی قبور کی ارواح کی طاقت پر غالب آ سکتا ہے۔ ایسی دعوت پڑھنے سے لوہے جیسا سخت پہاڑ بھی موم بن جاتا ہے۔ اور اگر یہ دعوت پتھر اور لوہے کے بنے قلعے کے سامنے پڑھی جائے جس کے کنگرے ہوا

Marfat.com

میں اس قدر بلند ہوں کہ پرندوں کے اڑ کر پہنچنے کے سوا کوئی وہاں نہ پہنچ سکے لیکن ایسی دعوت پڑھنے سے اہلِ قلعہ کے دل دعوت پڑھنے والے کی قید، حکم اور تصرف میں آ جائیں یا پھر یہ کہ اہلِ قلعہ ناگہانی موت کا شکار ہو جائیں اور اہلِ قلعہ میں سے کوئی ایک بھی زندہ نہ رہے۔ یا یہ دعوت پڑھنے سے اہلِ قلعہ کو مؤکلات قلعہ سے اٹھا کر دور پھینک دیں اس وقت قلعہ کو فتح کرنا آسان کام ہے۔ جو اس دعوت کو اس کی عظمت کے ساتھ پڑھے تو مشرق تا مغرب تمام براعظموں کے ہر ملک وولایت کو ایک ہفتہ میں قبضہ وتصرف میں لے آنا کچھ دشوار نہیں۔ اس دعوت کو پڑھنے کے قابل وہ عامل و کامل ہوتا ہے جس کا پیٹ اگرچہ بھرا ہو اور اسے جلالی و جمالی جانوروں کے کھانے پر کوئی پابندی نہ ہو کیونکہ اس کا وجود تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے ذریعے نفس کو مار کر پختہ و پاک ہو چکا ہوتا ہے اور اسے ارواح، فرشتوں، جنوں اور مؤکلات کا کیا خوف کیونکہ وہ تو تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات میں مکمل غرق ہو کر حضوری میں پہنچ چکا ہوتا ہے اور علمِ دعوت سے قبور کی ارواح پر تصرف رکھتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اِذَا تَحَیَّرْتُمْ فِی الْاُمُوْرِ فَاسْتَعِیْنُوْا مِنْ اَھْلِ الْقُبُوْرِ

ترجمہ: جب تم اپنے امور میں پریشان ہو جایا کرو تو اہلِ قبور کی ارواح سے مدد مانگ لیا کرو۔

مرشد عارف کامل اور اہلِ دعوت عامل وہ ہے جو ان تین قسم کے لوگوں کو طالب مرید کرے اور ان کے تمام مقصود تک پہنچا دے۔ اوّل علما باللہ جن کی جمعیت مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دائمی حضوری حاصل کرنے میں ہے۔ دوم دنیاوی بادشاہ، جس کی جمعیت مشرق سے مغرب تک کی ہر چھوٹی بڑی سلطنت کو اپنے تصرف وقید میں لے آنے اور لوگوں کو اپنے حکم کے تابع کر لینے میں ہے۔ سوم وہ شیخ جو باطن اور معرفت سے بے خبر ہے۔ مرشد اسے فنا فی اللہ کر کے توحید میں غرق کرتا ہے اور رسوم وتقلید سے باہر نکالتا ہے۔ البتہ یہ یقین ہے کہ نفس پرست تو سب ہی ہیں لیکن اللہ پرست کم ہیں۔ اللہ بس ماسویٰ اللہ ہوس۔ اگر تُو آئے تو دروازہ کھلا ہے میں تجھے لمحہ بھر میں اللہ کے اسرار کی معرفت تک پہنچا دوں گا اور اگر تو نہ آئے تو اللہ بے نیاز ہے۔

Marfat.com

دعوت پڑھنے کے چار طریق ہیں اوّل طریق تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے اللہ کا قرب اور معرفتِ توحید حاصل کرنے کے لیے دعوت پڑھنا۔ دوسرا طریق اسم اَللّٰہُ ذات کی روحانی قوت کے تصرف سے مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں داخل ہونے کے لیے دعوت پڑھنا۔ دعوت پڑھنے کا تیسرا طریق مؤکلات، فرشتوں اور جنوں کو اپنی قید میں لے آنا اور انہیں اپنی نگاہ میں رکھنا۔ دعوت پڑھنے کا چوتھا طریق تمام دنیا کو اپنے تصرف میں لے آنا۔ دعوت تیغِ برہنہ کی مثل ہتھیار ہے۔ جو کوئی ان چاروں طریق سے دعوت پڑھتا ہے وہ عارف باللہ ہے۔ اللہ ہی اس کے لیے کافی اور اس کا کفیل ہے۔ متوکل کو کسی چابی یا مؤکل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اگر کوئی یہ کہے کہ اس زمانہ میں کامل فقیر ولی اللہ اہلِ دعوت کوئی نہیں اس لیے علمِ فقہ و مسائل اور قرآن کو وسیلہ بنایا جائے تو یہ صرف حیلۂ شیطان ہے۔ نفسِ امارہ اور اہلِ ہوس کا فتنہ مرشد کے وسیلہ، معرفتِ توحید اور قربِ الٰہی سے روکتے ہیں۔ مرشد مخلوق کو پسند نہیں کرتا وہ خالق کو پسند کرتا ہے۔ بیت:

ہر کہ باشد پسند خالق پاک
ور نہ باشد پسند خلق چہ باک

ترجمہ: جو اللہ کو پسند آجائے وہ پاک ہے۔ اگر وہ مخلوق کو پسند نہ بھی آئے تو کیا ڈر۔

علما پر فرضِ عین ہے کہ مرشد ولی اللہ سے دستِ بیعت ہو کر ذکر کی تلقین حاصل کریں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ (المائدہ۔35)

ترجمہ: اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور اللہ کی طرف وسیلہ تلاش کرو۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

❁ ذِکْرُ اللّٰہِ فَرْضٌ مِّنْ قَبْلِ کُلِّ فَرْضٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ترجمہ: ہر فرض سے پہلے ذکرِ اللہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہُ فرض ہے۔

سن! جس طرح خواب کی تعبیر ہوتی ہے، علم کی تفسیر ہوتی ہے اور کیمیا اکسیر کی غنایت ہوتی

Marfat.com

ہے اور تمام عالم کو قید اور تصرف میں لے آنا علمِ دعوتِ تکسیر سے ممکن ہے اس طرح ذکر کی تاثیر ہوتی ہے۔ مرشد عارف کامل روشن ضمیر ہونے کی بدولت اللہ کے قرب سے آگاہ ہوتا ہے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کی حضوری سے ہر شے عیاں دیکھنے والا ہوتا ہے اور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور سے تُو جو بھی مشاہدہ کرتا ہے وہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اللہ کی معرفت اور خاص وصال سے متعلق ہے۔ اور جو کچھ اسمِ اَللّٰہُ ذات کے تصور و تصرف کے بغیر مراقبہ یا نیند میں دکھائی دے وہ محض خیال ہے اور مراتبِ زوال کی دلالت کرتا ہے کیونکہ وہ لاسویٰ اللہ ہے۔ یہ سب مراتب فرحت بخش اور دلپذیر ہیں اور فنا فی اللہ فقیر جو نفس پر حکمران ہو' اور اسمِ اَللّٰہُ ذات جو لازوال ہے' سے حاصل ہوتے ہیں۔ اپنے ضمیر کی لوح سے تمام غلاظت نکال دے اور مراتبِ نعم البدل سے باخبر رہ کیونکہ اس راہِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اصل نعم البدل ہے جو وصال کی طرف لے جاتے ہیں۔ مراتبِ نعم البدل کی مکمل شرح مرشد کامل بیان کرتا ہے۔ ہر مشکل کو کھولنے والا باتحقیق طریق توفیقِ الٰہی ہے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ (ھود-88)

ترجمہ: اور میری توفیق اللہ سے ہی ہے۔

توفیق اللہ کا فیض و فضل اور عطا ہے جو وہ تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات کے ذریعے کل و جز مراتب اور علم و حکمت کے راز بغیر کسی ریاضت کے عطا کرتا ہے۔ ناسوت سے لاھوت لامکان میں پہنچنے تک ستر کروڑ تیس لاکھ دکھائی و سنائی نہ دینے والے حجابات ہیں جو راہزن ہیں۔ مرشد وہ ہے جو ایک دم اور ایک قدم میں ان تمام حجاباتِ باطنی کو دور کر کے تمام مقامات طے کرا دیتا ہے اور لاھوت لامکان میں پہنچا دیتا ہے۔ اور اس کے بعد تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے تمام تصرف عطا کر دیتا ہے جس سے طالب اللہ کے حکم سے کونین پر امیر مالک الملکی فقیر بن جاتا ہے۔ مالک الملک لازوال مرتبہ ہے جو اللہ کے فضل سے قرب، معرفت اور وصال حاصل کر کے عطا ہوتا ہے۔ جو نفس کی قیدی اور استدراج کا شکار ہیں اور معرفت و معراج سے بے خبر ہیں وہ فقیر نہیں ہیں۔ ابیات:

Marfat.com

فتح دعوت در تصور باخدا
این چنین دعوت عمل در اولیا

ترجمہ: دعوت کے فیوض و برکات تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے حاصل ہوتے ہیں اور ایسی دعوت اولیا پڑھتے ہیں۔

باتصور سر بسر جان نور شد
بشروع دعوت جسد او مغفور شد

ترجمہ: تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے جسم و جان نور ہو جاتے ہیں اور دعوت شروع کرتے ہی وجود مغفور ہو جاتا ہے۔

تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے اس دعوت کے پڑھنے سے زبان، نظر، آنکھیں، سماعت، کان، ہاتھ پاؤں، نفسِ مطمئنہ، قلب اور قالب نور بن جاتے ہیں اور رحمتِ رحمٰن سے روح اور ہفت اندام نور بن جاتے ہیں۔ اس دعوت کے پڑھنے کے قابل وہی طالب ہے جو شہسوار اور عامل ہو اور اولیا کی قبر پر عمل کر سکتا ہو۔

## وجود کے ہفت اندام کے نور ہونے کی شرح

نفس دائمی ذکر اور فکر کے ساتھ فنا ہوتا ہے اور چوبیس بار مشقِ مرقومِ وجودیہ کرنے سے حضورِ حق حاصل ہوتا ہے جس کے ساتھ تصور، توجہ، تفکر کی مشق سے مشاہدہ اور قربِ حق حاصل ہوتا ہے جو وجود کو نور میں بدل کر حضوری عطا کرتا ہے اور مراتبِ معشوق پر پہنچا دیتا ہے۔ یہ آیت مشقِ مرقومِ وجودیہ کے ذریعے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا محبوب بننے کے متعلق آئی ہے فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا (الکہف-28)

Marfat.com

ترجمہ: (اے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) آپ خود کو ان لوگوں کی صحبت میں مشغول رکھیں جو صبح شام اپنے ربّ کو یاد کرتے ہیں اور اس کی رضا کے طلبگار رہتے ہیں۔ آپ کی نگاہیں ان سے نہ ہٹیں۔ کیا آپ دنیاوی زندگی کی آرائش چاہتے ہیں۔ اور آپ اس شخص کی اطاعت نہ کریں جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور وہ خواہشاتِ نفس کی پیروی کرتا ہے اور اس کا حال حد سے گزر گیا ہے۔

جو خود کو یقیناً توفیقِ الٰہی سے حضورِ حق میں پہنچا کر اللہ سے جواب باصواب پاتا ہے اور مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں رہتا ہے اسے کیا ضرورت کہ اسمِ بدوح سے دعوت پڑھے۔ جو خود کو توجہ کی طاقت سے حضوری میں لے جاتا ہے اسے کیا ضرورت کہ خط کھینچے اور دائرہ و مثلث کے وسیع نقش بنائے اور ان بیس در بیس نقشوں کو پُر کرے۔ یہ سب کام اللہ کے قرب، حضوری اور معرفتِ توحید سے دور ہیں۔ بیت:

ورد را بگذار وحدت را طلب
و ز وحدت عارف شوی باقرب ربّ

ترجمہ: وظائف کو چھوڑ اور وحدت کی طلب کر۔ وحدت سے تو عارف بن کر اللہ کا قرب پالے گا۔

سر اور دماغ پر تصور سے بیس بار مشقِ مرقومِ وجودیہ کرنے سے نفس کے خلاف چلنے کی طاقت حاصل ہوتی ہے اور چار بار مقامِ ناف پر مشق کرنے سے نفس کے محاسبہ اور انصاف کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ اسم اَللّٰہُ ذات کی چار منازل اَللّٰہُ، لِلّٰہ، لَہٗ، ھُوْ اور اسمِ محمد رسول اللہ سب کلمہ طیب لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ میں شامل اور اس سے متعلق ہیں۔ اسمِ محمدؐ، اسمِ فقر اور اسمِ اعظم بھی اسم اَللّٰہُ ذات ہیں یہ سب حضوری اور تیس حروفِ تہجی کا مکمل علم عطا کرتے ہیں جو سب سے پہلے حضوری کا علم جانتا اور اسے (اسم اَللّٰہُ ذات سے) حاصل کرتا ہے اس کا دعوت پڑھنے کے عمل کی تاثیر روزِ قیامت تک کم نہیں ہوتی۔ ابیات:

Marfat.com

دم روان دل زندہ روح دعوت بخوان

لائقی خواندن بود عارف عیان

ترجمہ: دعوت پڑھنے کے قابل وہی عارفِ عیاں ہوتا ہے جسکا سانس جاری، دل زندہ اور روح باصفا ہوتی ہے۔

مرد مرشد گنج بخشد بے نیاز

مرشدے نامرد را با زر آواز

ترجمہ: مرد (کامل واکمل) مرشد ہر شے سے بے نیاز ہوتا ہے اور خزانے بخشتا ہے جبکہ نامرد مرشد دولت کے متعلق ہی باتیں کرتا رہتا ہے۔

تصور اسم اَللّٰہُ ذات سے پڑھی جانے والی دعوت کی برکت سے طالب کا وجود ریاضت سے نجات حاصل کر لیتا ہے اس کے وجود میں اللہ کی محبت آ جاتی ہے جو اس کے قلب کو لطیف بنا دیتی ہے اور اس کا کھانا مجاہدہ اور نیند مشاہدہ بن جاتی ہے اور باطن میں وہ مجلسِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حضوری میں ہوتا ہے ان مراتب کے حصول پر اسے مبارکباد۔ وہ مستی میں بھی ہوشیار اور نیند میں بھی بیدار ہوتا ہے۔ وہ اللہ کی حضوری میں فنا اور شعوری طور پر اللہ سے ہم کلام ہوتا ہے۔ یہ باطن معمور طالب کے مراتب ہیں۔ جب دعوت کاملیت کے ان مراتب پر پہنچتی ہے تو انبیا، اولیا، غوث، قطب، ابدال، اوتاد کی ارواح اور مؤکلات کے لشکر طالب کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ ہزاروں ہزار بلکہ بے شمار لوگ اس کے متعلق جانتے ہیں اور اسے باعیاں دیکھتے ہیں اور بہت سے ہیں جو اس کے متعلق نہیں جانتے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ۝ (الطارق-4)

ترجمہ: اور کوئی نفس ایسا نہیں جس پر ایک محافظ نہ ہو۔

اور اس کا خطاب یہ ہوتا ہے:

❁ لَا يَمۡلِكُوۡنَ مِنۡهُ خِطَابًا ۝ (النباء-37)

Marfat.com

ترجمہ: اور اس سے خطاب کرنے کا (مخلوق میں سے) کسی کو بھی یارا نہیں۔

اس مقام پر ہزاروں ہزار بے شمار تجلیاتِ انوار ہر عضو، رگ، گوشت، مغز، ہڈیوں اور ہر بال سے ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ ہمہ اوست در مغز و پوست[1] کے مراتب ہیں۔ اسی طرح تجلیٔ غیبی، تجلیٔ قلبی، تجلیٔ روحی اور تجلیٔ سرّی تصور اسمِ اَللّٰہُ ذات سے وجود میں پیدا ہوتی ہیں۔ اور تجلیٔ نورِ ایمان جو کہ غیر مخلوق ہے آفتاب کی مثل (وجود میں) طلوع ہوتی ہے اور وجود میں جو ظلماتِ ناشائستہ، نفس، شیطان، دنیا اور ظاہری و باطنی حواسِ خمسہ کی غلاظت ہے' اسے مکمل طور پر باہر نکال دیتی ہے اور اوصافِ ذمیمہ زوال پذیر ہو جاتے ہیں۔ یہ اللہ کی معرفت اور وصال کے مراتب ہیں۔ ان مراتب پر پہنچ کر طالب وجود پر لباسِ شریعت پہن لیتا ہے اور شریعت پر ہی عمل پیرا رہتا ہے اور باطن میں معرفت کا سمندر نوش کرتا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

❁ اَلنِّهَايَةُ هُوَ الرَّجُوْعُ اِلَى الْبِدَايَةِ

ترجمہ: انتہا ابتدا کی طرف لوٹنے کا نام ہے۔

یعنی اسم اَللّٰہُ ذات کے تصور سے وجود میں نور آ جائے اور ظلماتِ نار کو باہر نکالا جائے۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

❁ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (البقرہ-257)

ترجمہ: اللہ مومنین کا دوست ہے جو انہیں ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لاتا ہے۔

یہ اللہ کی معرفت، قرب اور حضوری کے مراتب ہیں۔ بعض دعوت پڑھنے میں عامل و کامل ہوتے ہیں اور بعض محض عامل ہی ہوتے ہیں۔ اگر اہلِ دعوت عامل غضب کے باعث کسی ملک کو تباہ کرنے کے لیے بالترتیب سورۃ مزمل پڑھے تو وہ ملک یا علاقہ قیامت تک ویران ہو جائے گا اور اگر لطف و کرم کے ساتھ اخلاص سے آبادکاری کی نیت سے دعوت پڑھے تو وہ ملک یا علاقہ رنج، ظلم، ظالم کے شر اور آفات سے قیامت تک آباد و سلامت رہے گا۔

---

[1] ہر شے کے ظاہر و باطن میں ایک اللہ کی ذات ہے۔

Marfat.com

جاننا چاہیے کہ ازلی مومن جس کی روح فرحت یاب ہے اور اسے اللہ کا فیض وفضل حاصل ہے کے مراتب یہ ہیں کہ زندگی میں اس کا وجود نور ہوتا ہے اور مرنے کے بعد اس کی قبر کی مٹی میں اللہ کی ذات کے انوار کا شعلہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کا وجود ظاہر و باطن میں مغفور ہوتا ہے اور اسے نہ کوئی خوف ہوتا ہے اور نہ کوئی غم۔ اے درویش! دانا اور آگاہ بن۔ خبیث نفسِ امارہ اور شیطان ملعون بعض علما، فقرا، مومن اور مسلمان کی عبادت کو پیشہ بنا کر انہیں ثواب کے چکر میں الجھا دیتا ہے اور وہ ثواب کی بجائے اللہ کے غضب کا نشانہ بن جاتے ہیں۔ نفس اور شیطان بندگی کو بھی پیشہ بنا دیتے ہیں اور اس بندگی میں منافقت اور ریا پیدا کر دیتے ہیں جو کہ بندے اور اللہ کے درمیان کثیف حجاب ہے۔ حق کے نزدیک یہ باطل ہے اور ناپسندیدگی کا باعث ہے۔ اے احمق و اہلِ ہوس! مرشد کی طلب کر اور سالک و عارفِ خدا ہو جا کیونکہ سالک حیّ و قیوم ذات کی طرف جانے والے راستے کی رسوم سے بے خبر نہیں ہوتا۔ وہ اپنی منزل اور مقام سے باخبر ہوتا ہے۔ عارف باللہ نبی اللہ کی مثل صاحبِ نظر ہوتا ہے جو اللہ کی طرف باطنی طور پر سفر کر کے پہنچتا ہے اور وہاں پہنچ کر اللہ کی ذات میں فنائیت کے سفر کو جاری کرتا ہے۔ وہ باطنی خضر ہوتا ہے جو اپنی نگاہ کی تاثیر سے طالب کو زندگی میں نفس و شیطان سے نجات دلاتا ہے اور مرنے کے بعد بھی ان کی ارواح کو قبر میں حضوری کے مراتب عطا کرتا ہے۔ ابیات:

خلق داند زیر خاکش در قبر
در قبر شد قرب اللہ سربسر

ترجمہ: لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ قبر کی مٹی تلے مردہ ہیں لیکن قبر میں بھی انہیں اللہ کا قرب حاصل ہے۔

بے خلل خلوت قبر باربّ جلیس
درمیان کس نگنجد حق انیس

ترجمہ: قبر کی خلوت میں وہ بغیر کسی رکاوٹ کے اللہ کے ہم صحبت ہوتے ہیں کیونکہ اللہ اور اس کے دوست کے درمیان کسی کی گنجائش نہیں۔

Marfat.com

نیست آنجا فرشتہ جز بذات
در ممات یافتند دائم حیات

ترجمہ: وہاں ذات کے علاوہ فرشتہ نہیں جاسکتا وہ تو مرنے کے بعد دائمی حیات پالیتے ہیں۔

در قبر رفتن است وحدت حق بنور
در قبر حق یافت حق باحق حضور

ترجمہ: ان کے لیے قبر میں جانا نورِ وحدتِ حق سے ملنا ہوتا ہے۔ عارفین قبر میں حق کی حضوری پا کر حق سے عین حق ہو جاتے ہیں۔

ہر پتھر قبلہ کی مثل لائقِ سجدہ نہیں ہوتا اور نہ ہی ہر پتھر کسوٹی ہے اور نہ ہی ہر پتھر پارس ہے اور نہ ہی ہر پتھر قیمتی لعل ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر انسان کا وجود اللہ کی معرفت اور وصال کے لائق نہیں اور نہ ہی ہر سر بادشاہت کے قابل ہے اور نہ ہی ہر دل خزائنِ الٰہی کا حامل بن کر وحدت کی گواہی دے سکتا ہے۔ نہ ہر پہاڑ کوہِ طور ہوتا ہے اور نہ ہر انسان موسیٰ کلیم اللہ کی مثل صاحبِ حضور ہوتا ہے نہ ہر پتھر سنگِ مرمر ہوتا ہے اور نہ ہر دل اللہ کی محبت کے قابل ہے۔ فقیر کا وجود کامل ہوتا ہے کیونکہ وہ فنا فی اللہ ہوتا ہے اور اسم، مسمّٰی اور حکمت اس کے وجود میں ظاہر ہوتی ہے۔ مطلب یہ کہ یہ تمام مطالب فقیر کو حاصل ہوتے ہیں کیونکہ اللہ کے قرب کے باعث اس کا وجود فنا فی اللہ ہوتا ہے اور اس کا نفس تزکیہ کے بعد فانی ہو چکا ہوتا ہے اور اس کے قلب کا تصفیہ اور روح کا تجلیہ ہو چکا ہوتا ہے۔ وہ دعوتِ عیاں پڑھتا ہے۔ تمام مخلوقات، جن و انسان، جانور اور پرندے، فرشتے اور اٹھارہ ہزار عالم جن پر تصرف کرنے کی ہر کوئی کوشش کرتا ہے، فقیر کے تصرف میں ہوتے ہیں اور وہ ہر زندہ اور روح سے ہم کلام ہوتا ہے۔ علمِ منطق و معانی پڑھنے سے اس پر اللہ کے سب پوشیدہ خزانے ظاہر ہو جاتے ہیں اور عارف باللہ جو یہ دعوت دائمی دولت (قرب و دیدار) کے حصول کی خاطر پڑھتا ہے وہ دنیا و آخرت میں ہر شے سے لایحتاج ہو جاتا ہے کیونکہ انتہا ابتدا تک پہنچاتی ہے اور انتہا ابتدا تک۔ اور عارف باللہ ان دونوں مراتب کو ایک ہی سبق دعوت سے پڑھتا ہے۔ ابتدا نورِ الٰہی ہے

Marfat.com

اور انتہا فنا فی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مراتب ہیں۔

بعض لوگوں کے احوال یہ ہیں کہ وہ ماضی، حال اور مستقبل کی حقیقت جانتے ہیں اور انہوں نے یہ علم مؤکلات یا فرشتوں اور جنوں سے سیکھا ہوتا ہے۔ یا وہ علمِ قال کے عامل و عالم ہوتے ہیں یا قسمت کے حال بتانے والے۔ اور یہ تمام مراتب انہوں نے علمِ دانش، عقل اور شعور سے حاصل کیے ہوتے ہیں اور ہر کام کی تحقیق علمِ نجوم سے کرتے ہیں اسی طرح وہ نیک و بد، سعد و نحس، دنوں، مہینوں اور سالوں کے بارے میں جانتے ہیں۔ فقیر اہلِ حضور اور صاحبِ قرب وہ ہے جو بے نصیب کو اللہ سے اس کا نصیب دلا دے اور نحس دنوں کو سعد دنوں اور کم بخت کو نیک بخت میں تبدیل کر دے اور مردہ دل بے شعور طالب کو توجہ سے حضورِ حق میں پہنچا دے۔ ایسا فقیر صاحبِ قوت اور دیدار کرنے والا ہوتا ہے کہ وہ دائمی طور پر حضورِ حق میں رہتا ہے اور اپنی نظر لوحِ محفوظ پر بھی نہیں ڈالتا۔ ابیات:

ہر کرا باشد حضوری ہر دوام
ہم سخن شد با مع اللہ ہر کلام

ترجمہ: جسے دائمی حضوری حاصل ہو وہ ہر معاملے میں اللہ کے ساتھ ہم کلام رہتا ہے۔

نظر آنرا بر نظر ناظر خدا
راہ ناظر این بود اہل از لقا

ترجمہ: اس کی نظر اللہ کی رضا پر ہوتی ہے کیونکہ وہ اللہ کو دیکھنے والا ہوتا ہے۔ دیدار کی یہ راہ اہلِ لقا سے حاصل ہوتی ہے۔

یہ مراتب فقیر کی ابتدا ہیں۔ ابیات:

کاملم ہم عاملم باطن نظر
لائق تلقین تعلیم و خضرؑ

ترجمہ: میں کامل و عامل ہوں اور میری نظر باطن پر ہوتی ہے اور میں تعلیم و تلقین کرنے کے لائق

Marfat.com

مرشد ہوں۔

این شرافت شرف امت مصطفیؐ

واقف اسرار گردد از اِلٰہ

ترجمہ: یہ شرف صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کے فقرا کو حاصل ہے کہ وہ اللہ سے بلا واسطہ اس کے اسرار سے واقفیت حاصل کرتے ہیں۔

سب سے پہلے اس کتاب کا علم قاری کے وجود میں اثرات پیدا کرتا ہے اور اس میں تحریر کردہ علم ہر دوسرے علم رسوم پر غالب ہے اس کے بعد یہ علم علمِ حیّ و قیوم سے جمعیت بخشتا ہے۔ ہر مراتب شریعتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی سے حاصل ہوتے ہیں۔ بیت:

رفت ذکر رفت فکر و رفت مذکور و حضور

نور را از نور یابم غرق فی التوحید نور

ترجمہ: میں نے ذکر فکر کو بھی چھوڑ دیا اور مذکور کی حضوری کو بھی۔ نورِ توحید میں غرق ہو کر اس نور کے ساتھ نور ہو گیا ہوں۔

انتہا ابتدا کو تلاش کرتی ہے کیونکہ یہ مراتب ہدایت کے مطابق ہیں۔ فرمانِ حق تعالیٰ ہے:

وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (طٰہٰ-47)

ترجمہ: اور اس پر سلامتی ہو جس نے ہدایت کی پیروی کی۔

ابیات:

ہر کہ از خود گشت فانی بانظر

درمیان مردمان باشد خضرؑ

ترجمہ: جو خودی سے فنا حاصل کر لے وہ صاحبِ نظر بن جاتا ہے اور لوگوں کے درمیان مرشد کی مانند ہوتا ہے۔

Marfat.com

غرق فی التوحید شو آخر چہ سود
چون حباب در آب شد وحدت بود

ترجمہ: تو توحید میں غرق ہو جا۔ اس کا کیا فائدہ ہے؟ جیسے بلبلہ پانی میں غرق ہو کر پانی بن جاتا ہے (ایسے ہی تُو توحید میں غرق ہو کر عین توحید ہو جائے گا)۔

اگر طالب صادق اور جان فدا کرنے والا اور مستقل مزاج ہو اور طلبِ مولیٰ بھی رکھتا ہو تو مرشد کامل کے لیے اس کو اللہ کی معرفت عطا کر کے حضوری میں پہنچا دینا آسان کام ہے اور تب مشاہدہ اور دیدارِ پروردگار کے بغیر اس کا ایک سانس بھی باہر نہیں نکلتا اور وہ کامل انسان بن جاتا ہے اور یہی مراتبِ جمعیت کی طرف لے جاتا ہے۔ ابیات:

ذکر فکر و بگذارد در ہر مقام
دیدہ بادیدار بکشاید تمام

ترجمہ: جس کی آنکھ مکمل طور پر دیدار میں مشغول رہتی ہے وہ ہر مقام پر ذکر اور فکر کو ترک کر دیتا ہے۔

دیدہ را بادیدار تر بیدار تر
بانظر ہرگز نہ بیند سیم و زر

ترجمہ: اور جو آنکھیں دیدار میں مشغول رہتی ہیں اس کا باطن مزید بیدار ہو جاتا ہے اور وہ آنکھیں ہرگز مال و دولت کی طرف نہیں دیکھتیں۔

لذتے دیدار بہ دیدار دہ
روشنے دیدار در چشم بہ نہ

ترجمہ: اے اللہ! لذتِ دیدار عطا فرما کیونکہ آنکھوں کے لیے دیدار کی روشنی سے بہتر کچھ نہیں۔

دادہ دیدار مارا ہر دوام
دیدہ بادیدار بیند ہر دوام

ترجمہ: ہمیں اللہ نے دائمی دیدار عطا فرمایا ہے اس لیے ہماری آنکھیں ہر لمحہ دیدار کرتی ہیں۔

Marfat.com

باھُوؒ جز بدیدارے نداند ہیچ راہ

دیدہ بادیدار شد وحدت اِلٰہ

ترجمہ: باھُوؒ دیدار کے سوا کوئی راستہ نہیں جانتا۔اس کی آنکھیں وحدتِ الٰہی کے دیدار میں مشغول رہتی ہیں۔

